ہندی اُردو لغت

راجہ راجیسور راؤ اصغر

مقتدرہ قومی زبان
پاکستان

سلسلہ مطبوعات : ۲۸۴

عالمی معیاری کتاب نمبر : ۹۶۹-۴۷۴-۱۲۵-۴ ISBN

عالمی معیاری کتاب نمبر : ۹۶۹-۴۷۴-۲۰۷-۲ ISBN

طبع اوّل ———— ۱۹۹۴ء

طبع دوم ———— ۱۹۹۸ء

تعداد ———— ایک ہزار

سرورق ———— قسور علی خاموش

اہتمام ———— اجمل وجیہہ

مطبع ———— ایس ٹی پرنٹرز، گوالمنڈی، راولپنڈی

ناشر ———— **افتخار عارف**

صدر نشین

مقتدرہ قومی زبان، ایچ ۸/۴،

پطرس بخاری روڈ، اسلام آباد۔

یہ

ہندی زبان کا بہت ہی مبسوط اور نہایت جامع لغت ہے

جسمیں

ادبی علمی تاریخی مذہبی سیاسی معاشرتی صحافتی کتب، رسائل اور مخازن کے تمام
الفاظ کی حقیقت ظاہر کر کے ان کے کل معنی اور مفہوم بڑی تحقیق و تدقیق اور شرح و بسط کے ساتھ لکھے گئے ہیں
جو اس فن میں اور اس طرز کا پہلا لغت ہے

اِس لغت کی

ہجائی ترتیب اور رسم الخط دونوں اُردو میں تاکہ مسلم اور ہندو اصحاب یکساں فائدہ حاصل کر سکیں اور صحیح تلفظ
کے لیے الفاظ پر نہایت صحت و انضباط کے ساتھ کامل اعراب لگائے گئے ہیں

جسکو

راجہ راجیسور راؤ اصغر (دورما) والی سمستان دوم کنڈہ مولف و مترجم کتب متعددہ نے مدوّن فرمایا ہے

سنہ ۱۹۳۸ء

بسہولت عوام ایم کشن لیتھوگرافر و پبلشر نے زندہ طلسمات فائن آرٹ پریس میں چھپوا کر شائع کیا

پیش لفظ

مقتدرہ قومی زبان نے طلبہ اور اساتذہ کی درسی اور نصابی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی کی سطح پر سائنسی، عمرانی اور لسانی علوم کے ساتھ ساتھ لغات شائع کرنے کا پروگرام شروع کیا تھا اسی پروگرام کے تحت زیرِ نظر لغت "ہندی اُردو لغت" پہلی مرتبہ مرتبت حالی جناب ڈاکٹر جمیل جالبی کے دور میں شائع ہوئی تھی۔ ڈاکٹر جمیل جالبی نے لغت پر اظہار رائے کرتے ہوئے صحیح فرمایا تھا:

"ہندی اُردو لغت" الفاظ کی تعداد، معانی کی صحت اور جامعیت کے اعتبار سے ایک اہم لغت ہے۔ اردو زبان میں کوئی دوسرا ایسا لغت موجود نہیں ہے۔ یہ پہلا لغت ہے جس میں ہجائی ترتیب اور رسم الخط دونوں اُردو ہیں۔ اس کے ہر اندراجی لفظ پر صحت و احتیاط کے ساتھ اعراب لگائے گئے ہیں تاکہ ہندی الفاظ کا صحیح تلفظ معلوم ہو سکے۔ .... اردو رسم الخط میں، دوسری زبانوں کے لغت، مرتب و شائع کرنے کا ایک تجربہ "مقتدرہ قومی زبان" نے "سنسکرت اُردو لغت" کی صورت میں کیا ہے۔ اس میں بھی رسم الخط اردو ہے اور اعراب احتیاط سے اس طرح لگائے گئے ہیں کہ اردو داں حضرات صحیح تلفظ کے ساتھ لفظوں کو پڑھ سکتے ہیں۔ زیرِ نظر لغت میں فاضل مؤلف نے لغت نویسی کے اصولوں کو سلیقے، شعور اور احتیاط کے ساتھ برتا ہے اور الفاظ کو براہ راست "مستند ادبی، علمی، تاریخی، قانونی، مذہبی، تجارتی، صنعتی کتب کے علاوہ اخبارات اور تمثیلات کا غائر مطالعہ کرکے، الفاظ کے استقراء و استقصاء کے بعد، نہایت تحقیق کے ساتھ، برسوں محنت شاقہ اُٹھا کر اسے تالیف کیا ہے۔ یقیناً یہ ایک اہم اور بڑا کام ہے"۔

اردو رسم الخط اور اردو ہجائی ترتیب کے ساتھ مرتبہ یہ "ہندی اردو لغت" اساتذہ و طلبہ کے علاوہ علمی حلقوں میں بھی پسند کی گئی۔ یہ لغت اردو زبان کی ایک فوری ضرورت کو بھی پورا کر رہی ہے۔ کتاب کی مقبولیت کے پیش نظر اس کا تیسرا ایڈیشن پیش خدمت ہے۔

——— افتخار عارف

اِھدا

اِس کتاب (ہندی اردو لغت) کی تدوین و تالیف کا آغاز نواب عماد الملک
کے ارشاد سے ہوا تھا۔ چنانچہ دورانِ تالیف میں نواب ممدوح نے مسودہ کو
متعدد دفعہ ملاحظہ بھی فرمایا۔ مگر افسوس کہ اس کے اتمام کو پہنچنے سے پہلے
ہی وہ بزرگِ قوم، مرجع اصحابِ علم و ادب، خلد نشیں ہو گئے۔ اِس لئے مولف
"مرحوم و مغفور کے فرزند ارجمند و خلف سعادت مند ذوا بتہ العزوالشرف عالیجناب
فضائل انتساب **نواب مہدی یار جنگ** بہادر وزیر محالم سیاسیات و
وزیر محالم معارف عالیہ و عمومیہ دولتِ علیہ آصفیہ کے" اسمِ گرامی سے باجازت
معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہے فقط

خاکسار

راجیسور راؤ

دیباچہ

زیر نظر "ہندی اردو لُغت" الفاظ کی تعداد، معانی کی صحت اور جامعیت کے اعتبار سے ایک اہم لغت ہے۔ اردو زبان میں کوئی دوسرا ایسا لغت موجود نہیں ہے۔ یہ پہلا لغت ہے جس میں ہجائی ترتیب اور رسم الخط دونوں اُردو ہیں۔ پھر ہر اندراجی لفظ پر صحت و احتیاط کے ساتھ اعراب لگائے گئے ہیں تاکہ ہندی الفاظ کا صحیح تلفظ معلوم ہو سکے۔ تلفظ کی اہمیت کو واضح کرنے کے لیے فاضل مؤلف نے لکھا ہے کہ "صحیح تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا ہوتے ہیں۔ پس جس طرح لغات کے معنوں کو سمجھنا لابُد ہے اسی طرح --- صحیح تلفظ کا ادا کرنا ضروری ہے ورنہ غلط تلفظ سے لفظ مہمل ہو جاتا ہے۔" مؤلف نے صحیح تلفظ کے لیے پہلی بار ضمّہ معکوس استعمال کیا ہے تاکہ "واو اور یائے معروف و مجہول میں تمیز" کی جا سکے جیسے "نوِیدَن" میں ضمّہ معکوس واو مجہول کے لیے ہے اور "گُوبر" میں ضمّہ مستقیم واو معروف کے لیے ہے۔ یہی صورت یائے معروف و مجہول" کے ساتھ ہے۔ اس لحاظ سے بھی یہ لغت ایک نمونے کا درجہ رکھتا ہے۔

اردو رسم الخط میں، دوسری زبانوں کے لغت، مرتب و شائع کرنے کا ایک تجربہ "مقتدرہ قومی زبان" نے "سنسکرت اُردو لغت" میں بھی کیا ہے۔ اس میں بھی رسم الخط اردو ہے اور اعراب احتیاط سے اس طرح لگائے گئے ہیں کہ اردو داں حضرات صحیح تلفظ کے ساتھ لفظوں کو پڑھ سکتے ہیں۔ زیر نظر لغت میں فاضل مؤلف نے لغت نویسی کے اصولوں کو سلیقے، شعور اور احتیاط کے ساتھ برتا ہے اور الفاظ کو براہ راست "مستند ادبی، علمی، تاریخی، قانونی، مذہبی، تجارتی، صنعتی کتب کے علاوہ اخبارات اور تمثیلات کا غائر مطالعہ کر کے، الفاظ کے استقراء و استقصاء کے بعد، نہایت تحقیق کے ساتھ، برسوں محنت شاقہ اُٹھا کر" اسے تالیف کیا ہے۔ یقیناً یہ ایک اہم اور بڑا کام ہے۔

اس لغت کے مؤلف راجہ راجیشور راؤ اصغر تھے جو سابق حیدر آباد دکن میں دوکنڈہ سمستان کے راجہ تھے۔ انہیں علم و ادب سے گہرا لگاؤ تھا۔ ان کی مادری زبان تو "تلنگی" تھی لیکن وہ اردو، فارسی، عربی، سنسکرت، ہندی اور انگریزی پر عبور رکھتے تھے۔ علم لغت اور علم اللسان سے انہیں ایسی دلچسپی تھی کہ تن

من دھن کے ساتھ ساری عمر اسی کام لگے رہے۔ راجہ اصغر نے متعدد کتابیں تصنیف و تالیف کیں جو آج بھی اہمیت رکھتی ہیں لیکن ان کے اصل کارنامے علم لغت نویسی میں نظر آتے ہیں۔ انھوں نے "افسر اللغات" کے نام سے، دو جلدوں میں، عربی، فارسی و ترکی لغت شائع کیا جس میں ان زبانوں کے اُردو میں مستعمل الفاظ کو مرتب کیا گیا ہے۔ "القاموس الجدید" کے نام سے عربی اردو کا ایک لغت مرتب کیا اور "فرہنگ فارسی جدید" کے نام سے دو لاکھ سے زیادہ الفاظ پر مشتمل فارسی و اردو کا ایک مستند لغت ترتیب دیا۔ "فرہنگ راجیشوری" کے نام سے عربی، عبرانی، سریانی، یونانی، رومی، ترکی، فارسی، ژند، پہلوی، دری، سنسکرت، ہندی، اردو، انگریزی کے تقریباً چار لاکھ علمی و ادبی الفاظ و محاورات مرتب کیے۔ اسی طرح "نجم اللغات" کے نام سے اردو، فارسی، عربی اور انگریزی کا ایک لغت تیار کیا۔ "مجمع الفاظ" کے نام سے "اردو مترادفات" کا لغت مرتب کیا۔ اردو تذکیر و تانیث کے بارے میں بھی انھوں نے دو کتابیں تالیف کیں اور ایک کتاب "مجموعۂ ضرب الامثال" کے نام سے تالیف کی۔ راجہ راجیشور راؤ اصغر کا ایک اور غیر مطبوعہ کارنامہ "قاموس الہند" ہے۔ یہ لغت تین لاکھ دس ہزار اردو الفاظ پر مشتمل ہے اور اس میں اشتقاق و اعراب کے علاوہ صحت کے ساتھ معانی درج کیے گئے ہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ جہازی سائز کی ۵۵ ضخیم جلدوں پر مشتمل اس لغت کا دنیا میں موجود، واحد قلمی نسخہ، کراچی یونیورسٹی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان سب لغات کو تلاش و جمع کر کے شائع کیا جائے تاکہ ہماری قومی زبان مزید ثروت مند ہوسکے۔

مجھے یقین ہے کہ اردو رسم الخط اور اردو ہجائی ترتیب کے ساتھ مرتبہ یہ "ہندی اردو لغت" اساتذہ و طلبہ کے علاوہ علمی حلقوں میں بھی پسند کیا جائے گا۔ یہ لغت اردو زبان کی ایک فوری ضرورت کو بھی پورا کرتا ہے۔

——— ڈاکٹر جمیل جالبی

اسلام آباد، ۹-۱۰-۱۹۹۳ء

امّا بعد ۔ ناظرین والاتمکین کی خدمت میں عرض ہے کہ ہندی اور اردو اَساساً ایک ہی زبان کی دو فرعین ہیں ۔ البتہ ایک میں سنسکرت اور دوسری میں عربیت و فارسیت کی کثرت ہے ۔ ارتقائے لسانی کے باعث ہندی بھاشا نے بھی اُردو کی طرح حیرت انگیز ترقی کرلی ہے ! اور ہندوستان کے تمام اقطار و امصار میں سریع رفتار کے ساتھ پھیل گئی ہے ۔ اِس زبان میں صدہا کتابیں لکھی جاچکی اور لکھی جارہی ہیں ۔ بیسیوں اخبار اور رسالے شائع ہورہے ہیں سینما کی نثر و نظم عموماً اردو اور ہندی ہی میں ہوتی ہے ۔ تمدن جدید کے صناعات ۔ اختراعات ایجادات اور انکشافات نے ہزارہا الفاظ وضع کرلئے ہیں ۔ اسلئے ہندو اور مسلم سوسائیٹیوں میں اِن کے معنے و مطلب سمجھنے کے واسطے ایک جامع لغت کی تدوین کا شدید احساس ہو چلا ہے ۔

مذکورۂ بالا ہندی کتب و اخبارات وغیرہ کی کتابت دو خطوط یعنے ایک دیوناگری اور دوسرے اُردو حروف میں ہوتی ہے ۔ دیوناگری رسم الخط میں تو بعض لغت (کوش) لکھکر اُن کے معنے ہندی زبان اور دیوناگری حروف میں دئے گئے ہیں ۔ اور بعض مسیحی مستشرقین نے بھی متعدد ڈکشنریاں رومن حروف اور انگریزی زبان میں تالیف کی ہیں ۔ لیکن کوئی ایسا ہندی لغت دیکھنے میں نہیں آیا جس میں الفاظ اردو حروف میں لکھکر اُس کے معنے بھی اُردو زبان اور اُردو حروف میں لکھے گئے ہوں ۔ علاوہ بریں اسوقت تک جو ہندی لغت کی کتابیں تالیف ہوئی ہیں اِن سے علمی اور ادبی کتب تو درکنار سررشتۂ تعلیم کی درسی کتب کے الفاظ کے معانی بھی اچھی طرح معلوم نہیں ہوسکتے ۔ پس اس بات کی ضرورت اور سخت ضرورت تھی کہ مثل اُردو لغات کے ہندی کا بھی ایک جامع لغت ' اردو رسم الخط اور اردو زبان میں لکھا جائے ۔ جو جدید ترین اصول لغت پر مبنی ہو لغت کی عمدگی کا معیار مندرجہ ذیل امور پر منحصر ہے ۔

(۱) جامع و مبسوط ہو ۔ یعنی تمام مروّج الفاظ اور اصطلاحات پر شامل ہو ۔ جن کے مختلف معنے اور مفہوم شرح و بسط

کے ساتھ بیان کئے جائیں۔
(۲) املا اور تلفظ نہایت صحیح ہو۔
(۳) الفاظ کا اشتقاق اور اصلیت بخوبی ظاہر کی جائے۔
(۴) مترادفات اور اضداد بھی بیان کئے جائیں۔

مختصر یہ کہ کسی زبان کا لغت کیوں نہ ہو اس کے بولنے والوں کے معلومات و اطلاعات کا صحیح و کامل مترجم ہوتا ہے۔ ان جملہ اصول کے لحاظ سے میں نے تمام معتمد و مستند اَدبی۔ علمی۔ تاریخی۔ قانونی۔ مذہبی۔ تجارتی صنعتی کتب کے علاوہ رسائل اخبارات اور تمثیلات کا غائر مطالعہ کرکے الفاظ کے اِستقراء و اِستقصاء کے بعد نہایت تحقیق کے ساتھ، برسوں محنت شاقہ اُٹھا کر یہ (ہندی اردو لغت) تالیف کیا ہے۔ جس میں الفاظ کی ہجائی ترتیب اور رسم الخط دونوں اُردو ہونے کے علاوہ معنے بھی اُردو زبان اور اردو حروف میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ دیئے ہیں تاکہ مُسلم و ہندو اصحاب یکساں فائدہ اٹھا سکیں۔ الفاظ کا اشتقاق و ماخذ تحلیل و ترکیب اصلیت و حقیقت اصولِ لغت کے موافق لکھی گئی ہے۔ صحیح تلفظ کے لئے الفاظ پر بہت ہی صحت کے ساتھ کامل اعراب لگائے گئے ہیں۔ تصریحاتِ بالا سے واضح خاطر ہوگا کہ اِس نوعیت کا یہ پہلا لغت ہے۔ آجتک کسی نے اِس طریق پر نہیں لکھا۔ صاف ظاہر ہے کہ اردو داں اصحاب کیلئے اِس سے زیادہ تفہیم و سہولت کسی اور لغت سے نہیں ہوسکتی۔ اور ہندی ادب و تاریخ کے متعلمین و معلمین۔ دفتروں اور عدالتوں کے معتمدین۔ اور عَملاً و فعلاً غرض عام و خاص سب شائقین کیلئے بہت ہی مفید و ضروری ہے۔

(رموز کی تصریح) ہر لفظ کے اوپر اعراب لگا کر صحیح طور پر پڑھنے کے قابل بنانے کی کوشش کیگئی ہے۔ چونکہ دوسری زبانوں کے الفاظ کا صحیح تلفظ اُن لوگوں کیلئے مشکل ہے جو اِس زبان کو نہ جانتے ہوں۔ خاصکر سنسکرت اور ہندی زبان کے الفاظ کا۔ اسلئے یہ کوشش کیگئی تھی کہ اِن تمام الفاظ کے ساتھ ساتھ دیوناگری حروف میں بھی اِن کا تلفظ بتلایا جائے۔ مگر لیتھو کی طباعت میں یہ حروف اُردو کے ساتھ ٹھیک ٹھیک نہیں آسکتے۔ سوائے اِسکے اکثر اردو دان دیوناگری حروف سے ناواقف ہوتے ہیں ایسی صورت میں یہ طریقہ اختیار کرنا نہ کرنیکے برابر ہے۔ لہذا مجبوراً یہ ارادہ ترک کرکے حتی الامکان صحیح اعراب لگانے کی کوشش کیگئی ہے یقین ہے کہ ناظرین ذراسی کوشش اور توجہ سے صحیح طور پر پڑھ سکیں گے۔ اردو۔ فارسی اور عربی لغات عموماً تلفظ سے معرا ہوتے ہیں۔ حالانکہ تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا

ہوتے ہیں۔ پس جسطرح لغات کے معنوں کا سمجھنا لابد ہے اُسیطرح بلکہ اس سے بھی زیادہ صحیح تلفظ کا ادا کرنا ضروری ہے ورنہ غلط تلفظ سے لفظ مُہمل ہو جاتا ہے مثلاً فَسَادْ، مَرَضْ اور غَرَضْ کو فِسادْ، مَرْض اور غَرْض پڑھنا۔ علاوہ بریں اختلافِ تلفظ سے اختلافِ معانی لازم ہے جیسے عَرَض (مقابل طول) کو عَرْض (مقابل جوہر) یا اسکے برعکس کہنا، اسی طرح حَمَلْ (مینڈھا)، حَمْلْ (برداشت، گابھہ)، حِمْلْ (بوجھ، گناہ) اسی طرح ہندی الفاظ کا حال ہے۔ یعنی صحیح تلفظ کے نہ معلوم ہونے سے مفہوم و معنے میں غلط فہمی، اشکال اور احتمال پیدا ہو جاتے ہیں۔ نیز یہ بھی واضح رہے کہ حرکات ثلاثہ یعنی (فتح) زبر۔ (کسرہ) زیر۔ (ضمہ) پیش اور سکون تو ہر کوئی جانتا ہے لیکن (ضمہ معکوس) جو اس کتاب میں مستعمل ہوا ہے اُس سے کوئی واقف نہیں ہے یہ اسلئے تجویز کیا گیا ہے کہ واو اور یاے معروف و مجہول میں تمیز خاطرخواہ ہو سکے۔ جیسے (نِوبَدَنْ) اس میں ضمہ معکوس واو مجہول کے لئے۔ اور (نُوبُرْ) میں ضمہ مستقیم واو معروف کے لئے ہے۔ اسیطرح یاے معروف و مجہول کا حال ہے۔ پس ناظرین مطالعہ کے وقت اِن امور کا ضرور خیال رکھیں تاکہ الفاظ کا تلفظ ٹھیک ہو سکے! اور یہ بھی کہدینا بیجا نہ ہوگا کہ ترتیب قائم رکھنے کے لئے بلالحاظ ہندی اور سنسکرت (وہ الفاظ جو عام طور پر ہندی میں مستعمل ہیں) حسب موقع مُسلسل لکھے گئے ہیں۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو ترتیب کا قائم رکھنا ناممکن تھا جو لغت کے لئے ضروری ہے! اور یہ ظاہر کردینا ضروری ہے کہ ازروئے قاعدہ حروف ذیل کے تلفظ میں اختلاف ہوا کرتا ہے۔ جیسے اکثر حرف (واو) کی جگہ ہندی میں (ب) لکھا اور بولا جاتا ہے۔ جیسے (وَانَرْ) (بَانَرْ) میں۔ علیٰ ہذا۔ لفظ (یَاتْرَا) (جَاتْرَا) میں۔ (یَتْنْ) (جَتْنْ) میں۔ (کْشیتْر) (چھیتْر) وغیرہ میں ملاحظہ کریں وہاں موجود ہوگا۔

مخفی نہ رہے کہ اِس (ہندی اردو لغت) کے سوا ایک اور (اردو ہندی لغت) بھی تیار ہے۔ یعنی اُردو الفاظ کے مترادفات ہندی زبان کے ساتھ اردو رسم الخط میں بتلائے گئے ہیں۔ جیسی کہ یہ کتاب ہے۔ اگر پبلک اِس کتاب کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھے گی۔ تو اِنشاءاللہ اِس کو بھی عنقریب قلیل میں طبع و شائع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

(معذرت) عموماً کسی کتاب کے طبع کے وقت تالیف و تصنیف سے بھی زیادہ مشکلات درپیش ہوا کرتے ہیں (جو لوگ اِس قسم کا کام کر چکے ہیں وہ اچھی طرح جانتے ہیں)۔ کچھ تو کاتب کی عنایت اور کچھ سنگساز

کی مہربانی سے غلطیاں ہوجاتی ہیں۔ انکی درستی کے لئے کاپی کا پڑھنا اور درست کرنا اسکے بعد پروف کا دیکھنا اور اصلاح کرنا ہر شخص کا کام نہیں ہے خصوصاً ایسی کتاب کا جو غیر زبان کے الفاظ میں ہو از بس مشکل ہے۔ بااینہمہ میں نے معمولی غلطیوں کو فروگذاشت کرکے اہم غلطیوں کا صحت نامہ شامل کردیا ہے " بعض اوقات چند دیگر کتابوں کے ساتھ ایسا بھی ہوا ہے کہ غلط نامہ کے لئے ایک اور غلطنامہ کی ضرورت داعی ہوئی ہے گر شکر ہے کہ یہاں ایسا نہیں ہے" پس ناظرین سے امید ہے کہ استعمال سے قبل اسکے مطابق درست کرنیکی تکلیف گوارا فرمائیں گے۔

بالآخر یہ کہدینا بیجا نہوگا کہ اس لغت کی تالیف و تدوین میں جو کچھ جد و جہد کیگئی ہے وہ (مَنْ دَانَم و دِلِ مَن) کا حال ہے۔ تاہم بڑی مصیبت یہ ہے کہ جہاں اجتماعی زندگی کا شیرازہ ہر معاملہ میں بکھرا ہوا ہے وہاں ہماری زبان بھی اس پراگندگی اور انتشار سے بچی ہوئی نہیں ہے۔ نکتہ چینوں کو ہر جدید کام کی بجا اور بیجا تردید کے لئے کوئی نہ کوئی موافق اور ناموافق مطلب کی چیز حاصل کرنیکی کوشش ہوا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی مصنف یا مولف سالہا سال خون جگر کھاکر ملک کی خدمت کرتا ہے تو اپنے مساعی شاقہ کا کوئی خوشگوار صلہ پانے کے بجائے اُسکو اُلٹا معترضین کا ہدف ملامت بننا پڑتا ہے فقط

قطعہ

بے خِرَدے چند از خود بے خبر — عیب پسندند بَرَغمِ ہُنَر

باد شوند از بچراغے رَسند — دُود شوند اَز بدماغے رسند

(وَالْعُذْرُ عِنْدَ کِرَامِ النَّاسِ مَقْبُوْلٌ)

۲۲ر اردی بہشت ۱۳۴۲ف

راقم احقر

راجیسور راؤ۔ اصغر

(اوما باغ) اسٹیشن روڈ

حیدرآباد دکن

الف ممدودہ

اَ سنسکرت اور ہندی حروف تہجی کا پہلا حرف ہے جس کے معنی نہ۔ نہیں۔ غیر۔ نفی۔ مخالف۔ فرق۔ تھوڑا۔ چھوٹا۔ بد۔ رحم۔ عنایت۔ مثال۔ ایک تک۔ ابتدا۔ ہوا۔ باپ۔ مرشد۔ محافظ۔ قدرت۔ خداوند تعالیٰ کے ہیں۔ واضح ہو کہ یہ حرف اسما کے پہلے آکر نفی کے معنے دیتا ہے۔ جیسے (دھرم۔ ادھرم۔) (دنیاے۔ انیاے) وغیرہ۔ اور بعض اوقات یہ حرف لفظ کے معنوں کو کم کرتا ہے۔ جیسے (بھاگا۔ ابھاگا) (کال۔ اکال)۔ وغیرہ ہندی حروف تہجی کے سوَر ابتدائی حروف کے ساتھ جو الفاظ آتے ہیں اُن کے آگے (ا) کی جگہ (اَن) لگایا جاتا ہے جیسے (اَدھکار۔ اَن ادھکار) (آچار۔ اَن آچار) وغیرہ

آ ۔ رنج یا تکلیف کو ظاہر کرنے والا لفظ۔ آہ۔ نیز بمعنی سے۔ تک۔ تلک۔ لگ۔ کچھ۔ کچھ ایک۔ سا۔ پہلے۔ چاروں طرف سے گھرا۔ ہا دیوجی۔

آبدک ۔ سالانہ۔

آبھا ۔ چمک۔ بھڑک۔ زینت۔ نور۔ روشنی۔ جلال۔ خوبی۔

آبھاز ۔ ذمہ داری۔ احسان۔

آبھارا ۔ ذمہ دار۔ احسانمند۔

آبھاسن ۔ روشن ہونا۔ سما جانا۔ عکس۔ جھلک۔ سایہ۔ مشابہ۔ تمہید۔ پیش بندی۔

آبھاس واد ۔ بیدانت کا وہ مذہب جو مایا میں برہم کا عکس پڑنا مانتا ہے۔

آبھاش ۔ گفتگو۔ بات چیت۔ دیباچہ۔

آبھاشن ۔ کہنا۔ بولنا۔ بات چیت کرنا۔ دیباچہ لکھنا۔

آبھجاتیہ ۔ صاحب خاندان۔ اعلیٰ خاندان والا۔ علم۔

آبھرن ۔ زیور۔ گہنا۔ آرائش۔ زیب وزینت۔ واضح ہو کہ بارہ قسم کے زیور مشہور ہیں۔ نوپر۔ کنکنی۔ ہار۔ چوڑی۔ انگشتری۔ کنگن۔ بازوبند۔ کنٹھ مالا۔ بیسر۔ بندی۔ ٹیکہ۔ شیش پھول۔

آبھگیہ ۔ آگاہ۔ واقف۔

آبھمکھیہ ۔ روبرو۔ سامنے۔ مخاطب۔

آبھوشن ۔ دیکھو (آبھرن)

آبھیاسک ۔ عادت کرنے والا۔

آبھیر ۔ اہیر۔ گوالا۔ گوپ۔

آبھیری ۔ اہیرن۔ گوالن۔ گوپن۔

آپ ۔ } پانی۔ آب۔ گناہ۔
آپہ ۔ }

آپا دھاپی ۔ اپنی اپنی فکر۔ نفسی نفسی۔ خود غرضی۔

آپاک ۔ پجاوا۔ آوا۔ مٹی کے برتنوں کے پکانے کی جگہ

آپان ۔ شراب کی دوکان۔ متوالوں کی جماعت۔

آپت ۔ آفت۔ مصیبت۔ تکلیف۔

آپتکال ۔ آفت کا زمانہ۔ مصیبت کا وقت۔

آپت گراہی ۔ خود غرض۔ بخیل۔

آپت ورگ ۔ رشتہ دار۔ لواحقین۔

آپتی ۔ آفت۔ مصیبت۔ بلا۔ تکلیف۔ رنج۔ دُکھ۔ روزبد۔

آپد ۔ آفت۔ مصیبت۔ تکلیف۔ رنج۔ دُکھ۔

آپدا ۔ دیکھو (آپد)

آپدجنک۔ تکلیف دینے والا۔

آپدگرست۔ مصیبت زدہ۔ تکلیف دیدہ۔

آپرچھا۔ سوال معلوم کرنے کی خواہش۔

آپ رُوپ ۔ اپنی شکل۔ اپنا ظہور۔ وہ جو خود بخود ظہور پذیر
ہو۔ نُورالٰہی۔ خداوند تعالیٰ۔

آپکوَ ۔ تھوڑا پکا ہوا۔ نیم پختہ۔

آپگا ۔ ندی۔ رود۔

آپلو ۔ پانی میں اچھی طرح ڈوبنا۔ پانی میں داخل ہونا۔ نہانا۔

آپن ۔ دوکان۔ ہاٹ۔ بازار۔ دوکانداری۔

آپنک۔ دوکاندار۔ بیوپار۔

آپنّہ ۔ پایا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ بدقسمت۔ مدد چاہنے والا۔

آپُورتی۔ پورا۔ تمام۔ سالم۔

آپھوک۔ افیم۔ افیون۔

آپیڈ۔ تاج۔ کلغی۔

آپیکشا۔ خواہش۔ چاہ۔ تمنا۔ ارادہ۔ محبت۔ شفقت۔

آپین۔ سخت۔ موٹا۔ بڑا۔ طاقتور۔ گائے کے تھن۔

آتپ۔ آفتاب کی گرمی۔ سورج کی روشنی۔ دھوپ۔

آتت۔ پھیلانا۔ الزام لگانا۔

آتتائی ۔ آگ لگانا۔ زہر دینا۔ ہتھیار چلانا۔ غیر کی
دولت۔ زنِ بیگانہ۔ اور دوسروں کی زمین پر
جبر سے قبضہ کرنا۔ واضح ہو کہ یہ چھ کام کرنے والے
کو (آتتائی) کہتے ہیں۔ بڑا گنہگار۔

آتتھیہ۔ مہمان نوازی۔ مہمانداری۔ میزبانی۔

آتُر ۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ رنجیدہ۔ بےچین۔ بےقرار۔
حیران۔ مغموم۔ بیمار۔ جلدی۔

آنتر ۔ بیچ۔ درمیان۔ فرق۔

آترپن۔ خوش کرنا۔ اطمینان۔

آتم ۔ روح۔ نفس ناطقہ۔ قوت مدرکہ۔ دل۔ خاطر۔ جان۔
آتما ۔ قالب۔ روح عقلی۔ ذات۔ وہ ذات نوری
آتمہ ۔ جو کل میں محیط ہو۔ خداوند تعالیٰ۔

آتما بھیمان۔ غرور۔ کبر۔ گھمنڈ۔

آتما بھیمانی۔ مغرور۔ خودغرض۔

آتمانند ۔ سرور روحانی۔

آتمتا ۔ قرابت داری۔ محبت۔ خیال نیک۔

آتمج ۔ اولاد۔ بیٹا۔ نواسہ۔ عقل۔

آتمجا۔ بیٹی۔ دختر۔

آتمک۔ متعلق بہ آتما۔ ذاتی۔ نفسی۔ روحانی۔

آتمودبھوا۔ بیٹی۔ دختر۔

آتمہ ۔ اپنا۔ خود کا۔ جان۔ روح۔

آتمہ بودھ ۔ علم روح یا ذہن۔ علم ذات۔ خودشناسی۔

آتمہ بندھ ۔ رشتہ دار۔ اعزہ و اقارب۔

آتمہ بدھی۔ نفس ناطقہ کا علم۔ علم روح۔ خودشناسی۔

آتمہ بندھو۔ قرابت داران قریب۔ رشتہ داران اقرب۔

آتمہ بھو ۔ واجب الوجود۔ خداوند تعالیٰ۔

آتمہ پالک ۔ مطلب کا یار۔ خودغرض۔

آتمہ پد۔ مدرجۂ روحانی۔ خدارسی۔

آتمہ تتو۔ خداوند تعالیٰ کو جاننا۔

آتمہ جن ۔ وہ جو اپنے نفس کو جانتا ہو۔ وہ جو خدا کو جانتا ہو۔

آتمہ جنانی ۔ علم روح یا نفس کا جاننے والا۔ فیلسوف۔

آتمہ چھیدر ۔ نفس کُش۔

آتمہ درشی ۔ آتما کا دیکھنے والا یعنی خدا شناس۔ واصل حق۔

آتمہ رکشا ۔ اپنے آپ کو حفاظت کرنا۔ حفاظت خود اختیاری۔

آتمہ سکھ ۔ لذت نفس نفس پرستی۔

آتمہ سمبھو ۔ بیٹا۔ پسر۔

آتمہ سنیم ۔ ضبط نفس۔

آتمہ شدھی ۔ صفائی قلب۔

آتمہ شکتی ۔ قوت جبلّی یا خلقی۔

آتمہ شلاگھا ۔ اپنی تعریف آپ کرنا۔

آتمہ کاریہ ۔ اپنا خانگی کام۔ آپ کاج۔

آتمہ گرما ۔ خود ستائی۔ غرور۔

آتمہ گراہی ۔ خود غرض۔

آتمہ گیان ۔ علم روحانی۔ تصوف۔

آتمہ نویدن ۔ خود کو واصل حق کرنا۔

آتمہ وادی ۔ عالم علم النفس۔

آتمہ ودیا ۔ (دیدیا) علم الروح۔ علم النفس۔ علم معرفت۔

آتمہ وکرے ۔ خود فروشی۔

آتمہ گھات } خود کشی۔ نفس کشی
آتمہ ہتیا }

آتمہ گھاتک } نفس کُش۔ خود کشی کرنے والا۔
آتمہ گھاتی }

آتمہ ہت ۔ خود غرض۔ مطلب کا یار۔

آتمہ ہن ۔ خود کُش۔ ایک بیماری کا نام۔

آتمہ ہنتا ۔ دیکھو (آتمہ گھات)

آتمیہ ۔ اپنا۔ خود کا۔ مخصوص۔ ہم جنس۔ دوست۔ رشتہ دار۔ نفس یا ذات کے متعلق۔

آتنک ۔ تکلیف۔ رنج۔ خوف۔ ڈر۔ دکھ۔ بیماری۔ رعب۔ شان۔ مرتبہ۔ ڈھول کی آواز۔

آتہ پتر ۔ آفتاب گیر۔ چھتری۔

آتھروَن ۔ اتھرون بید کا جاننے والا۔

آتی شے ۔ زیادہ۔ بہت۔ کثرت۔

آتی ینتک ۔ ہمیشہ کے لئے ہونے والا۔ زیادہ۔ کثرت۔ بہت۔

آٹوپ ۔ گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔

آجا ۔ دادا۔ جد۔

آجانو ۔ گھٹنے تک۔

آجانو باہو جس کے ہاتھ گھٹنے تک لمبے ہوں۔

آجنم } جنم یعنی پیدائش سے لیکر۔
آجنمہ }

آجی ۔ لڑائی۔ جنگ۔ جانا۔ روک۔ بغض۔

آجیو } ذریعۂ روزی۔ ذریعۂ معاش۔ رزق۔ کفاف۔ گزران۔
آجیوکا } پیشہ۔ روزگار۔

آجیوی ۔ کسی اور کے سہارے زندگی بسر کرنے والا۔

آجیہ ۔ گھی۔ روغن زرد۔

آچار ۔ دینی یا مذہبی رسم۔ شاستر کا طریقہ۔ چال چلن۔ طور۔ وضع۔ برتاؤ۔ قانون۔ دستور۔ رواج۔ پاکی۔

آچارج ۔ دیکھو (آچاریہ)

آچاری ۔ شاستر کے احکام کے مطابق چلنے والا۔ دینی رسوم کا پابند دیندار۔ عابد۔ معلم۔ مرشد۔

آچَارْیَہ ۔ روحانی مرشد۔ کسی فرقہ کا بانی ۔معلم۔ اُستاد ۔ پیر ۔ رہنما۔ پجاری ۔ پنڈت ۔ علماء کا ایک لقب ۔

آچَرِتْ ۔ مان لیا گیا۔ تسلیم کیا ہوا۔ مقبول ۔

آچَرَنْ ۔ رسوم مذہبی ۔ طریقہ زندگی ۔ چال چلن ۔ دستور ۔ رواج ۔ عادت۔ روش طرز عمل ۔

آچَرْنِیَہ ۔ کرنے کے قابل۔ لائق استعمال ۔

آچَمَنْ ۔ مذہبی رسومات وغیرہ ادا کرنے اور کھانا کھانے کے قبل تین بار ہتھیلی میں پانی لیکر بطور پاکی کے منتر پڑھتے ہوئے مُنہ میں ڈالنا۔ مُنہ دھونا ۔ کُلی کرنا۔

آچھَادِتْ } ڈھکا ہوا۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی ۔
آچھَنْ ۔ }

آچھَادَکْ ۔ ڈھکنے والا ۔ چھپانے والا ۔ رازدار ۔

آچھَادَنْ ۔ کسی چیز کا سایہ ۔ ڈھکنا ۔ لحاف ۔ پوشاک ۔ جامہ ۔ چادر ۔ لباس ۔

آچھَنْ ۔ ڈھکا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ محفوظ ۔

آچھَنَا ۔ ہونا ۔ موجود ہونا ۔ باقی رہنا ۔ بسنا ۔

آچھَنَّ ۔ ڈھکا ہوا ۔ چھپا ہوا ۔ لپٹا ہوا ۔ پھیلا ہوا ۔

آچھِدْ ۔ کاٹنا ۔ چھیدنا ۔ سوراخ کرنا ۔

آچھیپْ ۔ اکڑ ۔ تشنج ۔ ملامت ۔ طعن ۔ استہزاء ۔ الزام ۔ دشنام ۔

آدْ ۔ اول ۔ پہلا ۔ اگلا ۔ اولین ۔ نخستین ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ اصل ۔ شروع ۔ کُل ۔ پورا ۔ سارا ۔ برتر ۔ افضل ۔ مقدم ۔ سب سے بڑھ کر ۔ واضح ہو کہ یہ کلمہ دوسرے کلمہ کے آخر میں ملکر معنے وغیرہ کے دیتا ہے ۔

آدَانْ ۔ لینا ۔ پانا ۔ قبول کرنا ۔ منظور کرنا ۔

آدَانْ پَرْدَانْ ۔ لینا دینا ۔ لین دین ۔ داد وستد ۔

آدْیَنْتْ } ابتداء سے انتہا تک ۔ از اول تا آخر ۔ سرتاپا ۔ سراپا ۔
آدِانْتْ } آغاز و انجام ۔ مسلسل ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔

آدْبھَاگْ ۔ حصۂ ابتدائی ۔

آدْپُرُشْ ۔ پہلا آدمی ۔ جداعلیٰ ۔ خداوند تعالیٰ ۔

آدِتْوَ ۔ تقدم ۔ ترجیح ۔

آدِتِی ۔ ہندو دھرم اُپ پُران ۔

آدِتْیَہ ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ دیوتا ۔

آدِتْیَہ مَنْڈَلْ ۔ کرۂ شمس ۔

آدِتْیَہ وَارْ ۔ آدتیہ بمعنے آفتاب ۔ وار بمعنی روز یعنے یوم الشمس ۔ اتوار ۔ یکشنبہ ۔

آدَرْ ۔ عزت ۔ تعظیم ۔ حُرمت ۔ قدر و منزلت ۔ احترام ۔ خاطرمدارات ۔ توقیر ۔ آؤ بھگت ۔ تواضع ۔

آدَرْبھَاؤ ۔ احترام ۔ عزت ۔ ادب ۔

آدَرِتْ ۔ عزت کیا گیا ۔ احترام کیا گیا ۔

آدَرْشْ ۔ نمونہ ۔ مثال ۔ آئینہ ۔ جس کی نقل کی گئی ہو ۔

آدَرْشَنْ ۔ آئینہ ۔ شرح ۔ نقل ۔ اظہار ۔ علامت ۔ نمائش ۔ دستخط ۔

آدَرْمَانْ ۔ عزت و توقیر ۔ تعظیم و تکریم ۔ شہرت ۔

آدَرْنَا ۔ عزت دینا ۔ تعظیم کرنا ۔

آدَرْنِیَہ ۔ قابل احترام ۔ محترم ۔ محتشم ۔ معزز ۔

آدَرْوَنْتْ ۔ صاحب عزت ۔ مؤدب ۔ پارسا ۔ دیندار ۔

آدَرْیُوگْیَہ ۔ (جوگیہ) قابل عزت ۔ محترم ۔ معزز ۔ بزرگ ۔

آدِسِکْشَا ۔ (شکشا) ابتدائی تعلیم ۔ تعلیم رشدیہ ۔

آدِشْٹْ ۔ جس کو حکم دیا گیا ہو ۔ محکوم ۔

آدِکْ ۔ ابتدا سے علاقہ رکھنے والا ۔ پہلے سے تعلق رکھنے والا پہلا ۔ اولین ۔ نخستین ۔ دوسرا ۔ دیگر ۔ وغیرہ ۔ اور باقی ۔

آدکارن۔ سبب اول۔ سبب اصلی۔ علت العلل۔

آدِم ۔ پہلا۔ ابتدائی۔

آدِمہ ۔ ابتدائی۔ وہ چیز جو پہلے پیدا ہوئی ہو۔

آدَو ۔ پہلے پہل۔ ابتدا میں۔ آغاز میں۔

آدھ ۔ فکر۔ اندیشہ۔ سوچ بچار۔ معاملہ۔ موقع۔ مقام۔

آدھار۔ سہارا۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ آسرا۔ مدد۔ خوراک۔ کھانا۔
بسراوقات۔ مُربّی۔ معین۔

آدھاری۔ زندگی بسر کرنے والا۔ کھانے والا۔

آدھان۔ پیٹ۔ شکم۔ حمل۔ دفینہ۔ امانت۔ ضمانت۔ باربرداری۔
رہن۔ دعرُوت۔

آدھِپت۔ مالک۔ آقا۔ فرمانروا۔ خداوند۔

آدھِپتیہ۔ اختیار۔ حکومت۔ مالکیت۔ ریاست۔ سلطنت۔

آدھِکیہ۔ } بہتایت۔ کثرت۔ زیادتی۔ فراوانی۔ بیشی۔
آدھِکیتا۔ }

آدھوت۔ پریشان۔ متحرک۔

آدھورن۔ جہاوت۔ فیلبان۔

آدھونین۔ راہ رو۔ زادِ راہ۔

آدھی ۔ دل کی پریشانی۔ فکر۔ اُداسی۔

آدھیاپک۔ اُستاد۔ مدرس۔ معلم۔

آدھیاتمک۔ روح سے تعلق رکھنے والی بات۔ روحانی۔

آدھیان۔ فکر۔ خیال۔ خیال فاسد۔

آدھی بھوت۔ مادّی۔

آدھی بھوتِک۔ جسم کثیف۔

آدھی بھوتِک دُکھ۔ وہ رنج و تکلیف جو شیر یا سانپ وغیرہ کے
کاٹنے یا گھر وغیرہ گرنے سے ہو۔

آدھی پتیہ۔ حکومت۔ مالکیت۔

آدھِنیتا۔ بیوپاری۔ مہاجن۔ دلال۔

آدھی دَیوِک۔ متعلق بہ دیو۔ متعلق بہ عقل۔

آدھی دیوک دُکھ۔ آفات سماوی۔

آدھین۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ تابعدار۔ سہارا۔ قابو۔ اختیار۔ عاجز۔
قبضہ۔ ممنون۔ محتاج۔

آدھینتا۔ غیر اختیاری۔ فروتنی۔ عاجزی۔ انکسار۔

آدھینتائی۔ عاجزی۔ فروتنی۔ مسکینی۔

آدھییہ۔ رکھنے کے قابل۔ جو چیز رکھی جائے۔

آدی ۔ پہلا۔ شروع۔ جڑ۔ ابتدائی۔ اولیہ۔ اول۔ سابق۔ ازلی۔

آدی بھوت۔ ناسُوت۔

آدی بھوتک۔ متعلق بہ بھوت۔

آدی دیو۔ ملکوت۔

آدی دیوک۔ اندروں کے دیوتا۔ مافوق العادت۔ دیوتاؤں
سے تعلق رکھنے والی بات۔

آدی سرشٹی۔ ابتدائی آفرینش۔

آدیش۔ حکم۔ ارشاد۔ اجازت۔ تعلیم۔ فرمان۔ پیشین گوئی۔ مبادلہ۔
مبادلہ جز۔ خدا حافظ۔ جوگیوں کا سلام۔

آدیشی۔ حاکم۔

آدی کارن۔ ابتدائی سبب۔ سبب اصلی۔

آدی ناتھ۔ مالک ازلی۔

آدینت۔ دیکھو (آدانت)

آدیوپانت۔ اول سے آخر تک۔ از ابتدا تا انتہا۔

آدیہ۔ اگلا۔ پہلا۔

آڈمبر۔ ظاہری ٹھاٹ باٹ۔ شور و غوغا۔ غرور۔ تکبر۔ خوشی۔ غصہ۔

غضب۔ ابر۔ بادل۔ مکر۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔ نقارہ۔
گرج۔ ترم یا بگل کی آواز۔ بناوٹ۔ بناؤ۔ آغاز لمبائی۔

آڈھیہ۔ بھرا ہوا۔ لبریز۔ پر۔ متمول۔

آر ۔ کانٹا۔ آنکس۔ منگل۔ شنیچر۔ لوہار۔ چمار۔ تانبا۔ طریقہ۔

آراٹ۔ نزدیک۔ دور۔ دشمن۔

آرادھت۔ جس کی پرستش کی گئی ہو۔

آرادھک۔ پجاری۔ عبادت گزار۔

آرادھن } عبادت۔ پرستش۔ پوجا۔ مذہبی خدمت۔ بندگی۔ پرستش کرنا۔
آرادھنا } عبادت کرنا۔ التماس کرنا۔ پورا کرنا۔

آرادھیہ۔ پوجا کے قابل۔ پرستش کے لائق۔ واجب التعظیم۔
برہمنوں کا ایک فرقہ۔

آرام۔ خوشی کی جگہ۔ رہنے کا مقام۔ درختوں کا جھنڈ۔ جشن گاہ۔

آرام ون۔ (بن) وہ باغ جو شہر کے اندر ہو۔

آرامہ۔ خانہ باغ۔ آرام چین۔ سکھ۔

آربدھ۔ شروع کیا گیا۔ آغاز کیا ہوا۔

آرتِ۔ دکھ۔ درد۔ روگ۔ تکلیف۔ آرزو۔ ارمان۔

آرت۔ } تکلیف پایا ہوا۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ رنجیدہ۔ حیران۔
آرت۔ }

آرات۔ دور۔ نزدیک۔

آراتی۔ دشمن۔ عدو۔

آرادھک۔ پوجنے والا۔ عابد۔ زاہد۔

آرادھن۔ پوجا۔ پرستش۔ عبادت۔

آرام۔ باغ۔ گلستاں۔

آرتا۔ } وہ روشنی جو دیوتاؤں کے سامنے پھرائی جاتی ہے۔ وہ
آرتی۔ } بھجن جو آرتی کے وقت گایا جاتا ہے۔ جد۔ بیاہ کا ایک

طریقہ۔ تمام۔ پورا۔

آرت وانی۔ }
آرت وچن۔ } دردمند یا مصیبت زدہ کی گریہ و زاری کی
آرت سوز۔ } آواز۔
آرت ناد۔ }

آرتہ۔ آفت زدہ۔ مصیبت رسیدہ۔

آرتھک۔ عالم۔ متمول۔

آرتھی۔ عرضی گزار۔ محنتی۔

آرتی۔ دیکھو (آرتا)

آرت۔ دکھ۔ درد۔ تکلیف۔ آرزو۔ تمنا۔ ارمان۔

آرج۔ شریف خاندان کا۔ آریہ نسل کا۔ بڑا۔ معزز۔
قابل تعظیم۔ خسر

آرجار۔ آمد و رفت۔

آرجب۔ راستبازی۔ دیانت۔ صفائی۔ خلوص۔

آرجن۔ کمائی۔

آرجو۔ نیک خو۔ ملائم طبع۔ عاجز۔

آرچا۔ } پوجا۔ پرستش۔ عبادت۔ بت۔
ارچا۔ }

آروڈھ۔ چڑھا ہوا۔ سوار۔

آردر۔ گیلا۔ بھیگا۔ تر۔

آردرا۔ قمر کی چھٹی منزل کا نام۔ جہاں سے موسم باراں آغاز
ہوتا ہے۔ ہنعہ۔

آردرک۔ ادرک۔ سونٹھ۔

آرس۔ سستی۔ کاہلی۔ کمزوری۔ سکون۔

آرسی۔ سست۔ کاہل۔ کمزور۔ بے حرکت۔

آرسی ۔ آئینہ۔

آرسیہ ۔ پھیکا پن۔ کم ہمتی۔ بے لذتی۔

آرش ۔ شادی کی ایک رسم۔ ایک رشی کا نام۔

آرمبھ ۔ } آغاز۔ شروع۔ ابتدا۔ تمہید۔ کوشش۔ تکلیف۔ محنت۔
آرمبھ ۔

آرنیہ ۔ } جنگلی۔ بیابانی۔ صحرائی۔
ارنیہ ۔

آرَو ۔ آواز۔ صوت۔

آروپ ۔ منسوب کرنا۔ کسی کے ذمہ کرنا۔ پیشین گوئی۔ انقلاب۔
بھیس۔ لگانا۔ رکھنا۔ تغیر۔ بناوٹ۔ سازش۔

آروپت ۔ لگایا ہوا۔ سونپا ہوا۔ سپرد کیا ہوا۔ بویا ہوا۔ امانت
میں رکھا ہوا۔ بدلا ہوا۔

آروپن ۔ چڑھاؤ۔ چڑھانا۔ جانا۔ قائم کرنا۔ تحویل کرنا۔

آروپنا ۔ درخت وغیرہ لگانا۔ نصب کرنا۔ چڑھانا۔ گاڑنا۔

آروڑھ ۔ چڑھا ہوا۔ (گھوڑے وغیرہ پر) سوار۔

آروگ ۔ جو بیمار نہ ہو۔ باآرام۔ تندرست۔

آروگیہ ۔ صحت۔ آرام۔ تندرستی۔

آروگیہ کاری ۔ شفا بخش۔ صحت افزا۔

آروگیہ وان ۔ صحت بخش۔

آروگیتا ۔ صحت۔ تندرستی۔

آرودھن ۔ روک۔ گھیراؤ۔

آروہن ۔ اٹھنا۔ نئے پودوں کا اُگنا۔ چڑھائی۔ سیڑھی۔
نروبان۔ چڑھنا۔ سوار ہونا۔

آروہی ۔ سوار۔ راکب۔

آری ۔ سہیلی۔ انیس۔ مینڈ۔ بند۔ گنڈ۔

آریا ۔ قابل عزت عورت۔ ساس۔ دادی۔

آریا سماج ۔ آریا لوگوں کی وہ انجمن یا فرقہ جو ویدوں پر عمل کرنے کا
مدعی ہے اس سماج کے بانی سوامی دیانند جی ہیں۔ جن کا
انتقال ۱۸۸۳ء میں ہوا۔

آریا ورت ۔ آریاؤں کے رہنے کا مقام یعنی ہندوستان کی
وہ پاک زمین جو مشرق کے سمندر سے مغرب کے
سمندر تک پھیلی ہوئی اور شمال وجنوب کی طرف ہمالیہ
اور بندھیاچل سے گھری ہوئی ہے۔

آریہ ۔ بڑا۔ بزرگ۔ معزز۔ شریف۔ نجیب۔ اعلیٰ۔ قابل عزت۔
قابل پرستش۔ لائق تعظیم۔ ہندو۔ ایک قدیم ترقی یافتہ
قوم جو دنیا کے اکثر حصوں میں پھیل گئی ہے۔ ایک قدیم
ترقی یافتہ زبان۔ نام ایک بحر کا منجملہ بحور شعر ہے۔

آریہ پتر ۔ مرشد زادہ۔ مالک۔ خاوند۔ شوہر۔

آریہ مشر ۔ جو معزز ہو۔ عزت دار۔

آساوَن ۔ سفید۔ طلاپ۔ سجاوٹ۔

آساونت ۔ صاحب امید۔ امیدوار۔ منتظر۔

آسپد ۔ آمدنی۔ ذریعہ۔ مقام۔ جگہ۔ موقع۔ درجہ۔ مرتبہ۔ عہدہ۔

آسپھوٹن ۔ شگفتہ ہونا۔ روشن ہونا۔ غم خو کرنا۔

آسَت ۔ اتحاد۔ میل۔ وصل۔ جوڑ۔ قربت۔ نزدیکی۔

آسترن ۔ ہاتھی کی جھول۔ اعلیٰ درجہ کا فرش۔ بستر۔ پلنگ۔

آستک ۔ خدا پرست۔ دیندار۔ متقی۔ بیدوں اور خداوند تعالیٰ کا

آستھا ۔ تردد۔ کوشش۔ دوستی۔ ذریعہ۔ یکسوئی خاطر۔

آستھان ۔ آستان۔ مقام۔ جگہ۔ مسکن۔ مجلس۔ محفل۔

آشرم ۔ سماج۔ پایہ۔ آڑ۔ روک۔ کوشش۔
فکر۔

آشر، اُشر ـ ہنود کے ازدواج کا ایک طریقہ یعنے دولہا دلہن کے باپ یا رشتہ داروں کو جس قدر کہ دولت وہ دے سکتا ہے دیکر اپنی خوشی سے حاصل کرتا ہے۔ عفریت۔

آشرِت ـ، آشرِیت ـ وہ جو دوسروں کے زیر پرورش ہو۔ پناہ گیر۔ پناہ گزیں۔ خادم۔ وابستہ۔ دامنگیر۔ پیرو۔

آشرم ـ سکونت گاہ۔ قیام گاہ۔ مقام۔ جگہ۔ مکان۔ گھر۔ مسکن۔ حجرہ۔ صومعہ۔ زاویہ۔ دائرہ۔ مدرسہ۔ کالج۔ ڈیرہ۔ حالت۔ زمانہ۔ عابدوں کے رہنے کا مقام واضح ہو کہ انسان کی زندگی کے چار آشرم (مدارج) ہیں۔ (۱) برہم چرج یعنی تجرد و تحصیل علوم کا زمانہ۔ (۲) گرہستھ یعنی تاہل و کسب معاش کا زمانہ۔ (۳) بان پرستھ یعنی حصول تزکیہ روحانی و مشاہدات و تجربات کی تکمیل کا زمانہ (۴) سنیاس۔ خدمت ابنائے جنس کرنے اور رونڈ اور کمنڈل کو اختیار کرنے کا زمانہ۔ بعد ازاں پرم ہنس کے لقب سے ملقب ہوتا ہے۔

آشرن ـ درماندہ۔ بیچارہ۔

آشرنا ـ پناہ لینا۔ حذر کرنا۔

آشری ـ آشر سے متعلق۔ بد ذاتی۔ شیطانی۔ عفریتی۔

آشرے ـ دیکھو (آشرا)

آشرِیت ـ اُمیدوار۔ بھروسا رکھنے والا۔ معتقد۔

آشریہ ـ آسرا۔ پناہ۔ امید۔ توقع۔ جائے پناہ۔

آشش ـ دعاگوئی۔ فہمائش۔ نصیحت۔ برکت۔ تعلیم۔ تربیت۔

آشکت ـ کاہلی۔ سستی۔ گرانی۔ غنودگی۔ لیت و لعل۔ تاخیر۔ دیر۔ جمہائی۔

آشکت ـ، آشکنت ـ لگا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ چسپاں۔ آرزومند۔ عادی۔ آمادہ۔ مائل۔ سرگرم۔ پیرو۔ فریفتہ۔ مشتاق۔ عاشق۔ خوگر۔

آشکتی ـ سست۔ کاہل۔ نکما۔ بیمار۔ رنجور۔ ڈھیلا۔ ٹھنڈا۔ خواہش۔ محبت۔ پیار۔ تعلق۔ لگاؤ۔ شوق۔ سرگرمی۔

آسمنتات ـ چاروں طرف۔ اردگرد۔ گرداگرد۔ بالکل۔ تمام۔

آسن ـ ران۔ نشست۔ بیٹھک۔ طریقہ مباشرت۔ ڈھنگ۔ ارکٹ اسٹال۔ خوانچہ۔ نشست گاہ۔ کرسی۔ تخت۔ مسند۔ وہ کپڑا جس پر بیٹھ کر پوجاپاٹ کرتے ہیں۔ جوگیوں کی ایک قسم کی نشست۔

آسن پائی ـ بیٹھنے کا کپڑا۔

آسنگ ـ ذریعہ۔ وسیلہ۔ واسطہ۔ اعانت۔ قوت۔ لیاقت۔ زور۔ صحبت۔ طاپ۔

آسنّ ـ نزدیک۔ قریب۔ پاس۔ آخر۔ بقیہ۔

آسنی ـ (آسن کی تصغیر) چھوٹی شطرنجی یا چٹائی۔ ہرن کا چمڑا یا ریشمی کپڑا جس پر بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

آسواد ـ، آسوادن ـ مزہ۔ ذائقہ۔ رس۔ چاٹ۔ چسکا۔

آسوادک ـ ذائقہ لینے والا۔ مزہ چکھنے والا۔

آسواس ـ آرام۔ چین۔ آسایش۔ راحت۔ تسلی۔ تسکین۔ دلاسہ۔ تکمیل۔ موقوف۔ التوا۔ اختتام۔

آسوج ـ، آسون ـ، آسن ـ ہندی سال کا چھٹا مہینہ۔ کنوار جو ۱۵ ستمبر سے ۱۴ اکتوبر تک مطابق ہے۔

آسوین ـ دیکھو (آسوج)۔

آسے ـ آرامگاہ۔ نشست گاہ۔ مسکن۔ مراد۔ ارادہ۔ مقصد۔ مضمون۔ موضوع۔ مطلب۔ منشا۔ معنی۔ مضمون۔ اندیشہ۔ جائے پناہ۔ گھر۔ خانہ۔

آسیر واد (باد) } دعائے نیک۔ دعائے خیر
آسیر وچن۔ (بچن)
آسیش۔ دعا۔ سلام کا جواب جو اعلیٰ کی جانب سے ادنیٰ کو ہو۔
آسین۔ بیٹھا ہوا۔ نشست۔
آسیہ۔ منہ۔ چہرہ۔
آش۔ جلدی سے تیزی سے۔ فوراً۔
آش۔ } آس۔ بھروسا۔ امید۔ توقع۔ اعتبار۔ سہارا۔ بچاؤ۔
آشا۔ } خواہش۔ چاہ۔ آرزو۔ آسرا۔ طرف۔ سمت۔ تکیہ۔ حل۔
آل اولاد۔ وہ آواز جس سے گونگے کو ساتھ والے سہارا دیتے ہیں۔ خواہ آواز سے ہو خواہ سانس سے۔
آشا بھنگ۔ مایوس۔ ناامید۔
آشا پراپت۔ مقصد ور۔ کامیاب۔
آشا تیت۔ امید سے زیادہ۔
آشاڈھ } ہندی سال کا تیسرا مہینہ۔
آساڈھ۔ }
آشاڈھا۔ ایک نچھتر کا نام۔
آشا رہت۔ ناامید۔ بے توقع۔
آشا وان۔ } امیدوار۔ خواہشمند۔ متوقع۔
آشا ونت۔ }
آشا ہین۔ ناامید۔ ہراساں۔ مایوس۔
آش توش۔ جلد خوش ہونے والا۔ آسانی سے مان جانیوالا۔
آشچریہ۔ (آشچرج) حیرت۔ تعجب۔ اچنبھا۔ اچرج۔ انوکھا۔
آشرا۔ عذر۔ معذرت۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ ٹھکانا۔ مسکن۔
آشرت۔ دیکھو (آسرت)
آشرم۔ رشیوں اور منیوں کے رہنے کا مقام۔ منھ واضح ہو کہ آشرم کے چار مدارج ہیں۔ (۱) برہمہ چریہ (۲) گرہستھ (۳) وانہ پرستھ۔ (۴) سنیاس۔ مگر کلیگ میں صرف دگرہستھ) اور (سنیاس) یہ دو آشرم ہیں۔
آشرے۔ آسرا۔ پناہ۔ سہارا۔ بھروسہ۔ امید۔ توقع۔ مدد۔ اعانت۔ اعتبار۔ اعتماد۔ ذریعہ۔ پناہ گاہ حفاظت۔ بچاؤ۔ وسائل زندگی۔ وسیلہ۔ سایہ۔ گھر۔ خانہ۔ جگہ۔ مربی۔ حامی۔ نزدیکی۔
آشکٹ۔ دیکھو (آسکت)
آشگ۔ جلد چلنے والا۔ تیر۔ ہوا۔ دل۔
آشلیش۔ جڑنا۔ ملنا۔ بغل گیر ہونا۔ معانقہ کرنا۔
آشلیشا۔ ایک نچھتر کا نام۔
آشما۔ التجا۔ چاہ۔ خواہش۔ شک۔ گمان۔
آشن۔ دیکھو (آسن)
آشنکا۔ خوف۔ ڈر۔ شک۔ گمان۔ شبہ۔ خطرہ۔
آشو۔ جلد۔ زود۔ جھٹ پٹ
آشواس۔ امید۔ بھروسہ۔ امید دلانا۔ ہوشیار۔ سانس۔ دم۔ حصہ کتاب۔
آشوج۔ ہندی ایک مہینہ کا نام۔
آشون۔ ہندی سال کا چھٹا مہینہ۔ کنوار۔ آسوج۔
آشے۔ منشا۔ مطلب۔ ذریعہ۔ دل۔ جگہ۔
آشیہ۔ منشا۔ مقام۔
آکار۔ روپ۔ صورت۔ شکل۔ شباہت۔ چہرہ۔ جسم۔ مورت۔ ہیئت۔ وضع۔ ڈول۔ مجسمہ۔ بت۔ علامت۔ نشان۔ اشارہ۔ تصویر۔ ظہور۔ حرف (آ)
آکارانت۔ جس کے آخر میں آکار یعنی (آ) ہو۔

آکاش ۔ آسمان ۔ فلک ۔ خلا ۔ فضا ۔ حد بصر ۔ اجتھر ۔ فراخ ۔ کرۂ باد

آکاش ۔ باد وہ تحتیج ہو کہ ہندی فلاسفہ کے رو سے پانچواں عنصر ہے

آکاش اگن گولا ۔ شہاب ثاقب ۔

آکاش وانی ۔ (بانی) یعنی آواز ۔ ندائے ہاتف ۔ الہام ۔ القا ۔ مکاشفہ ۔

آکاش بیل ۔ / **آکاش ونی** ۔ } افتیمون ۔

آکاش دھری ۔ محور کرۂ فلکی ۔

آکاش دیا ۔ / **آکاش دیپ** ۔ / **آکاش دیوا** ۔ } وہ چراغ جو کاتک کے مہینے میں اونچے بانسوں پر لٹکا دیتے ہیں ۔ چراغوارہ ۔

آکاش گامی ۔ آسمان میں چلنے والا ۔

آکاش گنگا ۔ کہکشاں ۔ بہشت کی ایک ندی ۔

آکاش گولا ۔ آسمانی گولہ ۔ کرۂ فلکی ۔ کرۂ سماوی ۔

آکاش مکھی ۔ شیومت کے بیراگی جو سورج کی طرف ٹکٹکی باندھتے ہیں

آکاش منڈل ۔ کرۂ باد ۔ کرۂ سماوی ۔

آکاش وانی ۔ (بانی) وہ آواز جو آسمان سے سنائی دے ۔

آکاش ورت ۔ (برت) متوکلانہ زندگی بسر کرنے والا ۔

آکاش ورتی ۔ غیر معین گزران ۔ بے وسیلہ ۔ بے سہارا ۔

آکاش وست ۔ (بست) اجرام فلکی ۔ چاند ۔ سورج ۔ ستارے ۔

آکاشی ۔ متعلق بہ آکاش یعنی فلکی ۔ آسمانی ۔ ہوائی ۔

آکال ۔ اکال ۔ قحط

آکالک ۔ غیر موسمی ۔ وہ جو بے موسم پیدا ہو ۔ وہ جو بے وقت نمودار ہو ۔

آکانکشا ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ آرزو ۔ چاہ ۔ توقع ۔ امید ۔ غرض ۔ مقصد ۔

آکانکشت ۔ چاہا ہوا ۔ خواہش کیا ہوا ۔ آرزو کیا ہوا ۔

آکانکشک ۔ چاہنے والا ۔ خواہشمند ۔ آرزومند ۔

آکانکشی ۔ خواہشمند ۔ امیدوار ۔ آرزومند ۔ سائل ۔ اسی طرح ۔

آکر ۔ اجتماع ۔ ذخیرہ ۔ مجموعہ ۔ منبع چشمہ ۔ معدن ۔ مخزن ۔ پتھر ۔ سنگستان ۔ قدیم باشندے ۔

آکرانت ۔ گھیرا ہوا ۔ حملہ کیا گیا ۔ تھکا ہوا ۔

آکرت ۔ شکل ۔ صورت ۔ وضع ۔ جسم ۔ تصویر ۔ شباہت ۔ نوع ۔ قسم ۔

آکرتی ۔ شکل ۔ صورت ۔ جسم ۔ عضو ۔ ڈول ۔

آکرش ۔ کھینچنا ۔ اینچنا ۔ ٹورنا ۔

آکرشت ۔ کھینچا گیا ۔ کشش کیا گیا ۔ جذب کیا گیا ۔

آکرشک ۔ کھینچنے والا ۔ جاذب ۔ قوت جاذبہ ۔ قوت مقناطیسی ۔ سنگ مقناطیس ۔ چمبک پتھر ۔

آکرشن ۔ کھینچ ۔ تان ۔ کشش ۔ تناؤ ۔ جاذبیت ۔ تشنج ۔ مروڑ ۔ اینٹھن ۔ مقناطیس ۔ میل ۔ ملاپ ۔

آکرشن شکتی ۔ قوت جاذبہ ۔

آکرشی ۔ کھینچنے والا ۔ جاذب ۔

آکرم ۔ آغاز ۔ دخول ۔ عروج ۔ صعود ۔ فضیلت ۔ برتری ۔ سبقت ۔ ترجیح ۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔ غلبہ ۔ قبضہ ۔ زبردستی ۔

آکرمن ۔ حملہ ۔ دخول ۔ چڑھائی ۔ محاصرہ ۔ قبضہ ۔ عروج ۔ زیادتی ۔ بہتان ۔

آکرنت ۔ سنا گیا ۔ مسموع ۔

آکرند ۔ / **آکرندن** ۔ } رونا ۔ گریہ کرنا ۔ چلانا ۔

آکروش ۔ غصہ ۔ بددعا ۔ رونا ۔ گریہ و زاری کرنا ۔

آکریڈ ۔ گھر کے پاس کا باغ ۔ خانہ باغ ۔ شکارگاہ ۔

آکرِیْدَنْ۔ شکار۔ صید۔

آکسماتْ۔ فوراً۔ یکایک۔ ناگاہ۔ اچانک۔ بلاتامل۔ غیر متوقعانہ۔

آکسمکْ۔ / آکسمکْ۔ } بے وجہ۔ بلاسبب۔ بلاتوقع۔ اچانک۔ فوراً۔ دفعتہً۔

آکشیپْ۔ پھینکنا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا۔ تشنیع۔ دشنام۔ ملامت۔ سرزنش۔ الزام۔ طعن۔ طنز۔ دشنام۔ اعتراض۔ شکایت۔ عیب

آکُلْ۔ حیران۔ پریشان۔ دکھی۔ متفکر۔ بیاکل۔ بے چین۔ بے قرار۔ بے آرام۔ گھبرایا ہوا۔ مصیبت زدہ۔

آکلانتْ۔ تھکا ہوا۔ مجبور۔ شرمندہ۔

آکلِتْ۔ رنجیدہ۔ متفکر۔ بے چین۔ حیران۔ پریشان۔ مضطر۔

آکلتا۔ اضطراب۔ بے چینی۔ پریشانی۔ حیرانی۔ بے قراری۔

آکمپِتْ۔ کانپتا ہوا۔ تھرتھراتا ہوا۔ کپکپاہٹ۔

آکمپنْ۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔

آکُنْ۔ گھانس پھوس۔ گھانس پات۔

آکنچنْ۔ سکڑنا۔ مختصر کرنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ ترچھا۔ بانکا۔

آکنچنْ۔ مفلسی۔ بے دولتی۔ غریبی۔ احتیاج۔ محنت۔ سعی۔ کوشش۔ تردد۔

آکُوتْ۔ ارادہ۔ مقصد۔ خواہش۔ آرزو۔

آکھُ۔ چوہا۔ موش۔ چور۔ دُزد۔

آکھرْ۔ عموماً جنگلی جانوروں خصوصاً شیر وغیرہ درندوں کا غار۔

آکھرْ۔ (اکشر) حرف۔

آکھلْ۔ شوخ۔ گستاخ۔ چنچل۔

آکھو۔ چوہا۔ موش

آکھنڈْ۔ گروہ۔ جماعت۔ تمام۔ پورا۔ سالم۔

آکھوٹْ۔ اخروٹ جو ایک میوہ ہے۔

آکھیا۔ / آکھیہ۔ } نام۔ اسم۔ علامت۔ خطاب۔ لقب۔ شہرت۔

آکھیاتْ۔ گنا ہوا۔ شمار کیا ہوا۔ کہا ہوا۔ مذکور۔ مصرحہ۔ مبینہ۔

آکھیانْ۔ بات۔ نام۔ اسم۔ علامت۔ قصہ۔ تاریخ۔ فسانہ۔ ماجرا۔ بیان۔ حالت۔

آکھیانکْ۔ ناول۔ کہانی۔ لکچر۔

آکھیایکا۔ کہانی۔ قصہ۔ تاریخ۔ فسانہ۔ روایت۔ لکچر۔ قصہ۔ قصہ۔

آکھیٹْ۔ اہیر۔ شکار۔ صید۔ تعاقب۔ خوف۔ ڈر۔

آکیرنْ۔ بھرا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ ملا ہوا۔ پورا۔

آگادھ۔ اتھاہ۔ نہایت عمیق۔

آگارْ۔ گھر۔ خانہ۔ مقام۔ جگہ۔ مسکن۔ حجرہ۔ ظرف۔ منبع۔

آگامی۔ آنے والا۔ آئندہ۔ مستقبل۔ ہونے والا۔

آگتْ۔ آیا ہوا۔ پہنچا ہوا۔

آگتِ۔ پہنچ۔ آمد۔ تعلق۔

آگتو۔ تعلق۔ واسطہ۔ ضرورت۔

آگرْ۔ معدن نمک۔

آگرتانْ۔ انگشتانہ۔

آگرہ۔ پکڑنا۔ چھیننا۔ لینا۔ کسنا۔ چھیڑنا۔ گھیرنا۔ ضد کرنا۔ کوشش کرنا۔ آفت۔ مصیبت۔ عنایت۔ احسان۔ خواہش۔

آگرہاینْ۔ ایک مہینے کا نام۔ مُرگسر۔ اگھن۔

آگستْ۔ ایک ستارے کا نام۔ ایک رشی کا نام۔

آگمْ۔ آنے والا۔ آئندہ۔ داخلہ۔ آمدنی۔ حصول۔ استقبال۔ زمانۂ آئندہ۔ آخرت۔ عقلی۔ شاستر۔ وید مقدس۔ دستاویز۔ تمسک۔ مشرق۔ زندگی بعد الموت۔ تنتر شاستر جس میں منتروں کا ذکر ہے۔

آگم گیانی ۔ وہ شخص جو احوالِ مستقبل سے آگاہ ہو ۔ فال گو ۔ نجومی ۔

آگمن ۔ آنا ۔ پہنچ ۔ داخلہ ۔ اصل ۔ ابتدا ۔ آگے چلنا ۔ وارد ہونا ۔ صادر ہونا ۔ مباشرت ۔ جماع ۔

آگمنا ۔ دلاور ۔ جانباز ۔ پہلا ۔ مقدم ۔ ہراول ۔ مقدمۃ الجیش ۔

آگم ودیا ۔ (دِدیا) پیشین گوئی ۔ فال گوئی ۔ جیوتشی ۔ رمالی ۔ کہانت ۔

آگم وکتا ۔ پیشین گو ۔ فال گو ۔ رمال ۔ جوتش ۔ کاہن ۔

آگمی ۔ آیندہ سے متعلق ۔ مستقبل ۔

آگنتا ۔ / آگنتک ۔ } آنے والا ۔ جو ہمیشہ نہ رہتا ہو ۔ مہمان ۔ مسافر ۔ اجنبی ۔

آگنیہ ۔ آگ کے متعلق ۔ آتشیں ۔ اصنم ۔ جنوب و مشرق کا درمیانی حصہ ۔

آگھات ۔ مارڈالنا ۔ قتل کرنا ۔ چوٹ ۔ ضرب ۔ مارنے کی جگہ ۔

آگھاتت ۔ مارا ہوا ۔ چوٹ کھایا ہوا ۔

آگھار ۔ گھی ۔ ہوم کرنے کا سامان ۔

آگھرات ۔ سونگھا ہوا ۔ بو لیا ہوا ۔

آگھران ۔ سونگھنا ۔ بو لینا ۔

آگھرییہ ۔ سونگھنے کے قابل ۔

آگھورن ۔ دیکھنا ۔ گھورنا ۔ تاکنا ۔

آگھورنت ۔ دیکھا ہوا ۔ گھورا ہوا ۔

آگھوشن ۔ شہرت دینا ۔ مشہور کرنا ۔

آگیا ۔ اجازت ۔ رخصت ۔ حکم ۔ فرمان ۔ ارشاد ۔ ہدایت ۔ امر ۔ فیصلہ ۔ نصیحت ۔ تعلیم ۔

آگیا پالن ۔ حکم ماننا ۔ فرمانبرداری کرنا ۔

آگیا پتر ۔ حکم نامہ ۔ پروانہ ۔

آگیا پرتی گھات ۔ حکم عدولی کرنے والا ۔

آگیا پک ۔ حکم کرنے والا ۔ حاکم ۔ مالک ۔

آگیا پن ۔ حکم دینا ۔ مطلع کرنا ۔

آگیا دایک ۔ حکم تعمیل کرنے والا ۔

آگیا کار / آگیا کاری } حکم ماننے والا ۔ محکوم ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔ ملازم ۔ خادم ۔

آگیانوورتی ۔ فرمانبردار ۔

آگیانوورتن ۔ حکم کے مطابق چلنا ۔

آگیانوسار ۔ بموجب حکم ۔ حسب الحکم ۔

آگیا ورتی ۔ تعمیل حکم کرنے والا ۔ فرمانبردار

آگیپت ۔ حکم پایا ہوا ۔ محکوم ۔

آگیپتی ۔ حکم ۔ فرمان ۔

آل ۔ بیوی کی ذنیس ۔ نوجوان عورت ۔ نازنین ۔ پیاز کی پتی ۔ ڈنٹھل ۔ تری ۔ رطوبت ۔ نمی ۔

آلا ۔ طاقچہ ۔ محراب ۔ طاق ۔ تر ۔ نمناک ۔ ہرا ۔ کچا ۔ گیلا ۔

آلا بالا ۔ حیلہ حوالہ ۔ چال ۔ فریب ۔

آلاپ ۔ راگ ۔ سرود ۔ آہنگ ۔ بول چال ۔ بات چیت ۔ لین دین ۔ راہ و رسم ۔ جماعت ۔ سُر کو بڑھانا ۔ گانے کی ابتدا ۔ لحن ۔

آلاپالا ۔ درخت کے پتے ۔

آلاپ چاری ۔ گلے کو گانے کے پہلے سُر میں لانا ۔

آلاپنا ۔ سُر ملانا ۔ گانا ۔

آلاپنیہ ۔ کہنے کے لائق ۔ گفتنی ۔

آلاپی ۔ شناسا ۔ بات چیت کرنے والا ۔

آلان ۔ ہاتھی کے باندھنے کا کھونٹا یا رسّہ ۔ بیڑی ۔ زنجیر ۔

آلْ جَنْجَالْ۔ بسوش خواب۔ ڈراؤنی شکل۔

آلِسْ ۔ سستی۔ کاہلی۔ ڈھیل۔ درنگ۔ تعویق۔ عرصہ۔ دیری۔ نیند۔ غنودگی۔

آلَسِی ۔ سُست۔ کاہل۔ خوابناک۔ خواب آلود۔ کمزور

آلَسْیَہ } درنگ۔ ڈھیل۔ غفلت۔ سُستی۔ کاہلی۔ دیر۔
آلَسْ

آلَکَسْ۔ سُست۔ کاہل۔ جھول۔

آلَکَسِی۔ سُستی۔ کاہلی۔

آلَکَسْیَا۔ سُست۔ کاہل۔ جھول۔

آلِکھِت۔ تصویر۔

آلَمْبْ } ذریعہ۔ وسیلہ۔ سہارا۔ مدد۔ اعانت۔ آسرا۔ ٹیک۔ انحصار۔ حامی۔ مربی۔ محافظ۔
آلَمْبَنْ ۔

آلَنْگْ۔ شہوت۔ چُل۔

آلِنْگَنْ ۔ پیار سے گلے ملنا۔ بغلگیر ہونا۔ زن و مرد کا ہم آغوش ہونا۔

آلْوَالْ۔ (آلبالْ) وہ گڑھا جو درخت کے گرد پانی ٹھہرنے کیلئے بنایا جاتا ہے۔ تھال۔ تھالا۔ گھیرا۔ گرداگرد۔ اطراف واکناف۔

آلُوچِتْ۔ غور کیا ہوا۔ جانچا ہوا۔ دیکھا ہوا۔

آلُوچَنْ ۔ غور۔ جانچ۔ تامل۔ دیکھنا۔

آلُوچَنَا۔ بچارنا۔ غور کرنا۔ دیکھنا۔ جانچنا۔ نظرثانی کرنا۔

آلُوچْیَہ۔ بچارکر۔ جانچکر۔

آلُوڑْنَا۔ متھنا۔ بلونا۔ ملانا۔ پھرانا۔ تلاش کرنا۔

آلُوکْ۔ دیکھنا۔ دید۔ چمک۔ روشنی۔ رونق۔ بڑائی۔ جھروکا۔ روشندان۔ منظر۔ ملاقات۔

آلُوکَنْ ۔ دیکھنا۔ دید۔ نظر۔ منظر۔

آلُولْ ۔ حرکت۔ جنبش۔ چنچل۔

آلْہَا ۔ خرافات۔ بے سروپا قصہ۔

آلْہِی ۔ دوشیزہ۔ معشوق۔

آلِی ۔ بھو۔ مشاطہ۔ سکھی۔ سہیلی۔ قطار۔ سلسلہ۔ کیاری۔ مینڈ۔ خندق۔ کھائی۔ کچی۔ گیلی۔ بھیگی۔ خام۔

آلیپْ۔ لیپ۔ مرہم۔ ضماد۔ پلستر۔

آلیڈھْ۔ چارہ۔ ذائقہ دیکھنا۔

آلیکھیہ۔ لکھا ہوا۔ تحریر کیا ہوا۔ تصویر۔

آلَیَہ } گھر۔ خانہ۔ مکان۔ رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ مقام۔
آلَیے

آلْہَا ۔ ایک ہندو بہادر اور شاعر کا نام جس کے نام سے ایک طرح کی شاعری بھی منسوب ہے۔

آمْ ۔ ایک قسم کی بیماری۔ بدہضمی۔

آماتْیَہ ۔ وزیر۔ دیوان۔

آماشَے۔ اوجھڑی۔ معدہ۔

آمْبْ۔ آم۔ امب۔ نغزک۔

آمْرْ ۔ دیکھو (آمْبْ)

آمْرَسْ۔ شیرۂ انبہ۔

آمَرْشْ۔ عزت۔ غور۔ صلاح۔ ارادۂ نیک۔

آمَرْشَہ۔ غصہ۔ غضب۔ بغض۔ حسد۔ رشک۔ دشمنی۔ خواہش۔

آمْرَہ ۔ آم۔ انبہ۔ نغزک۔

آمْرَیڈِتْ ۔ باردیگر کہا ہوا۔

آمِشْ ۔ ریشہ۔ سُوت۔

آمِشْ ۔ گوشت۔ لحم۔ خواہش۔ لالچ۔ رشوت۔ غذا۔ چارہ۔

آمِشَاسِی۔ گوشت خوار۔

آمشک ۔ جیدار ۔ صاحب قدرت ۔ صاحب رونق ۔

آمشول ۔ بائی گولا ۔

آملا ۔ / آولا ۔ } آنولا ۔ آملج ۔

آملہ ۔ کھٹا ۔ ترش ۔

آمنائے ۔ بید ۔ شاستر ۔ تلقین ۔ آباواجداد ۔

آمنترت ۔ بلایا ہوا ۔ طلب کیا ہوا ۔

آمنترن ۔ بلاوا ۔ طلبی ۔ دعوت ۔

آمواَت ۔ کچی آماس ۔

آمود ۔ خوشبو ۔ خوشی ۔ دل لگی ۔ دل بہلاؤ ۔

آمودت ۔ خوش ۔ مسرور ۔ بشاش ۔ خوشبودار ۔

آمودی ۔ خوش ہونے والا ۔

آمول ۔ جڑسے ۔ ابتدا سے ۔ پہلے سے ۔ ابتدا سے انتہا تک ۔

آمئے ۔ / آمیہ ۔ } روگ ۔ بیماری ۔ تکلیف ۔ مرض ۔

آن ۔ اور ۔ جدا ۔ الگ ۔ دوسرا ۔ اقرار ۔ عہد ۔

آنب ۔ آم ۔ انبہ ۔ انبج ۔

آنپوروہ ۔ مسلسل ۔ یکے بعد دیگرے ۔

آنپوروی ۔ طریقہ ۔ رواج ۔

آنترک ۔ دلی ۔ اندرونی ۔ پیارا ۔ محب ۔

آنترکش ۔ آسمان ۔ فلک ۔

آنتریکش ۔ خلائی ۔ فضائی ۔ فلکی ۔ سماوی ۔

آنٹ ۔ گانٹھ ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔

آنچلا ۔ پلو ۔

آنجن ۔ دیکھو (انجن)

آنجنیہ ۔ انجنا کے فرزند یعنی ہنومان ۔

آنچی ۔ آنچل ۔ کور ۔ کنارہ ۔

آنچر ۔ / آنچل ۔ } انچل ۔ پلو ۔ کور ۔ کنارہ ۔ دامن ۔ پستان زن ۔

آندول ۔ جھولا ۔ ہادبیج ۔

آندولن ۔ چلنا ۔ ہلنا ۔ ڈولنا ۔ جھولنا ۔ کانپنا ۔ خیال ۔ بار بار ۔

آندھرہ ۔ وہ ملک جسے اب تلنگانہ کہتے ہیں ۔

آنڈ ۔ فوطہ ۔ خصیہ ۔ خایہ ۔ بیضہ ۔

آنرتت ۔ کانپنے والا ۔ ناچنے والا ۔

آنک ۔ ڈھپ ۔ نقارہ ۔ مردھنگ ۔ ڈنکا ۔ گرجنے والا ابر ۔

آنک ۔ علامت ۔ نشان ۔ عدد ۔ رقم ۔ علامت کرنا ۔ تعداد کرنا ۔

آنکش ۔ انکس ۔ آنکڑی ۔

آنکولیہ ۔ مدد ۔ امداد ۔

آنگ ۔ دیکھو (انگ)

آنگن ۔ (آنگن) انگنائی ۔ صحن ۔

آنگیرس ۔ ایک ستارے کا نام ۔

آنمانک ۔ شبہہ سے دریافت کیا ہوا ۔ حکمت سے پایا ہوا ۔
قرین قیاس ۔ اغلب ۔

آنن ۔ منہ ۔ چہرہ ۔ بدن ۔ جسم ۔

آننتریہ ۔ بعد ہونے والا ۔ قریب میں ہونے والا ۔ بقیہ ۔

آننتیہ ۔ بے انتہا ۔ بے شمار ۔

آنند ۔ خوشی ۔ سکھ ۔ آرام ۔ چین ۔ تسکین ۔ کیف ۔ سرور سرمدی ۔
سرور بالذات ۔

آنند آشرو ۔ خوشی کے آنسو ۔

آنند بھگت ۔ آنند کا بھوگنے والا ۔ سرور سرمدی کا پانے والا ۔

آنندپورنہ۔ نہایت خوشی۔ ہر طرح کی بشاشت۔

آنندپورک۔ خوشی کے ساتھ۔

آنندت۔ خوش۔ مسرور۔ بشاش۔ آرام۔

آنندتا۔ خوشی۔ شادمانی۔ بشاشت۔

آنندچت۔ بشاش۔ مسرور۔

آننددائی۔ خوشی دینے والا۔

آنندشکنہ۔ سرور سرمدی۔

آنندکر۔ خوش کرنے والا۔ آرام دینے والا۔

آنندکند۔ خوشی کی بیخ و بنیاد۔ اصل راحت۔ چشمۂ راحت۔

آنندمی کوش۔ آتما کے پانچ کوشوں میں سے ایک۔ خواب۔

آنندی۔ خوشی کے ساتھ۔

آنہک۔ روزمرہ۔ روزانہ کرنے کا کام۔ جیسے سنان۔
سندھیا۔ ترپن۔ وغیرہ۔

آنیت۔ لایا ہوا۔

آنیتا۔ لانے والا۔

آنین۔ لے آنا۔ لانا۔ آنا۔

آواس۔ گھر۔ خانہ۔

آواگمن۔ } (آواگون) آنا جانا۔ آمد و رفت۔ مر کر پھر پیدا
آواگون۔ } ہونا۔ تناسخ۔

آواہن۔ عزت سے بلانا۔ دعوت دینا۔ پوجا یا ہوم کے وقت
دیوتاؤں کو منتروں سے بلانا۔

آوبھاؤ۔ عزت۔ توقیر۔

آوبھگت۔ خاطر تواضع۔ تعظیم و تکریم۔ پاسداری۔

آوبھگتی۔ }
آوبھگت۔ } تعظیم و تکریم۔ تواضع۔
آوبھگتی۔ }

آوربھاؤ۔ ظاہر۔ نمودار۔ روشن۔ پیدائش۔ شہرت۔

آوربھوت۔ اترنا۔ پیدائش۔ روشن۔ شہرت۔ نمودار۔ ظاہر۔

آورت۔ بھنور۔ گرداب۔ چکر۔ پیچ۔ پھیر۔ گھماؤ۔

آورت۔ گھرا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔ پوشیدہ۔ طریقہ۔ تکرار۔
ارادہ۔ استقلال۔

آورتی۔ بار بار کہنا یا کرنا۔ دہرانا۔ یکے بعد دیگرے کرنا۔ پیچ۔

آورجن۔ پھینکنا۔ منع کرنا۔ روکنا۔

آورن۔ پردہ۔ لحاف۔ حصار۔ ڈھکن۔ پوشش۔ ڈھال۔
سپر۔ قفل۔ حفاظت۔ روک۔

آوستھ۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔

آوشٹ۔ بیٹھا ہوا۔ گھسا ہوا۔ جوش میں آیا ہوا۔ آسیب زدہ۔

آوشکار۔ ظاہر ہونا۔ ایجاد کرنا۔

آوشکرت۔ ظاہر کیا ہوا۔ ایجاد کیا ہوا۔

آوشیک۔ }
آوشیہ۔ } کرنے کے قابل۔ ضروری۔

آوشیکتا۔ درکار۔ ضرورت۔ حاجت۔ خواہش۔

آوشیہ۔ ضرور۔ ضرورتاً۔ ناگزیر۔ درحقیقت۔ لازمی۔ یقیناً۔

آوک۔ بیمہ۔ انشورنس۔

آولی۔ سلسلہ۔ قطار۔ زنجیر۔ سطر۔ خاندان۔

آون۔ آمد۔ آنا۔

آویدن۔ اطلاع کرنا۔ یاد دلانا۔ گزارش کرنا۔

آویش۔ گھسنا۔ داخل ہونا۔ خواہش۔ غرور۔ غصہ۔ طلوع۔

آویشن۔ داخل۔ کارخانہ۔

آہار۔ کھانا۔ غذا۔ خوراک۔ خورش۔ طعام۔ نشاستہ۔ کانجی۔

آہاریہ۔ قابل خوردنی۔ آیا ہوا۔

آہَاوَ ۔ چوبچہ ۔ حوض ۔ تالاب ۔

آہِت ۔ رکھا ہوا ۔ دیا ہوا ۔ دفن کیا ہوا ۔

آہُت ۔ ہوم کی چیزوں کو گھی میں ملا کر آگ پر ڈالنا ۔

آہُتی ۔ ہوم کرنے کا سامان ۔ منتر پڑھتے ہوئے دیوتاؤں کیلئے
ہوم کا سامان آگ میں ڈالنا ۔

آہَرْ ۔ چھوٹا تالاب ۔ اُپلیوں کا ڈھیر ۔ نمک کا غار ۔

آہَرْتَا ۔ لانے والا ۔

آہَرْجَاہَرْ ۔ آنا جانا ۔ آمدورفت ۔ ایاب وذہاب ۔

آہَرَنْ ۔ چھین لینا ۔ لوٹنا ۔ کھسوٹنا ۔

آہْلَا ۔ طغیانی ۔ طوفان ۔ سیلاب ۔

آہْلَادْ ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔ مسرت ۔

آہْلَادِت ۔ خوش ۔ شاد ۔ بشاش ۔

آہْلَادْجَنَکْ ۔ خوشی کا دینے والا ۔

آہْلَادِکْ ۔ مسرت بخش ۔ خوش کن ۔

آہْنِکْ ۔ روزانہ کاروبار ۔ روزمرہ ۔ یومیہ ۔ مذہبی رسومات ۔

آہُو ۔ خودی ۔ خود کی تعریف ۔

آہَوْ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ جگیہ ۔

آہْوَانْ ۔ دعوت ۔ طلب ۔ بلاوا ۔ پکار ۔

آہُوتْ ۔ بلایا گیا ۔ طلب کیا گیا ۔

آہُوتِی ۔ دیکھو (آہُتی)

آہَوَنِیَہ ۔ جگیہ کی تین آتشوں میں سے ایک کا نام ۔

آہِیتاگْنی ۔ جس نے اگنی ہوتر کے لئے آگ قائم کی ہو ۔

آہِی تُنْڈِکْ ۔ سانپ پکڑنے والا ۔ مکار ۔

آیَاتْ ۔ آیا ہوا ۔ پہنچا ہوا ۔

آیَاسْ ۔ تکلیف ۔ محنت ۔ مصیبت ۔ کوشش ۔ تردد ۔ کلفت ۔

آیَامْ ۔ لمبا ۔ طویل ۔ کشادہ ۔ چوڑا ۔ دور ۔

آیَتْ ۔ بڑا ۔ لمبا ۔ چوڑا ۔ پھیلا ہوا ۔

آیَتَنْ ۔ جگیہ کرنے کا مقام ۔ مندر ۔ گھر ۔ جگہ ۔ بڑا ۔
کشادہ ۔ چوڑا ۔

آیَتِی ۔ زمانۂ آیندہ ۔

آیُدھْ ۔ (آجُدھ) ہتیار ۔ سلاح ۔ شاستر ۔

آیُدھَاگَارْ ۔ سلاح خانہ ۔ ہتیار گھر ۔

آیُدھِکْ ۔ } ہتیار بند ۔ مسلح ۔
آیُدھییَہ ۔

آیُرْبَلْ ۔ } عمر ۔ سن ۔ حیات ۔ زندگی ۔ مدت زندگی ۔ زمانۂ حیات ۔
آیُرْدَائے ۔

آیُرْوِیدْ ۔ (دیکھو) علم طب ۔

آیَسْ ۔ حکم ۔ فرمان ۔

آیَسُو ۔ حکم ۔ اجازت ۔

آیُشْ ۔ } دوران حیات ۔ زمانۂ زندگی ۔
آیُشیَہ ۔

آیُشْکَارْ ۔ عمر بڑھانے والا ۔

آیُشْمَانْ ۔ زمانۂ دراز تک زندہ رہنے والا ۔

آیُشْمَتی ۔ بڑی عمر والی عورت ۔

آیُو ۔ عمر ۔ مدت حیات ۔ زندگی ۔

آیُوجَنْ ۔ لینا ۔ تیاری ۔ کوشش ۔

آیُودھَنْ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔

آیُوہْ ۔ عمر ۔ زندگی ۔

آیَہ ۔ آمدنی ۔ فائدہ ۔ نفع ۔

الف مقصورہ

اَ ۔ محافظ۔ باپ۔ مرشد۔ ہوا۔ عنایت۔ قدرت۔
مالک۔ وشنو۔ برہما۔ شیو۔

اَاَوُتْ۔ لاولد۔ نالائق۔ مُردہ۔

اَبَادَھا۔ (آ نفی کا) غیر مانع۔ بلا قید۔ بے روک ٹوک حقیقی۔

اَبَادْھیَہ۔ (آ نفی کا) تعلیم۔ علم موضوع۔

اُبَارْ ۔ چھٹکارا۔ رہائی۔

اُبَارْنَا ۔ رہا کرنا۔ بری کرنا۔ آزاد کرنا۔ محفوظ کرنا۔ باقی رکھنا۔

اَبَاکْ۔ (آ واک) گونگا۔ بے زبان۔ گنگ۔ چپ۔

اَبَاکْ ۔ نیچے۔ زیر۔ پیچھے کی طرف

اُبَانَا ۔ بونا۔ نصب کرنا۔ اُگانا۔ زرخیز کرنا۔

اَبْجْ ۔ چاند۔ قمر۔ کنول۔ ناقوس۔ چودہ جواہر جو سمندر سے

اَبْجَا ۔ کنول۔ نیلوفر۔ چاند۔ ماہ۔ ناقوس۔

اَبِچَارْ ۔ (آ نفی کا) عدم توجہی۔ بے فکری۔ بے انتمائی۔
بے لحاظی۔ بے امتیازی۔

اَبِچَارَن۔ (آ نفی کا) بے انصاف مرد یا عورت۔

اَبِچَارِي۔ (آ نفی کا) بے توجہ۔ عدیم الفکر۔ غیر منصف۔

اَبِچَلْ ۔ (آ نفی کا) بے حس و حرکت۔ غیر متحرک۔ ساکن۔ مستقل۔
مضبوط۔ مستحکم۔ قائم۔

اَبْدْ ۔ ابر۔ بادل۔ برس۔ سال۔ سنہ۔

اَبُدْھ ۔ (آ نفی کا) بے سمجھ۔ احمق۔

اَبُدْھ ۔ (آ نفی کا) بیوقوف۔ ناتربیت یافتہ۔ معصوم۔ خورد سال۔

اَبَدھیَہ (آ ودھیہ۔ آ نفی کا) ناقابل کشتن۔ بے زوال۔ مقدس۔

اَبُدھیمَانْ۔ (آ نفی کا) بیوقوف۔ بے عقل۔ بے خرد۔

اَبَدھُوتْ۔ (آ ودھوت) ایک قسم کا زاہد جو شیوجی کا معتقد ہے

اَبِدْیَا ۔ (آ وِدیا۔ آ نفی کا) بے علمی۔ نادانی۔ اَن پڑھ۔ بے علم
احمق۔ اشیا کی حقائق سے ناواقفیت۔ مایا۔

اَبُدھِي۔ (آ نفی کا) بے عقلی۔ بے سمجھی۔ نادانی۔

اَبَدھِي ۔ (آ نفی کا) بے زوال۔ لازوال۔ جو موت کے مزلحاظ
نہ ہو۔ مقدس۔

اَبْدھِي ۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔ سات کی گنتی۔

اَبْہْ ۔ اب۔ ابھی۔ بالفعل۔

اَبِرَاگْ۔ (آ وِراگ۔ آ نفی کا) ضد بیراگ۔ شہوانیت۔

اَبِرُودْھ۔ (آ وِرودھ۔ آ نفی کا) غیر مخالفت۔ اطمینان۔ امن۔
تسکین۔ خاموشی۔

اَبِرُودْھِي ۔ (آ وِرودھی۔ آ نفی کا) غیر مخالف۔ خاموش۔ ساکن۔

اَبِشیَکْ ۔ | منتر پڑھتے ہوئے گنگا جل وغیرہ کسی متبرک چیز
اَبھِشیکْ | پر چھڑک کر پاک کرنا۔ نہلانا۔ تخت نشینی۔

اَبَلْ ۔ (آ نفی کا) کمزور۔ بے طاقت۔ ناتوان۔

اَبَلَا ۔ (آ نفی کا) کمزور۔ مجازاً نوع زن۔ عورت۔ و آخر والے
آخر میں الف تانیث ہے۔

اَبَلْتَا ۔ (آ نفی کا) کمزوری۔ بے طاقتی۔

اَبِلَمْبْ۔ (آ وِلمب۔ آ نفی کا) بے درنگ۔ جلدی۔ تیزی۔

اَبَلِي ۔ (آ نفی کا) بے طاقت۔ کمزور۔ ناتوان۔

اَبِنْدُو۔ (آ نفی کا) بے قطرہ۔ بے نقطہ۔ بے نشان۔

اَبَنْدھِتْ ۔ (آ نفی کا) جو مقید نہو۔ خود مختار۔

اَبُوجْھ ۔ (آ نفی کا) ناسمجھ۔ نافہم۔ بے خرد۔ احمق۔

اَبُوجھَا ۔ (آ نفی کا) سمجھ سے باہر۔ ناقابل فہم۔ غیر مدرک۔

خارج از قیاس۔

اَبُوکُوھَ ۔ (اَنفی کا) بے عقل۔ احمق

اَبُوْدھ گَمْیَہ ۔
اَبُوْدَھنِیَہ ۔
} (اَنفی کا) قوت ادراک سے باہر۔ بعید القیاس۔ غیر

اِبھ ۔ ہاتھی۔ فیل۔

اَبھ ۔ اوپر۔ دو (۲)

اَبھَاجَنْ ۔ (اَنفی کا) بدظرف۔ ناقابل۔

اَبھَاز ۔ (اَنفی کا) ہلکا۔ سُبک۔ بے وزن۔

اَبھَاگْ ۔ (اَنفی کا) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ کم بختی۔

اَبھَاگا ۔
اَبھَاگِیَہ ۔
} (اَنفی کا) بدقسمت۔ بدنصیب۔ کم بخت۔

اَبھَاگی ۔ (اَنفی کا) بدقسمت۔ بدنصیب۔

اَبھَالْ ۔ ابر۔ بادل۔

اُبھَانَا ۔ ڈرانا۔ پریشان کرنا۔ بے چین کرنا۔

اَبھَاوُ ۔ (اَنفی کا) عدم موجودگی۔ تباہ۔ برباد۔ عدم۔ نیستی۔ فنا۔
موت۔ انکار۔ قلت۔ تنگی۔ مفلسی۔ احتیاج۔

اَبھَاوَنِیَہ ۔ ناقابل امتیاز۔ ناقابل غور۔

اَبھِیبھَاوَکْ ۔ محافظ۔ نگہبان۔ مدد دینے والا۔

اَبھِبھَو ۔ ہار۔ مات۔ فرار۔ نیچے دیکھنا۔

اَبھِبھُوتْ ۔ مطیع کیا گیا۔ ہارا ہوا۔ تابع فرمان۔ مغلوب۔

اَبھِپْرَائے ۔ دل کی بات۔ منشا۔ ارادہ۔ مقصد۔ خواہش۔
چاہ۔ مطلب۔ منصوبہ۔ غرض۔ معنی۔ رائے۔ خیال۔ مفہوم۔

اَبھِپَتْرْ ۔ اقرار نامہ۔ معافی نامہ۔

اَبھِپْرِیْتْ ۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ مراد۔ مقصد۔

اَبھَتْ ۔ (اَنفی کا) بے فائدہ۔

اَبھِجَاتْ ۔ جبلی۔ طبعی۔ شریف۔ حسین۔ مناسب۔ عاقل۔ عالم۔

اَبھِجِتْ ۔ چاند کا بائیسواں نچھتر۔ ایک دن کا آٹھواں حصہ۔
بہادر۔ فاتح۔

اَبھِدھَا ۔
اَبھِدھَانْ ۔
} علامت۔ نام۔ اسم۔ لغت۔ فرہنگ۔ فہرست

اَبھْر ۔ ابر۔ بادل۔ آسمان۔ فلک۔

اَبھِرَامْ ۔ خوبصورت۔ پیارا۔ دلکش۔ خوشنما۔ دلچسپ۔
دلآویز۔ منور۔

اَبھْرَکْ ۔ برق۔ طلق۔

اَبھْرَم ۔ ابر۔ بادل۔ سحاب۔

اَبھْرَم ۔ (اَنفی کا) بے اعتبار۔ بے قدر۔ بے عزت۔

اَبھْرَہ ۔ ابر۔ بادل۔ سحاب۔

اَبھْرِی ۔ عبیر جو مشہور چیز ہے۔

اَبھِسَارْ ۔ وہ مرد جو اپنی معشوقہ سے ملنے کے لئے مقام
مقررہ پر خود بخود چلا جائے۔ طاقت۔ حملہ۔ مقابلہ۔
مدد۔ جنگ۔

اَبھِسَارِکَا ۔ وہ عورت جو اپنے شوہر یا عاشق سے ملنے کیلئے
مقام مقررہ پر خود بخود چلی جائے۔ زن فاحشہ۔

اَبھِسَارِی ۔ چوری چھپی سے آشنائی کرنے والا۔

اَبھِسَرْ ۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ مطیع۔ مددگار۔ دوست۔

اَبھِسَمْپَاتْ ۔ غصہ۔ دعائے بد۔ دشمنی۔ لڑائی۔ تباہی۔

اَبھِسَنْدھِی ۔ فریب۔ میل۔ دھوکا۔

اَبھِسَنْدھَانْ ۔ ملاپ۔ کپٹ۔

اَبھِشِکْتْ ۔ غسل کیا ہوا جس کی تخت نشینی ہوئی ہو۔

اَبھِشَنْگْ ۔ بغلگیری۔ مخالفت۔ بےعزتی۔

اَبھشیک۔ گنگا وغیرہ کا متبرک پانی چھڑک کر پاک کرنا تخت نشینی کے وقت منتر پڑھتے ہوئے نہلانا۔ مسند نشینی مخصوص کرنا۔

اَبھک۔ کسی ایک کام میں مشغول رہنا۔ خواہشمند۔ عیاش۔

اَبھکت۔ (اَ نفی کا) بے اعتقادی۔ بے توجہی۔ بے ایمانی۔ بے پروائی۔

اَبھکتان۔ (اَ نفی کا) بے دین۔ بے ایمان۔ بے پروا۔

اَبھکتی۔ (اَ نفی کا) بے دینی۔ بے ایمانی۔ الحاد۔

اَبھکشیہ۔ (اَ نفی کا) نہ کھائے جانے کے قابل جس کا کھانا ممنوع ہو۔ حرام غذا۔

اَبھکھیا۔ زینت۔ رونق۔ خوبصورتی۔ نام۔ اسم۔

اَبھگمن۔ نزدیک جانا۔ پاس جانا۔

اَبھگیان۔ وہ علامت جس کے دیکھنے سے کوئی اور بات یاد آئے۔

اَبھگیہ۔ جاننے والا۔ واقف کار۔ پنڈت۔ عالم۔ دانا۔

اَبھگیتا۔ علم۔ عقل۔ چالاکی۔

اَبھلاش۔ } (اَبھلاکھ) خواہش۔ تمنا۔ ارادہ۔ چاہ۔ اشتیاق۔
اَبھلاشا۔ } آرزو۔ ارمان۔ رغبت۔ میلان خاطر۔ شوق۔ مرضی۔ محبت۔ الفت۔

اَبھلاشک۔ } چاہنے والا۔ خواہشمند۔ آرزومند۔ متمنی۔
اَبھلاشی۔ } مشتاق۔ شائق۔ حریص۔

اَبھلشت۔ خواہش۔ ارادہ۔

اَبھمان۔ اہنکار۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ کبر۔ خودی۔ پندار۔ شیخی۔ عزت۔ لحاظ۔ خیال۔ خودپسندی۔ خودبینی۔

اَبھمانتا۔ تکبر۔ غرور۔ نخوت۔ پندار۔ کبر۔ لحاظ۔

اَبھمانی۔ گھمنڈی۔ مغرور۔ خودپسند۔ سرکش۔ دیکھنے والا یعنی بینندہ۔

اَبھمت۔ چاہا ہوا۔ مانا ہوا۔ پسند کیا ہوا۔ قبول کیا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ مقبول۔ منظور۔ مسلم۔ محب۔

اَبھمتا۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ محبت۔ تسلیم۔ انتخاب۔ منظوری۔ پسندیدگی۔

اَبھمرش۔ صحبت۔ مجامعت۔ چھونا۔

اَبھمکھ۔ آگے۔ سامنے۔ روبرو۔ پیش۔ بالمشافہ۔ بالمواجہ۔ حاضر۔ ظاہر۔ برملا۔ مقابل۔

اَبھمکھتا۔ حضوری۔ حاضری۔ پیشی۔ قربت۔ نزدیکی۔ تقرب۔

اَبھن۔ (اَ نفی کا) غیر منقسم۔ ناشکستہ۔ عدد صحیح یا غیر کسر۔

اَبھنگر۔ (اَ نفی کا) جو ٹوٹ نہ سکے۔ ناشکستنی۔ غیر فانی۔

اَبھنندن۔ عزت کرنا۔ تعریف کرنا۔ خوشنود کرنا۔

اَبھنندن پتر۔ اڈریس۔

اَبھنو۔ نیا۔ نو۔ تازہ۔ جدید۔ بالکل نیا۔

اَبھنویش۔ شغف۔

اَبھنّہ۔ (اَ نفی کا) جو جدا نہ ہو۔ ملا ہوا۔

اَبھنیہ۔ } سوانگ بھر کر کسی کے کئے ہوئے کام ہو بہو پورے
اَبھنے۔ } طور پر نقل کر کے دکھلانا۔ ناٹک کا کھیل۔

اَبھواد۔ گالی۔ دشنام۔ سلام۔ بندگی۔

اَبھوادن۔ تعریف۔ تعظیم۔ ڈنڈوت۔ سلام۔ تسلیم۔ کورنش۔ بندگی۔

اَبھوت۔ (اَ نفی کا) ایسی شے جس کا کوئی وجود نہ ہو۔ معدوم۔ غیر موجود۔ غیر حاضر۔ گزرا ہوا۔

اَبھوت پورو۔ (اَ نفی کا) جو جس وقت تک نہ ہوا ہو۔ انوکھا۔ عجیب۔

اَبھوج۔ (اَ نفی کا) ناقابل خورش۔ وہ جو کھانے کے لائق نہ ہو۔

اَبھوجن۔ (اَ نفی کا) بھوکا رہنا۔ بھیڑ کار۔

اَبھوجی ۔ (آ نفی کا) نہ کھایا ہوا۔ فاقہ کیا ہوا۔ روزہ دار۔

اَبھوجیہ ۔ (آ نفی کا) نہ کھانے کے قابل۔ ناخوردنی۔ ممنوع غذا
حرام غذا۔

اَبھوشَن ۔ (آ نفی کا) زیور۔ گہنا۔ آرائشی پوشاک۔

اَبھوگیہ ۔ (آ نفی کا) وہ جو استعمال کے لائق نہو۔ جو کمانے کے
قابل نہو۔ جس سے حظ نہ پایا گیا ہو۔ نادار۔ مفلس۔
غیر مقبوضہ۔

اَبھوگی ۔ (آ نفی کا) شریک نہونیوالا۔ حظ نہ اٹھانیوالا۔

اَبھِہت ۔ جسے کہا گیا ہو۔ شہرت کیا ہوا۔

آبھی ۔ پاس۔ چاہ۔ خواہش۔ بار بار۔ چاروں طرف سے۔
بہت۔ سامنے۔ اوپر۔ زیادہ۔ پہلے۔

اَلیا یا اَلیا ۔ قربانی ۔ گھانس کے وہ فیتلے جن کو دیوالی کی عید کے روز سلگا کر جشن مناتے ہیں ۔
اُلیچنا ۔ پانی چھڑکنا ۔
الیش ۔ مچھلی ۔ نیولے کی قسم کا ایک گوشت خوار جانور ۔
اَلیک ۔ ہر وہ چیز جو ناخوش کن اور غیر مطبوع ہو ۔ جھوٹ ۔ بے نتیجہ ۔
اُلیکھ ۔ کہنا ۔ بولنا ۔ گفتگو ۔ خط ۔ نامہ ۔ تعریف ۔ ایک صنعت شعری ۔
الین ۔ ناجائز ۔ حرام ۔
اَلی نی ۔ بھنوری ۔
اَلیہا ۔ جھوٹ ۔ دروغ ۔ کذب ۔
اُم ۔ کلمۂ استفہام ۔
اِم ۔ اس قدر ۔ اتنا ۔ ایسا ۔
اُما ۔ روشنی ۔ نور ۔ جلال ۔ شہرت ۔ نیکنامی تیکین ۔ رات ہلدی ۔ پاربتی کا لقب ۔
اَما ۔ ماں ۔ مادر ۔
اُما پتی ۔ (اُما) پاروتی ۔ (پتی) شوہر یعنی شیوجی کا لقب ۔
اَماتیہ ۔ دیوان ۔ وزیر ۔ مشیر ۔
اَمانہ ۔ انبار ۔ ڈھیر ۔
اُماست ۔ (اُما یعنی پاربتی ۔ ست یعنی فرزند) کارتی کیہ اور

اَمَانْ ۔ (اَنفی کا) بے عزت ۔ بے مزور ۔

اَمَاتَا ۔ گنجائش رکھنا۔

اَمَانُش ۔ (اَنفی کا) غیر انسانی ۔ قوت بشری سے باہر۔

اَمَانْنِیَہ ۔ (اَنفی کا) ناقابل اعتبار ۔ ناقابل یقین ۔ ناقابل عزت ۔ غیر محترم۔

اَمَانِی ۔ (اَنفی کا) یقین نہ کرنے والا ۔ بے پروا ۔ عاجز۔

اَمَانِیَہ ۔ (اَنفی کا) ناقابل اعتبار ۔ ناقابل یقین ۔

اَمَاوَٹ ۔ آمرس۔

اَمَاوَس ۔
اَمَاوَاسِیَہ ۔
اَمَاوَسِیَا ۔ } بدی کی پندرھویں تاریخ جس میں چاند چھپا رہتا ہے۔

اَمَاہُو ۔ بڑی خوشی ۔ شادی مرگ۔

اَمَائے ۔ جسے بغض نہ ہو ۔ صاف دل۔

اَمَایَا ۔ سچائی ۔ دیانت داری۔

اَمْب ۔ آم کا درخت یا اس کا پھل۔

اَمْب ۔ پانی ۔ آب ۔

اَمْبَا ۔ ماں ۔ مادر ۔ دیبی ۔ دُرگا ۔ بھگوتی ۔ پاربتی۔

اَمْبَاسَا ۔ مٹھی بھر گھانس یا غلہ ۔ قدیم ۔ کہنہ ۔

اَمْبَالِکَا ۔ ماں ۔ مادر ۔ راجہ پانڈو کی والدہ کا نام۔

اَمْبَت ۔ کھٹا ۔ ترش۔

اَمْبُج ۔
اَمْبُوجَنْمَہ ۔ } کنول ۔ نیلوفر ۔ چاند۔

اَمْبُدَہ ۔
اَمْبُدْھِی ۔ } سمندر ۔ دریا ۔ بحر۔

اَمْبَر ۔ آسمان ۔ کپڑا ۔ پوشاک ۔ چادر ۔ ابر ۔ بادل ۔ کپاس ۔ ایک خوشبودار چیز۔

اَمْبَرَائی ۔ آمرائی ۔

اَمْبَرِیش ۔ پہاڑ ۔ سورج ۔ فکر ۔ تردد ۔ لڑائی ۔ شیوجی کا لقب ۔ گیارہ سال کے اندر کا لڑکا ۔ ایک دوزخ کا نام ۔ سورج بنسی ایک راجہ کا نام ۔

اَمْبَشٹھ ۔ وہ شخص جسکا باپ برہمن اور ماں ویش ہو اور وہ پیشہ طبابت کرتا ہو۔

اَمْبَک ۔ آنکھ ۔ چشم ۔ باپ ۔ پدر ۔ تانبا ۔ تیر۔

اَمْبِکَا ۔ ماں ۔ مادر ۔ دیبی ۔ پاربتی ۔ راجہ دھرتراشٹر کی والدہ کا نام۔

اَمْبَل ۔ آنول۔

اَمْبُو ۔ پانی ۔ آب۔

اَمْبُوا ۔ آم ۔ انب۔

اَمْبُواہ ۔ بادل ۔ ابر ۔ سحاب۔

اَمْبُوجَاکش ۔ کنول کے مانند آنکھ والا ۔ مجازاً وشنو۔

اَمْبُوکَن ۔ پانی کا قطرہ ۔ اوس ۔ شبنم۔

اَمْبھَس ۔ پانی ۔ آب ۔

اَمْبھوج ۔ آبی یعنی کنول ۔ نیلوفر۔

اَمْبھود ۔ بادل ۔ ابر ۔ سحاب ۔

اَمْبھودھر ۔ بادل ۔ ابر ۔ میغ ۔

اَمْبھودھِی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر۔

اَمْبھوناتھ ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر۔

اَمْبھونِدھِی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر۔

اَمْبِیَا ۔ چھوٹا اور کچا آم ۔

اَمِت ۔ (اَنفی کا) بے حساب ۔ بے اندازہ ۔ بے حد ۔ بے پایان۔

اَمَت ۔ (اَنفی کا) لامذہب۔ غیر خواہش۔ موت۔ ایک بیماری۔

اَمَتسَر ۔ (اَنفی کا) وہ جو کسی کے ساتھ عداوت نہ رکھتا ہو۔

اَمِتر ۔ (اَنفی کا) دشمن۔ عدو۔

اَمُتر ۔ عقبیٰ

اَمِٹ ۔ (اَنفی کا) قائم۔ برقرار۔ جو مٹ نہ سکے۔

اَمَر ۔ (اَنفی کا) غیر فانی یعنی جو کبھی نہ مرے۔ زندۂ جاوید۔ ابدی۔ مجازاً دیوتا۔ ایک سنسکرت لغت نویس کا نام

اَمَراوَتی ۔ اندر کے دارالسلطنت کا نام۔ بہشت۔

اَمَرپَد ۔ حیات جاودانی۔ بقائے دائمی۔

اَمَرپَتی ۔ دیوتاؤں کا راجہ اندر۔

اَمَرپُر ۔ دیوتاؤں کا شہر یعنی امراوتی۔ بہشت۔

اَمرِت ۔ (اَنفی کا) آب حیات۔ آب بقا۔ تریاق۔ ہر وہ رقیق شئے جو خوشگوار اور شیریں ہو۔ جام جو ایک میوہ ہے۔ امرود۔ مجازاً دودھ۔ پانی۔ دیوتا۔

اَمرِت بانی ۔ (دوانی) خوش کلامی۔ خوش گوئی

اَمرِت رسا ۔ مجازاً انگور۔

اَمرِت کَر ۔ مجازاً چاند۔ ماہ۔

اَمَرجَل ۔ (اَنفی کا) آب حیات۔

اَمرَس ۔ آم رس۔ شیرۂ انبہ۔

اَمَرش ۔ غصہ۔ غضب۔

اَمَرشَن ۔ غضبناک۔

اَمَرشیہ ۔ (اَنفی کا) ناقابل برداشت۔ ناقابل معافی۔

اَمَرلوک ۔ (اَنفی کا) عالم بقا۔ بہشت۔ آسمان۔ دیوتاؤں کے رہنے کا مقام۔

اَمَریاد ۔ (اَنفی کا) بے ادبی۔ بے عزتی۔ نازیبائی۔ تحقیر۔ خفت۔

اَمَریادا ۔ (اَنفی کا) بے طریقہ۔ بے عزتی۔ خفت۔ ذلت۔ اہانت۔

اَمَریش ۔ دیوتاؤں کا راجہ اندر کا نام۔

اَمَس ۔ شدت کی وہ گرمی جس میں ہوا مطلق نہ ہو۔

اَمَسَل ۔ طاقتور۔

اَنش ۔ بھاگ۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ بانٹ۔ تقسیم۔ الگ۔ جدا۔ درجہ۔ کندھا۔ دوش۔ دن۔ روز۔ دنیا کا (۳۶۰) واں حصہ۔

اَنشانش ۔ بھاگ کا بھاگ۔ حصہ در حصہ۔

اَنشِت ۔ بانٹا ہوا۔ حصہ کیا ہوا۔

اَنشجال ۔ کرنوں کا مجموعہ۔

اَنشدَھر ۔ سورج۔ آفتاب۔ آگ۔ چاند۔ چراغ۔ دیوتا۔ برہمہ۔ صاحب قدرت۔

اَنشَک ۔ حصہ۔ بھاگ۔ ٹکڑا۔ حصہ دار۔ بانٹنے والا۔ حصہ کرنے والا

اَنشُک ۔ ریشمی کپڑا۔ تسر۔ ریشم۔ کرنوں کا مجموعہ۔

اَنشومالی / اَنشومانی } سورج۔ چاند۔ آگ۔ چراغ۔ ایک راجہ کا نام۔

اَنشُمان ۔ سورج۔ چاند۔ سورج بنسی ایک راجہ کا نام جو سمنج کا بیٹا اور سگر کا پوتا تھا۔

اَنشو ۔ کرن۔ شعاع۔ روشنی۔ رونق۔ چمک۔ سورج۔

اَنشوجال ۔ کرنوں کا مجموعہ۔

اَنشودَھر ۔ کرن رکھنے والا یعنی سورج۔ چاند۔ آگ۔ چراغ۔ دیا۔ دیوتا۔ برہمہ۔

اَنشی ۔ بھاگی۔ ساجھی۔ حصہ دار۔ بانٹنے والا۔ تقسیم کرنیوالا۔

اَنک ۔ وہ۔ یہ۔ کوئی۔ فلاں۔ فلاں شخص۔ کوئی شخص۔ اس قسم کا۔

اَلکھیہ ۔ (اَنفی کا) جو خاص نہ ہو۔ ادنیٰ معمولی۔ کم درجہ کا۔ کم رتبہ۔ کم قدر۔ کہتر۔

اَمَل ۔ (اَنفی کا) خالص۔ صاف۔ پاک۔ شفاف۔ روشن۔

اَمْل ۔ کھٹا۔ ترش۔ حامض۔

اَملان ۔ (اَنفی کا) نہ مرجھایا ہوا۔ غیر پژمردہ۔

اَمِلن ۔ (اَنفی کا) صاف۔ پاک۔ خالص۔

اَملہ ۔ کھٹا۔ ترش۔

اَممتا ۔ (اَنفی کا) بے محبتی۔ بے غرضی۔ بے پروائی۔

اَمنُشیتا ۔ (اَنفی کا) بے مروتی۔ بدخلقی۔ صفات انسانی سے عاری ہونا۔

اَمنُشیہ ۔ (اَنفی کا) بداخلاق۔ بے مروت۔ نامرد۔ بزدل۔

اَمنگل ۔ (اَنفی کا) نامبارک۔ بدشگون۔ برا۔ مضر۔ نحس۔ منحوس۔ بدفال۔

اَمنوج ۔ (اَنفی کا) بدشکل۔ زشت رو۔

اَمنونیت ۔ (اَنفی کا) ناپسند کیا ہوا۔ غیر منظور۔

اَمنوہر ۔ (اَنفی کا) ناپسند۔ ناگوار۔ ناموافق۔ غیر مسرت بخش۔ مکروہ۔ کریہہ۔

اَمنویوگ ۔ (اَنفی کا) عدم توجہی۔ تغافل۔

اَمورت ۔ / اَمورتی ۔ (اَنفی کا) بے جسم۔ بے صورت۔ بے ہیئت معدوم

اَموگھ ۔ (اَنفی کا) جو بیکار نہ ہو۔ بکار آمد۔ سچا۔ بے خطا۔

اَمول ۔ (اَنفی کا) بے بنیاد جس کی جڑ نہ ہو۔ بے اصل۔

اَمول ۔ (اَنفی کا) لاقیمت۔ بے بہا۔ بیش بہا۔ انوکھا۔

اَمولک ۔ (اَنفی کا) بے جڑ۔ بے بنیاد۔

اَمولیہ ۔ (اَنفی کا) بے قیمت۔ نہایت قیمتی۔ لاثانی۔ عمدہ۔ اعلیٰ

اَمہتی ۔ دان۔ خیرات۔ تیاگ۔ ترک۔ آفت۔ بیماری۔

اَمہس ۔ پاپ۔ گناہ۔ ترک مذہب۔ قصور۔ رنج۔

اِمی ۔ ایسے۔ اس طرح سے۔

اَمی ۔ / اَمیہ ۔ امرت۔ آب حیات۔

اَمیدھیہ ۔ (اَنفی کا) ناپاک۔ غلیظ۔ فضلہ۔ برگین۔ براز۔

اَمیدھا ۔ (اَنفی کا) غبی۔ احمق۔ نادان۔

اُمیش ۔ (اُما۔ پاربتی۔ ایش شوہر) یعنی مہادیوجی کا لقب۔

اَنّ ۔ بھوجن۔ کھانا۔ غذا۔ خوراک۔ خورش۔ اناج۔ غلہ۔ آزوقہ۔ خصوصاً پکے ہوئے چانول۔

اَن ۔ نہیں۔ نہ۔ بے۔ بنا۔ بغیر۔ دوسرا۔ اجنبی۔ ایک لاحقہ جو دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر نفی کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے (اَن اَرتھ) وغیرہ۔ واضح ہو کہ جس لفظ کا پہلا حرف (اَ) سے لیکر سولہ حروف تہجی تک ہوں۔ اُس کے پہلے (اَ) نہیں آتا بلکہ (اَ) کو (اَن) کیساتھ بدلا جاتا ہے۔ جیسے (اَرتھ) (اَن اَرتھ) وغیرہ۔ مگر ہندی میں ویجن کے پہلے بھی (اَن) آتا ہے۔ جیسے (اَن دیکھا) وغیرہ۔

اَنُ ۔ بعد۔ جزئی۔ ذرہ۔ دقیقہ۔ جوہر فرد۔ جز لایتجزی۔

اَنِ ۔ اوزار کی دھار یا نوک۔

اِن ۔ سورج۔ آفتاب۔ طاقتور۔ راجہ۔ بادشاہ۔ مالک۔ ہست نامی ایک نچھتر۔

اَن اَبھِجّن ۔ (اَن نفی کا) ناموافق۔ انجان۔ نادان۔

اَن اَبھِجنتا ۔ (اَن نفی کا) بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔

اَن اَبھگیہ ۔ (اَن نفی کا) انجان۔ احمق۔ مورکھ۔

اَنْ اَبھِلَاشْ ۔ (اَن نفی کا) بے خواہش ۔ بے غرضی ۔ بے پروائی۔
اَنْ اَبھِلَاشِی ۔ (اَن نفی کا) خواہش نہ رکھنے والا ۔ بے پروا۔
اَنْ اَبھِی گَمَنْ ۔ (اَن نفی کا) خوفناک مقام پر جانا ۔
اَنْ اَبھِی مَتْ ۔ (اَن نفی کا) جس کی خواہش نہ ہو ۔ مذہب کے خلاف
اَنْ اَپَائے ۔ (اَن نفی کا) جو نا خوش نہ ہو ۔ لافنا ۔ جو دائم قائم رہے۔
اَنَاپْتْ ۔ (اَن نفی کا) بے یار و مددگار ۔ بے قدرت ۔
بے محبت ۔ غیر ۔
اَنْ اَپَتْیَہ ۔ (اَن نفی کا) بے اولاد ۔ لاولد ۔
اَنَاپَدْ ۔ (اَن نفی کا) جس کو کوئی آفت (مصیبت) نہ ہو ۔
اَنْ اَپَرَادھ ۔ } (اَن نفی کا) بے قصور ۔ بے گناہ ۔ بے جرم بے الزام
اَنْ اَپرادھی ۔ }
اَنْ اُپَسْتِھت ۔ (اَن نفی کا) غیر موجود ۔ غیر حاضر ۔ جو تیار نہ ہو۔
اَنْ اُپکاری ۔ (اَن نفی کا) بے فیض ۔ نکما ۔ ناچار ۔
اَنْ اَپیکْش ۔ (اَن نفی کا) بے پروا ۔
اَنْ اَپیکْش ۔ (اَن نفی کا) بے خواہش ۔ بے طمع ۔ بے پروا ۔
اَنْ اَپیکْشا ۔ (اَن نفی کا) بے خواہش ۔ بے پروائی ۔ غفلت ۔
اَنْ اُپْیوگ ۔ (اَن نفی کا) کام میں نہ لانا ۔ بیکار ۔
اَنَاتَپْ ۔ (اَن نفی کا) سایہ ۔ ٹھنڈا ۔ خنک ۔
اَنَاتْ پَتْر ۔ (اَن نفی کا) بے چھتر ۔ بے سہارا ۔ بے یار و مددگار
اَنْ آتُرْ ۔ (اَن نفی کا) سنج یا بیماری سے پاک ۔ تندرست ۔
قوی ۔ مضبوط ۔
اَنْ اُتَّرْ ۔ (اَن نفی کا) لاجواب ۔
اَنَاتْم ۔ (اَن نفی کا) اگیان ۔ جو آتما سے الگ ہو ۔
اَنَاتْما ۔ (اَن نفی کا) جو آتما نہیں ہے یعنی معلول مادہ ۔
اَنَاتْمِیہ ۔ (اَن نفی کا) غیر ۔ اپنے سے جدا ۔

اَنَاتھ ۔ (اَ نفی کا) جس کا کوئی ناتھ یعنی مالک یا سرپرست
نہ ہو ۔ بے سہارا ۔ بے وسیلہ ۔ بے شوہر ۔ یتیم ۔
مطلق العنان ۔ دکھی ۔ دین ۔ غریب ۔
اَنَاتھا ۔ (اَ نفی کا) بے شوہر ۔ بیوہ ۔
اَنَاتھَا شْرَم ۔ (اَ نفی کا) محتاج خانہ ۔ یتیم خانہ ۔
اَنَاتھَالَیہ ۔ (اَ نفی کا) یتیم خانہ ۔ محتاج خانہ ۔
اَنَاچَار ۔ (اَن نفی کا) ہر وہ امر جو خلاف شاستر ہو ۔
بے دینی ۔ بدچلنی ۔
اَنَاچَارِی ۔ (اَن نفی کا) بدچال چلن والا ۔
اَنْ اُچِت ۔ (اَن نفی کا) نامناسب ۔ ناموزوں ۔
اَنْ اَچِت (اَن نفی کا) بے جانے ہوئے ۔ نادانستہ سہو سے
اَنْ آچَرَن ۔ (اَن نفی کا) بے دین ۔ بدچال ۔ بدخصلت ۔
اَنْ اِچّھا ۔ (اَن نفی کا) بے رغبتی ۔ بے خواہش ۔ نفرت ۔ گریز
اَنْ اِچّھت ۔ (اَن نفی کا) بغیر خواہش کے ۔ بغیر ارادے کے ۔
اَنَادْ ۔ (اَن نفی کا) جس کی کوئی ابتدا نہ ہو ۔ قدیم ۔ کہنہ ۔
اَنْ آدِ تو ۔ ازل ۔ ابد ۔
اَنَادَر ۔ (اَن نفی کا) بے عزتی ۔ بے پروائی ۔ کم قدری ۔ ہلکا پن
اَنَادَرَن ۔ (اَن نفی کا) بے توجہی ۔
اَنَادِشْٹ ۔ (اَن نفی کا) بغیر حکم کا ۔ بغیر اجازت کا ۔
اَنَادھَار ۔ (اَن نفی کا) بے وسیلہ ۔ بے سہارا ۔
اَنْ اَدھیائے ۔ (اَن نفی کا) نہ پڑھنا ۔ تعلیم نہ پانا ۔ تعطیل کا دن ۔
اَنْ اَدھِکاری ۔ (اَن نفی کا) جس کو اختیار نہ ہو ۔ غیر مقتدر ۔
اَنْ آدھِین ۔ (اَن نفی کا) خود مختار ۔ آزاد ۔
اَنَادْ ۔ } (اَن نفی کا) بے ابتدا یعنی جس کی کوئی ابتدا
اَنَادی ۔ } نہ ہو ۔ ازلی ۔ قدیمی ۔ پرانی ۔ واضح ہو کہ یہ تین ہیں یعنی

خداوند تعالیٰ۔ روح۔ نیچر۔

اَنَادِیَنْتْ۔ (اَنْ نفی کا) جس کی ابتداء اور انتہا نہ ہو۔
ہمیشہ۔ دائم۔ برقرار۔ خداوند تعالیٰ۔

اَنَادُیَہ۔ (اَنْ نفی کا) نہ لینے کے قابل۔

اَنَادْھیَہ۔ مفلسی۔ غریبی۔

اَنَارْجَنْ۔ نادانی۔ سفاہت۔

اَنَارَتْ۔ لگاتار۔ ہمیشہ۔ دائم۔

اَنَارْتُوْ۔ (اَنْ نفی کا) بے موسم۔ بے ہنگام۔

اَنَارْتھْ۔ قصور۔ خطا۔ ظلم۔

اَنْ اَرْتھْ۔ (اَنْ نفی کا) بے معنی۔ بے فائدہ۔ بے سود۔
مہمل۔ فضول۔ بیجا۔ رائیگاں۔ واہیات۔

اَنَارَمْبھْ۔ (اَنْ نفی کا) آغاز نہیں کیا ہوا۔

اَنَارُوگیَہ۔ (اَنْ نفی کا) بیمار۔ مریض۔

اَنَارْیَہ۔ (اَنْ نفی کا) آریہ ذات کے خلاف ذات والا۔
جو اعلیٰ نہ ہو۔ جو قابل احترام نہ ہو۔

اَنَارُشْ۔ (اَ نفی کا) جو بآسانی تحقیق نہ ہو سکے۔ مخفی۔

اَنْ اَسُوْیَہ۔ (اَنْ نفی کا) جو بغض نہ رکھتا ہو۔ ایک رشی کی
بیٹی کا نام۔

اَنْ اِشْٹْ۔ (اَنْ نفی کا) بے خواہش۔ ناسزاوار۔ بد۔ برا۔

اَنْ اَشْنْ۔ (اَنْ نفی کا) بھوکا۔ گرسنہ۔ روزہ دار۔

اَنَاشْرَے۔ } (اَنْ نفی کا) بے سہارا۔ بے وسیلہ۔ عاجز۔
اَنَاشْرِتْ۔ }

اَنَاشْیَہ۔ (اَ نفی کا) غیر فانی۔ لازوال۔

اَنَاکَارْ۔ (اَنْ نفی کا) بے ڈول۔ بے جسم۔

اَنَاکَارَنْ۔ (اَنْ نفی کا) بلا سبب۔ بے وجہ۔ بلا ضرورت
بے کار۔ خواہ مخواہ۔

اَنَاکْرَانْتَا۔ (اَنْ نفی کا) جس پر حملہ نہ کیا جا سکے۔ جس پر
چڑھائی ناممکن ہو۔

اَنْ اَکْشَرْ۔ (اَنْ نفی کا) پڑھنے کے ناقابل۔ اَنْ پڑھ۔

اَنَاگَتْ۔ (اَنْ نفی کا) بے تکلیف۔ مجہول۔ نامعلوم۔
آیندہ ہونے والا۔

اَنْ اَکُلْ۔ (اَنْ نفی کا) بے روک۔ آزاد۔ اوباش۔

اَنْ آگَمْ۔ (اَنْ نفی کا) نہ آنا۔

اَنَاگَمْیَہ۔ (اَنْ نفی کا) جس تک رسائی نہ ہو۔ نارسا۔

اَنَاگھَاتْ۔ (اَنْ نفی کا) جو گھایل یعنی زخمی نہ ہو۔

اَنَاگھْرَاتْ۔ (اَنْ نفی کا) بے سونگھا ہوا۔ کورا۔ تازہ۔ نیا۔

اَنْ اَلَسْ۔ (اَنْ نفی کا) دیر نہ کرنے والا۔ مستعد۔ تیار۔
محنتی۔ کاروبار کرنے والا۔

اَنَالَمْبْ۔ (اَنْ نفی کا) بے وسیلہ۔ بے سہارا۔

اَنَامْ۔ (اَ نفی کا) بے نام۔ گمنام۔ غیر معروف۔

اَنَامَا۔ } سب سے چھوٹی انگلی کے بازو کی انگلی۔
اَنَامِکَا۔ }

اَنَامَا۔ (اَ نفی کا) بغیر نام کا۔ غیر مشہور۔ کنگال۔

اَنَامِشْ۔ (اَنْ نفی کا) بے گوشت۔ مجازاً بے فائدہ۔

اَنَامَے۔ (اَنْ نفی کا) بے روگ۔ بے مرض۔ صحت۔ چنگا۔
توانا۔ بھلا چنگا۔

اَنْ اَنْتَا۔ (اَنْ نفی کا) بے انتہائی۔ بے پایانی۔ ازل۔

اَنْ اَنْتَرْ۔ (اَنْ نفی کا) فوراً۔ بعد میں۔

اَنْ اَنْتْیَہ۔ (اَنْ نفی کا) بے حد۔ بے پایاں۔ بے حساب۔

اَنْ اَنْیَہ۔ (اَنْ نفی کا) اور کوئی نہیں۔ ایک۔ اکیلا۔ تنہا۔

اَنْ اَوَدْھ ۔ (اَنْ نفی کا) بے حد ۔ بے پایاں ۔

اَنَاوِدھ ۔ (اَنْ نفی کا) نہ چھیدا ہوا ۔ ناسفتہ ۔ ناشکستہ ۔ غیر مفروب

اَنْ اَوَدھَانْ ۔ (اَنْ نفی کا) متفکر ۔ پریشان ۔

اَنْ اَوَدْیَہ ۔ (اَنْ نفی کا) بے خطا ۔ عزت دار ۔ معزز ۔ محترم ۔

اَنْ اَوَدھی ۔ (اَنْ نفی کا) بے کنارہ ۔ ہمیشہ ۔ دایم ۔

اَنْ اَوَرَتْ ۔ (اَنْ نفی کا) لگاتار ۔ مسلسل ۔ برابر ۔ مساوی ۔

اَنَاوُرَتْ ۔ (اَنْ نفی کا) جو ڈھکا نہ ہو ۔ کھلا ۔

اَنَاوَرْتِی ۔ (اَنْ نفی کا) نجات آخروی ۔

اَنَاوُرْشْٹِی ۔ (اَنْ نفی کا) بارش کا نہ ہونا ۔ قحط ۔

اَنْ اَوَسْتھَا ۔ (اَنْ نفی کا) بدقسمتی ۔ بدحالی ۔ بے ثباتی ۔ ناپائداری ۔

اَنْ اَوَسْتھَانْ ۔ (اَنْ نفی کا) ہوا ۔ باد ۔ متحرک ۔ پریشان ۔

اَنْ اَوَسَرْ ۔ (اَنْ نفی کا) مصروف ۔ مشغول ۔ بے ورنگ ۔ عدیم الفرصت ۔

اَنَاوَشْیَکْ ۔ (اَنْ نفی کا) بے ضرورت ۔ بیکار ۔

اَنْ اَوَکَاشْ ۔ (اَنْ نفی کا) دیر نہ ہونا ۔ فرصت نہونا ۔ بے موقع ۔
بے درنگ ۔ فوراً ۔

اَنَاوِلْ ۔ پاک ۔ صاف ۔

اَنَاہَارْ ۔ (اَنْ نفی کا) بھوکا رہنا ۔ فاقہ کشی کرنا ۔ گرسنگی ۔ پرہیزگاری ۔

اَنْ ہِتْ ۔ (اَنْ نفی کا) بدکار ۔ بدخواہ ۔

اَنَاہِدْ بَانِی ۔ (دوانی) اکاش وانی ۔

اَنَاہُوتْ ۔ (اَنْ نفی کا) جو نہ بلایا گیا ہو ۔ بے طلب ۔ جسے
دعوت نہ دی گئی ہو ۔

اَنَایَاسْ ۔ (اَنْ نفی کا) بے محنت ۔ بے مشقت ۔ بے تکلیف
بے تردد ۔ آسان ۔ سہل ۔ سہج ۔ آرام ۔ چین ۔ سکھ ۔

اَنَایِتْ ۔ بد ۔ بُرا ۔ کنگال ۔ جو بھولا نہ گیا ہو ۔

اَنَایَکْ ۔ (انفی کا) جس کا کوئی والی اور وارث نہ ہو ۔ بے سہارا

اَنَایَنْ ۔ (اَنْ نفی کا) تنہائی ۔ قائم ۔ برقرار ۔

اَنْبْ ۔ (اَمْبْ) پانی ۔ آب ۔

اَنْبَا ۔ (اَمْبَا) ماں ۔ مادر ۔

اَنْبَاشْی ۔ (اَنْ نفی کا) لافانی ۔

اَنْبَتْ ۔ (اَمْبَتْ) ترش ۔ حامض ۔

اَنْبُجْ ۔ (اَمْبُجْ) کنول ۔ نیلوفر ۔

اَنْبَرْ ۔ (اَمْبَرْ) آسمان ۔ لباس ۔ پوشاک ۔ پارچہ ۔

اَنْبِکَا ۔ دیکھو (اَمْبِکَا)

اَنْ بَنْدھ ۔ بند ۔ بندش ۔ تعلق ۔ رشتہ ۔ دوست ۔ اولاد ۔ نتیجہ ۔
آغاز ۔ ابتدا ۔ تواتر ۔ تسلسل ۔

اَنْ بِنْدھَا ۔ (اَنْ نفی کا) سوراخ نہیں کیا ہوا ۔ ناسفتہ ۔

اَنْ بَنْدھَنْ ۔ بند ۔ تعلق ۔ جوڑ ۔ اتصال ۔

اَنْ بُوجھ ۔ (اَنْ نفی کا) نہ جاننے والا ۔ نادان ۔

اَنْبھَاوُ ۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ درجہ ۔ حکم ۔ اقتدار ۔ علامت ۔ اعزانہ
بیان ۔ اظہار ۔ رائے ۔ التزام ۔ اعتقاد ۔

اَنْبھَلْ ۔ کم نصیبی ۔ کم بختی ۔

اَنْبھُوجْ ۔ (اَمْبھُوجْ) کنول ۔ نیلوفر ۔

اَنْبھُوگْ ۔ قبضۂ اراضی عطیہ اراضی یا جاگیر بصلۂ حسن خدمت
جاگیر بالعوض ۔

اَنْبِیَا ۔ (اَمْبِیَا) چھوٹا اور کچا آم ۔

اَنْ بِیْدھَا ۔ | اَنْ بِنْدھَا ۔ } (اَنْ نفی کا) سوراخ نہ کیا ہوا ۔ ناسفتہ ۔

اَنْبِکَا ۔ جہازی ۔ ملاح ۔ ناخدا ۔

اَنُپْ ۔ (انفی کا) لاثانی ۔ بے نظیر ۔

اَنِیپْ ۔ افسر فوج ۔

اَن پانی۔ کھانا پانی۔ آب و دانہ۔ اکل و شرب۔

اَن پاوَنا۔ (اَن نفی کا) نایاب۔

اَنپایُن۔ (اَن نفی کا) ناقابل فنا۔ غیر فانی۔ لایزال۔ ناقابل برداشت۔

اَن پَتْرَپ۔ (اَن نفی کا) بے حیا۔ بے شرم۔

اَنپتیہ۔ جس کی اولاد نہ ہو۔ لاولد۔

اَنپچ۔ (اَن نفی کا) بدہضمی۔ سوء ہضمی۔

اَن پَراشَن۔ نومولود بچوں کو پہلی دفعہ کھانا کھلانے کی ایک رسم جو چھٹے مہینے میں ہوتی ہے۔

اَن پَرتیتی۔ (اَن نفی کا) بے وفائی۔ بے ایمانی۔

اَن پَرچے۔ (اَن نفی کا) ناواقفیت۔

اَنپستھتی۔ (اَن نفی کا) غیر حاضری۔ غیر موجودگی۔

اَپکار۔ (اَ نفی کا) بُرائی۔ نقصان۔

اَپکاری۔ (اَ نفی کا) بُرائی کرنے والا۔ نقصان پہنچانیوالا۔

اَنپل۔ پل یعنی منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ سکنڈ۔

اَنپڑھ۔ (اَن نفی کا) جو چالاک نہو۔ سست۔ کاہل۔ جاہل۔ نادان۔

اَن پورنا۔ سیری طعام۔ غلہ اور کھانا دینے والی دیبی۔ درگا دیبی۔

اُپیکش۔ (اَ نفی کا) جو بکار آمد نہ ہو۔

اَنپیکش۔ (اَن نفی کا) بے پروا۔ غافل۔ بیفکر۔

اَنپیکشا۔ (اَن نفی کا) غفلت۔ بے پروائی۔

اَنت۔ } انجام۔ ختم۔ انتہا۔ کنارہ۔ آخر۔ حد۔ سرا۔ اتمام۔
اَنتیہ۔ } انجام۔ آخر کار۔ فنا۔ نتیجہ۔ تکمیل۔ خاتمہ۔ زندگی۔ موت۔ ہلاکت۔ روح۔ جان علم الیقین۔ پورا ہونا۔ برباد ہونا۔ پچھلا۔ بقیہ۔

اُنّت۔ درجۂ اعلیٰ کو پہنچا ہوا۔ مرتفع۔ بلند۔ بالا۔ اونچا۔ لمبا۔

اَنِت۔ (اَ نفی کا) ہمیشہ نہ رہنے والا۔ چند روزہ۔ ناپائدار۔ فنا پذیر۔ حادث۔ زائل۔ فانی۔ مجازاً دُنیا۔

اَنَت۔ (اَ نفی کا) نہ جھکا ہوا۔ سیدھا۔ اور کہیں۔ دوسری جگہ میں۔

اَنْت بھاگ۔ (حصہ آدھاگ) آخری حصہ۔ خاتمہ۔ عہد جدید۔

اَنتج۔ شودر۔

اَنتر۔ بھیتر۔ اندر۔ بیچ۔ بیچ میں۔ بیچ کی جگہ۔ سوا۔ جدا۔ بعید۔ فرق۔ تمیز۔ تفاوت۔ فاصلہ۔ بعید۔ خلاف۔ آڑ۔ دل۔ گوشہ۔ کنارہ۔ عرصہ۔ وقفہ۔ زمانہ۔ الگ۔ اور۔ فاصلہ۔ دوری۔ پردہ۔ حرف ربط۔ رخ اعظم

اَنتڑ۔ آنت۔ انتڑی۔ رودہ۔

اُنتّر۔ (اُ نفی کا) بلا جواب۔ ناقابل جواب۔ لاجواب۔ جو جواب نہ دے سکے۔ قائل۔

اَنترا۔ بیچ کا۔ درمیانی۔ مرکزی۔ سوائے۔ الگ۔ ہٹا۔ پاس۔ نزدیک۔ دن۔ مصرعہ۔ گیت کا پہلے فقرے کے بعد کا فقرہ۔

اَنترابت۔ } زن حاملہ
اَنتراپتیہ۔ }

اَنتراتپ۔ وقفہ دیکر آنے والا بخار۔ غب۔

اَنتر آتما۔ روح باطنی۔ مہربانی۔ لطف۔

اَنترال۔ وسطی۔ مرکزی۔ درمیانی فضا۔

اَنتر اندری۔ حواس باطنی۔

اَنترائے۔ تکلیف۔ خلل۔ رکاوٹ۔

اَنتر بھاؤ۔ اندرونی فطرت۔ اندرونی مطلب۔ طبعی۔ ذاتی۔ جبلی۔ منشا۔

اَنْتَرْ بھُوتْ۔ جو بیچ میں واقع ہو۔ درمیانی۔ الحاقی۔
اَنْتَرْ بیْدْ۔ (دُیْدْ) وہ وادی جو گنگا اور جمنا کے بیچ میں واقع ہے۔ دوآبہ۔ جزیرہ۔
اَنْتَرْ پَٹْ۔ اوٹ۔ آڑ۔ ٹٹی۔ وہ پردہ جو دُلہا اور دُلہن کے مابین بیاہ کے وقت پکڑا جاتا ہے۔
اَنْتَرْ پریم۔ محبت درونی۔ لُطف دلی۔
اَنْتَرْتْ۔ اندرونی۔ درونی۔ درمیانی۔ داخلی۔ بیچ کا۔ ڈھکا ہوا۔ پوشیدہ۔ غائب۔
اَنْتَرْ جیوْتی۔ روشن ضمیری۔
اَنْتَرْ داہ۔ چھاتی کی سوزش۔ حرارت درونی۔
اَنْتَرْ دْوَارْ۔ وہ خاص یا پوشیدہ دروازہ جو گھر کے اندر واقع ہو۔ چور دروازہ۔
اَنْتَرْ دْوِیپْ۔ ملک کا ایک حصّہ۔ صوبہ۔
اَنْتَرْ دَسا۔ نجوم کی رو سے جو ستاروں کے حال مقرر ہیں اُن کے اندرونی اوقات۔
اَنْتَرْ دِشاَ۔ دو سمتوں کا درمیانی حصّہ۔
اَنْتَرْ دھَانْ۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ نظر سے غائب۔ غیبوبت۔ فنافی اللہ۔
اَنْتَرْ دھیانْ۔ دل ہی دل میں سوچنا۔
اَنْتَرَکْ۔ بھیتری۔ اندرونی۔
اَنْتَرْ کتھا۔ بات میں بات۔
اَنْتَرِکْش۔ وہ فضا جو آسمان اور زمین کے درمیان واقع ہے۔ کرۂ باد۔ مخفی۔ پوشیدہ۔ نظر سے غائب۔ آسمان۔ بہشت۔
اَنْتَرْ گَتْ۔ اندر آیا ہوا۔ سمایا ہوا۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ دل کی بات۔ شامل۔ دل۔ خیال۔
اَنْتَرْ گیاَنی۔ ہمہ دان۔
اَنْتَرْ مُکھ۔ گھونگھٹ۔ نقاب۔
اَنْتَرْ مَنْتَرْ۔ جادو۔ افسوں۔
اَنْتَرْ نَگْ۔ (ضد بہرنگ) اندر۔ خلوت۔ خانگی۔ بھیتری۔ دلی۔ اپنا۔ دوست۔
اَنْتَرْ وَتْنی۔ زن حاملہ۔
اَنْتَرْ وَرتی۔ حالت دلی۔ منشائے قلبی۔
اَنْتَرْ وُیْد۔ گنگا اور جمنا کا درمیانی ملک۔
اَنْتَرَہ۔ آنت۔ انتڑی۔ رودہ۔
اَنْتَرْ ہتْ۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ سربستہ۔
اَنْتَرِی۔ انتڑی۔ آنت۔ رودہ۔
اَنْتَرْیاَ۔ تپ نوبت۔ غب۔
اَنْتَرْ یامی۔ (جامی) اندر مین کرنے والا یعنی ہمیشہ دل میں رہنے والا۔ عالم الغیب۔ عالم القلوب۔ محیط کل۔ لقب سری کرشن جی کا۔
اَنْتَرِیپْ۔ ٹاپو۔ جزیرہ۔ راس۔
اَنْتَرِیکْش۔ آسمان۔ فلک۔ بہشت۔ عرش۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
اَنْتَرِیَہ۔ کپڑا۔ پارچہ۔
اَنْتَرْیَہ۔ داخلی۔ اندرونی۔ تحتانی۔ درمیانی۔ زیرین۔ کمرمیں۔ پہننے کا لباس۔
اَنْتَرِیَاَ۔ بیوپار۔ غب۔
اَنْتَسْ۔ اندرونی۔ اندر کا۔ داخلی۔ دل۔ قلب۔
اَنْتُشاَہْ۔ (اَن نفی کا) ناخوش۔ مغموم۔
اَنْتَسْتھ۔ اندر کا۔ بیچ کا۔ درمیان کا۔ بیچ والا۔

اَنْت سَمے۔ آخر وقت۔ موت کا وقت۔
اَنْتَس شَرِیر۔ آدمی کا اندرونی یا روحانی جسم۔ ضمیر۔
وجدان سلیم۔
اَنْتَش کَرَن۔ مادہ خیالات یا اندرونی سادھن۔
اَنْت شَیا۔ سان۔ مرگھٹ۔ مشان۔
اَنْتَک۔ فنا کرنے والا۔ ملک الموت۔
اَنْتِک۔ نزدیک۔ قریب۔ دوست۔ بڑی بہن۔
اَنْت کَارِی۔ آخری۔ انتہائی قطعی۔
اَنْت کَال۔ آخر وقت۔ مرنے کا وقت۔ موت کا وقت
نزع کا وقت۔
اَنْتکَرَن۔ سمجھ۔ فہم۔ دل۔
اَنْت کِرِیا۔ وہ کریا کرم جو مرنے کے بعد کئے جائیں۔
اَنْت کَنْٹھا۔ (اَنْ نفی کا) بے تمنا۔
اَنْتم۔ } پچھلا۔ آخری۔ بقیہ۔ کنارہ۔
اَنْتیہ۔ }
اَنْتَہ پَٹ۔ پردہ۔ اوٹ۔ آڑ۔ ٹٹی۔ قنات۔
اَنْتَہ پُر۔ زنانہ محل۔ حرم سرا۔ گھر کے اندر کا وہ حصہ جس میں
عورتیں رہتی ہیں۔
اَنْتَہ سَتْوا۔ حاملہ عورت۔
اَنْتَہ سُکھ۔ سرور باطنی۔
اَنْتَہ شَیا۔ زمین پر لیٹنا۔
اَنْتَہ کَرَن } جی۔ دل۔ خاطر۔ چت۔ سمجھ۔ فہم۔ ضمیر۔
اَنْتَش کَرَن } قلب۔ ارادہ۔ غرض۔ مقصد۔ مافی الضمیر۔
مجازاً محبت۔ عبادت حس باطنی جس میں چت۔
بدھی۔ اور اہنکار شامل ہیں۔

اَنْتَہ کون۔ اندرونی گوشہ۔ زاویۂ داخلہ۔
اَنُّتی۔ کثرت۔ زیادتی۔ ترقی۔ افزائش۔ اونچائی۔ بڑھتی۔
ارتفاع۔ بلندی۔ صعود۔ ابھار۔ چڑھاؤ۔ بیشی۔
افزونی۔ سرسبزی۔ اقبال۔
اَنَتِ۔ (اَ نفی کا) نہ جھکا ہوا۔ مجازاً مغرور۔
اَنِتْیتا۔ (اَ نفی کا) ناپائداری۔ بے ثباتی۔ عارضی وجود۔
اَنْتیج۔ ہندوؤں کے چار فرقوں میں سے چوتھا فرقہ جسے
شودر کہتے ہیں۔
اَنْتیشٹی۔ مُردے کو جلانے کے بعد سے سپنڈ تک کرنیکا
اَنْتیم۔ آخر۔ آخری۔ ختم۔ تمت۔ جو آخر میں ہو۔ آخر کار۔
سب سے پچھلا۔ حد درجہ کا۔
اَنِتیہ۔ (اَ نفی کا) جو ہمیشہ نہ رہے۔ بے ثبات۔ بے بقا۔
ناپائدار۔ غیر ابدی۔ چند روزہ۔ فانی۔
اَنْتیہ۔ بچا ہوا۔ بقیہ۔ آخری۔ پچھلا۔ نہایت ادنیٰ۔ نیچ یا
پست ذات کے متعلق۔ شودر۔
اَنِتیتا۔ (اَ نفی کا) برقرار نہ رہنا۔ دائم نہ رہنا۔ ناپائداری۔ فنا۔
اَنْتیہ جَنما۔ (اَ نفی کا) ہندوؤں کے چار فرقوں میں سے چوتھا فرقہ یعنی شودر۔
اَنْتیہ کَال۔ (اَ نفی کا) آخر وقت۔ وقت نزع۔
اَنْتیہ کَرم۔ (اَ نفی کا) مردے کا کریا کرم۔
اَنْتیہ وَرن۔ دیکھو (انتیج)
اَنُج۔ چھوٹا بھائی۔ برادر خورد۔
اَنُجا۔ چھوٹی بہن۔
اَنْ جَائی۔ (اَن نفی کا) دو غلا جانور۔
اَنُجاوَر۔ سب سے چھوٹا بھائی۔
اَنْجَس۔ (اَن نفی کا) بے آبروئی۔ بے غیرتی۔ بدنامی۔ رسوائی۔

انجل ۔ } وہ جوف جو دونوں ہاتھ کے ملانے سے پیدا ہو۔
انجلا ۔ } یعنی چلّو۔ ایک قسم کا سلام۔ ایک ناپ

ان جل ۔ کھانا پینا۔ دانا پانی۔ آب و دانہ۔ آبخور۔ اکل و شرب

انجلی دیکھو (انجل ۔ انجلا)

انجلی بدھ ۔ دست بستہ۔

انجن ۔ کاجل۔ سرمہ۔ کحل۔ دودھ۔ رات۔ سیاہی۔ چھپکلی۔

انجنا ۔ آنکھوں کا سرمہ آلود ہونا۔ ہنومان کی والدہ کا نام۔ دو رنگ کی چھپکلی۔ زینت دینا۔ ایک اناج کا نام۔

انجنا نندن ۔ انجنا کا فرزند یعنی ہنومان جی کا لقب۔

انجن سار ۔ کاجل۔ سرمہ۔ کحل۔

انجن سلاکا ۔ سرمہ لگانے کی سلائی۔

انجن کیش ۔ سرمہ دانی۔ چراغدان۔ دیا۔

انجنہاری ۔ چھوٹا سا دانہ آبلہ جو پلکوں پر پیدا ہوتا ہے۔

انجنی ۔ وہ عورت جو آنکھوں میں سرمہ لگائی ہو۔ ہنومان جی کی والدہ کا نام۔ چھپکلی۔ چلپار۔

انجو ۔ دیکھو (آنجھو) آنسو۔

انج ۔ چھوٹا بھائی۔ برادر خورد۔

انچت ۔ پوجا گیا۔ پرستش کیا گیا۔

انچل ۔ } آنچل۔ پلو۔ دامن۔ کنارہ۔ نقاب۔ سمت۔
انچلا ۔ }

انچھ ۔ دانہ۔ غلّہ۔ اناج۔

انچھا ۔ (ان نفی کا) بے خواہش۔ نفرت۔ نارضامندی۔

انند ۔ آنند۔ خوشی۔ بشاشت۔

ان داتا ۔ کھانا دینے والا۔ پالنے والا۔ رازق۔ آقا۔ مالک۔ خداوند نعمت۔

اندار ۔ (ان نفی کا) کنجوس۔ بخیل۔

اندارا ۔ کنواں۔ چاہ۔

ان دان ۔ خیرات طعام۔

اندر ۔ (ان نفی کا) جاگتا ہوا۔ بیدار۔

اندر ۔ چوہا۔ موش۔ فار۔

اندر ۔ گرجنے والا۔ بجلی۔ مشرق۔ دیوتاؤں کا راجہ۔ بارش کا دیوتا۔

اندرا ۔ دولت کی دیبی یعنی لچھمی۔

اندرا ۔ پورب۔ مشرق۔

اندارا ۔ بڑا اور سنگ بست کنواں۔

اندر آسن ۔ راجہ اندر کا تخت۔

اندرانی ۔ راجہ اندر کی زوجہ (شچی) کا لقب۔ ایک طرح کی دوا۔

اندرپت ۔ } جمنا کے کنارے پانڈوں کا آباد کیا ہوا شہر
اندرپرستھ } جسے اب دہلی کہتے ہیں۔

اندرپری ۔ راجہ اندر کا پائے تخت۔

اندرجال ۔ علم نیرنجات و طلسمات۔ بازی گری۔ شعبدہ بازی۔ مکاری۔ فریب۔ دھوکا۔

اندرجالک ۔ طلسمات کا کام کرنے والا۔ بازی گر۔ مداری۔

اندرجت ۔ راون کا بیٹا میگھناد کا نام۔

اندردھنش ۔ قوس قزح۔

اندرکم ۔ لونگ۔ قرنفل۔

اندرلوک ۔ راجہ اندر کے رہنے کا ملک یعنی بہشت۔

اندرنیل ۔ نیلم جو مشہور جواہر ہے۔

اندرودھو ۔ راجہ اندر کی زوجہ۔ بیر بہوٹی۔

اندری } حواس خمسہ ظاہری و باطنی جو دس ہیں۔ کان۔ پوست
اندریہ }

اِنْدری۔ آنکھ۔ کان۔ ناک۔ ان پانچوں کو گیان اندری کہتے ہیں۔
ہاتھ۔ گردن۔ مقعد۔ آلہ تناسل۔ قدم۔ یہ پانچ کرم اندری ہیں

اِنْدریارتھ۔ محسوسات۔

اِنْدریہ اگوچر۔ امتیاز حواس سے خارج۔

اِنْدریہ گراہیہ۔ حواس سے معلوم کرنے کے قابل۔

اِنْدریہ گن۔ مجموعہ حواس۔

اِنْدریہ گوچر۔ وہ جو حواس سے محسوس ہو۔

اِنْدریہ گیان۔ قوت احساس۔ حاسہ۔ ضمیر۔ وجدان۔

اِنْدریہ نگرہ۔ حواس کا روکنا یا اختیار میں رکھنا۔

اَنْدو۔ پازیب۔ ہاتھی کا سانکڑا۔

اِنْدو۔ چندر۔ کافور۔

اِنْدور۔ چوہا۔ موش۔

اِنْدوکلا۔ چاند کی روشنی۔

اَنْدولن۔ جھولا جھولنا۔

اِنْدووار۔ سوموار۔ پیر۔ دوشنبہ۔

اَنْدواہ۔ کنوارپن۔ تجرد۔ ناکتخدائی۔

اَنْدھ۔ اندھا۔ نابینا۔ متوالا۔ احمق۔ پانی۔ اُلّو۔ اندھیرا۔

اَنْدھتا۔ اندھیرا۔ تاریکی۔ تیرگی۔ اندھاپن۔ نابینائی۔

اَنْدھ تمس۔ نہایت اندھیرا۔ ایک دوزخ۔

اَنْدھرہ۔ بھیلیہ۔ بھیل۔ مُلک دکن جسے تلنگانہ کہتے ہیں۔

اَنْدھس۔ غذا۔ کھانا۔

اَنْدھک۔ اندھا۔ نابینا۔ کور۔

اَنْدھکا۔ رات۔ شب۔ جوا۔ آنکھ کی ایک بیماری یعنی شب کوری

اَنْدھکار / اَنْدھاکار } اندھیرا۔ تاریکی۔ تیرگی۔ بے عقلی۔ آندھی۔

اَنْدھ کوپ۔ اندھا کنواں۔ چاہ تاریک۔

اَنْدھلا۔ اندھا۔ کور۔ نابینا۔

اَن دھن۔ غلہ اور دولت۔ وہ دولت جو غلہ اور دوسری جائداد پر مشتمل ہو۔

اَنْدھو۔ کنواں۔ چاہ۔

اَنْدھیارا۔ اندھیرا۔ تاریکی۔

اَنْدھلا۔ اندھا۔ نابینا۔ کور۔

اَنْدھین۔ (ان نفی کا) غیر مطیع۔ خودمختار۔ مطلق العنان۔

اَنْدے۔ (ان نفی کا) بھور۔ صبح۔

اِنْدیور۔ نیلے رنگ کا کنول۔ نیلوفر۔

اَنْدیوگی۔ (ان نفی کا) بے محنت۔ سُست۔ کاہل۔

اَنْڈ / اَنْڈا } انڈا۔ بیضہ۔ خصیہ۔ فوطہ۔ بیج۔ تخم۔ نطفہ۔ نافہ مشک۔ کرۂ ارض۔ گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

اَنْڈاکار / اَنْڈاکرتی } انڈے کی شکل کا۔ بیضوی۔

اَنْڈج۔ انڈوں سے پیدا ہونے والے جانور جیسے مچھلی۔

اَنْڈجا۔ نافہ مشک۔

اَنْڈکوش۔ بیضہ۔ خصیہ۔ فوطہ۔ کرۂ ارض۔ پھل کا چھلکا۔

اَنْڈواہ۔ سانڈ۔ بیل۔ سورج۔

اَنْڈورُدھی۔ فتق۔ بادخایہ۔

اَنُراگا۔ چاند کی سترھویں منزل۔

اَنُرادھا۔ چاند کی سترھویں منزل۔

اَنِرُدھ۔ (ان نفی کا) جو روکا نہ گیا ہو۔ بے روک۔ سری کرشن کے پوتے کا نام۔

اَن رُت۔ (ان نفی کا) بے رُت۔ بے موسم۔ بے ہنگام۔

خلاف دستور۔ بلاسبب۔ بلاوجہ۔

اَنرُتْ۔ (اَنْ نفی کا) بے معنی۔ مہمل۔ لغو۔ پوچ۔ جھوٹ۔ دروغ۔

اَنَرْتھ۔ (اَنْ نفی کا) بے معنی۔ لاحاصل۔ بیکار۔ فضول۔ مہمل۔ نقصان۔ بگاڑ۔ بے فائدہ۔ بے مطلب۔

اَنَرْتھک۔ (اَنْ نفی کا) بیکار۔ فضول۔ بے وجہ۔

اَنَرْتھ کاری۔ نقصان دہ۔ مضرت رساں۔

اَنَرْتھی۔ (اَنْ نفی کا) بدکار۔ ظالم۔ مفسد۔ گنہگار۔ آگ لگانیوالا

اَنِرْدِشْٹ۔ (اَنفی کا) جو بتایا نہ گیا ہو۔ جو کہنے کے قابل نہ ہو۔ بجید

اَنِرُدھ۔ (اَنفی کا) جو روکا نہ جا سکے۔ پردمن کا بیٹا۔ سری کرشن جی کا پوتا اور اوشا کا شوہر۔

اَنْرَس۔ (اَنْ نفی کا) بے رس۔ بے مزہ۔ بدذائقہ۔ نفرت۔ ناخوشی۔ کراہیت۔ اَن بناؤ۔ پھوٹ۔ رنجش۔ ناچاقی۔ غصہ۔ مخالفت۔ بگاڑ۔

اَنّرَس۔ (اَنّ بمعنی غذا۔ رَس بمعنی عرق) کیلوس۔

اَنرْگَل۔ (اَنْ نفی کا) بے قید۔ بے روک ٹوک۔ بے دھڑک آزاد۔ بے عذر۔ مسلسل۔

اَنَرْگھ۔ (اَنْ نفی کا) بے بہا۔ لاقیمت۔ نہایت اعلیٰ۔ کم قیمت۔ ارزاں۔

اَنِرْمَل۔ (اَنفی کا) ناپاک۔ ناصاف۔ گندہ۔ میلا۔ غلیظ۔

اَنِرْنِت۔ (اَنفی کا) جو قرار نہ دیا گیا ہو۔ جو تعین نہ کیا گیا ہو۔

اَنْ رِنی۔ (اَنْ نفی کا) بے قرض۔ جو مقروض نہ ہو۔

اَنِرْنَے۔ (اَنفی کا) دو طریقے کا۔ شبہ۔ گمان۔ شک۔

اَنِرْواچیہ۔ (اَنفی کا) جو کہنے کے لائق نہ ہو۔ ناقابل گفتنی۔

اَنُرُوپ۔ مماثل۔ مثل۔ مانند۔ موافق۔ مطابق۔ موزوں۔ مناسب۔ بجا۔ کافی۔ یکساں۔

اَنِرْوچنیہ۔ }
اَنِرْواچیہ۔ } (اَنفی کا) جو کہنے کے قابل نہو۔ ناقابل گفتنی۔

اَنِرُودھ۔ (اَنفی کا) بے روک ٹوک۔ بے مزاحمت۔ بے ضبط۔ بے قید۔

اَنرِیت۔ (اَنْ نفی کا) بے طریقہ۔ بے ضابطگی۔ بے اصولی۔ بداخلاقی۔ بداطواری۔ بدچلنی۔

اَنْ رِیتی۔ (اَنْ نفی کا) بدچلن۔ بے ڈھنگ۔ نامناسب کاروبار

اَنْش۔ وہ حصہ جو شمار میں نہ آسکے۔ حق۔ ملکیت۔ تصرف۔ جزء۔ شمار۔ تین سو ساٹھواں حصہ۔

اَنْشانْش۔ (اَنْشانْش) حصہ در حصہ۔ تقسیم ثانوی۔

اَنْست۔ نہیں۔ نیست۔

اَنْش دَھارِی۔ کامیاب۔ بہرہ ور۔ خداوند تعالیٰ جل شانہ کا حلول جو لوگوں کی نظر میں آیا ہو۔ اوتار۔

اَنْسِک۔ (اَنْسِک) حصہ دار۔ شریک۔ ساتھی۔ انباز۔

اَنْ سِکھا۔ (اَنْ نفی کا) بے علم۔ جاہل۔

اَنْسُویا۔ (اَنْ نفی کا) وہ عورت جس میں صبر اور شکیبائی کی خاصیت ہو۔ اتری مُنی کی زوجہ کا نام۔

اَنْسی۔ (اَنْسی) حصہ دار۔ شریک۔ انباز۔ ساتھی۔

اَنْش۔ (اَنْش) دائرے کا حصہ۔ درجہ۔ کسر۔ ٹکڑا۔ شمہ۔ جان۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ شمار۔

اَنِش۔ ہمیشہ۔ دائم۔ لگاتار۔ دن۔ روز۔

اَنْشانْش۔ (اَنْشانْش) حصے کا حصہ۔ تقسیم المقسومات۔

اَنِشْٹ۔ (اَنفی کا) خواہش کے خلاف۔ خراب۔ برائی۔ بدشگونی۔ بدی۔ نحس۔ نقصان۔

اَنُشْٹھان۔ منتر وغیرہ مسلسل جپ کرنا۔ کسی کام کو لگاتار کئے جانا

اَنِشٹ بھاوُ۔ مینی کام۔ کرودھ۔ موہ۔ لوبھ۔ وغیرہ۔
اَنِشْتھا۔ (اَنفی کا) بے قراری۔ بے ثباتی۔ ناپائداری۔
اَنُشْٹھان۔ عمل کرنا۔ احکام شاستر کے مطابق کوئی کام کرنا۔ کسی
خاص اُمید پر عبادت کرنا۔ آغاز۔ ابتدا۔ توجہ۔ عمل۔
علل۔
اَنِشچت۔ (اَنفی کا) جس کا تعین نہ ہوا ہو۔ جو قرار نہ پایا ہو۔
اَنِشچے۔ (اَنفی کا) غیر یقینی۔ مشتبہ۔
اَنِشدھ۔ (اَنفی کا) غیر ممنوع۔ جائز۔ جس کی ممانعت نہ ہو۔
اَنْشک۔ (اَنْشک) حصہ دار۔
اَنَشَن۔ (اَن نفی کا) غذا سے بچنے والا۔ روزہ دار۔
اَنَشْوَر۔ (اَن نفی کا) نہ مٹنے والا۔ غیر فانی۔ قدیم۔
اَنْشی۔ (اَنْشی) حصہ دار۔ شریک۔ وارث۔
اَنْک۔ آنک۔ ہندسہ۔ شمار۔ تعداد۔ نمبر۔ عدد۔ علامت۔
نشان۔ آنکڑا۔ چھاپ۔ تحریر۔ داغ۔ عیب۔
دھبہ۔ نو کی گنتی۔ گود۔ بغل۔ جسم۔ گناہ۔ تکلیف۔ قسمت۔
رنج۔ بار۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ ریکھا۔ ناٹک کا ہر ایک حصہ۔
وہ علامت جسے بچوں کے ماتھے پر نظر بد سے بچنے
کے لئے بناتے ہیں۔
اَنْک۔ بد۔ خراب۔ کمینہ۔ مکار۔
اَنْک۔ لالچی۔ حاسد۔
اَنْکانا۔ پرکھانا۔ جچوانا۔ دام کرنا۔
اَنْکاوُ۔ پرکھاوُ۔ ٹھیراوُ۔ نرخ۔ مول۔
اَنْکت۔ علامت کیا ہوا۔ گنا ہوا۔ شمار کیا ہوا۔ نشان لگایا
ہوا۔ جانچا گیا۔ ہندسہ لگایا ہوا۔ مول ٹھیرایا ہوا۔
پرکھا ہوا۔ مہر کیا ہوا۔ چھپا ہوا۔ نقش کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔
شامل کیا ہوا۔ تعریف کیا ہوا۔ ممنون کیا ہوا۔ واقفانہ۔
اَنُکْت۔ (اَن نفی کا) جو کہنے کے لائق نہ ہو۔ نظیر۔ مثال۔ کنایہ۔
استعارہ۔
اَنْک دھارن۔ گرم کئے ہوئے مُدرا۔ (مہر) سے جسم پر
سنکھ۔ چکر وغیرہ علامات داغنا۔

اَنْکُر۔ | بیج بونے کے بعد پہلے پہل جو اکھوا نکلتا ہے۔
اَنْکُرا۔ | کوپل۔ انگور۔ کلی۔ گابھ۔ نوزائیدہ۔

اَنْکُرت۔ اوگا ہوا۔ کوپل نکلا ہوا۔
اَنْکُرک۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔
اَنْکُش۔ آنکس۔ کجک فیل۔ آنکڑی۔ گج باگ۔

اَنْکُش دھاری۔ } مہاوت۔ فیلبان۔
اَنْکُش گرہ۔ }

اَنْکُش۔ ہردم۔ ہر وقت۔ دوامًا۔
اَنْکک۔ گنتی کرنے والا۔ حساب رکھنے والا۔ محاسب۔
علم ہندسہ کا ماہر۔
اَنْکِکا۔ گنتی کرنے والی یا حساب رکھنے والی عورت۔
اَنْک کار۔ جانچنے والا۔ اندازہ کرنے والا۔ جنگ یا بازی
میں ہار جیت کا تعین کرنے والا۔
اَنْک گَنت۔ علم حساب۔ علم ہندسہ۔
اَنْک مالِکا۔ چھوٹا ہار۔ بغلگیری۔ ملاقات۔
اَنْکَن۔ نشان کرنا۔ لکھنا۔ گرم دھات سے بازو پر سنکھ
چکر وغیرہ علامات چھپوانا۔ گنتی کرنا۔
اَنْکنا۔ علامت کرنا۔ نشان بنانا۔ لکھنا۔ چھاپنا۔ قیمت چکانا۔
اَنْکنیہ۔ علامت یا نشان بنانے کے قابل۔ چھپانے کے لائق۔
اَنْکوار۔ کوکھ۔ گود۔ گودی۔ بغل۔ چھاتی۔ رشوت۔ نذر۔

اَنَ کُوٹ ۔ دیوالی کے دوسرے دن کا تیوہار جس میں ہندو لوگ بہت سا کھانا اور ترکاریاں بنا کر اپنے دیوتاؤں کو بھوگ چڑھاتے ہیں۔

اَنکُوٹ ۔ آخوٹ ۔ گردگان۔

اَنکْ وِدْیَا ۔ (بدیا) علم حساب۔

اَنکُوڑ ۔ رشوت۔ گھوس۔

اَنکُوڑ ۔ دیکھو (اَنکُڑ)

اَنکُوڑنَا ۔ گرم کرنا۔ معلوم کرنا۔ خبر لینا۔

اَنکْھ ۔ غصہ۔ غضب۔ حسد۔ ڈاہ۔ رشک۔

اَنکْھاَنَا ۔ غصہ ہونا۔ خفا ہونا۔ چڑھنا۔

اَنکْھڑی ۔ / اَنکْھیَا ۔ (انکھ کی تصغیر) چشم۔ جھلک۔ محبت کی نظر۔

اَنکھوَا ۔ وہ شے جو پہلے پہل بیج میں قوت نمو سے پیدا ہوتی ہے۔

اَنْگ ۔ جسم۔ بدن۔ تن۔ اندام۔ کالبد۔ عضو۔ جزو بدن ٹکڑا فرق۔ ترکیب۔ مددگار۔ ساعت تولد۔ وید کے چھ انگ فوج کے چار حصے یعنی (۱) ہاتھی۔ (۲) گھوڑا۔ (۳) رتھ۔ (۴) پیدل۔ بادشاہت کے سات انگ یعنی راجہ۔ وزیر۔ دوست۔ خزانہ۔ ملک۔ قلعہ۔ فوج۔ ایک ملک کا نام۔

اَنْگ ۔ پیچھے چلنے والا۔ پیرو۔ خادم۔ ملازم۔

اَنْگاَ ۔ جامہ۔ انگرکھا۔ قبا۔

اَنْگاَر ۔ / اَنْگاَرَا ۔ جلتا ہوا کوئلا۔ آگ۔ آتش۔

اَنْگاَر دھانِکَا ۔ انگیٹھی۔ آتشدان۔

اَنْگاَرَک ۔ آگ کا جلتا ہوا انگرا۔ بھنگرا۔ ستارہ مریخ۔

اَنْگاَرِک ۔ انگیٹھی۔ آتشدان۔

اَنْگاَرمَنی ۔ مونگا۔ مرجان۔

اَنْگاَنگی بھاو ۔ باہمی مدد۔

اَنْگ بَل ۔ طاقت جسمانی۔ قوت بازو۔

اَنْگ پَالِکَا ۔ دائی۔ قابلہ۔

اَنْگ پُرش ۔ مددگار۔ معاون۔

اَنگِت ۔ اشارہ۔ ایما۔ رائے۔ علامت۔ حرکت۔ تلاش۔ تحقیق۔ رفتار۔ چال چلن۔

اَنْگ تْرَان ۔ محافظ جسم۔ انگرکھا وغیرہ۔

اَنْگج ۔ جو جسم سے پیدا ہو۔ مجازاً بیٹا۔ پسر۔

اَنْگجَا ۔ / اَنْگجَائی ۔ مجازاً بیٹی۔ دختر۔

اَنْگد ۔ تعویذ۔ بازوبند کنگن۔ بالی نامی بانر کے بیٹے کا نام۔ لچھمن کے ایک بیٹے کا نام۔

اَنْگ دْوَار ۔ جسم کے راستے یعنی ناک۔ کان۔ منہ وغیرہ کے دس سوراخ۔

اَنْگ دیش ۔ بھاگل پور کے قریب ایک ملک۔

اَنگِرَا ۔ تارہ۔ ستارہ۔ برہسپت کے والد کا نام۔

اَنْگ رَاگ ۔ غسل کے بعد جسم پر خوشبو دار اشیا لگانا۔ اُبٹن۔

اَنْگرکھَا ۔ ایک قسم کا جامہ جو مشہور ہے۔

اَنُگرَہ ۔ مہربانی۔ شفقت۔ عنایت۔ لطف۔ مدد۔ سہارا۔

اَنُگرَہ پاتر ۔ مہربان۔ لطف فرما۔ مددگار۔

اَنُگرہیت ۔ مہربانی کیا ہوا۔ مقبول۔ مرغوب۔ عزیز۔ مشکور

اَنْگرِی ۔ لباس۔ جامہ۔ زرہ۔ چلتہ۔

اَنْگرِی ۔ انگلی۔ انگشت۔

اَنگرکھا۔ انگرکھا۔

اَنگ سَنسکار۔ جسم کو دھونا اور ابٹن لگانا۔

اَنگُشٹھ۔ انگوٹھا۔ ابہام۔ انگوٹھے کی چوڑائی۔

اَنگ گرہ۔ اکڑبائی۔

اَنگِکا۔ انگیا۔ سینہ بند۔ چولی۔ کُرتی۔

اَنگُل۔ انگلی۔ انگشت۔ انگلی کی چوڑائی جو آٹھ جو کے برابر ہوتی ہے۔

اَنگُلی۔ ہاتھ پیر کے انگل۔ انگشت۔

اَنگلیٹ۔ جُثہ۔ ڈیل ڈول۔

اَنگلی تران۔ چمڑے کا انگشتانہ۔ دستانہ۔

اَنگلییک۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔

اَنگلی مُدرا۔ مہر کی انگوٹھی جس پر نام کندہ ہو۔

اَنگن۔ (آنگن) گھر کے بیچ کا کھلا ہوا حصہ۔ انگنائی صحن۔

اَنگنا۔ خوبصورت عورت۔

اَنگنائی۔ انگن صحن۔

اَن گنت۔ / اَن گِنت۔ / اَن گنتی۔ — (اَن نفی کا) شمار نہیں کیا گیا۔ بے شمار بیحساب بے حد۔

اَنگنیاس۔ شاستر کے احکام کے مطابق منتروں کو پڑھتے ہوئے ہاتھ۔ پیر۔ آنکھ وغیرہ کو مس کرنا یعنی چھونا۔

اَنگور۔ میوہ۔

اَنگوٹ۔ ڈول۔ آکار۔

اَنگوچھا۔ وہ کپڑا جس سے غسل کے بعد جسم پاک وصاف کریں یعنی توال۔

اَنگ وِدیا۔ (دِدیا) علم تشریح بدن۔ اناٹمی جسم کے منحوس ومسعود علامات کا علم۔ سامدرک۔

اَنگار شکٹی۔ / اَنگار دھانِکا۔ — انگیٹھی۔ آتشدان۔ مجمر۔

اَنگورنا۔ گرم کرنا۔ قبر لینا۔

اَنگورہ۔ مچھر۔ پشہ۔

اَنگھ۔ (اَنفی کا) بے گناہ۔ بے عیب۔ پاک۔ بے جرم۔ بے قصور۔ معصوم۔

اَنگھرپ۔ درخت۔ شجر۔

اَنگھری۔ پانوں پیر۔ جڑ۔ بیخ۔

اَنگی۔ یائے نسبتی یعنے صاحب جسم۔ جسم والا مجسم۔ بزرگ۔ افسر۔

اَنگیا۔ سینہ بند۔ چولی۔ شامانچہ۔

اَنگیا۔ حکم۔ اجازت۔ فرمان۔ تاکید۔

اَنگیاپک۔ اجازت دینے والا۔ حاکم۔

اَنگیٹ۔ ڈول۔ آکار۔

اَنگیٹھا۔ آتشدان۔ مجمر۔

اَنگیرا۔ ستارہ۔ تارا۔ برہما کا بیٹا اور برہسپتی کے باپ کا نام۔

اَنگیرت۔ قبول کیا ہوا۔ منظور کیا گیا۔ لیا ہوا۔

اَنگیرس۔ ایک رشی کا نام۔ برہسپتی کا نام۔ ساٹھ سالوں میں سے چھٹے سال کا نام۔ کتیرا گوند۔

اَنگیکار۔ قبول۔ منظور۔ رضامندی۔ اتفاق۔ اقرار۔ منظور۔ لینا۔ سہنا۔

اَنگیکرت۔ قبول کیا ہوا۔ مانا گیا۔ منظورہ۔

اَنل۔ آگ۔ آتش۔ شعلہ۔ آٹھ وسُوں میں سے ایک کا نام۔

اَنل۔ ہوا۔ باد۔ سانس۔ (۴۹) کی تعداد۔

اُنْلاپْ۔ بار بار کہنا۔
اَنْلاشی۔ ہوا پی کر رہنے والا۔ مجازاً سانپ۔
اَنْلپْ۔ بہت زیادہ۔ کشادہ۔
اَنْل چُورَنْ۔ مجازاً بارود۔ باروت۔
اَنْلس۔ (اَنفی کا) بے درنگ۔
اَنْل سکھ۔ آگ۔ آتش۔
اَنْل کُمار۔ فرزند باد یعنی ہنومان۔
اَنِما۔ وہ قوت جو خارج از طاقت بشری ہے جس سے انسان
بہت چھوٹا ہو کر ہر جگہ پھر سکتا ہے۔ اس کے آٹھ طریقے
ہیں۔ (۱) اَنِما۔ (۲) مَہِما۔ (۳) گرما۔ (۴) لگھما۔ (۵)
پراپتی۔ (۶) پراکامیہ۔ (۷) بیشونگ۔ (۸) بشتونگ۔
اُنماد۔ شکستہ خاطر۔ پاگل پن۔ دیوانگی۔ جنون۔ زیادتی۔ فضول گپ
اُنمادا۔ دیوانہ۔ مجنون۔
اَنِمادِک۔ دیکھو (اَنِما)
اُنمان۔ تولنا۔ پیمائش کرنا۔
اُنمت } متوالا۔ مست۔ پاگل۔ دیوانہ۔ مجنون۔ مدہوش۔
اُنمد } مخمور۔ پرشہوت۔
اَنِمت۔ (اَنفی کا) بے وجہ۔ بے سبب۔ بے ضرورت۔
اُنمد۔ دیکھو (اُنمت)
اَنمر۔ (اَنفی کا) جو ناش نہ ہو۔ مغرور۔ متکبر۔
اَنمرو۔ (اَنفی کا) غیر مطیع۔ خودپسند۔ خود اختیار۔
اَنِمش۔ دیوتا۔ مچھلی۔
اُنمکھ۔ سامنے۔ روبرو۔
اَن مُکھ۔ (اَن نفی کا) منہ پھیرا ہوا۔ برگشتہ رو۔ نہایت خوش۔
اَنمِل۔ (اَن نفی کا) میل نہ کھانے والا۔ غیر مناسب۔ بےجوڑ
بے میل۔ الگ۔
اَن مِلا۔ وہ شخص جو کسی سے ملتا جلتا نہ ہو۔
اُنمن۔ ابر۔ بادل۔
اَنمن۔ (اَن نفی کا) ناخوش۔ ناراض۔ غمگین۔ بیمار۔
اَنمنا۔ (اَن نفی کا) گھبرایا ہوا۔ اُداس۔ پریشان۔ رنجیدہ۔ متفکر۔
مضطرب۔ ناراض۔ بیمار۔ علیل۔
اَنمناہٹ۔ اضطراب۔ بےچینی۔ بے قراری۔
اَنِمنترت۔ (اَنفی کا) جو نہ بلایا گیا ہو۔ بے طلب۔ غیر مدعو۔
اُنموچن۔ کھول دینا۔ چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔
اَنمول۔ (اَن نفی کا) بے قیمت۔ بیش بہا۔ نہایت ہی عمدہ۔ چیز
اُنمولن۔ اوپر کھینچنا۔ اکھاڑنا۔ ملیا میٹ کرنا۔
اُنمیش۔ احساس۔ پلک مارنا۔ جھپک۔
اَن مَی کوش۔ روح کا پہلا غلاف جو غذا بناتا ہے۔ جسم ظاہری۔
اُنمیلن۔ آنکھ کھولنا۔ بیدار ہونا۔ کھلنا۔ پھول شگفتہ ہونا۔
اَنُمیہ۔ قیاس کرنے کے لائق۔ اندازہ کرنے کے قابل۔
اَننت۔ (اَن نفی کا) بے حد۔ بے کنارہ۔ بے شمار۔ بے انتہا۔
لامحدود۔ لاتعداد۔ ازلی۔ ابدی۔ آسمان۔ ستارہ۔ روح۔
نام ایک سانپ کا جو حامل زمین ہے یعنی شیش ناگ۔
چودہ گرہ کا وہ ڈورا جسے بھادون سدی (۱۴)
یعنی اننت چودس کے روز داہنے ہاتھ کی کلائی پر
باندھتے ہیں۔ دُنیا۔ وِشنو۔ برہما۔
اَننتر۔ (اَن نفی کا) بعد ازیں۔ نہایت۔ نزدیک۔ پاس
اس کے پیچھے اس کے۔ بعد۔ جس میں کوئی تفریق نہ ہو۔
جس میں وقت کا کوئی فاصلہ نہ ہو۔ فوراً۔ بعد میں۔
اَننتتا۔ ابدیت۔ غیر محدودی۔

اَنَنْتْ چَوْدَسْ ۔ (چتردس) بھادوں سدی کی چودھویں تاریخ جس میں (اننت) کا ڈورا باندھتے ہیں۔

اَنَنْتْ سُکھْ ۔ مسرت لامحدود۔ بے انتہا آرام۔

اَنَنْتْ گیَانْ ۔ عقل کل۔ علم تحلیلی۔

اَنَنْتْیَہ ۔ (اَنفی کا) بے انجام۔ غیر محدود۔

اَنِندِتْ ۔ (انفی کا) جو قابل نفرت نہ ہو۔ بے الزام۔ بے گناہ۔ اعلیٰ۔

اَنَنگْ ۔ (انفی کا) غیر جسمانی۔ خواہش نفسانی۔ شہوت۔ کام دیو کا لقب۔

اَنْ نیَائی ۔ (اَن نفی کا) نامنصف۔ نامہذب۔ ظالم۔

اَنْنیَہ ۔ (اَن نفی کا) نہیں دوسرا یعنی تنہا۔ جس کو دوسرے پر بھروسا ہو۔ لاثانی ولاشریک۔ وشنو۔

اَنُو ۔ دقیقہ۔ نہایت باریک۔ ذرہ کا ساٹھواں حصہ۔ چھوٹا۔ ہین۔ خورد۔ کم۔ تھوڑا۔ جزلایتجزیٰ۔ پیچھے۔ بعد۔ ثانی۔ پاس۔ ساتھ۔ برابر۔ بار بار۔ نظیر۔ نقل۔ ہر ایک۔

اَنُواَنْکَمْپھْ ۔ بیکار۔ کاہل۔

اَنُوَادْ ۔ جواب۔ پاسخ۔ تکرار۔ اعادہ۔ دہراؤ۔ ترجمہ۔ کسی کو حقارت آمیز باتیں سنانا۔

اَنواَدھانْ ۔ (اَن نفی کا) بے پروا۔ کم توجہ۔

اَنوَرَتْ ۔ (انفی کا) بے ضبط۔ بے روک ٹوک۔

اَنوَارْیَہ ۔ (انفی کا) جو قابل مزاحمت نہ ہو۔ روکنے کے ناقابل۔ اٹل۔ سخت۔ دشوار۔ لازمی۔ نہایت ضروری۔

اَنُواَسی ۔ استعمال کی ہوئی مسہلہ۔

اَنُواکْ ۔ بیدوں کے مجموں کا ایک حصہ۔ کتاب کا حصہ۔

اَنُوبَنْدھْ ۔ باندھنا۔ ملانا۔ عزیز۔ دوست۔ آگا۔ پیچھا۔ آغاز۔ مطابقت۔ میل۔ ملاپ۔ رشتہ داری۔

اَنُوبَنْدھی ۔ متعلق۔ متصل۔

اَنُوبھَاوْ ۔ عقل۔ سمجھ۔ شک۔ کرامت۔ بڑائی۔

اَنُوبھَوْ ۔ تجربہ۔ امتحان۔ عقل۔ شک۔ بچار۔ غور۔ احساس۔ یا ادراک۔ سوچنا۔ سمجھنا۔ واقفیت۔ حس باطن۔

اَنُوبھُوتْ ۔ محسوس کیا گیا۔ سمجھا گیا۔ تجربہ کیا ہوا۔ امتحان کیا گیا۔ آزمودہ۔ مجرب۔

اَنُوبھَوی ۔ تجربہ رکھنے والا۔ تجربہ کار۔

اَنُوبھُوتی ۔ تجربہ۔ امتحان۔

اَنُوپْ ۔ (انفی کا) وہ زمین جہاں پانی جمع ہو۔ دلدل۔

اَنُوپْ ۔ گیلی زمین۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ نادر۔ بے نظیر۔ لاثانی۔ بے مثل۔ عدیل۔ جدید۔

اَنُوپَاتْ ۔ برابر کا رشتہ دار۔

اَنُوپَاتَکْ ۔ وہ گناہ جو قتل کے درجہ سے کم ہو۔

اَنُوپَانْ ۔ ذریعہ۔ دواؤں کے ساتھ کھانے یا پینے کے لائق چیز۔ بدرقہ۔ مصلح دوا۔

اَنُوپَجْ ۔ ادرک۔ زنجبیل الرطب۔

اَنُوپَسْتھِتْ ۔ (انفی کا) غیر حاضر۔ ناموجود۔

اَنُوپَسْتھِتی ۔ (انفی کا) غیر حاضری۔ غیر موجودگی۔

اَنُوپْکَاری ۔ (اَن نفی کا) بے فیض۔

اَنُوپَلْ ۔ لحظہ بھر۔

اَنُوپَمْ ۔ (انفی کا) انوکھا۔ بے نظیر۔ بے مثال۔ بے عدیل۔ لاثانی۔ اعلیٰ۔ بہترین۔ خداوند تعالیٰ۔

اَنُوپَیُکْتْ ۔ (انفی کا) نامناسب۔ ناموزوں۔ ناقابل۔ بے ڈھب۔

اَنُوبَیوگ۔ (انفی کا) جو بکار آمد نہ ہو۔
اَنُوپَیوگیتاَ۔ (انفی کا) بیکار۔ فضول۔
اَنُوپَیوگی۔ (انفی کا) بیکار۔ فضول۔
اَنُوِت۔ ملا ہوا۔ شامل۔ پورا۔
اَنُوتاپ۔ تپنا۔ جلنا۔ رنج۔ فکر۔ افسوس۔ تاسف۔ حسرت۔
اَنُوتاپِت۔ مغموم۔ پریشان۔
اَنُوتَپت۔ تپا ہوا۔ رنج سے بھرا ہوا۔ رنجیدہ۔
اَنُوتَر۔ کرایہ۔ بھاڑا۔ اُجرت۔
اَنُوتَر۔ (انفی کا) لاجواب۔ لاثانی۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ خاموش۔
ماتحت۔ کمینہ۔ نیچ۔
اَنُوَٹ۔ ایک گھنگھرو دار زیور جسے عورتیں پانوں میں
پہنتی ہیں۔
اَنُوَٹ۔ وضع۔ انداز۔
اَنُوٹھاَ۔ انوکھا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ عجیب۔ نادر۔ خوبصورت۔
اَنُوَتی۔ متعلق۔ دوست۔ رشتہ دار۔
اَنُوجیوی۔ غیر مقتدر۔ نوکر۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ پیرو۔ وابستہ۔
اَنُوچِت۔ (ان نفی کا) ناموزوں۔ نامناسب۔ نازیبا۔ ناموافق۔
ناجائز۔ ناواجب۔ بیکار۔ بد۔ بُرا۔ خراب۔ بیجا۔
اَنُوچَر۔ پیچھے چلنے والا۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ ملازم۔ خادم۔
غلام۔ نوکر۔ شاگرد۔ رفیق۔ مصاحب۔ پیرو۔
اَنُوچَراَ۔ } پیچھے چلنے والی (عورت) ملازمہ۔ باندی۔
اَنُوچَری۔ } لونڈی۔ داسی۔
اَنُوچھِن۔ ہمیشہ۔ دائم۔ روزانہ۔ ہر گھڑی۔ مسلسل۔
اَنُوداَر۔ بخیل۔ کنجوس۔
اَنُودِت۔ کہا ہوا۔ گفتہ۔

اَنُودِن۔ } ہر ایک دن۔ دن بدن۔ روزمرہ۔ روزانہ۔ روزبروز
اَنُودِنَم۔ } ہر روز۔ ہمیشہ۔ دواماً۔
اَنُودواہ۔ لڑکپن۔ طفلی جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔
اَنُودوِگن۔ بیفکر۔ بے ڈر۔ بے خوف۔
اَنُودویگ۔ بے خوف۔ بے فکر۔
اَنُودھی۔ (انفی کا) بے حد۔ غیر محدود۔
اَنُودھان۔ (انفی کا) بے پروائی۔ بے توجہی۔
اَنُودھانتاَ۔ (انفی کا) خیال نہ کرنا۔ غور نہ کرنا۔
اَنُودے۔ (انفی کا) جو طلوع نہ ہو۔ بھور۔
اَنُودیہ۔ خوبصورت۔ پاک۔
اَنُوڈھہ۔ (انفی کا) ان بیاہا۔ غیر متاہل۔ کنوارا۔
اَنُوڈھاَ۔ نیا۔ جدید۔ نرالا۔ وہ عورت جس کی شادی نہ ہوئی ہو
اَنُورادھاَ۔ ستائیسویں منزل کا نام منجملہ منازل قمر کے۔ اکلیل۔
اَنُوراگ۔ پیار۔ محبت۔ رغبت۔ عشق۔ عنایت۔ دوستی۔
آرزو۔ تمنا۔ جذبہ۔ شہوت۔ عشق حقیقی۔
اَنُوراگی۔ پریمی۔ محبت رکھنے والا۔ دوستی کرنے والا۔
عاشق۔ شیدا۔ والہ۔
اَنُورَت۔ ہمیشہ۔ دائم۔ لگاتار۔ مسلسل۔ مدام۔
اَنُورِت۔ گزارہ۔ بسر اوقات۔
اَنُورَتّن۔ تعمیل حکم کرنا۔
اَنُورُدھہ۔ } روکا گیا۔ قید کیا گیا۔
اَنُورُودھِت۔ }
اَنُورَکت۔ عنایت کرنے والا۔ محب۔ عاشق۔ شائق۔
وفادار۔ مشتاق۔ شیدا۔ والہ۔
اَنُوروپ۔ مطابق۔ موافق۔ یکساں۔ برابر۔

اَنُورُودھ۔ } رکاوٹ۔ تکلیف۔ ارادہ۔ خواہش۔ طرفداری
اَنُورُودھن۔ } فرمانبرداری۔ لحاظ۔ مہربانی۔ احسانمندی
شکریہ۔ تشفی۔

اَنُورُودھک۔ } روکنے والا۔ فرمانبردار۔
اَنُورُودھی۔

اَنُوسَار۔ پیچھے چلنا۔ موافق۔ مطابق۔ بموجب۔ برابر۔
مشابہ۔ طرح۔ دستور یا رواج سے مطابقت رکھنا۔

اَنَوَسْتھ۔ } (اَنفی کا) بے ثبات۔ تغیر پذیر۔
اَنَوَسْتھت۔

اَنَوَسْتھا۔ (اَنفی کا) تزلزل۔ تذبذب۔ بے قراری۔ شک

اَنَوَسْتھان۔ (اَن نفی کا) بے قرار۔ بے قیام۔ بے اعتدال
بدپرہیز۔ نفس پرست۔

اَنُوسَر۔ پیچھے چلنا۔ عاجزی کرنا۔ عدیم الفرصت۔ مشغول
مصروف۔ بے موقع۔ بے وقت۔ ناموافق۔

اَنُوسَرن۔ پیچھے چلنا۔ مطابقت کرنا۔ نقل کرنا۔ عاجزی کرنا
پیروی۔ تلاش۔ تحقیق۔ اتباع۔

اَنُوسَرنا۔ } پیچھے چلنا۔ کسی شخص کی پیروی کرنا۔ کسی واقعہ سابقہ
اَنُوہرنا۔ } پر عمل کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔

اَنُوسَندھان۔ خیال۔ سوچ۔ تحقیقات۔ تلاش۔ تحقیق۔ پرسش
دریافت۔ کھوج۔ جانچ۔ خواہش۔ آرزو۔ پتہ۔ سازش
ارادہ۔ انتظام۔

اَنُوسْوار۔ گفتگو کی آواز۔ صورت۔ نون غنہ۔ صفر۔ نقطہ۔

اَنُوسُوچن۔ بچار۔ غور۔

اَنُوسُورہ۔ آواز غنہ۔

اَنُوسے۔ بری طرح سے۔

اَنُوسِیلن۔ بار بار کی عادت۔ مداومت۔ دہرانا۔

اَنُوشاسک۔ حکم دینے والا۔ حاکم۔

اَنُوشاسن۔ حکم۔ تعلیم۔ ہدایت۔ تربیت۔ اجازت۔ شرح۔
مہابھارت کا ایک حصہ۔

اَنُوشنگ۔ عنایت۔ محبت۔ تعلق۔

اَنُوشوک۔ } ہمدردی۔ فکر۔ رنج۔ غم۔ افسوس۔ پچھتاوا۔
اَنُوشوچن۔

اَنُوشئے۔ ہمدردی۔ دشمنی۔

اَنُوشیلن۔ مشق۔ عادت۔ مزاولت۔

اَنُوکاش۔ بے موقع۔

اَنُوکاری۔ پیرو۔ تابع۔ متابعت کرنے والا۔

اَنُوکانکشا۔ خواہش۔ تمنا۔

اَنُوکتھن۔ ایک بار کہکر پھر کہنا۔ بار بار کہنا۔ دہرانا۔ تائید کرنا

اَنُوکرشن۔ کشش۔ جذب۔

اَنُوکرم۔ حسب طریقہ۔ یکے بعد دیگرے۔ مسلسل۔ ترتیب وار

اَنُوکرمنکا۔ فہرست ابواب۔ فہرست مضامین۔ دیباچہ۔

اَنُوکرن۔ لائق۔ موافق۔ برابر۔ نقل۔

اَنُوکران۔ اتار۔ نقل۔ کاپی۔ تقلید۔ پیروی۔ اتباع۔

اَنُوکرندن۔ ایک کو روتے ہوئے دیکھکر دوسرا رو دینا۔
آواز بازگشت۔

اَنُوکروش۔ مہربانی۔ عنایت۔ محبت۔ دوستی۔

اَنُوکمپا۔ مہربانی۔ عنایت۔ محبت۔ ہمدردی۔ نرمی۔ مروت۔
نرم دلی۔ رحم۔ ترس۔

اَنُوکمپت۔ } محبت کرنیکے لائق۔ مہربانی کرنے کے قابل۔
اَنُوکمپیہ۔

اَنُوکُوْلْ۔ مدد دینے والا۔ طرفداری کرنے والا۔ مدد۔ قابل محبت
موافق۔ مناسب۔ مطابق۔ مفید۔ حامی۔ مہربان۔
موافق ہونا۔ اتفاق کرنا۔ میسر ہونا۔

اَنُوکُولْتَا۔ امداد۔ اعانت۔ رضامندی۔ اتفاق۔ موافقت
لحاظ۔ نیک نیتی۔ آرام۔

اَنُوکُولِیہ۔ مدد۔ اعانت۔ سرپرستی۔

اَنُوکھا۔ انوٹھا۔ عجیب۔

اَنُوکھَالْ۔ کھائی۔ خندق۔ خلیج۔

اَنُوگَامی۔ ہمراہ جانے والا۔ نوکر۔ ساتھی۔ پیرو۔ پیروکار۔
خادم۔ جانشین۔

اَنُوگَتْ۔ پیچھے چلنے والا۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ پیرو۔

اَنُوگَتی۔ پیچھے پیچھے چلنا۔ عاجزی کرنا۔ موت۔ منشا۔ مرضی۔ حکم

اَنُوگْرَاہَکْ
اَنُوگْرَاہی۔ } صاحب محبت۔ مہربان۔ کرم فرما۔ مربی۔ مددگار۔

اَنُوگْرَہ۔ عنایت۔ محبت۔ رنج دور کرنیکی خواہش۔

اَنُوگْرِہِیتْ۔ احسان کیا ہوا۔ محسن۔ مطمئن۔

اَنُوگَمَنْ۔ پیچھے جانا۔ مطابقت کرنا۔ تقلید۔ اتباع۔ عورت کا
اپنے شوہر کے ساتھ جل مرنا یعنی ستی ہونا۔

اَنُوگْیَا۔
اَگْیَا۔ } حکم۔ اجازت۔

اَنُوگْیَاتْ۔ حکم۔

اَنُولَاپْ۔ بار بار کہنا۔ دہرانا۔

اَنُولُومْ۔ اوپر سے نیچے آنا۔ زوال پذیر ہونا۔ سیدھا۔ راست۔
حسب طریقہ۔ بالترتیب۔ باضابطہ۔ برن سنکر۔

اَنُولُومَجْ۔ وہ اولاد جو کم قوم کی عورت سے پیدا ہوئی ہو۔

اَنُولُومْ پَرِنَیامْ۔ علت سے معلول کا ارتقا۔

اَنُولیپْ
اَنُولیپَنْ۔ } لیپنا۔ اُبٹن لگانا۔ خوشبو دار تیل لگانا۔ ملنا۔ لگانا۔ چپڑنا۔

اَنُوما۔ بجلی۔ برق۔

اَنُوماتْر۔ نہایت چھوٹا سا۔ ذرہ سا۔ قلیل۔

اَنُومانْ۔ شک۔ شبہ۔ گمان۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ خیال۔ قیاس۔ منطقی
دلیل استخراجی۔

اَنُومانِکْ۔ گمانی۔ نظری۔ قیاسی۔ تقلیبی۔

اَنُومانی۔ بچار کرنے والا۔ اندازہ کرنے والا۔ صاحب نظر۔

اَنُومِتْ۔ قیاس کیا گیا۔ اندازہ لگایا گیا۔

اَنُومَتی۔ صلاح۔ قبول۔ حکم۔ اجازت۔ خواہش۔ منشا۔

اَنُومَرَنْ۔ عورت کا اپنے مردہ شوہر کے ساتھ ستی ہو جل مرنا۔

اَنُومودِتْ۔ منظور کیا ہوا۔ بشاش۔ بطیب خاطر قبول کیا ہوا۔

اَنُومودَنْ۔ اقبال ظاہر کرنا۔ مدد دینا۔ تائید کرنا۔ بطیب خاطر
منظور کرنا۔ رضامند ہونا۔

اَنُومیہ۔ قابل شک وشبہ۔

اَنُونْ۔ (دانتی کا) جس میں نمک نہ ہو۔

اَنُونا۔ (دانتی کا) بے نمک۔

اَنُوناد۔ گونج۔ آواز بازگشت۔

اَنُونَاسِکْ۔ حرف غنہ جو منہ اور ناک سے بولا جائے۔

اَنُونَے۔ تعلیم۔ تادیب۔ نصیحت۔

اَنُوَادْ۔ دوبارہ کہنا۔ بار بار کہنا۔ آواز بازگشت۔ ترجمہ۔
شکایت۔ بدنامی۔

اَنُوَادَکْ۔ ترجمہ کرنے والا۔ مترجم۔

اَنُوَادی۔ جوابدہ۔ ذمہ دار۔ مخالف۔ دشمن۔ مدعی علیہ۔

اَنُوَوَرتَن۔ } مطابقت کرنے والا۔ پیروی کرنے والا۔
اَنُوَورتِن۔ }

اَنُوَورِتی۔ ذریعہ زندگی۔ طریقہ ملازمت تعمیل۔

اَنُوویدَن۔ ہمدردی۔ امداد۔

اَنُوویکشَن۔ دوربین۔ میکرسکوپ۔

اَنُوامَارِیَہ۔ ہرماہ کرنے کا شرادھ کرم۔

اَنُوہَم۔ بلاوقفہ۔ روزبروز۔ ہرروز۔ مسلسل۔ متواتر۔

اَنُوہَہ۔ ہمیشہ۔ روزانہ۔

اَنُونے۔ عاجز۔ مطیع۔ تعریف۔ ملائم۔

اَنُوئے۔ خاندان۔ قدیم۔ رشتہ داری۔ منشا۔ مقصد۔ خلاصہ
مطلب۔ مفہوم۔ نتیجہ۔ کاروبار کا تعلق۔ ترکیب نحوی

اَنُویائی۔ ہمراہ چلنے والا۔ نوکر۔ نقال۔ پیروکار۔

اَنُویشَن۔ دریافت کرنا۔ جستجو کرنا۔ تحقیقات کرنا۔ تلاش کرنا۔
کھوج لگانا۔ پتہ لگانا۔ ڈھونڈنا۔

اَنُویشی۔ تحقیق کرنے والا۔ ٹوہ لینے والا۔ متلاشی۔ متفحص۔

اَنُویوجَک۔ } پرورش کرنیوالا۔ تعلیم دینے والا۔ اپیل دائر کرنیوالا
اَنُویوکتا۔ }

اَنُویوجَن۔ سوال۔ استفسار۔ اپیل۔

اَنُویوجیہ۔ قابل نفرت۔ قابل حقارت۔ وہ جس پر اپیل کی گئی ہو
ریسپانڈنٹ۔

اَنُویوگ۔ سوال۔ جاننے کی خواہش۔ بے قدری۔ بے عزتی

اَنَّہ۔ اناج۔ غلہ۔ سورج۔ آفتاب۔

اَنُہار۔ تقلید۔ اتباع۔ مشابہت۔

اَنُہار۔ صورت۔ شکل۔

اَنَہ بھگیتا۔ انجان۔ ناواقف۔ جاہل۔ نادان۔

اَنَہ بھمت۔ ناپسند۔ خراب۔ بد۔

اَنَہ بھیاس۔ عادت نہ ہونا۔ مہارت نہ رکھنا۔

اَنَہ پتیہ۔ لاولد۔

اَنَّہ پراشن۔ شیرخوار بچوں کو پہلے پہل کھانا کھلانا۔

اَنَہ پورنا۔ پاربتی کا ایک نام۔

اَن ہت۔ (اَن نفی کا) نامہربان۔ دشمن۔ مخالف۔ عداوت

اَنَّہ داتا۔ پرورش کرنے والا مالک۔

اَنَّہ دان۔ غریبوں کو کھانا کھلانا۔

اَنَّہ کوٹ۔ دیوالی کا دوسرا دن۔

اَنَّہ مَی کوش۔ حجاب۔ مادی۔

اَنہنکار۔ (اَن نفی کا) غریبی۔ مسکینی۔ انکسار۔

اَنہنکاری۔ (اَن نفی کا) منکسر۔ مسکین۔ غریب۔

اَنَہ وَدیہ۔ بے گناہ۔ بے خطا۔

اَنَہ ووَدھان۔ بے توجہ۔ بے محبت۔ بے خواہش۔

اَنَہ وَستھت۔ بے خبر۔ غافل۔

اَنیے۔ تکلیف۔ مصیبت۔ قسمت۔ گناہ۔ خیال بد۔

اَنیا۔ } دوسرا۔ دیگر۔ غیر۔ جدا۔ الگ۔ مختلف۔ بے تعلق۔
اَنیہ۔ }

اَنیا نیہ۔ طرح طرح۔ گوناگوں۔ اور اور۔

اَنیاو۔ (اَن نفی کا) غلطی۔ ناانصافی۔ ظلم۔

اَنیائی۔ (اَن نفی کا) انصاف نہ کرنے والا۔ ظالم۔ بدکار۔

اَنیائے۔ (اَ نفی کا) بے انصافی۔ ظلم۔ بدکاری۔

اَنیایا۔ (اَ نفی کا) ظلم۔ ستم۔ ناانصافی۔

اَنیائی۔ پیچھے چلنے والا۔ پیرو۔ ملازم۔

اَنی بھرت۔ جو چھپا نہ ہو۔ ظاہر۔ مشہور۔

اَنِیپ۔ افسرِ فوج۔ میرِ لشکر۔
اَنِیتْ۔ (اَنفی کا) بے انصافی۔ ظلم۔ جبر۔ زیادتی۔ بدعت۔
اَنِیتْ۔ (اَنفی کا) جو مقرر اور قائم نہ کیا گیا ہو۔ اتفاقیت۔
اَنْیَترْ۔ } دوسری جگہ میں۔ اور کہیں۔ خلاف۔ سوا۔ بجز۔
اَنْیَترَہ۔
اَنْیَتھَہ۔ دوسری جگہ۔ اور کہیں۔
اَنْیَتھَا۔ نہیں تو۔ ورنہ۔ اور طریقہ سے۔ اور طرح سے۔ اُلٹا۔
خلاف۔ بصورت دیگر۔ برعکس۔ برخلاف۔ غیر واقعی۔
اَنِیتِی۔ (اَنفی کا) بدنیتی۔ بے ادبی۔ گستاخی۔ بدچلنی۔ ظلم۔
ناانصافی۔ بداخلاقی۔ جہالت۔ برائی۔ ناراستی۔
گناہ۔ بدعت۔ شورش۔ اندھیر۔
اَنِیندرجَالِک۔ مایاوی۔ بازیگر۔
اَنی دُرْشْ۔ بے جوڑ۔ بے نظیر۔
اَن یَشْ۔ (اَن نفی کا) بے عزتی۔ بے آبروئی۔
اَنِیشْ۔ (اَنفی کا) بے مالک۔ بے قدر۔ غیر مقتدر۔ روح۔
مایا۔ وشنو۔
اَنْیشْم۔ روزمرہ۔ ہر روز۔
اَنِیشْوَرْ۔ (اَنفی کا) ناستک یعنی بید اور خدا کو نہ ماننے والا۔
اَنِیشْوَرْ وَادْ } (اَنفی کا) جو خدا کو نہ مانے۔ ناستک مذہب والا۔
اَنِیشْوَرْ وَادِی۔
اَنِیکْ۔ فوج۔ لشکر۔ بھیڑ۔ گروہ۔ لشکرگاہ۔ بہادر۔
اَنیکْ۔ ایک سے زیادہ۔ بہت۔ کئے۔ انبار۔ ڈھیر۔
کئے ایک۔ مختلف۔ طرح طرح۔ گوناگوں۔ کثیر۔
اَنِیکِنی۔ فوج۔ لشکر۔
نیکَ وِدھَہ۔ انواع و اقسام۔ گوناگوں۔ مختلف۔

اَنی کیتَا۔ جس کا کوئی گھر نہ ہو۔ بے خانماں۔
اَنی کیتَنْ۔ (اَنفی کا) بے خانماں۔ سنیاسی۔
اَنِیکْیَہ۔ (اَنفی کا) پھوٹ۔ مخالفت۔ نااتفاقی۔ عدم اتحاد۔
اَنِیلاَ۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ نادان۔ بھولا۔
اَنی لاَشی۔ تپسوی۔ مرتاض۔ سانپ۔ ایک برت کا نام۔
اَنِیمْ۔ (اَنفی کا) غیر مقرر۔ غیر معین۔ بے تعین۔
اَن یَنْترِتْ۔ (اَنفی کا) بے روک۔ خود مختار۔
اَنْیُوکْتْ۔ ملامت۔ زجر۔ توبیخ۔ بے عزتی۔
اَنْیُونْیَہ۔ اتفاق۔ ملاپ۔ باہمدگر۔ باہمی۔ طرفین۔ جانبین۔
اَنْیُونْیَہ بھَاؤ۔ دو چیزوں کا درمیانی تفاوت۔
اَنْیَہ۔ اور۔ غیر۔ الگ۔ دیگر۔ دوسرا۔ جدا۔ بے تعلق۔
علیحدہ۔ مختلف۔
اَنْیَہ۔ مجہول شخص۔ بے پروا۔ غافل۔
اَنْیَہ۔ (اَنفی کا) نامبارک۔ بدقسمت۔ بدکاری۔ ناانصافی۔
اَنْیَہ اَنْیَہ } جدا جدا۔ الگ الگ۔ ایک ایک۔
اَنْیَا نْیَہ۔
اَنْیَہ بھَاشَا۔ اجنبی زبان۔
اَنْیَہ پُرُشْ۔ غیر شخص۔ صیغۂ غائب۔
اَنْیَہ پُشْٹْ۔ } دوسروں سے پرورش پایا ہوا۔ کوئل جو
اَنْیَہ بھُرِتْ۔ } ایک مشہور طائر ہے۔
اَنْیَہ پُورْوَا۔ دو بار بیاہی ہوئی عورت۔
اَنْیَہ تَرْ۔ کوئی ایک۔
اَنْیَہ تھَا۔ خلاف۔ برعکس۔ جھوٹ۔ دروغ۔
اَنْیَہ جَاتِیَہ۔ غیر ذات کا۔ غیر کفو۔
اَنْیَہ جَنْم۔ دوسری پیدائش۔ دوسری زندگی۔

اَنیہ چَالی۔ گمراہ چلنے والا۔ بدراہ چلنے والا۔
اَنیہ دیشی۔ غیر ملکی۔ بدیسی۔ پردیسی۔
اَنیہ کھیاتی۔ بدنامی۔
اَنیہ گامی۔ زن فاحشہ۔
اَنیہ گوتر۔ دوسرے خاندان کا۔
اَنیہہ۔ ڈھیلا سُست۔ کاہل۔ بودا۔ بے فیض۔
اَوَ ۔ نہ۔ نہیں۔ جدا۔ سے۔ نیچے۔ اوپر سے۔ آسرا۔ شاید
دور۔ بیچ میں۔ باشد۔ بد۔ بُرا۔ خراب۔ زیادہ۔
ہیچ۔ بے عزت۔ کمینہ۔ آسرا۔
اِوَ ۔ اس طرح۔ یوں۔ تقریباً۔ بشکل۔ مطابق۔ مماثل۔
جیسے۔ برابر۔ نظیر۔
اَوَاچی۔ جانب جنوب۔
اَوَاچیہ۔ (اَنفی کا) نہ کہنے کے قابل۔ ناقابل گفتنی۔ خاموش۔
اَوَادھی۔ (اَنفی کا) بلا مزاحمت۔ بے روک ٹوک۔
اَوَادھیہ۔ (اَنفی کا) ناقابل غور۔
اَوَاڑ۔ دیر۔ تاخیر۔ ناانصافی۔
اَوَاک۔ (اَنفی کا) چپ چاپ۔ خاموش۔ گونگا۔
اَوَائی۔ آنے کی خبر۔ آنا۔ زین پوش۔
اَوَل۔ احاطہ۔
اَوْبَٹ۔ } (اَنفی کا) ناقابل غور۔ راہ دُشوار گزار بمقام قلب
اَوْبَھٹ۔ } ڈھالو زمین۔
اَوبھاجیہ۔ (اَنفی کا) غیر منقسم۔ ناقابل تقسیم۔
اَوبھاس۔ روشن۔ تاباں۔ دُنیا۔
اَوبھاگ۔ بدقسمت۔ نگوں طالع۔
اَوبھرتھ۔ جگیہ وغیرہ کے ختم ہونے کا غسل۔

اَوبھکت۔ (اَنفی کا) غیر منقسم۔ غیر منفصل۔ جُڑا ہوا۔
اُوپَرلا۔ بالاتر۔ بیرونی سطحی۔
اُوپَری۔ بالائی۔ بیرونی۔ بیگانہ۔
اُوپَل۔ پتھر۔ سنگ۔
اُوت۔ بُنا ہوا۔ بافتہ۔
اَوَتار۔ (اَوَ) اوپر۔ (تَری) اُترنا یعنی اوپر سے نیچے اُترنا۔
حلول کرنا۔ جنم لینا۔ پیدا ہونا۔ جلوہ گر ہونا خداوند تعالیٰ
جل شانہٗ کا کسی امر عظیم کے انجام دہی کے لئے
انسان یا کسی اور صورت یا جسم ظاہری میں جیسے
مچھ۔ کچھ۔ باراہ۔ نرسنگھ۔ بامن۔ پرشرام۔ رامچند۔
کرشن۔ بودھ۔ کلنکی۔ واضح ہو کہ اس طرح اوتار
دس ہیں۔
اَوتارک۔ دیباچہ۔
اَوتَرنا۔ خداوند تعالیٰ جل شانہٗ کا کسی خاص جسم کی غرض
سے نزول کرنا۔ اُترنا۔ ترجمہ۔
اَوتَرنکا۔ دیباچہ۔
اُوتسک۔ } فکر۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ حیرانی۔ افسوس۔
اُوتسکیہ۔ } آرزو۔ بے صبری۔ سرگرمی۔
اُوتکرش۔ فضیلت۔ ترجیح۔
اُتکرش۔ فضیلت۔ ترجیح۔
اَوتَنس۔ تاج۔ کلغی۔ زیور۔ کان کی بالی۔ جھمکا۔ کرن پھول
موتی۔ دولت۔ دبدبہ۔ جاہ و حشم۔
اُوتو۔ بلی۔ گربہ۔
اَوتیرن۔ پیدا شدہ۔ آمدہ۔
اُوٹ۔ آڑ۔ پناہ۔ سایہ۔ پردہ۔ پوشش۔ حق حفاظت

اُوشٹھ ۔ ہونٹ ۔ لب ۔

اُوج ۔ / اُوجَا ۔ } طاقت ۔ قوت ۔ رونق ۔ روشنی ۔ شجاعت ۔

اُوجَسْ ۔ روشنی ۔ تجلی ۔ نور ۔ طاقت ۔ قوت ۔ جھلک ۔ سونا ۔
ظہور ۔ حرارت غریزی ۔

اُوجَسوِی ۔ صاحب رونق ۔ صاحب قدرت ۔ شجیع ۔ طاقتور ۔
روشن ۔ تیز طبع ۔

اَوِچارْ ۔ (اَنّی کا) نا انصافی ۔ بے عدلی ۔ ظلم ۔

اَوِچارِت ۔ (اَنّی کا) غیر تصفیہ شدہ ۔ بحث طلب ۔ جس پر لحاظ
نہ کیا گیا ہو ۔

اَوِچاری ۔ / اَوِچارِنی ۔ } (اَنّی کا) غور و فکر سے محروم ۔ نا انصاف ۔

اَوِچالِت ۔ (اَنّی کا) جو حرکت نہ کرے ۔

اَوچِتیہ ۔ اچھائی ۔ بہتری ۔ موزونیت ۔ قابلیت ۔ درستی ۔

اَوِچَل ۔ (اَنّی کا) اَچَل ۔ اٹل ۔ بے حرکت ۔ مستقل ۔ غیر متحرک ۔
مستحکم ۔ قائم ۔ مستعد ۔ مضبوط ۔

اُوچھا ۔ ہلکا آدمی ۔ چھچھورا ۔

اَوِچھِنّ ۔ (اَنّی کا) مسلسل ۔ غیر متفرق ۔

اُودا ۔ تر ۔ نمناک ۔ بھیگا ۔

اَوَدات ۔ سفید ۔ اجلا ۔ صاف ۔

اَوْداریہ ۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔

اُوداسی ۔ دنیائے ناپائدار کو ترک کرنے والا ۔

اُوداسین ۔ کسی کے ساتھ دشمنی نہ کرنا ۔

اَوْداسینیہ ۔ بے پروائی ۔ تنہائی ۔ کثافت قلبی ۔

اَوَدان ۔ ترک کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ نفس یا بس قتل ۔

اَوْدان ۔ جو کچھ سودے کے اوپر مفت دیا جا ۔ معنی کو سر ۔
مفت ۔ بلاقیمت ۔ رائیگاں ۔

اَوِدِت (اَنّی کا) غیر معلوم ۔ مجہول ۔

اُوَوَرْ ۔ دیکھو (اُوَرْ)

اَوْدَرِک ۔ پیٹو ۔ شکم پرور ۔

اَوْوَسا ۔ مصیبت ۔ تکلیف ۔ دُکھ ۔ آفت ۔

اَوَدُمبَر ۔ گولر کا درخت اور پھل ۔ تانبے کی بنی ہوئی کوئی چیز ۔

اُودَن ۔ اُبلے ہوئے چاول ۔ بھات ۔ کھ ۔

اَوْوَنِکا ۔ باورچی ۔ رسویا ۔

اَوْدْوَاہِک ۔ دیکھو (اِستری دھن)

اَوَدھی ۔ طرف ۔ مرحد ۔ وقت ۔ مُدت ۔ عرصہ ۔ عہد و پیمان ۔
اقرار ۔ مقدس ۔ اَجودھیا ۔ نہ مارنے کے قابل ۔

اَوَدھِ ۔ دُسنت ۔ حد ۔ سرحد ۔ وقت ۔ مدت ۔ مہلت ۔
حالت ۔ اتفاق ۔ عرصہ ۔

اُوَدھ ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔

اَوِدھ ۔ (اَنّی کا ۔ اَبِدھ) خلاف دستور ۔ غیر اصولی ۔

اَوَدھارَن ۔ سچ ۔ اقرار ۔ مقرر ۔ قائم ۔ تاکید ۔ حد ۔

اَوَدھارِی ۔ سوچا گیا ۔ مقرر کیا گیا ۔

اَوَدھان ۔ خبردار ۔ متنبہ ۔ ہوشیار ۔ باخبر ۔ اطمینان ۔
توجہ ۔ احتیاط ۔ مہربانی ۔ التفات ۔ عنایت ۔

اَوَدھ بِہاری ۔ اجودھیا کی سیرانی یا کھلاڑی ۔

اَوَدھ پُری ۔ اجودھیا ۔

اَوْدھتیہ ۔ اُجڈپن ۔

اُودھم ۔ شور و غل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ ۔ شورش ۔ فساد جھگڑا ۔

اُودھو ۔ سری کرشن جی کے ایک گہرے دوست اور جی کا نام ۔

اَوَدھوت۔ جوگی۔ سنیاسی۔ سادھوں کا ایک فرقہ۔

اَوَدھی۔ حد۔ سرحد۔ میعاد۔ آخر وقت۔

اَوَدھارَنَہ۔ بچار کر۔ سوچکر۔

اَوَدھیَہ۔ (نفی کا) وہ شخص جو قابل قتل نہ ہو جیسے مرشد وغیرہ

اَوِدیا۔ (نفی کا۔ بِدیا) بے علمی۔ جہالت۔ حماقت۔ نادانی

اَوِدیاوان۔ (نفی کا۔) ناتعلیم یافتہ۔ جاہل۔

اَوَدیش۔ (نفی کا) پردیش۔ بدیش۔ ملک غیر۔

اَوَدیشی۔ (نفی کا) پردیشی۔ غیر ملکی۔

اُودیش۔ تلاش۔ خواہش۔ منشاء۔

اَوَدیہ۔ قابل نفرت۔ نیچ۔ ناگفتنی۔ غیر مرغوب۔ گناہ و قصور۔ نہ کہنے کے قابل۔

اَوِدیہ۔ (نفی کا) بے علم۔ نا سمجھ۔

اَوِدیہ مان۔ (نفی کا) غیر موجود۔

اُوَر۔ طرف۔ جانب۔ سمت۔ الگ۔ پار۔ سرے۔ حد

اَوَر۔ چھوٹا۔ کم۔ ادنیٰ۔ کمینہ۔ پست۔ آخر کار۔ شودر۔

اُورُ۔ بڑا۔ چوڑا۔ وسیع۔

اَوَرادھک۔ ملازم۔ غلام۔ دھیان کرنے والا۔ عابد۔

اَوَرادھنا۔ خدمت۔ غلامی۔

اَوَرتہ مان۔ (نفی کا) جو نہ ہو۔ مُردہ۔ نہ ہونا۔

بَنْ بِہَارْ ۔ (وَنْ وِہَارْ) جنگلوں میں تفریح کرنے والا ۔

بَنِتَا ۔ (وَنِتَا) عورت ۔ زن ۔ جورو ۔ زوجہ ۔

بِنْتِی ۔ (وِنْتِی) عرض ۔ التجا ۔ التماس ۔ منت ۔ عاجزی ۔ معذرت ۔ خوشامد ۔ لجاجت ۔ درخواست ۔ انقیاد ۔

بَنِجْ ۔ } (وَنِجْ) بیوپار ۔ تجارت ۔ سوداگری ۔ لین دین ۔
بَنِجّ ۔

بَنْجَارَہْ ۔ (وَنْجَارَہ) ایک فرقہ کا نام جو اکثر اناج بیلوں پر لاد کر ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچایا کرتا ہے ۔

بَنْجَرْ ۔ افتادہ زمین جس پر کھیتی نہ ہوتی ہو ۔ اوسر ۔

بُنْجَنْ ۔ (وُیَنْجَنْ) حرف صحیح ۔

بَنْجَنْ ۔ (وِنْجَن) پکوان ۔ کھانا ۔

بَنْچَرْ ۔ (وَنْچَرْ) صحراگرد ۔ جنگلی ۔ وحشی ۔ جنگلی جانور جیسے بندر وغیرہ ۔

بِنْدْ ۔ } (وِنْدْ) بوند ۔ قطرہ ۔ نقطہ ۔ نشان ۔ دھبہ ۔ صفر ۔ تالو ۔
بِنْدِی ۔
بُنْدَا ۔

بِنْدَا ۔ ٹیکا ۔ قشقہ جو پیشانی پر لگاتے ہیں ۔

بَنْدَنْ ۔ } (وَنْدَنْ) تعظیم و تسلیمات کیلئے دست بستہ کھڑے ہو کر
بَنْدَنَا ۔

بَنْدَنْوَارْ ۔ } پھول اور پتوں وغیرہ کے وہ ہار جو شادی اور تیوہار وغیرہ کے دن دروازوں پر باندھے جاتے ہیں
بَنْدَھَنْوَارْ ۔
بَنْدَھَنْ ہَارْ ۔

بِنْدُو ۔ بوند ۔ قطرہ ۔ نقطہ ۔

بَنْدھ ۔ باندھنا ۔ بند ۔ بندش ۔ روک ۔ گانٹھ ۔ گرہ ۔ پُشتہ ۔ پٹی ۔ حد ۔ قید ۔ مجبوری ۔ وابستگی ۔

بَنْدھانْ ۔ معاش ۔ روزی ۔ وظیفہ ۔ بخشش ۔

بَنْدھتْ ۔ باندھا گیا ۔ مقید ۔

بَنْدھرا ۔ (دَنْدھرا) کسبی ۔ روپسی ۔ قحبہ ۔

بَنْدھکْ ۔ باندھنا ۔ ضمانت ۔ کفالت ۔ رہن ۔ گرو ۔ قید ۔

بَنْدھکْ دَاتا ۔ راہن ۔

بَنْدھکْ دھاری ۔ مُرتہن ۔

بَنْدھنْ ۔ بندش ۔ روک ۔ رکاوٹ ۔ لگاؤ ۔ ممانعت ۔ مزاحمت پٹی ۔ گانٹھ ۔ قید ۔ مجبوری ۔ گرفتاری ۔ پابندی ۔ عہد ۔

بَنْدھنالیہ ۔ قید خانہ ۔ محبس ۔ زندان ۔

بَنْدھنْ پترْ ۔ رہن نامہ ۔

بَنْدھو ۔ بھائی ۔ ناتہ دار ۔ رشتہ دار ۔ قرابت دار ۔ اقرب ۔

بَنْدھوجنْ ۔ رشتہ دار لوگ ۔ اَقربا ۔

بَنْدھی ۔ (دَنْدھی) کسبی ۔ روپسی ۔ قحبہ ۔

بَنْدھیا ۔ } (دَنْدھیا) وہ عورت یا گائے جس کو حمل نہ رہے ۔
بَنْدھیہ ۔ } بانجھ ۔ عقیمہ ۔ درخت بے ثمر ۔ اور سرزمین ۔

بَنْدھیاچَلْ ۔ (دِندھیاچل) ایک پہاڑ کا نام ۔

بَنْدھیج ۔ مضبوطی ۔ پکی ۔ کنجوسی ۔ بخل ۔ روزینہ ۔ وظیفہ ۔

بِنْدی ۔ ٹیکا ۔ قشقہ ۔ نقطہ ۔ صفر ۔ نشان ۔ علامت ۔ پیشانی پر پہننے کا عورتوں کا ایک زیور ۔

بَنْدی ۔ (دَنْدی) تعریف کرنے والا ۔ ایک قسم کا زیور ۔ قیدی ۔ بھاٹ ۔

بَنْدی جَنْ ۔ (دَنْدی جَنْ) بھاٹ ۔

بَنْدی گرِہ ۔ (دَنْدی گرِہ) قید خانہ ۔ جیل خانہ ۔ محبس ۔

بُنْدیلا ۔ بُندیل کھنڈ کا راجپوت ۔

بَنْدی وَانْ ۔ (وان صاحب کا) قیدی ۔

بَنْسْ ۔ (وَنْش) بمبو ۔ نے ۔ مزمار ۔ بانسری ۔

بَنْسْپتْ ۔ } (وَنَسپَتْ) (وَنَسپَتی) جڑی بوٹی ۔ نباتات ۔
بَنْسْپتی ۔ }

بَنْسْری ۔ بانسری ۔ نے ۔ مزمار ۔

بَنْسْ لوچَنْ ۔ (وَنْس لوچَن) تباشیر ۔

بَنْسْوارْی ۔ بانس کا جنگل ۔

بَنْسی ۔ بانسری ۔ بانسلی ۔ مُرلی ۔ مزمار ۔ نے ۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔ نیز منسوب بہ (بَنْس)

بَنْسی دھر ۔ لقب سری کرشن جی کا ۔

بَنْسْ ۔ (وَنْش) خاندان ۔ نسل ۔ دودمان ۔ اولاد ۔ گھرانا ۔

بَنْشاوَلی ۔ (وَنْشاوَلی) نسب نامہ ۔ نسلنامہ ۔ شجرہ خاندان ۔

بَنِکْ ۔ (وَنِکْ) سوداگر ۔ بیوپاری ۔ تاجر ۔ مہاجن ۔ بنیا ۔

بَنْگْ ۔ (وَنْگْ) سیسا ۔ کتھیل ۔

بَنْمالْ ۔ } (وَنْمالْ) (وَنْمالَہ) گوناگون جنگلی پھولوں کی مالا ۔
بَنْمالَہ ۔ } یعنی ہار جو پیروں تک لمبی ہو جس میں تلسی بھی شامل ہو ۔

بَنْمالی ۔ (وَنْمالی) یائے نسبتی ۔ بنمال پہننے والا لقب سری کرشن جی کا ۔

بَنْمانُشْ ۔ (وَنْمانُشْ) مردم صحرائی ۔ نسناس ۔

بَنْواری ۔ لقب سری کرشن جی کا ۔

بَنْواسْ ۔ (وَنْواسْ) صحرانشینی ۔

بَنْواسی ۔ صحرانشین ۔ بادیہ نشین ۔

بِنود ۔ (وِنود) خوشی ۔ مسرت ۔ دلچسپی ۔ ترک ۔ برطرف ۔ انحراف ۔

بِنْتی ۔ پرستش کرنا ۔ تنظیم کرنا ۔ عزت کرنا ۔ تعریف کرنا ۔

بِینے۔(وِنے) عاجزی۔انکساری۔تواضع۔خوش اخلاقی۔

بَنِی۔(یائے تصغیری) چھوٹا جنگل۔

بِنیت۔(وِنیت) تعلیم یافتہ۔منکسر۔حلیم۔

بَنیلا۔(وَنیلا) جنگلی۔بیابانی۔صحرائی۔

بُوا۔بہن۔

بِواہ۔ / بیاہ۔ (وِواہ) بیاہ۔شادی۔

بِوایک۔(وِوایک) رشتہ کتخدائی۔

بُوما۔بَل۔طاقت۔قوت۔زور۔قدرت۔بس۔

بُوجھ۔(بواو معروف) سمجھ۔عقل۔فہم۔خیال۔دانش۔فراست

بُوجھن ہار۔ذی عقل۔دانشمند۔ہوشیار۔

بُودھ۔ / بُودھن۔ عقل۔سمجھ۔تمیز۔دانش۔علم۔فہم۔

بُودھ۔بدھ مذہب کا پیرو۔جینی۔وشنو کا ایک اوتار۔
جگناتھ جی۔

بُودھا۔عقلمند۔سمجھدار۔ہوشیار۔

بُودھ اوتار۔ایک اوتار کا نام۔

بُودھت۔تعلیم یافتہ۔فہمیدہ۔

بُودھک۔سمجھانے والا۔ہدایت کرنے والا۔تعلیم دینے والا
جتانیوالا۔اوستاد۔معلم۔ناصح۔جاسوس۔

بُودھ مت۔گوتم ساکھی منی کا مذہب۔

بُودھن۔جتلانا۔تعلیم دینا۔تلقین کرنا۔آگاہ کرنا۔نصیحت کرنا۔

بُوسہ۔بھوسا۔چھلکا۔

بُوک۔ / بُوکڑا۔ بکرا۔بز۔

بُوکڑی۔بکری۔بز مادہ۔

بُول۔بات۔گیت کا لفظ۔

بَوَنا۔ٹھنگنا۔وشنو کا پانچواں اوتار۔

بَوَنی۔ٹھنگنی عورت۔

بُوہت۔جہاز۔کشتی۔ناو۔

بُوہنی۔دن کی پہلی بکری۔وہ رقم جو صبح میں پہلے پہل لے۔

بِوَیک۔(وِویک) قوت تمیز۔

بَہُ۔ / بَہو۔ بہت۔بسیار۔کثرت۔زیادہ۔بڑا۔بزرگ۔متعدد۔

بھا۔چمک۔تیزی۔روشنی۔خوبصورتی۔سورج۔آفتاب۔

بھابھی۔زن برادر یعنی بھاوج۔

بھات۔اُبلے ہوئے چانول۔خشکہ۔صبح۔فجر۔تڑکا۔روشنی۔

بھاٹ۔ایک قوم کا نام جو اکثر نسب نامے یاد رکھتی ہے۔
شاعر۔

بھاٹا۔سمندر کے پانی کا اُتار۔

بھاٹک۔بھاڑا۔کرایہ۔کرایہ دینے والا۔

بھاجک۔بانٹنے والا۔تقسیم کرنے والا۔مقسوم علیہ۔

بھاجن۔بھانڈا۔باسن۔برتن۔ظرف۔لائق۔

بھاجیہ۔قابل تقسیم۔حصہ۔بخرا۔ترکہ۔عدد مقسوم۔

بھاوارتھ۔مرادی معنی۔خلاصہ مضمون۔مفہوم۔

بھاوانتر۔منشائے دیگر۔

بھادوں۔(بھادر پد) چاند کا چھٹا مہینہ جو تقریباً نصف
اگست سے نصف ستمبر تک مطابق ہوتا ہے۔

بُہار۔(وِہار) سیر و تفریح۔عیش و عشرت۔کھیل۔
تماشا۔موج۔

بھاڑ۔ / بھارا۔ } بوجھ۔ بار۔ وزن۔ گرانی۔ ذمہ داری۔

بھارت۔ بھرت راجہ کا خاندان یا ملک یعنی ہندوستان بھرت کھنڈ نظم کی ایک مشہور کتاب کا نام جس میں بھارت جنسی راجہ یعنی کورو اور پانڈوں کے رزمیہ واقعات درج ہیں مصنفہ بیاس جی۔

بھارت باشی۔ (بھارت واشی) باشندۂ بھارت یعنی ملک ہندوستان کا رہنے والا۔

بھارت کھنڈ۔ / بھارت ورش۔ } آریاؤں کا ملک یعنی ہندوستان۔

بھارت ورشیہ۔ / بھارتیہ۔ } بھارت کا رہنے والا۔

بھارتی۔ بولی۔ کلام۔ سرسوتی کا لقب۔

بھارجا۔ (بھاریا) جورو۔ منکوحہ۔

بھارڈواج۔ چکاوک۔ قنبر۔ ایک منی۔ درونا چارج۔ اگستیہ منی۔ برہسپتی کا بیٹا۔

بھارک۔ کہار۔ حمال۔

بھارگرست۔ بوجھ لدا ہوا۔ مظلوم۔

بھارگو۔ ایک نچھتر کا نام یعنی شکر۔ پرشرام۔ ہاتھی۔ پاربتی درگا۔ دوب۔ کماندار۔

بہارنی۔ / بہاری۔ } جھاڑو۔ جاروب۔

بہارنا۔ جھاڑنا۔ جاروب کشی کرنا۔

بھاروا۔ / بھاروائک۔ } وزن ڈھونیوالا۔ حمال۔ کہار۔

بہاری۔ (وہاری) شائق تماشا۔ خوش طبع۔ بازیگر۔ کھلاڑی۔ سری کرشن جی کا لقب۔

بھاریا۔ (بھارجا) بیاہی ہوئی عورت۔ بیوی۔ زوجہ۔

بھاسُر۔ چمکتا ہوا۔ شاندار۔ رونقدار۔ دلیر۔ بہادر۔ بلور کا پتھر۔ شوہر کا بڑا بھائی۔

بھاسکار۔ رونق۔ زینت۔ دولت۔ شعاع آفتاب۔ مرغا۔ ایک پرند کا نام۔

بھاسکر۔ سورج۔ آفتاب۔ روشن۔ منور۔ آگ۔ سونا۔ طلا۔ چمکتا ہوا منور۔

بھاسنا۔ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔

بھاسو۔ سورج۔ آفتاب۔ شمس۔

بھاسور۔ چمکنے والا۔ سورج۔ آفتاب۔ روشن۔ تاباں۔ دن

بھاسوان۔ سورج۔ آفتاب۔ شمس۔

بھاش۔ / بھاشا۔ } بولی۔ زبان۔

بھاشانتر۔ دوسری زبان۔ ترجمہ۔

بھاشت۔ کہا ہوا۔ بولا ہوا۔ گفتہ۔

بھاشن۔ بولی۔ زبان۔ کلام۔ گفتگو۔ قول۔ کہنا۔ بولنا۔

بھاشنیہ۔ کہنے کے قابل۔

بھاشی۔ کہنے والا۔ بولنے والا۔ گوینده۔

بھاشیہ۔ قول۔ شرح۔ تفسیر۔

بھاشیہ کار۔ شرح لکھنے والا۔ شارح۔ مفسر۔

بھاکشی۔ بھٹی۔ تنور۔

بھاکھا۔ (بھاشا) بولی۔ زبان۔ وہ ہندی بولی جو سنسکرت سے نکلی ہے۔ برج کی زبان۔

بھاگ ۔ حصہ ۔ بانٹ ۔ ٹکڑا ۔ قسمت ۔ تقسیم ۔ تقدیر ۔ باب ۔ فصل ۔ کسر ۔ جزو ۔ طرف ۔ سمت ۔

بھاگ دھیہ ۔ قسمت ۔ کارنیک ۔ راجہ ۔ محصول ۔ خراج ۔

بھاگمان ۔ (بھاگیہ وان) صاحب قسمت ۔ خوش نصیب ۔ دولتمند

بھاگمانی ۔ خوش قسمتی ۔ خوش نصیبی ۔ اقبالمندی ۔ تمول ۔

بھاگ متی ۔ (بھاگمان) کی تانیث ۔

بھاگنی ۔ وہ عورت جو شریک ارث ہو ۔ بہن ۔

بھاگنیہ ۔ بہن کا بیٹا ۔ بھانجا ۔

بھاگوان ۔ دیکھو (بھاگمان) صاحب قسمت ۔ نصیبہ ور ۔

بھاگوت ۔ وہ جو بھگوت (خداوند تعالیٰ) سے تعلق رکھتا ۔ خداپرست ۔ اٹھارہ پرانوں میں سے چوتھا پران جسے وید ویاس نے تصنیف کیا جس میں اٹھارہ ہزار شلوک ہیں ۔

بھاگ ہار ۔ بھاگ یعنی حصہ کرنے والا ۔ مقسوم علیہ ۔

بھاگی ۔ ساجھی ۔ حصہ دار ۔ حقدار ۔ سہیم ۔ نیک بخت ۔ خوش قسمت ۔

بھاگیرتھ ۔ ایک خداپرست راجہ کا نام جس کی دعا سے بہشت سے گنگا (ندی) دنیا میں آئی ۔

بھاگیرتھی ۔ دریائے گنگا کا نام ۔ کہتے ہیں کہ گنگا کو راجہ بھگیرتھ نے اپنی قوت عبادت سے بہشت سے دنیا میں لایا اس لئے اس کا یہ نام ہوا ۔

بھاگیہ ۔ قسمت ۔ تقدیر ۔ نصیب ۔ اتفاق ۔

بھاگیہ شالی ۔ صاحب قسمت ۔

بھاگیہ وان ۔ / بھاگیہ ونت ۔ } صاحب قسمت ۔ اقبالمند ۔ دولتمند ۔

بھاگیہ ہین ۔ بدبخت ۔ کمبخت ۔ غریب ۔ مفلس ۔

بھاگیہ ہینتا ۔ بدقسمتی ۔ بےنصیبی ۔

بھال ۔ ماتھا ۔ پیشانی ۔ جبین ۔ قسمت ۔ نصیب ۔ پیکان تیر

بھال ۔ / بھالک ۔ / بھالو ۔ } ریچھ ۔ خرس ۔ دب ۔

بھام ۔ روشنی ۔ چمک ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ غصہ ۔ بہنوئی ۔

بھاما ۔ زن ترش رو ۔ خصوصاً زوجہ ۔ عورت ۔

بھامی ۔ غصہ ور ۔

بھامنی ۔ (بھامی) کی تانیث ۔ غصہ ور عورت ۔ لڑاکا عورت ۔ عورت ۔ زن ۔

بھان ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ نور ۔ تڑکا ۔ صبح ۔ ظہور ۔ شیوع ۔ احسان ۔ معلوم ہونا ۔ محسوس ہونا ۔ ایک اعزازی لقب ۔

بھانت ۔ / بھانتی ۔ } طرح ۔ نوع ۔ قسم ۔ ڈول ۔ ڈھب ۔ انداز ۔ طور ۔ طرز ۔ طریقہ ۔ وضع ۔ جنس ۔

بھانت بھانت ۔ طرح طرح ۔ گوناگون ۔ اقسام ۔

بھانج ۔ شنیچر ۔ جم راج ۔ راجہ کرن ۔ اشونی کمار ۔

بھانڈ ۔ مسخرہ ۔ نقال ۔ باسن ۔ برتن ۔ سرمایہ ۔ پونجی ۔

بھانڈا ۔ مٹی کا بڑا برتن ۔ ملکیت ۔ جائداد ۔ ساز و سامان ۔ راز ۔ بھید ۔

بھانڈار ۔ کوٹھی ۔ گودام ۔

بھانڈاری ۔ مودی ۔ خوان سامان ۔

بھان متی ۔ شعبدہ باز عورت ۔ بازیگرنی ۔

بھانو ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ روشنی ۔ شعاع آفتاب ۔ کرن ۔ جسم نورانی ۔ آقا ۔ بادشاہ ۔ خداوند تعالیٰ ۔

بھاؤواڑ۔ اتوار۔ یکشنبہ۔ یوم الاحد۔
بھاؤنڑ۔ / بھاؤنڑی۔ } چکر۔ گردش۔ دور۔ طواف۔ شادی کی ایک رسم جس میں مقدس آگ کے گرد سات بار پھرتے ہیں جس سے شادی مکمل ہو جاتی ہے۔
بھاؤمتی۔ خوبصورت اور حسین عورت۔
بھاؤ۔ حالت۔ نیت۔ مطلب۔ معنی۔ منشائے دلی۔ نتیجہ۔ دل۔ خیال۔ سمجھ۔ مزاج۔ وجود۔ دنیا۔ پیار۔ طرح۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ انداز ہستی۔ خوش دلی۔ ناز وانداز۔ بھروسا۔ شفقت۔ آن۔ نخرہ۔ قدرت۔ بچار۔ چیز۔ دولت۔ خصلت۔ اچھی طرح دیکھنا۔ اشارے سے مطلب ظاہر کرنا۔ رہنا۔ بسر کرنا۔ ہونا۔
بھاوابھاؤ۔ ہونا نہ ہونا۔ عدم ووجود۔
بھاوت۔ بچارا ہوا۔ غور کیا ہوا۔ سوچا ہوا۔ ڈرتا ہوا۔ متفکر۔
بھاوتا۔ پیارا۔ محبوب۔
بھاوک۔ چالاک۔ پرکھنے والا۔ جوہری۔
بھاوک۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ کچھ ایک۔ خیال کرنے والا۔ عاشق۔ دوست۔ عابد۔ پیدا کرنے والا۔
بھاوگیہ۔ منشائے دلی کا جاننے والا۔
بھاون۔ دیکھو (بھاونا)
بھاونا۔ اندیشہ۔ خیال۔ فکر۔ دھیان۔ سوچ۔ خوف۔ تجربہ۔ یقین۔ احساس کیفیت نفس۔ گذشتہ حالت کو یاد کرنا۔
بھاونی۔ خوبصورت عورت۔ شریف زادی۔ معشوقہ۔ محبوبہ۔
بھاوی۔ ہونے والا۔ ہونہار۔ آنے والا۔ شدنی۔ تقدیر۔
بھاوی کال۔ زمانہ مستقبل۔

بھاویہ۔ ہونے والا۔ شدنی۔ آنے والا۔ آئندہ و مستقبل۔ ممکن
بھبروٹ۔ دیکھو (بھبھوت)
بھبل۔ مضطرب۔ گھبرایا ہوا۔ از خود رفتہ۔
بھبھوت۔ / بھبوتی۔ } (و بھوت) گوبر کی راکھ یعنی بھسم جسے سنیاسی یا جوگی جسم پر ملتے ہیں۔ خاکستر۔
بھبھڑ۔ خوف۔ ڈر۔ ہڑ۔ فکر۔ اندیشہ۔ شور و غل۔
بھت۔ شکستگی۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ آدھا۔
بہتات۔ زیادتی۔ کثرت۔ افزونی۔ فراوانی۔
بہتار۔ (بھرتا) خاوند۔ شوہر۔ مالک۔
بھتنا۔ (تصغیر بھت) چھوٹا بھوت۔ پشاچ۔
بھتنی۔ بھوت کی جورو۔
بہتوہ۔ کثرت۔ زیادتی۔ مجمع۔
بھتی۔ دیوار۔ بگار۔ تنخواہ۔
بھٹ۔ دلیر۔ بہادر۔ جنگجو۔ لڑاکا۔ وحشی۔ فوج۔ وہ جو کسی خاص فرقہ سے خارج کر دیا گیا ہو۔
بھٹ۔ عالم۔ فاضل۔ ایک لقب۔
بھٹاچارج۔ (بھٹاچاریہ) بہت بڑا عالم۔ افضل العلماء۔
بھٹار۔ سورج۔ آفتاب۔ قابل احترام۔
بھٹترہ۔ پکا ہوا گوشت۔ کباب۔
بھٹناگر۔ ایک قوم کا نام۔
بھٹو۔ بید جاننے والا۔ ایک برہمن فرقہ
بھٹہ۔ مرہٹے برہمنوں کا ایک لقب۔ عالم۔ فاضل۔ بھاٹ۔
بھج۔ / بھجا۔ } کندھا۔ شانہ۔ بازو۔ دوش۔ ہاتھ۔ دست۔
بھج بل۔ قوت بازو۔ طاقت بازو۔

بھج بند۔ بازو بند۔

بھجت۔ خدمت کرنا۔ موجود رہنا۔ لطف شہوت اٹھانا۔

بھجشیا۔ باندی۔ داسی۔ ملازمہ۔

بھجشیہ۔ نوکر۔ ملازم۔ غلام۔

بھجگ۔ سانپ۔ مار۔

بھجن۔ لفظی معنے خدمت کے ہیں لیکن عرف عام میں خدا کی تعریف کا گیت۔ جپ۔ عبادت۔ حمد باری۔ خداوند تعالیٰ کا نام رٹنا۔

بھجنا۔ جپنا۔ یاد کرنا۔ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا۔ مالا پھیرنا۔ حمد خوانی کرنا

بھجنگ۔ / بھجنگم۔ } نہایت کالا ازبس سیاہ۔ سانپ۔ مار۔ افعی۔

بھجنگا۔ ایک سیاہ رنگ پرندہ۔

بھجنیک۔ گانے والا مغنی۔ پوجاری۔ عابد۔

بھجی۔ آگ۔ آتش۔

بھچھ (بھکش) کھانیکے لائق۔ خوردنی۔ غذا۔

بھچھ۔ (بھکش) بھیک۔ خیرات۔

بھچھا۔ (بھکشا) بھیک۔ چاہنا۔ مانگنا۔ خیرات۔ گدائی۔ گداگری

بھچھا پاتر۔ (بھکشا پاتر) بھیک مانگنے کا ظرف۔ کچکول

بھچھاٹن۔ (بھکشاٹن) بھیک مانگنے کے لئے گشت کرنا۔

بھچھاجیوی۔ (بھکشا جیوی) بھیک مانگ کر گزران کرنیوالا۔ بھکاری۔

بھچھت۔ (بھکشت) کھایا ہوا۔ خوردہ۔

بھچھک۔ (بھکشک) بھیک مانگنے والا۔ بھکاری سنیاسی

بھچھک۔ (بھکشک) بے انتہا کھانیوالا۔ پیٹو۔

بھچھن۔ (بھکشن) غذا۔ کھانا۔ طعام۔ تناول کرنا۔

بھچھنا۔ (بھکشنا) کھانا۔ تناول کرنا۔

بھچھو۔ (بھکشو) بھک منگا۔ بھکاری۔ سنیاسی۔

بھچھی۔ (بھکشی) کھانیوالا۔ کھانا۔

بھچھیہ۔ (بھکشیہ) / بھچھنیہ۔ (بھکشنیہ) } کھانیکے قابل۔ خوردنی۔ کھانیکی چیز۔

بھدر۔ خوشی۔ اقبالمندی۔ خوش قسمت۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ صاف۔ نیک۔ دوست۔ متقی۔ قابل قدر۔ مبارک۔ اچھا۔ سازگار۔ مولا۔ موسیچہ۔ ایک خوشبو دار گھاس۔

بھدرا۔ نامبارک۔ ساعت بد۔ قمری مہینے کی دوسری ساتویں اور بارھویں تواریخ جو منحوس خیال کئے جاتے ہیں۔ سری کرشن جی کی ایک بیوی کا نام۔ چار ابرو کا صفایا۔ ایک ندی کا نام۔

بھدراسن۔ تخت۔ مراقبہ کی ایک قسم کی نشست۔

بھدراکرن۔ مونڈنا۔

بھدراکش۔ ایک درخت کے بیج جس کی تسبیح بنائی جاتی ہے

بھدرپدا۔ تیسرے اور چوتھے نچھتر کا نام۔

بھدرک۔ خوبصورت۔ لائق عزت۔ خوش قسمت۔ نیکی۔ حسن۔ عمدگی۔ فائدہ۔ پیداوار۔ طبیعت۔ مزاج۔ فہم۔ عقل۔ خوبی۔ خوشی۔ درستی۔ سلیقہ۔ مصمم ارادہ۔ سچائی۔

بھدرکالی۔ کالی دیوی۔ درگا۔

بھدرہ۔ مبارک۔ میمون۔ لائق۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ نیک طبع۔ نیکی۔ دوست۔ صاحب قسمت۔

بھدری۔ فال گو۔ منجم۔

بھدک۔ تفرقہ ڈالنے والا۔ توڑ پھوڑ کرنے والا۔

بھنڈک۔ بچھر۔ اُستر شتر۔

بُھنڈھا۔ کئی بار۔ کئی مرتبہ۔ اکثر۔ عام طور سے مختلف طریقوں سے بدستور۔

بُھنڈھا۔ درد۔ تکلیف۔ رکاوٹ۔ ممانعت۔ اضطراب۔

بھَر۔ پورا۔ سب۔ سارا۔ تمام۔

بھراتا۔ } بھائی۔ برادر۔ اَخ۔
بھراتر۔ }

بھراترک۔ } برادرانہ۔
بھراتریہ۔ }

بھرام۔ چکر۔ دَور۔ شہد۔ گانوں۔ صرع کی بیماری۔

بھرامی۔ مرگی کی بیماری والا۔ مصروع۔

بھرامک۔ گھمانیوالا۔ بھول میں ڈالنے والا۔ دغاباز۔ سورج مکھی۔

بھرامیہ مان۔ گھومنے والا۔ پھرنیوالا۔

بھرانت۔ گھمایا ہوا۔ چکرایا ہوا۔ بھٹکایا ہوا۔ غلطی میں پڑا ہوا۔ بھولا ہوا۔

بھرانتا۔ وہ جو گمراہ ہو گیا ہو۔ آوارہ گرد۔

بھرانتی۔ بھول چوک۔ مغالطہ۔ غلط فہمی۔ جہالت۔ گمراہی۔ فراموشی۔ شک۔ گھومنا۔ پھرنا۔

بھرپور۔ لبالب۔ لبریز۔

بھرت۔ سری رامچندر کے برادر خورد کا نام۔ ایک مُنی کا نام۔ ایک راجہ کا نام جو دُشینت کا بیٹا تھا جس کے نام پر یہ مُلک بھرت کھنڈ یا بھارت ورش کہلاتا ہے۔

بھرت۔ پالا ہوا۔ بھرا ہوا۔ آگندہ۔

بھرت۔ نوکر۔ ملازم۔ مزدور۔ حمّال۔

بھرتا۔ پرورش کرنیوالا۔ مالک۔ خاوند۔ شوہر۔

بھرتار۔ مالک۔ شوہر۔ خاوند۔

بھرتا گرج۔ شری رامچندر جی کا لقب۔

بھرتری ہری۔ بکرماجیت کا بڑا بھائی جس کے نام پر بھرت شک رائج ہے۔

بھرت کھنڈ۔ (بھارت کھنڈ) لنکا اور ہمالیہ کے درمیانی ملک۔ ہندوستان۔

بھرت ونش۔ (بھرت ونش) بھرت کی اولاد۔

بھرتی۔ تنخواہ۔ اُجرت۔ مزدوری۔ کرایہ۔ کمائی۔ روزی۔ قیمت۔ پرورش۔

بھرتیہ۔ ملازم۔ غلام۔ چیلہ۔ نوکر۔ خدمتگار۔

بھرجن۔ بھوننا۔ تلنا۔ پکانا۔

بھردواج۔ ایک رِشی کا نام جو برہسپتی کا بیٹا تھا۔ چنڈول۔ کوا۔

بھردوار۔ باہر کا دروازہ۔

بہردیش۔ بدیش۔ پردیش۔ غیر ملک۔

بھرشٹ۔ بد۔ بُرا۔ ناپاک۔ گنہگار۔ ظالم۔ کمینہ۔ پاپی۔ خراب۔ تباہ۔ گمراہ۔ بگڑا ہوا۔ افتادہ۔ راندہ۔ آلودہ۔ نجس۔ ناصاف۔ غلیظ۔ ذلیل۔ گندہ۔ معزول۔ نسل کا بگڑا ہوا۔ خارج الملت۔ بیدین۔

بھرشٹ۔ تلا ہوا۔ بھُنا ہوا۔

بھرکٹی۔ بھَون۔ اَبرو۔ غصّے کی نظر۔ تیوری۔ گھُرکی۔

بھرگ۔ پہاڑ کی ہموار چوٹی۔ ڈھال۔ ایک رِشی کا نام۔

بہرگت۔ جو باہر گیا ہو۔ نکلا ہوا۔ باہر کا۔

بھرگو۔ ایک رِشی کا نام۔

بھرگوار۔ روز جمعہ۔ آدینہ۔

بَھرَمْ۔ } شک۔ شبہ۔ اندیشہ۔ گمان۔ سہو۔ بھول۔ چوک۔
بَھرَمْ۔ } فراموش۔ خوف۔ وہم۔ قیاس۔ خیال۔ بھروسہ۔
مغالطہ۔ خطا۔ انحراف۔ حیرانی۔ پندار۔ ناموری
چکر کھانے والا۔ آوارہ گرد۔

بَھرَمتَا۔ چکر۔ دور۔ غلطی۔ شبہ۔ آوارہ گردی۔

بَھرَمَرْ۔ } جھونرا۔ شہد کی بڑی مکھی۔ دوران سر۔ گھمیری۔ مرگی۔
بَھرَمرَہ۔ }

بَھرَمشْ۔ تباہ۔ برباد۔ بگاڑ۔ نیچے گرنا۔

بَھرَمکھ۔ تارک الدنیا۔

بَھرَمَنْ۔ گھومنا۔ پھرنا۔ چکر لگانا۔ گردش کرنا۔ چکر۔ دور۔
طواف۔ آوارہ گردی۔ مغالطہ۔ ڈانواں ڈول۔

بَھرَمَہ۔ دیکھو (بھرم)

بَھرَمی۔ اندیشناک۔ مخوف۔ شکی۔ وہمی۔ گھومنا۔ پھرنا۔

بَھرَمیلاَ۔ گول۔ مُدوّر۔

بَھرَنْ۔ برداشت۔ سہارا۔ پرورش۔ بچاؤ۔ ادائی۔ مزدوری کا
تنخواہ۔

بہَرنَا۔ دیکھو (وہرنا) سیر کرنا۔ گھومنا۔ ٹہلنا۔ خوشی کرنا۔
عیش وعشرت کرنا۔

بَھرَنشْ۔ گرنا۔ زوال پر ہونا۔

بُھرَنگْ۔ بھڑ۔ بھونرا۔ زنبور۔

بُھرَنگ راج۔ ایک پرندہ۔ ایک نبات۔

بُھرَنگی۔ (بھرنگ) بھونری۔ پاربتی۔

بَھرَنی۔ دوسری منزل کا نام منجملہ منازل قمر کے بطین۔

بَھرَنیَہ۔ پرورش کے قابل۔

بَھرُوْ۔ بھون۔ ابرو۔ حاجب۔

بَھرُوبھَنگْ۔ چونری۔ گھران۔

بَہرُوپْ۔ مختلف شکلوں والا۔ کثیر الوضع۔ سوانگ۔
بھیس۔ نقالی۔ بوقلموں۔

بَہرُوپاَ۔ گرگٹ۔ حربا۔

بَہرُوپیاَ۔ انجام کے بھیس بدلنے والا۔ سوانگی۔ نقال۔
دغاباز۔ شعبدہ باز۔ مکار۔

بَھرُونْ۔ حمل۔ پیٹ کے اندر کا بچہ۔

بَھرُوْنْ ہتیاَ۔ پیٹ گرانا۔ جنین کشی۔ اسقاط حمل۔

بَہرِیاَ۔ بہو کیلن۔

بَھسْ۔ راکھ۔ کوئلا۔ انگارا۔

بَھسْترَہ۔ لوہاروں کی دھونکنی۔ بھتہ۔ دم کش۔

بَھسْمْ۔ راکھ۔ خاک۔ خاکستر۔ بھبھوت۔ کُشتہ۔

بُھسْمَہ۔ راکھ۔ خاک۔ کُشتہ۔

بَہسْناَ۔ (وہسنا) مسکرانا۔ ہنسنا۔

بُھسُنْڈ۔ بہت موٹا آدمی۔

بِھشْٹاَ۔ غلاظت۔ فضلہ۔ گوبر۔ براز۔

بِھشَجْ۔ } (بھشک) حکیم۔ طبیب۔ وید۔ ڈاکٹر۔
بِھشَکْ۔ }

بُھشُنڈی۔ بندوق۔ تفنگ۔

بَھشی۔ کتا۔ سگ۔ کلب۔

بَھکتْ۔ عاشق الٰہی۔ طالب صادق۔ معتقد۔ زاہد۔ کھانا

بُھکتْ۔ کھایا ہوا۔ استعمال کیا ہوا۔

بَھکتائی۔ اعتقاد۔ عقیدہ۔ پرستش۔ عبادت۔ تقدس۔

بَھکتْ بتسَلْ۔ دیکھو (بھکت وتسل)

بَھکتْ بھاوَنْ۔ بھکتوں کو آنند دینے والا یعنی خداوند تعالے

بھگت کار۔ رسوئیا۔ طباخ۔ باورچی۔

بھگت وتسل۔ بھگتوں پر عنایت رکھنے والا یعنی خداوند تعالیٰ۔

بھکتہ۔ کھایا ہوا۔ خوردہ۔

بھکتی۔ عقیدہ۔ اعتقاد۔ ایمان۔ خلوص دل۔ زہد۔ پرستش۔ عشق حقیقی۔ محبت الٰہی۔ خدا پرستی۔

بھکتی۔ بھوجن۔ کھانا۔ خورش۔

بھگتی مان۔ / بھگتی ونت۔ } دیندار۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ عابد۔ معتقد۔

بھکش۔ کھانا۔ خورش۔ کھانے کے قابل۔

بھکشا۔ بھیک مانگنا۔ بھیک کی چیز۔

بھکشت۔ کھایا ہوا۔ خوردہ۔

بھکشک۔ بھکاری۔ سنیاسی۔

بھکشک۔ کھانے والا۔ پیٹو۔

بھکشن۔ بھوجن۔ کھانا۔ غذا۔

بھکشنیہ۔ کھانے کے قابل چیز۔ کھانے کی چیز۔

بھکشیہ۔ کھانے کے قابل۔ کھانا۔ طعام۔ خورش۔ غذا۔

بھکشو۔ بھکاری۔ سنیاسی۔

بھکشاٹن۔ بھیک مانگنے کے لئے گشت کرنا۔

بھگ۔ خواہش۔ جاہ۔ عقل۔ تصوف۔ ناموس۔ کرامت۔ دولت۔ زینت۔ خوبصورتی۔ کوشش۔ دھرم۔ ایمان۔ نجات۔ عقبیٰ۔ آفتاب۔ چاند۔ ف۔ ر۔ ج۔

بھگت۔ (بھگت) اعتقاد رکھنے والا۔ معتقد۔ زاہد۔ عابد۔ متقی۔ گانے والا۔ ناچنے والا۔

بھگتائی۔ (بھگتائی) پارسائی۔ عابدی۔

بھگتنا۔ سہنا۔ لطف اٹھانا۔ نیکی یا بدی کا بدلا پانا۔

بھگ دت۔ ایک راجہ کا نام جس کا ذکر مہابھارت میں آیا ہے۔

بھگن۔ پریشان۔ مکار۔ ٹیڑھا۔ کبڑا۔

بھگن۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ پھوٹا ہوا۔ ہرا ہوا۔ نقصان۔ ذلیل۔

بھگنا۔ بھائی۔ برادر۔

بھگنہ۔ مفتوح۔ ٹوٹا ہوا۔ شکست۔ برباد۔ ناامید۔

بھگنی۔ بہن۔ خواہر۔

بھگوت۔ / بھگوان۔ / بھگونت۔ } لائق تعظیم و پرستش یعنی قادر مطلق۔ مجازاً دولتمند۔

بھگوت بھگت۔ عاشق خدا۔

بھگوت گیتا۔ ہندوؤں کی ایک مشہور روحانی کتاب کا نام۔

بھگوتی۔ دولتمند عورت۔ درگا دیوی۔ گنگا۔ سرسوتی۔ مجازاً توپ۔

بھگونت۔ ایزد تعالیٰ۔

بھگیرتھ۔ ایک سورج بنسی راجہ کا نام جو اپنی قوت عبادت سے گنگا کو بہشت سے دنیا میں لایا۔ دلیپ کا بیٹا۔

بہل۔ بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ ظاہر۔ مشہور۔ سیاہ رنگ۔ آسمان۔ آگ۔

بھل۔ بھلا۔ اچھا۔ خوب۔ نیک۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ طرف۔ جانب۔

بھل۔ ریچھ۔ خرس۔ بھالا۔ برچھا۔ نیزہ۔

بھلات۔ / بھلاتکا۔ } بھلاوان۔ بلاور۔

بہلتوہ۔ کثرت۔ فراوانی۔

بھلُک۔
بھلُوک۔ } بھالو۔ ریچھ۔ خرس۔

بہُمَان۔ نہایت احترام۔ ازبس تعظیم و تکریم۔

بہُمُول۔ بیش قیمت۔ بیش بہا۔ مہنگا۔ گراں۔

بہُمُولیہ۔ انمول۔ بے بہا۔

بھمی۔ کسی چیز کا اپنے محور پر گھومنا۔ اطراف پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ طواف۔

بھُمیان۔ زمیندار۔

بھِن۔ ٹوٹا ہوا۔ الگ۔ جُدا۔ نیارا۔ ٹکڑا۔ حِصّہ۔ خلاف۔ علیحدہ۔

بھِن بھِن۔ الگ الگ۔ جُدا جُدا۔ ایک ایک۔ مختلف النوع۔

بھِنت۔ کہا ہوا۔ بولا ہوا۔

بھِنتا۔ علیحدگی۔ جُدائی۔ تفاوت۔ فرق۔

بھَنِیتی۔ کہاوت۔ بول۔

بھَنجت۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ برباد کرنا۔

بھَنجک۔ توڑنے والا۔ برباد کرنے والا۔

بھَنجَن۔ توڑنا۔ پھاڑنا۔ توڑنے والا۔ برباد کرنے والا۔

بھُنجَن۔ بھوجن۔ کھانا۔

بھَنجنا۔ رقم تڑوانا۔ بھنانا۔

بھنڈی پال۔ گوپھن۔ فلاخن۔

بھَنڈار۔ کوٹھا۔ مخزن۔ گودام۔ گنجینہ۔ ذخیرہ۔ مودیخانہ۔ حوض۔

بھَنڈارا۔ فقرا اور جوگیوں کی عام ضیافت۔

بھَنڈاری۔ رسد رساں۔ خانساماں۔ باورچی۔ خزانچی۔ روکڑیا۔

بھنڈسار۔
بھنڈسال۔ } غلّہ کا گودام۔ مودیخانہ۔

بھَنگ۔ شک۔ شبہہ۔ خطا۔ شکست۔ تباہ۔ برباد۔ خراب۔ بیکار۔ سوراخ۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ لہر۔ موج۔ توڑنا۔ ڈر۔ سبزی۔ ایک نشہ آور پتّا۔

بھَنگُر۔ ٹیڑھا۔ بانکا۔ تباہ ہونے والا۔ ندی کی خمیدگی۔

بھَنگراج۔ ایک خوش آواز سیاہ پرندہ۔

بھَنگیرا۔ بہت بھنگ پینے والا۔

بھنُوور۔ سوتیلا بھائی۔ علاتی بھائی۔

بھَنوَر۔ گرداب۔ گردش۔ تکمیل شادی کی ایک رسم۔

بھَنوَر جال۔ کنایہ ہے دنیائے دنی اور اس کی غدّاری سے۔

بھِنّہ۔ الگ۔ جُدا۔

بھِنّہ گوتر۔ وہ جو ایک گوتر یعنی ایک خاندان کا نہو۔

بھَو۔ بمعنی پیدا شدہ یعنی دنیا۔ وجود ہستی۔ زندگی۔ زیست۔ سنسار۔ وقت۔ مہادیوجی کا لقب۔

بَہُو۔ بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ بڑا۔ بزرگ۔ کلاں۔ کشادہ۔

بھُو۔ زمین۔ ارض۔ دنیا۔ جگہ۔ مقام۔ جگیہ کی آگ۔

بھُوَ۔ کرۂ باد۔ آسمان۔ جنّت۔

بھَوادرش۔ آپ کے جیسا۔ آپ کی طرح۔

بھَوارنو۔ دریائے دنیا داری۔

بھَوانی۔ لقب پاربتی کا۔ دُرگا۔

بھُو بھرت۔ پہاڑ۔ کوہ۔ راجہ۔ بادشاہ۔ سیش ناگ۔

بھَو بھُوتی۔ ناک۔ نیولا۔ دولت دنیا۔

بَہُو بیج۔ بہت تخم والا۔ مجازاً سیتاپھل۔ شریفہ۔

بھُوپ۔
بھُوپال۔ } محافظ زمین۔ راجہ۔ بادشاہ۔

بھُوپالی۔ نام ایک راگنی کا۔

بھُو پت

بھُوپتی | مالک زمین۔ راجہ۔ بادشاہ

بھُوت۔ فعل ماضی۔ زمانۂ گذشتہ۔ گزرا ہوا وقت۔ وجود میں آیا ہوا۔ آسمان۔ ہیولیٰ جو محیط عناصر ہے۔ عنصر خبیث۔ شیطان۔ روح۔ جاندار۔ حیوان۔ دنیا۔

بھُوتا۔ زمانۂ آیندہ۔ ہونے والا۔ قسمت۔ تقدیر۔ ہونہار۔ اعلیٰ

بھُوتا تما۔ جسم۔ روح حیوانی سبب زندگی۔ برہما۔ شیو۔ وشنو۔

بھُوتاری۔ ہینگ۔ انگوزہ۔

بھُوت آکاش۔ آسمان اور ہیولا جو محیط عناصر ہے۔ خلا

بھُوت پریت۔ ارواح نجس۔

بھُوت سنچار۔ شیطان کا سفر۔ شیطان کا قبضہ۔

بھُوتِک۔ متعلق بہ (بھُوت)

بھُوت کال۔ گزرا ہوا زمانہ۔ زمانۂ ماضی۔

بھُوت گرام۔ کائنات۔

بھُوت گرست۔ آسیب زدہ۔

بھُوتگھن۔ لہسن۔ ہینگ۔ بائے بڑنگ۔ اونٹ۔

بھُوتل۔ سرزمین۔ سطح زمین۔ دُنیا۔

بھُوتمنی۔ دیونی۔ ڈائن۔

بھُوتویتا۔ ہونہار۔ زمانۂ آیندہ۔

بھُوتویہ۔ جو کچھ کہ ہونا ہے یا ہوا ہے۔ نوشتۂ قسمت۔ ہونہار۔

بھُوتی۔ دولتمندی۔ بھسم۔ خاک۔ راکھ۔

بھُوتیش۔ مہادیوجی کا لقب۔

بھُوج۔ کھانا۔ طعام۔ غذا۔ خوراک۔ ضیافت۔ اُجین کے ایک راجہ کا نام۔ ایک ملک کا نام۔

بھوجائی۔ }
بھوجی۔ } بھائی کی بیوی یعنی بھاوج۔ بھابی۔

بھُوج پتر۔ ایک درخت کی چھال جس سے حقہ کی نے وغیرہ بناتے ہیں۔

بھُوجن۔ کھانا۔ طعام۔ غذا۔ خوراک۔ خورش۔ کھانا کھانا۔

بھوجیہ۔ }
بھوجنیہ۔ } کھانے کے قابل چیز۔ خوردنی۔

بھوچال۔ بھونچال۔ زلزلہ۔

بھوچر۔ حیوانات بری یعنی زمین پر چرنے والے جانور۔

بھوچک۔ متعجب۔ متحیر۔ خوف۔

بھوچکر۔ دائرۂ ارض۔ رفتار روزگار۔ خط معدل النہار۔

بھوداڑ۔ سور۔ سوک۔ خنزیر۔

بھوُدان۔ زمین کی بخشش یا خیرات۔

بھوُدرشی۔ بڑا تجربہ کار۔

بھُودھا۔ کئی طرح۔ کئی طریقوں سے۔ کئی دفعہ۔ اکثر۔ بار بار۔ ہمیشہ۔ عموماً۔ اکثر اوقات۔ تقریباً۔

بھُودھر۔ حامل ارض مجازاً پہاڑ۔ کوہ۔

بھُودیو۔ مجازاً برہمن۔

بھُودیہ۔ تمہارا۔ تمہارے متعلقین۔

بھُوڈول۔ بھونچال۔ زلزلہ۔

بھُور۔ آسمان۔ فلک۔ دوسری دنیا۔

بھُور۔ تڑکا۔ صبح صادق۔ بامداد۔

بھُوڑ۔ }
بھُوڑسی۔ } خیرات۔ دان۔ بخشش۔ بھیک۔

بھُورشہ۔ کثرت سے بار بار۔ متواتر۔

بھُورلوک۔ عالم سفلی۔ عالم ناسوت۔

بھُورنگی۔ رنگارنگ۔ گوناگوں۔ متبدل۔

بھُورُوپ ۔ بہت شکلیں بدلنے والا ۔ نقال۔

بھُورُھَہ ۔ درخت ۔ شجر۔

بھُوری ۔ بہت ۔ کثرت ۔ زیادہ ۔ ڈھیر۔

بھُوساگر ۔
بھُوسَمُدر ۔ } بحر عالم یعنی دنیا۔

بھُوسُر ۔ برہمنوں کا لقب۔

بھُوسوامی ۔ مالک ارض یعنی راجہ ۔ بادشاہ۔

بھُوشِت ۔ سجایا ہوا ۔ زیب وزینت دیا ہوا ۔ سنوارا گیا ۔ آراستہ و پیراستہ۔

بھُوشَک ۔ زیب وزینت دینے والا ۔ آراستہ کرنیوالا۔

بھُوشَن ۔ سجاوٹ ۔ آرائش ۔ زیبائش ۔ گہنا ۔ زیور۔

بھَوِشیت ۔ زمانۂ آیندہ ۔ زمانۂ مستقبل۔

بھَوِشیت وَکتا ۔ زمانۂ مستقبل کے حالات ظاہر کرنیوالا۔

بھَوِشیہ ۔ عرصۂ قلیل میں آنے والا ۔ مستقبل ۔ آیندہ ۔ شُدنی ۔ ہونہار۔

بھُوکتا ۔ فائدہ اُٹھانیوالا ۔ پانیوالا ۔ یابندہ۔

بھُوکمپ ۔
بھُومِ کمپ ۔ } بھونچال ۔ زلزلہ۔

بھُوکھن ۔ دیکھو (بھُوشَن)

بھُوگ ۔ نیک وبد یا غم وراحت کا بھُگتنا ۔ سہنا ۔ پانا ۔ کامرانی ۔ خوشی ۔ خوراک ۔ اشیائے خوردنی ۔ مجامعت ۔ عیش وعشرت ۔ نفس پروری ۔ لذت ۔ پرورش ۔ آرام ۔ سُکھ ۔ راحت ۔ وہ کھانا جو دیوتاؤں کو چڑھایا جائے ۔ پرشاد۔

بھُوگ بِلاس ۔ (بھُوگ وبلاس) عیش وعشرت ۔ رنگ رلیاں۔

بھُوگتا ۔ بھگتنے والا ۔ لذت گیرندہ ۔ کھانیوالا۔

بھُوگتویہ ۔ کھانے کے قابل (چیز)

بھُوگنا ۔ بھگتنا ۔ سہنا ۔ پانا ۔ لذت حاصل کرنا ۔ دُکھ یا سُکھ

بھُوگول ۔ کرۂ ارض ۔ دنیا۔

بھُوگول بِدیا ۔ (بھُوگول ودیا) علم جغرافیہ۔

بھُوگی ۔ بھوگنے والا ۔ بھوجن کرنیوالا ۔ آرام طلب ۔ پانیوالا ۔ عیاش ۔ زناکار ۔ وہ شخص جو کسی چیز کا لطف اٹھاتا ہو ۔ سانپ۔

بھُوگیہ ۔ بھوگنے کے قابل چیز ۔ وہ چیز جس سے لطف حاصل کیا جاسکے ۔ یا جس پر قبضہ رکھا جاسکے۔

بھُولاناتھ ۔ مہادیوجی کا لقب۔

بھُولَٹ ۔ زمین ۔ دھرتی۔

بھُولوک ۔ عالم فانی ۔ دنیا۔

بھُوم ۔ ستارۂ مریخ ۔ بہرام فلک ۔ ایک رجس۔

بھُوم ۔ زمین ۔ مٹی ۔ دُنیا ۔ دیار ۔ مُلک ۔ وطن۔

بھُوما ۔ کرامت ۔ بھرا ہوا ۔ خداوند تعالیٰ۔

بھُومان ۔ بڑی عزت ۔ بڑی توقیر ۔ بڑی عظمت۔

بھُومِک ۔ مالک زمین یعنی ۔ راجہ ۔ بادشاہ۔

بھُومِکا ۔ تمہید ۔ دیباچہ ۔ عنوان ۔ مقدمۂ کتاب۔

بھُومنڈل ۔ کرۂ ارض ۔ عالم ۔ دنیا۔

بھُوم وار ۔
بھُوم وائسر ۔ } منگل ۔ سہ شنبہ ۔ یوم الثلاثاء۔

بھُومولیہ ۔ بہت قیمتی ۔ بیش بہا۔

بھُومی ۔ زمین ۔ ارض ۔ خاک ۔ جگہ ۔ مقام۔

بھُومیا ۔ وہ شخص جو زمانہ دراز سے کسی ایک جگہ رہتا ہو ۔ زمیندار

گاؤں کا دیوتا۔

بھُومی پَالْ۔ مجازاً راجہ۔ بادشاہ۔

بھُومی ڈُولْ۔ بھونچال۔ زلزلہ۔

بھُومی کَمپْ۔ } بھونچال۔ زلزلہ۔
بھُوکَمپْ۔

بھُوَنْ۔ دنیا۔ جہاں۔ عالم۔ پانی بہشت۔ آفرینش۔ کرۂ ارض۔ زمین۔ آدمی۔ ذی روح مخلوقات۔

بھَوَنْ۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔ مقام۔ جگہ۔ محل۔ مندر۔ دیول۔

بھَوَنْتْ۔ آپکا۔ تمہارا۔ وقت۔ موسم۔ اعلیٰ۔

بھَوَنْتی۔ وقت۔ زمانۂ موجودہ۔ پرستش کا وقت۔ قابل عبادت۔

بھُوَنْ چَالْ۔ } حرکت زمین یعنی زلزلہ۔
بھُوَنْ ڈُولْ۔

بھُوَنْگْ۔ سانپ۔ مار۔

بہُو وَادی۔ بہت بولنے والا۔ باتونی۔ بکی۔

بہُو وَچَنْ۔ بہت سی باتیں۔ صیغۂ جمع۔

بہُو وِدھ۔ طرح طرح۔ گوناگوں۔

بہُو وِدھَا۔ بہت طور سے۔ اقسام سے۔ اکثر۔

بھُو وِدْیَا۔ علم الارض۔

بھُوَہ۔ نفس۔

بھُوَیَا۔ ناچنے والا۔ داستان گو۔ قصہ خوان۔

بھَوْیتَا۔ تہذیب۔ شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ مروت۔

بھُویو بھُویَہ۔ بار بار۔ مکرر سہ کرر۔

بھُویَہ۔ آگے۔ اور۔ پھر۔ بعد ازاں۔ بار بار۔

بھَوْیَہ۔ واقع ہونے والا۔ ہونہار۔ سچ۔ نیک۔ مناسب۔ لائق۔ موزوں۔ ظاہر۔ تربیت یافتہ۔ خوبصورت۔ نتیجہ۔

پھل۔ ثمر۔ خداوند تعالیٰ۔

بھُویَہ۔ پھر۔ بار بار۔ بار دیگر۔

بھی۔ }
بھَے۔ } ڈر۔ خوف۔ بیم۔ ترس۔ اندیشہ۔
بھیتی۔ }

بھَیَا۔ } ہوا یعنی شد۔
بھَیَو۔ }

بھَیَا۔ بھائی۔ برادر۔

بھَیَاپَہ۔ ڈر دور کرنے والا۔

بھَیَاتُرْ۔ ڈر سے گھبرایا ہوا۔ خوف زدہ۔ خائف۔

بھَیَانَکْ۔ ڈراونا۔ خوفناک۔ مخوف۔

بھَیَاوَنْ۔ ہیبت ناک۔ ڈراونی صورت۔

بھَیَاوَنی۔ (بھَیَانَکْ) خوفناک۔

بھَیَاوَہ۔ بھیانک۔ ڈر پیدا کرنے والا۔ خوفناک۔

بھَے بھَنجَنْ۔ خوف کو مٹانے والا۔

بھَے بھِیتْ۔ دیکھو (بھَیَاتُرْ)

بھِیتْ۔ دیوار۔ مینڈ۔ پشتہ۔ ڈرا ہوا۔ خوفناک۔

بھِیتَرْ۔ اندر۔ بیچ۔ درمیان میں۔

بھیتی۔ خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ ہول۔ ہراس۔

بھَینْٹْ۔ روبرو۔ سامنا۔ مقابلہ۔ ملاقات۔ ملاپ۔ نذر۔ چڑھاوا۔

بھَیچَکْ۔ خوف زدہ۔ وحشت زدہ۔

بھیدْ۔ جدائی۔ الگ۔ پوشیدہ بات۔ راز۔ پھوٹ۔ انیل۔ فرق۔ خلاف۔ جدائی۔ دوئی۔ تفرقہ۔ تفاوت۔ اختلاف۔ سازش۔ علیحدگی۔ توڑنا۔ جدا ہونا۔

بھیدِتْ۔ جدا کیا ہوا۔ الگ کیا گیا۔ پھاڑا ہوا۔ چیرا ہوا۔

بھیدک۔ توڑنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔ مخالف۔
بھید گیا۔ رازدار۔ جاسوس۔
بھیدن۔ توڑنا۔ چھوڑنا۔
بھید وادی۔ فرق بتانیوالا۔ وحدت وجود کو نہ ماننے والا۔
بھیدو۔
بھیدیا۔ } راز جاننے والا۔ رازدار۔
بھیدی۔
بھیدی۔ دانائے راز۔ رازدار۔ فرشتہ بھید کرنے والا۔
بھیدیہ۔ توڑنے یا چھوڑنے کے قابل۔
بھیشر۔ ایک قسم کا بڑا نقارہ۔
بھیرتا۔ ڈر۔ خوف۔ کادرپن۔
بھیرو۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ ایک راگ کا نام۔ شیوجی کی فوج کا ایک افسر۔
بھیرو۔ ڈرنیوالا۔ ڈرپوک۔ کم ہمت۔ کادر۔ شغال۔
بھیروَن۔ شیوجی کے اوتاروں میں سے ایک اوتار کا نام۔
بھیروی۔
بھیروین۔ } درگا۔ کالی۔ ایک راگنی کا نام جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔
بھیری۔ ایک قسم کا بڑا نقارہ۔ تُرہی۔ نفیری۔ شہنائی۔
بھیش۔ (ویش) لباس۔ پوشاک۔ شکل۔ صورت۔ شباہت۔ سوانگ۔ وضع۔ حالت۔ سوانگ بھرنا۔ شکل بدلنا۔
بھیشا۔ ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔
بھیشج۔ دوا۔ دارو۔ علاج۔
بھیشم۔ ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ ویو۔ شیوجی کا لقب۔ پانڈوؤں کے دادا کا نام۔
بھیشمہ۔ خوفناک۔ بھیشم پتامہ۔

بھیشن۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ سخت۔ بازنامی طائر۔ شیوجی کا لقب
بھیک۔ مینڈک۔ ابر۔ بادل۔
بھیے کارک۔ ڈراؤنا۔ ڈرانے والا۔ خوفناک۔
بھیکھ۔ (ویش) لباس۔ روپ بدلنا۔
بھیل۔ ایک پہاڑی قوم کا نام۔
بھیم۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ راجہ جدھشٹر کا چھوٹا بھائی۔ شیوجی۔
بھیما۔ درگا کا لقب۔
بھیے مان۔ خوفناک۔ وحشت ناک۔
بھیم سین۔ مہیب فوج رکھنے والا۔ مہاراجہ جدھشٹر کے چھوٹے بھائی کا نام
بھینٹ۔ دیوار۔ مینڈھ۔
بھینٹ
بھیٹ } ملاقات۔ ملاپ۔ نذر۔ سوغات۔
بھینکر۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ مہیب۔
بھیے وان۔ ڈرا ہوا۔ گھبرایا ہوا۔
بھیے ہاری۔ دافع خوف۔ ڈر دور کرنے والا۔
بیاپ۔ (ویاپ) پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔
بیاپار۔ (ویاپار) بیپار۔ لین دین۔ تجارت۔ سوداگری۔
بیاپاری۔ (ویاپاری) کاروبار کرنے والا۔ تاجر۔
بیاپتی۔ دیکھو (ویاپتی)
بیاپک۔ (ویاپک) وہ جس کی ابتدا اور انتہا کسی مقام سے نہ ہو سب میں اور ہر مقام پر موجود ہو۔ محیط کل۔
بیاپنا۔ (ویاپنا) آنا۔ داخل ہونا۔ کام کرنا۔ پھیلنا۔
بیاپی۔ (ویاپی) پھیلا ہوا۔ کشادہ۔
بیادھ۔ (ویادھ) شکاری۔ صیاد۔ چڑیمار۔
بیادھا۔ (ویادھا) تکلیف دہ۔ مجازاً شکاری۔ صیاد۔
بیادھت۔ (ویادھت) بیمار۔ رنجور۔ علیل۔ صیاد۔

بیادھی۔(ویادھی) بیماری۔دکھ۔درد۔رنج۔تکلیف۔

بیاتہ۔ہوا۔باد۔

بیاس۔(ویاس) کشادہ۔تفصیل۔نام ایک رشی کا۔

بیاکرن۔(ویاکرن) علم صرف ونحو۔گرامر۔

بیاکل۔(ویاکل) بے چین۔پریشان۔متفکر۔مغموم۔رنجیدہ۔
گھبرایا ہوا۔

بیاکلتا۔(ویاکلتا) پریشانی۔بیقراری۔سراسیمگی۔گھبراہٹ۔

بیاکھیان۔(ویاکھیان) بیان۔تشریح۔تفسیر۔لکچر۔

بیال۔بد۔برا۔زبون۔سانپ۔چیتا۔ہاتھی۔بدمعاش۔
دھوکہ باز۔

بیان۔(ویان) پیدائش۔جنم۔جننا۔

بیاہ۔ }
بیاہ۔ } (وواہ) شادی۔عقد۔کتخدائی۔ازدواج۔نکاح۔

بیاہا۔بیاہا ہوا۔شادی شدہ مرد۔

بیاہتا۔(وواہتا) بیاہی ہوئی یعنی شادی شدہ عورت۔

بیاہنا۔بیاہ کرنا۔شادی کرنا۔

بیایام۔(ویایام) محنت۔مشقت۔مشق۔مزاولت۔کوشش۔
سعی عمل کرنا۔

بیت۔گزرنا۔ہوجانا۔

بیتا۔بالشت۔وجب۔

بیتال۔وہ شیطان جو مردہ پر متصرف ہوگیا ہو۔پشاچ۔
بھوت۔پریت۔

بیترا۔سونٹھ۔زنجبیل۔

بیترنی۔(ویترنی) دوزخ کی ایک ندی۔

بیتنا۔ہوچکنا۔چلا جانا۔گذر جانا۔پورا ہونا۔گھٹنا۔

بپتی۔آفت۔ماجرا۔سرگزشت۔

بیج۔ }
بیجم۔ } تخم۔نطفہ۔دانہ۔بذر۔منی۔ابتدا۔ذریعہ۔سبب۔

بیجنا۔پنکھا۔بادکش۔

بیجینتی مال۔خوشبودار پھولوں کا مالا جس میں تلسی بھی شامل ہو۔
وہ مالا جس میں نیلم۔موتی۔مانک۔پکھراج۔ورہیرے
شامل ہوں۔وشنو بھگوان کے پہننے کی مالا۔

بید۔(وید) ہندوؤں کی چار آسمانی کتابیں۔جن کے اسماء
یہ ہیں۔(۱) رگ بید۔(۲) یجر بید۔(۳) شام بید۔
(۴) اتھرو بید۔وآنخ جو کہ ان کے چار اُپ بید بھی
ہیں۔(۱) گاندھرب بید۔(۲) آیُر بید۔(۳) دھنر بید
(۴) استھاپت بید۔

بید۔(ویدیہ) حکیم۔طبیب۔معالج۔

بیدانت۔ } (ویدانت۔ویدانت شاستر) بید کا
بیدانت شاستر۔ } آخر دفتر جس میں توحید کا بیان ہے۔
علم معرفت۔علم وحدانیت۔علم الٰہی۔علم حق الیقین۔
فلسفہ وحدت وجود۔

بیدانتی۔(ویدانتی) وہ شخص جو علم ویدانت کا ماہر ہو۔

بیدانگ۔(ویدانگ) ویدوں کی شرحیں جو چھ ہیں۔
(۱) شکشا (۲) کلپ۔(۳) بیاکرن (۴) چھند۔
(۵) نرکت۔(۶) جیوتش۔

بیدائی۔(ویدائی) حکمت۔طبابت۔ڈاکٹری۔

بیدپاٹھی۔(ویدپاٹھی) بید کا پڑھنے والا۔

بیدک۔(ویدک) علم حکمت۔علم طب۔طبابت۔ڈاکٹری

بیدک بدیا۔(ویدک ودیا) علم حکمت وطبابت۔

بیدکا۔ (ویدکا) وہ چبوترہ یا کنڈ جہاں ہوم کرتے ہیں۔ قربانگاہ۔
بید مارگ۔ (وید مارگ) بید کی راہ۔ ازروے بید
مطابق احکام بید۔
بیدن۔ | (ویدن۔ ویدنا) درد۔ رنج۔ زحمت۔ بیماری۔
بیدنا۔ } دکھ۔ تکلیف۔
بید وانی۔ (بانی) کلام الٰہی۔
بیدھ۔ (ویدھ) سوراخ۔ چھید۔ شگاف۔ رخنہ۔ خول۔
بیدھن۔ (ویدھن) سوراخ کرنا۔ پھوڑنا۔ چبھانا۔
بیدھنا۔ چھیدنا۔ سوراخ کرنا۔
بیدھی۔ (ویدھی) چھید کرنے والا۔ سوراخ کرنے والا۔
بیدی۔ (ویدی) یائے نسبتی یعنی متعلق بہ بید۔
بیر۔ (ویر) بہادر۔ دلیر۔ جوانمرد۔ جری۔ سورما۔ بھائی۔
بیر۔ (ویر) دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت۔ خصومت۔
بیرا۔ بھائی۔ بھیّا۔ برادر۔
بیر آسن۔ (ویر آسن) بہادروں کی ایک قسم کی نشست۔
بیراگ۔ (ویراگ) حظوظ نفسانی و لذات شہوانی کو ترک
کرنا۔ زہد۔ ریاضت۔
بیراگن۔ | (ویراگن) تانیث بیراگ یعنی زاہدہ۔ عابدہ۔
بیراگنی۔ } جوگن۔
بیراگی۔ (ویراگی) وہ جوگی جسنے دنیا ترک کر دی ہو۔ مرتاض۔
بیرتا۔ (ویرتا)۔ دلیری۔ جوانمردی۔ بہادری۔ شجاعت۔
بیرتائی۔ (ویرتائی) دلیری۔ جوانمردی۔ بہادری۔
بیرتھا۔ (ویرتھا) بیکار۔ فضول۔ بیفائدہ۔ بےمعنی۔ مہمل۔
بیرج۔ (ویرج) (و بیج یا بیج) تخم۔ دانہ۔ منی۔ مجازاً زور۔ قوت۔
بیرن۔ دشمن عورت۔

بیرد۔ (ویرد) منافق۔ دشمن۔ عدو۔
بیرور۔ | (ویرور) زورآور۔ پہلوان۔ بہادر۔
بیربل۔ |
بیری۔ (ویری) دشمن۔ عدو۔ مخالف۔
بیش۔ (ویشیہ) تیسرا برن۔ بنیا۔ راجپوتوں کی ایک ذات
جس کے نام پر اودھ کے قریب کا بہت سا ملک بیسواڑہ
کہلاتا ہے۔
بیس۔ (ویس) عمر۔ زندگی۔ جوانی۔
بیساکھ۔ (ویساکھ) شمسی دوسرا مہینہ۔
بیساکھی۔ بیساکھ کی فصل۔ بیساکھ کا میلہ۔ تہوار۔
بیسر۔ ایک زیور کا نام جسے ناک میں پہنتے ہیں۔ نتھنی۔
بیسن۔ (ویسن) خواہشات دنیوی۔ واضح ہو کہ یہ دس ہیں۔
(۱) زنا (۲) قمار۔ (۳) شکار۔ (۴) شراب۔ (۵) رقص
(۶) سرود۔ (۷) سیر و تفریح۔ (۸) بد۔ (۹) چغلی۔
(۱۰) تنبول۔
بیسوا۔ (ویسوا) رنڈی۔ کسبی۔ کنچنی۔ روپجی۔ طوائف۔
بیش۔ (ویش) ہندوؤں کے چار فرقوں میں سے تیسرا
فرقہ جس کا کام تجارت اور زراعت ہے۔ تاجر۔
بیش۔ |
بیکھ۔ } (ویش) لباس۔ پوشاک۔ بھیس۔
بیشنو۔ (ویشنو) وشن بھگوان سے متعلق۔ وشن مت کا پیرو
بیشنوی۔ (ویشنوی) وشن بھگوان کا معتقد۔ وشنو کا پیرو
بیشیا۔ (ویشیا) کسبی۔ لولی۔ طوائف۔
بیکنٹھ۔ (ویکنٹھ) بہشت۔ جنت۔
بیکنٹھ باشی۔ (ویکنٹھ واشی) بہشت میں رہنے والا۔ جنت نشین۔

فردوس مکان۔مرحوم۔

بیگ۔(ویگ) جلدی۔تیزی۔زودی۔عجلت۔روانی۔ شتابی۔جلدی سے۔زور سے۔گوبر۔گوہ۔

بگھا۔بیس بسوے کا ایک بگہ یعنی ایک سو بیس مربع فٹ

بیلا۔(ویلا) عرصہ۔مدت۔وقت۔زمانہ۔موسم۔

بیمات۔(ویمات) سوتیلی ماں۔علاتی ماں۔مادر اندر۔

بیماترئیہ (ویماترِ) سوتیلا بھائی۔

بین۔ / بینا۔ (وین۔وینا) بربط۔طنبورہ۔یعنی وہ باجہ جس کے دونوں جانب تونبے اور ڈنڈی پر بہت سی کھونٹیاں ہوتی ہیں جن پر تار چڑھے رہتے ہیں۔

بینا۔(وینا) پنکھا۔بادکش۔مروحہ۔

بینا۔(وینا) بانسلی۔مرلی۔بربط۔بین باجہ۔

بینجن۔(ویجن) ترکاری۔بھاجی۔

بیندا۔ٹیکا۔تلک۔قشقہ۔

بیندھ۔سوراخ۔چھید۔رخنہ۔

بیندھنا۔چھید کرنا۔سوراخ کرنا۔

بینڈی۔ٹکلی۔بندی۔ٹیکا۔ایک زیور جسے عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔

بینگ۔(وینگ) طعن وطنز۔ہجو آمیز کلام۔

بینو۔(وینو) بانسری۔مرلی۔

بینی۔(وینی) چوٹی۔دروازے میں لگنے کا ڈنڈا۔روانی۔

بیواہک۔(ویواہک) متعلق بہ وواہ۔

بیورا۔کیفیت۔بات۔پتہ۔نشان۔بھید۔

بیوستھا۔(ودستھا) شاستر کے احکام کے مطابق فیصلہ۔

بیوگ۔ / بجوگ۔ (ویوگ) فراق۔جدائی۔علیحدگی۔عاشق ومعشوق کی مفارقت۔تفرقہ۔

بیوگی۔(ویوگی) مہجور۔عاشق۔

بیوہار۔(ویوہار) بیوپار۔تجارت۔پیشہ۔لین دین۔دھندا ہنر۔لیوا دیوی۔کاروبار۔رواج۔معاملہ۔دستور۔ طریقہ۔طور۔چال چلن۔

بیوہارک۔(ویوہارک) پیشہ ور۔تاجر۔دنیادار۔دنیوی۔

بیوہاری۔(ووہاری) بیوپار کرنے والا۔تاجر۔سوداگر۔

بیوہرا۔ / بیوہریا۔ قرض دینے والا۔لین دین کرنے والا۔

بیدھ۔(ویدھ) سوراخ۔چھید۔روزن۔

بیے۔(وِیے) خرچ۔صرف۔اسراف۔

بیئی۔(ویئی) خرچ کرنے والا۔مسرف۔

پ

پ۔جب یہ حرف لفظ کے آخر میں آتا ہے تو حفاظت کرنے والے کے معنی دیتا ہے۔جیسے (نرپ) یعنی انسان کا حفاظت کرنے والا اور پینے والا جیسے (پادپ) پاؤں سے پینے والا یعنی درخت۔ہوا۔پتا پیتا۔تیز۔جلد۔بہادر۔دلیر۔

پُ۔دوزخ۔

پاپ۔گناہ۔قصور۔عذاب۔جرم۔بدی۔برائی۔

پاپاتما۔جس کا دل گناہ کی جانب ہو۔گنہگار۔قصوروار۔مجرم۔ رند۔اوباش۔بدکار۔

پاپ جنک ۔ گناہوں کا پیدا کرنے والا۔ گنہگار۔

پاپ درشی ۔ بداندیش۔ بدخو۔ کینہ ور۔

پاپ روگ ۔ وہ امراض جو گزشتہ جنم کے گناہوں کی پاداش میں اس جنم میں لاحق ہوں جیسے جذام وغیرہ۔

پاپشٹھ ۔ پاپی۔ گنہگار۔

پاپ کر ۔ گنہگار۔ بدکار۔ بد۔

پاپ کرمت ۔
پاپ کرما ۔ } بدکار۔ گنہگار۔ بد۔

پاپ کھنڈن ۔ گناہ کا دور کرنے والا یعنی منتر وغیرہ۔

پاپ گرہ ۔ ستارگان نامسعود۔

پاپ گھن ۔ گناہ دور کرنے والا۔

پاپ مت ۔ بدکار گنہگار۔

پاپ مکت ۔ گناہ سے پاک کیا گیا۔

پاپن ۔
پاپی ۔ } گنہگار عورت۔

پاپ ناشن ۔ پاپ کا ناش (فنا) کرنے والا۔

پاپ ناشی ۔ گناہ دور کرنے والا۔ پاک کرنے والا۔

پاپی ۔ گنہگار۔ قصوروار۔ عاصی۔ بدکار۔ مجرم۔ ظالم۔

پات ۔ پتّا۔ برگ۔ ورق۔ گرنا۔ پڑنا۔ گراوٹ۔ راہو ستارہ۔

پاتا ۔ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ محافظ۔

پاتال ۔ طبقات ارض میں سے ساتواں طبقہ۔ اسفل السافلین۔ ناگ لوک۔ دوزخ۔ واضح ہو کہ یہ سات طبقے ہیں یعنی اتل۔ وتل۔ ستل۔ تلاتل۔ مہاتل۔ رساتل۔ پاتال۔

پاتال لوک ۔ دیکھو (پاتال)

پاتال ینتر ۔ دواؤں کے بنانے کا ایک ینتر۔

پاتنجل ۔ منجملہ چھ شاستروں کے جو یوگ یعنی حبس دم کا شاستر

پات برت ۔ دیکھو (پاتورت)۔

پاتت ۔ نیچے گرایا گیا۔ اتارا گیا۔ پتت کیا گیا۔

پاتتیہ ۔ گرنا۔ مذہب سے خارج ہونا۔

پاتر ۔ برتن۔ پیالا۔ کٹورا۔ ظرف۔ پتّا۔ تونا۔ ذریعہ۔ لائق۔

پاترہ ۔ (مجاز) مستحق۔ قابل۔ ناٹک کھیلنے والا۔

پاتر ۔ پتلا۔ دبلا۔ نحیف۔ کنچنی۔ طوائف۔

پاترا ۔ گناہ سے بچانے والا۔

پاترتا ۔
پاترتوہ ۔ } لیاقت۔ قابلیت۔

پاترم ۔ برتن۔ ظرف۔ آبخورہ۔

پاتک ۔ گرنے کا کام۔ پاپ۔ گناہ۔ جرم۔ قصور۔ خطا۔ دوش۔ گرنے والا۔

پاتکی ۔ پاپی۔ گنہگار۔ عاصی۔ مجرم۔ بدکار۔

پاتمبر ۔ ریشمی کپڑا۔

پاتن ۔ گرنا۔

پاتنجل ۔ نام ایک شاستر (یوگ فلسفہ) کا جس کا بانی پتنجل رشی ہے۔ علم مجاہدہ۔

پاتورت ۔ عصمت۔ پاک دامنی۔

پاتورتیہ ۔ پتی ورتا کا دھرم۔

پاتھ ۔
پاتھس ۔ } پانی۔ آب۔ آفتاب۔ آگ۔ غذا۔ آسمان۔ ہوا۔

پاتھر ۔ پتھر۔ سنگ۔ حجر۔

پاتھوندھی ۔
پاتھودھی ۔ } سمندر ۔ دریا۔

پاتھوج ۔ کنول ۔ نیلوفر۔

پاتھود ۔ ابر ۔ بادل۔

پاتھودھر ۔ بادل ۔ ابر۔

پاتھیہ ۔ توشہ ۔ زادراہ ۔ خرچ راہ ۔

پاتی ۔
پتری ۔ } چٹھی ۔ رقعہ ۔ نامہ ۔ خط ۔ پتا ۔ برگ۔

پاتی ۔ ماں ۔ باپ ۔ مرشد ۔ شوہر ۔ سورج ۔ چاند ۔ دُنیا۔

پاٹ ۔ ریشم ۔ تخت ۔ چوڑائی ۔

پاٹا ۔ پیڑا ۔ تختہ ۔ دھوبی کا کپڑے دھونے کا تختہ ۔

پاٹامبر ۔ ریشمی کپڑا۔

پاٹچّر ۔ چور ۔ دُزد ۔

پاٹ رانی ۔
پٹ سانی ۔ } مہارانی ۔ بادشاہ بیگم ۔ ملکہ۔

پاٹل ۔ گلابی رنگ ۔ گلاب کا پھول ۔ ایک درخت ۔

پاٹلوپل ۔ لعل ۔

پاٹلی پتر ۔ ایک شہر کا نام جسے پٹنہ کہتے ہیں۔

پاٹمبر ۔ ریشمی کپڑا ۔ ریشمی لباس۔

پاٹو ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ مضبوطی ۔ صحت ۔

پاٹھ ۔ پڑھنا ۔ پڑھائی ۔ سبق ۔ درس۔

پاٹھالیہ ۔ مدرسہ ۔ اسکول۔

پاٹھ بھون ۔ وہ مکان جہاں تعلیم ہوتی ہو ۔ مدرسہ۔

پاٹھت ۔ پڑھایا ہوا ۔ پڑھا ہوا ۔ آموختہ ۔

پاٹھ شال ۔
پاٹھ شالا ۔ } تعلیم گاہ ۔ مدرسہ ۔ اسکول ۔ کالج ۔

پاٹھک ۔ پڑھانے والا ۔ استاد ۔ معلم ۔ مدرس ۔ پڑھنے والا۔ طالب علم ۔ شاگرد ۔ برہمنوں کا ایک لقب ۔

پاٹھن ۔
پاٹھنا ۔ } پڑھانا ۔ تعلیم دینا ۔ پڑھنا۔

پاٹھی ۔ پڑھنے والا۔

پاٹھیہ ۔ پڑھنے کے قابل ۔ پڑھانے کے لائق۔

پاٹی ۔ طریقہ ۔ طور ۔ شمار کا طریقہ ۔ ضرب تقسیم ۔ پلنگ کی پٹی۔ ایک قسم کی چٹائی تختی جس پر لڑکے لکھتے ہیں ۔ بالوں کی پٹی۔

پاچک ۔ رسوئیا ۔ باورچی ۔ طباخ ۔ ہاضم جیسے چورن وغیرہ آگ ۔ آتش ۔

پاچکا ۔ پکانے والی عورت ۔

پاچن ۔ پچانے یا پکانے کا کام ۔ پکانا ۔ ہضم ۔ مشتہی۔

پاچنا ۔ پکانا۔

پاچن شکتی ۔ قوت ہاضمہ ۔

پاچھے
پاچھین ۔ } پیچھے ۔ اس کے بعد ۔ پیٹھ پیچھے ۔ پرے ۔ بعد زوال۔ غیر موجودگی کی حالت ۔

پاد ۔ پاؤں ۔ پیر ۔ قدم ۔ پا ۔ بارہ انچ کا پیمانہ ۔ درخت کی جڑ ۔

پادارودھ ۔ نصف مصرع۔

پادارگھیہ ۔ قابل پرستش لوگوں کو پیر دھونے کے لئے پانی دینا ۔

پاداکرانت ۔ پیر سے کچلا ہوا ۔ پامال ۔ عاجزی کرنا۔

پاداورت ۔ رہٹ جس سے پانی نکالا جاتا ہے۔

پاداہت ۔ لات مارا گیا ۔ ٹھکرایا گیا۔

پادپ ۔ درخت ۔ شجر ۔ کھڑاؤں ۔ اسٹول۔

پادپا ۔ جوتا ۔ کھڑاؤں ۔
پادپدم ۔ چرن کمل یعنی کنول کے جیسے نازک اور ملائم پیر ۔
پادپرکشالن ۔ پیر دھونا ۔ پاشوئی ۔
پادپرنام ۔ پیر پڑنا ۔ قدمبوسی کرنا ۔
پادپرہار ۔ لات ۔ لات مارنا ۔ لکدزنی کرنا ۔
پادپیٹھ ۔ پیر رکھنے کا تختہ ۔ اسٹول ۔

پادتر ۔
پادتران ۔ } جوتا ۔ کھڑاؤں ۔ پاپوش ۔

پادتل ۔ تلوا ۔ کف پا ۔
پادج ۔ ہندوں کا چوتھا فرقہ یعنی شودر ۔
پادچار ۔ پیدل ۔ پیادہ ۔ پیدل چلنا مشی ۔
پادچاری ۔ پیدل چلنے والا ۔ پیدل سپاہی ۔
پادچارنی ۔ پیدل چلنے والی عورت ۔
پاددھارنی ۔ گھوڑے کی رکاب ۔

پادرکش ۔
پادرکشک ۔ } جوتا ۔ کھڑاؤں وغیرہ ۔

پادسمواہن ۔ پیر دبانا ۔ چپی کرنا ۔
پادشبد ۔ پیروں کی آواز ۔ آواز پا ۔
پادششروشا ۔ پیر دبانا ۔
پادک ۔ خوب چلنے والا ۔

پادکا ۔
پادو ۔ } جوتا ۔ کفش ۔ کھڑاؤں ۔

پادکٹک ۔ پیر کا کڑا ۔ گھنگرو ۔
پادگرہن ۔ پاؤں چھونا یعنی قدمبوس ہونا ۔
پادمول ۔ ایڑی ۔ پاشنہ ۔

پادنیاس ۔ چلنا ۔ پیر رکھنا ۔ ناچنا ۔
پادودک ۔ وہ پانی جس سے دیوتا یا بزرگوں کے پیر دھوئے ہوں ۔

پادوک ۔
پادھا ۔ } راہگیر ۔ مسافر ۔ سیاح ۔

پادیہ ۔ پیر دھونے کا پانی یعنی وہ پانی جس سے پیر دھوئیں ۔
پار ۔ ندی وغیرہ کا دوسرا کنارہ ۔ کسی کام کا انجام ۔ حد ۔ کنارہ ۔ ختم ۔ پورا ۔
پاراپار ۔ وار پار ۔ بتمامہ ۔ بالکل ۔
پاراشر ۔ پراشر رشی کا بیٹا ویدویاس ۔ پراشر کی لکھی ہوئی کتاب جیسے پراشر سمرتی وغیرہ ۔
پاراشری ۔ وہ دینی فقیر جو زندگی کے تین مدارج یعنی طالب علمی خانہ داری ۔ عبادت الٰہی کو ختم کرنے کے بعد بے تعلق زندگی بسر کرے اور خیرات کا طالب ہو ۔
پاراشریہ ۔ پراشر کا بیٹا ویدویاس ۔
پاراوار ۔ آرپار ۔ دونوں جانب ۔ حد ۔ مجازاً سمندر ۔ ندی کے دونوں کنارے ۔
پاراوت ۔ کبوتر جو مشہور پرندہ ہے ۔
پاراین ۔ لگاتار پڑھنا ۔ پاٹھ کرنا ۔ تمام ۔ انجام ۔ ختم ۔
پارایتک ۔ لگاتار پڑھنے والا ۔ پاٹھ کرنے والا ۔
پاربتی ۔ (پاروتی) ہمالیہ کی لڑکی یعنی مہادیوجی کی زوجہ کا لقب ۔
پاربتیہ ۔ (پاروتیہ) پہاڑی ۔ کوہی ۔

پارپاتر ۔
پارپاتر ۔ } جہیز یعنی وہ اسباب وسامان جو بیٹی کو شادی کے موقع پر دیا جائے ۔

پارپنتھک ۔ چور ۔ رہزن ۔ قزاق ۔

پارترک - متعلق بہ عقبیٰ۔

پارتنتریہ - غیر اختیاری۔

پارتوشک - خوش کرنا۔ خدمت کا صلہ دینا۔ بدلہ دینا۔ انعام۔ رشوت۔ نذر۔ خیرات۔

پارتھ - کنتی کے بیٹے جدھشٹر۔ ارجن۔ بھیم۔

پارتھکیہ - الگ ہونا۔ جدا ہونا۔ فرق۔ احدیت۔

پارتھو - خاک۔ مٹی۔ ریتی۔ راجہ۔ بادشاہ۔ شیو۔ سیتا۔ واضح ہو کہ ہر وہ چیز جو زمین سے متعلق ہو۔ زمین کا۔

پارتھوی - جو زمین سے پیدا ہو۔ لقب سیتا اور پاربتی کا۔

پارجات - ایک درخت کا نام جو بہشت کے نندان بن نامی باغ میں ہے۔ طوبیٰ۔ مونگا۔

پارجایک - زناکار۔ حرام کار۔

پارد - پارہ۔ سیماب۔ زیبق۔ پار کرنے والا۔ نجات دینے والا۔

پارداریہ - زناکاری۔ حرام کاری۔

پاردارک - غیر مرد کی عورت کا خواہشمند۔ عیاش۔ زناکار۔

پاردرشک - انجام دکھانے والا۔

پاردرشن - دور اندیش۔ عاقل۔

پاردرشی - انجام بین۔ ماہر۔ اکسپرٹ۔

پاردیشک - پردیسی۔ غیر ملکی۔ مسافر۔

پارس - وہ پتھر جو لوہے کو لگنے سے لوہا سونا ہو جاتا ہے۔

پارشناتھ - جینیوں کے ایک مشہور بت کا نام۔

پارشد - وہ شخص یا اشخاص جو کسی مجلس میں شریک ہوں۔ حاضرین۔ تماشبین۔

پارشد - خداوند تعالیٰ کے خدمت گزار۔ گروہ۔

پارشنہ - ایڑی۔ پاشنہ۔

پارشو - شودر ذات کی عورت کا وہ لڑکا جو برہمن کے نطفہ سے پیدا ہوا ہو۔ غیر قوم کی عورت کی اولاد۔

پارشو۔ / پارشوہ۔ } نزدیک۔ قریب۔ پاس۔ لشکر کا ایک بازو یعنی جنب۔

پارشو بھاگ - بازو۔ پہلو۔ عضد۔ بغل۔ جنب۔ بازوئے لشکر۔ بیڑا۔

پارشوک - پہلو کا۔ بغلی۔ طرفدار۔ ساتھی۔

پارشوگت - قریب۔ نزدیک۔

پارشوہ - بازو۔ بغل۔ جنب۔ پہلو۔ پسلی۔ پاس۔ قریب۔ نزدیک۔

پارشیہ - سخت کلامی۔

پارک - دریا کے پار کرنے والا۔ کام ختم کرنیوالا۔ اترنیوالا۔ پار جانیوالا۔ حفاظت کرنیوالا۔ وہ جو پار کرے۔

پارکانکشی - عابد۔ زاہد۔ مرتاض۔

پارکھی - پرکھنے والا۔ امتحان کرنیوالا۔ ممتحن۔ جوہری۔

پارگ - پار پہنچانیوالا۔ کامل۔ قادر۔ ہادی۔

پارگامی - پار پہنچا ہوا۔

پارگت - وہ جو پار ہوا ہو۔ پاک۔ دینی اوستاد جین مذہب

پارلوکک - متعلق بہ پرلوک یعنی عقبیٰ کا۔ عقبیٰ کا کام۔

پارمارتھک - واقعی۔ حقیقی۔ وجود حقیقی۔ اعلیٰ۔ لائق۔ قابل ترجیح۔ زیادہ پسندیدہ۔ لوگوں کو فیض پہنچانے والا۔ متعلق بہ نجات عقبیٰ۔

پارمپریہ - قدامت سے آیا ہوا۔ خاندانی۔ موروثی تسلسل

پاران۔ / پارنا۔ } وہ کھانا جو برت (روزہ) ختم ہونے کے دوسرے دن کھایا جائے۔ بادل۔ ابر۔

پَارْنَا ۔ تمام کرنا ختم کرنا ۔ پورا کرنا ۔ انجام دینا ۔ برت کے دوسرے دن کھانا کھانا۔

پَارِنَاہِیَہ ۔ رشتہ داری ۔ برادری ۔ جوڑائی ۔

پَارِنَایَہ ۔ وہ جائداد جو عورت کو شادی کے وقت ملی ہو۔

پَارِنْدْرْ ۔ شرزہ ۔ اژدہا ۔ سانپ ۔

پَارْنگَتْ ۔ پار گیا ہوا ۔ پورا جاننے والا ۔

پَارْوَارْ ۔ وار پار ۔ دریا کے ہر دو جانب ۔

پَارْوَتْ ۔ پہاڑ کا ۔ پہاڑی ۔

پَارْوَتِی ۔ (پَارْبَتی) شیوجی کی زوجہ یعنی ہمالے کی دختر ۔ دُرگا ۔

پَارْوَشْیَہ ۔ غیر اختیاری ۔

پَارْوَنْ ۔ پرب کے دن کیا جانیوالا شرادھ وغیرہ ۔ اُتسو ۔

پَارِتُوشِکْ ۔ انعام ۔ صلہ ۔ رشوت ۔

پَارِی ۔ پانی کی ٹھلیا ۔

پَارِیجَاتْ ۔ دیوتاؤں کے ایک درخت کا نام (کلپ برکش)

پَارِیشَدْ ۔ مجلس میں رہنے والے ۔

پَارِینْدْرْ ۔ شیر ببر ۔ ایک بڑا سانپ ۔

پَارِینَہ ۔ کہنہ ۔ قدیم ۔ پُرانا ۔ گزرا ہوا ۔

پَاڑْ ۔ چبوترہ ۔ مچان ۔ پھانسی دینے کا تختہ یا چبوترہ ۔

پَاسْ ۔ رسّی ۔ پھندا ۔ پھانسی ۔

پَاسِکْ ۔ } پھندا ۔ جال ۔ دام ۔
پَاسِکَا ۔ }

پَاسِی ۔ پھانسی ۔ پھندا ۔ جال ۔ چڑیمار ۔ صیاد ۔ گھوڑے کی اگاڑی پچھاڑی ۔

پَاشَا ۔ پاسا ۔ چوپڑ کھیلنے کی ایک چھ گوشہ مشہور چیز دہری ۔

پَاشَانْ ۔ (پَاکھَانْ) پتھر ۔ سنگ ۔ حجر ۔

پَاشَانْ وَارَکْ ۔ } پتھر پھوڑنے کی چھینی یا ٹانکی ۔
پَاشَانْ دَارَنْ ۔ }

پَاشْ بَنْدْھْ ۔ پھانسی دیا ہوا ۔ جال میں پکڑا ہوا ۔

پَاشِتْ ۔ پھندے میں بندھا ہوا ۔ بندھا ۔

پَاشِکْ ۔ پھندا ڈالنے والا ۔ پھانسی دینے والا ۔ جلّاد ۔

پَاشَنْڈْ ۔ (پَاکھَنْڈْ) راہ نیک چھوڑ کر بد راہ چلنے والا جھوٹا مذہب اختیار کرنے والا کپٹ چھل ۔ مکر ۔ فریب ۔

پَاشَنْڈِی ۔ (پَاکھَنْڈِی) وید کے احکام کے خلاف چلنے والا ملحد ۔ مکار ۔ ٹھگ ۔

پَاشُوپَتْ ۔ پشوپتی یعنی شیوجی کے معتقد ۔

پَاشُوپَتَاسْتَرْ ۔ وہ استر (منتر) جسے ارجن نے مہادیوجی سے پایا تھا ۔

پَاشْ ۔ پانس ۔ پانس کی پھینک ۔

پَاشِی ۔ پھانسی رکھنے والا ۔ جلّاد ۔ صیّاد ۔ ملک الموت ۔ خداوند آب ۔

پَاکْ ۔ پکانے کا کام ۔ پکا ہوا کھانا ۔ رسوئی ۔ پکوان ۔ پکائی ہوئی دوائی یا اور کوئی چیز ۔ اُلو ۔ قسمت ۔ سفید بال ۔ ہضم ۔

پَاکْ پُتْرِی ۔ چولہا ۔ دیگدان ۔ آتشدان ۔ پجاوا ۔ آوا ۔ بھٹی ۔ باورچی خانہ ۔ مطبخ ۔

پَاکَسْتھَانْ ۔ کھانا پکانے کا مقام یعنی باورچی خانہ ۔ مطبخ ۔

پَاکْشَالَا ۔ } رسوئی گھر ۔ باورچی خانہ ۔ مطبخ ۔
پَاکْ گْرِہْ ۔ }

پَاکْشِکْ ۔ مدد دینے والا ۔ حمایتی ۔

پَاچَکْ ۔ پکانے والا ۔ رسوئیا ۔ باورچی ۔

پَاکْ کَرْتَا ۔ رسوئیا ۔ طبّاخ ۔

پَاکَلْ ۔ پختہ ہونا ۔ پیپ بھرنا ۔

پاکھان۔ دیکھو (پاشان) پتھر۔ سنگ۔ حجر۔
پاکھنڈ۔ دیکھو (پاشنڈ)
پاکھنڈی۔ دیکھو (پاشنڈی)
پاکیہ۔ نمک۔ شورہ۔
پاگ۔ پگڑی۔ دستار۔ رومال۔ شربت۔ وہ محصول جو زمانۂ قدیم
میں بارہ سال سے زیادہ عمر والوں سے لیا جاتا تھا۔
پاؤں۔ قدم۔
پال۔ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔
پالا۔ جاڑا۔ سرما۔ برف۔ یخ۔ اوس۔ حفاظت۔ خبرگیری۔
حوالگی۔ ایک درخت کا نام۔
پالاش۔ متعلق بہ درخت پلاس۔ سبز۔ سبز رنگ۔
پالاگن۔ قدمبوسی۔ آداب۔ تسلیم۔
پالت۔ پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔ بچایا ہوا۔
پالک۔ وہ جو پالے اور خبرگیری کرے۔ پرورش کنندہ۔ محافظ۔
سرپرست۔ ولی۔ پروردگار۔
پالک پتر۔ لے پالک بیٹا۔ متبنی لڑکا۔
پالن۔ پالنا۔ پرورش کرنا۔ حفاظت کرنا۔ بچانا۔ تربیت۔
پرورش۔ نگہبانی۔ نگہداشت۔ تعمیل۔
پالن کرتا۔ پرورش کنندہ۔ پروردگار۔
پالن ہار۔ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ پروردگار۔
پالنا۔ پرورش۔ جھولا۔ مہد۔ گہوارہ۔ ہنڈولا۔
پالنیہ۔ پالنے کے قابل۔ حفاظت کرنے کے لائق۔
پالی۔ مگدھ دیش کی مادری زبان۔
پالیہ۔ پالنے کے قابل۔
پاما۔ کھجلی۔ کھاج۔ داد۔

پاماری۔ مجازاً گندھک۔
پامر۔ بد۔ برا۔ نکما۔ کمینہ۔ حقیر۔ احمق۔ ہیچ۔
پامشکا۔ بتی۔ گرد۔ حیض والی عورت۔ طوائف۔
پامشو۔ مٹی۔ گرد۔ بالو۔ ریتی۔ پاپ۔ گناہ۔ عیب۔ نقص۔
برائی حیض۔ اپلی۔ گوبر کا ڈھیر۔ کافور۔
پان۔ بیوپار۔ تجارت۔ خرید و فروخت۔ داؤں۔
بازی۔ ہاتھ۔ دست۔ تعریف۔ بڑائی۔
پان۔ پینا۔ نوش کرنا۔
پاناگار۔ شرابخانہ۔ میخانہ۔
پاناہار۔ پینا اور کھانا۔ خورد و نوش۔ اکل و شرب۔
پان پاتر۔ پانی وغیرہ پینے کا برتن۔ پیالا۔ گلاس۔

پانت۔ }
پانتی۔ } قطار۔ سطر۔ لکیر۔ سلسلہ۔ پنگت۔
پنکتی۔ }

پانتھ۔ راہرو۔ مسافر۔ سیاح۔ راہی۔ فراق زدہ۔
پانتی۔ قطار۔ سلسلہ۔ پنگت۔ گروہ۔ ایک ساتھ کھانیوالے
برادری کے لوگ۔
پانجر۔ پسلی۔ بازو۔ عضد۔ ایک جانب۔ طرف
پانچال۔ ایک ملک کا نام۔
پانچالکا۔ کپڑے کی بنی ہوئی گڑیا۔
پانچالی۔ دروپدی کا لقب۔
پانچ بھوتک۔ پانچ عنصر سے بنا ہوا یعنی جسم۔
پانچ جنیہ۔ سری کرشن جی کا سنکھ جو (پنچ جن) نامی راکھشس کی
ہڈی سے بنایا گیا تھا۔
پانڈ۔ سفید رنگ۔ سفید رنگ کی کوئی چیز۔

پانڈتیہ۔ پنڈتائی۔ علمیت۔

پانڈُر۔ پیلا۔ زرد۔ سفید۔

پانڈو۔ کنتی اور مادری کے بطن سے پیدا شدہ۔ پانڈو راجہ دہلی کے پانچ فرزند یعنی جدھشٹر۔ بھیم۔ ارجن۔ نکل۔ سہدیو جن کا حال مہابھارت میں درج ہے۔

پانڈُو۔ دہلی کا ایک راجہ اور جدھشٹر وغیرہ پانچوں پانڈوؤں کا باپ۔ سفید رنگ۔ ایک پھول اور اس کے درخت کا نام

پانڈے۔ برہمنوں کا ایک درجہ پجاری۔ عالم۔ اوستاد معلم۔

پانش۔ / پانشُ۔ } کھاد۔ گوبر کا ڈھیر۔

پانشُ۔ پسلی۔ پسلی کی ہڈیاں۔

پانک۔ شیرہ کسی بیل وغیرہ کا۔ کیچڑ۔ دلدل۔

پانی۔ ہاتھ۔ دست۔ ید۔

پانی گراہ۔ / پانی گراہک۔ } خاوند۔ شوہر۔

پانی گرہ۔ / پانی گرہن۔ } بیاہ کی ایک رسم جس میں دولہا سے دلہن کا ہاتھ پکڑایا جاتا ہے۔ بیاہ۔ شادی۔ عقد۔

پانی گرہیتی۔ بیاہی ہوئی عورت

پانیہ۔ پانی۔ آب۔

پاوِت۔ پاک کیا گیا۔

پاوَس۔ برسات۔ موسم باراں۔

پاوَک۔ پاک۔ پاک کرنے والا۔ طہارت گاہ۔ آگ۔ دیندار۔ وہ درخت جس کی لکڑی آپس میں رگڑ کھانے سے آگ پیدا ہو۔ بھلاویں کا درخت۔

پاوَن۔ پاک کرنے والا۔ پاک۔ صاف۔ ہوا کھا کر رہنے والا پانی۔ آگ۔ گوبر۔ گھی۔ عورت۔ گنگا۔

پاوَنا۔ پانا۔ حاصل کرنا۔ وہ نباتات جو بلند مقام کے پانی میں پیدا ہو۔

پاوَنتا۔ پاکی۔ صفائی۔

پاوَنی۔ پاک کرنے والی۔

پاوِی۔ پاک کنندہ یعنی پاک کرنیوالی چیز۔

پاویہ۔ پیر دھونے کا پانی۔

پاہَن۔ / پاہَن۔ } پاشان۔ پتھر۔ سنگ۔

پاہُن۔ مہمان۔ مسافر۔

پاہُنا۔ مہمان۔ داماد۔

پاہُنی۔ مہمان عورت۔

پاہِی۔ یعنی حفاظت کرو۔ بچاؤ۔

پایَس۔ کھیر۔ شیر برنج۔

پایِک۔ / پایِک۔ } پیغامبر۔ جلد رو۔ پیادہ۔ پیدل۔ خدمتگار۔ گاؤں کا چوکیدار۔

پایَل۔ پائے زیب۔ بانس کی سیڑھی۔

پایُو۔ پینے والا۔ نوشندہ۔

پَوِتّ۔ (پَوِت) پاک۔ بے عیب۔ صاف۔ نفیس۔ خالص۔

پَوِتر۔ (پَوِتر) گناہ سے پاک۔ صاف۔ بے عیب۔ خالص۔ نفیس۔

پَوِترا۔ (پَوِترا) کشا نامی گھاس کا بنا ہوا چھلا جسے مذہبی رسومات ادا کرنے کے وقت پہنتے ہیں۔ سونا چاندی وغیرہ کی انگوٹھی۔

پَوِترتا۔ (پَوِترتا) پاکی۔ پاکیزگی۔ تقدس۔

پَہیتری ۔ (زیوتری) سونے چاندی وغیرہ کی وہ انگوٹھی جو پاکی کیلئے
پہنی جاتی ہے۔

پیاسا ۔ پینے کی خواہش ۔ پیاس ۔ تشنگی۔

پپاسِت ۔ پیاسا ۔ تشنہ۔

پَپلک ۔ سرپستان ۔ بھٹنی۔

پَپٹی ۔ پلک ۔ مژگان۔

پَپیو ۔ پالنے والا ۔ حفاظت کرنے والا ۔ ماں ۔ باپ ۔ دائی۔

پَپِہا ۔ }
پَپیہا ۔ } ایک پرندے کا نام جو موسم باراں میں اکثر بولا کرتا ہے۔

پَپی ۔ }
پَپیش ۔ } چاند ۔ ماہ ۔ پینے والا ۔ محافظ۔

پپیلک ۔ }
پپیلکا ۔ } چھوٹی سرخ چیونٹی ۔ مور ۔ نمل۔

پَتِ ۔ پرورش کرنے والا ۔ مالک ۔ آقا ۔ شوہر ۔ خاوند۔

پَت ۔ نیک نامی ۔ آبرو ۔ عزت ۔ بڑائی ۔ ناموری ۔ نیاک چال چلن
مالک ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ پتا ۔ برگ۔

پِت ۔ صفرا ۔ تلخہ۔

پُت ۔ دوزخ کا وہ حصہ جو لاولد مرد و زن کیلئے مخصوص ہے۔

پِتا ۔ باپ ۔ پدر ۔ والد ۔ اَب ۔ محافظ۔

پِتاس ۔ ساس ۔ چچانی۔

پِتاشرا ۔ سُسرا ۔ چچا۔

پَتاک ۔ }
پَتاکا ۔ } چھوٹی جھنڈی ۔ بیرق ۔ پرچم ۔ عَلم ۔ نشان ۔ پھریرا۔

پَتاکی ۔ جھنڈے والا ۔ علم بردار۔

پَتال ۔ (پاتال) تحت الثریٰ۔

پِتامبر ۔ (پیتامبر) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا۔

پِتامہ ۔ دادا ۔ جد ۔ بھیشم جی کا لقب ۔ برہما ۔ شیو۔

پِتامہی ۔ باپ کی ماں یعنی دادی ۔ جدہ۔

پَتِبرت ۔ (پتی ورت) پاکدامنی ۔ عصمت۔

پَتِبرتا ۔ (پتی ورتا) وہ عورت جو اپنے شوہر کے سوا کسی اور کو
اپنا مالک نہ جانتی ہو ۔ پاکدامن عورت ۔ وفادار بیوی۔
عاصمہ۔

پَتِت ۔ دھرم اور ایمان سے گرا ہوا ۔ خارج الملت ۔ گمراہ۔
گنہگار ۔ بدکار ۔ قصوروار ۔ مُجرم ۔ ظالم ۔ رذیل ۔ نیچ۔

پَتِت پاوَن ۔ گنہگاروں کو پاک کرنے والا یعنی خداوند تعالےٰ
ذات سے باہر شدہ شخص کو بچانیوالا۔

پَتَتر ۔ }
پَتَترہ ۔ } طائروں کے بازو ۔ پر ۔ پنکھ۔

پَتَنگرہ ۔ پیکدان ۔ اگالدان ۔ فوج ۔ لشکر۔

پَتِتوہ ۔ حالت زوجگی۔

پِت جَوَر ۔ صفراوی بخار۔

پَتر ۔ } چٹھی ۔ خط ۔ نامہ ۔ رقعہ ۔ دستاویز ۔ سند ۔ کاغذ ۔ جنتری۔
پَترا ۔ } زائچہ ۔ پتا ۔ پتی ۔ برگ ۔ ورق ۔ کسی دھات کی چادر یا درق۔

پِتر ۔ باپ ۔ پدر ۔ اب ۔ بزرگ ۔ آباواجداد ۔ اسلاف۔

پُتر ۔ لڑکا ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ بن۔

پَترا ۔ نجوم کی کتاب ۔ پنچانگ ۔ جنتری ۔ تقویم ۔ صفحہ۔

پِترارپن ۔ آباواجداد کے نام پر خیرات دینا۔

پَترالیہ ۔ پتر خانہ ۔ ڈاکخانہ ۔ پوسٹ آفس۔

پَترانک ۔ صفحہ یا ورق کا ہندسہ ۔ فہرست۔

پِترائی ۔ رشتہ دار ۔ قرابت دار ۔ باپ کے طرف کا وہ رشتہ دار

جو تین پشت کے اندر ہو۔

پِترِداتا۔ چٹھی رساں۔ خطوط رساں۔ پوسٹ مین۔

پترکا۔ / پتری۔ } چٹھی۔ خط۔ نامہ۔ پرندہ۔ درخت۔ کنول۔

پُترکا۔ / پُتری۔ } لڑکی بیٹی۔ دختر۔ مجازاً گڑیا۔

پُترکا پُتر۔ بیٹی کا بیٹا یعنی نواسا۔ واضح ہو کہ نواسا بحالت عدم موجودگی فرزند شاستر کے رو سے پوتے کے برابر حقدار ہوتا ہے۔

پترکامیشٹی۔ / پتریشٹی۔ } وہ جگیہ جو اولاد کی خواہش سے کیا جاتا ہے۔

پُترکامنا۔ اولاد کی خواہش یا تمنا۔

پُترِنی۔ اولاد والی عورت۔

پِترَو۔ ماں باپ۔ مادر و پدر۔ والدین۔

پِترُو۔ باپ۔ پدر۔ اب۔

پِترُبن۔ (دن) سمشان۔ قبرستان۔

پِترُبندھو۔ باپ کی جانب کے رشتہ داران بعید۔

پِترُبھکتی۔ اعتقاد پدری۔ محبت پدری۔

پِترُپتامہہ۔ جدّ اعلیٰ۔

پِترُپرسو۔ / پِترُسو۔ } باپ کی ماں یعنی دادی۔

پِترُپکش۔ بھادوں کے مہینے کا اندھیرا پاکھ یعنی پونم کے بعد کے پندرہ دن۔

پِترُتا۔ باپ پن۔ ابویت۔

پِترُتتھی۔ باپ کے انتقال کا دن۔ اماوسیہ۔

پِترُترپن۔ باپ داداؤں کا ترپن۔

پِترُدان۔ پنڈدان۔

پِترُوتی۔ اولاد والی عورت۔

پِترُجگیہ۔ (جگیہ) ہر روزہ باپ داداؤں کا کریا کرم۔

پُترَودھو۔ بیٹے کی زوجہ یعنی بہو کیین۔

پِترُشوسا۔ باپ کی بہن یعنی پھوپھی۔

پِترُشرادھ۔ باپ دادا کا کریا کرم۔

پِترُکاریہ۔ / پِترُکرم۔ / پِترُکرمہ۔ / پِترُکرتیہ۔ } شرادھ یعنی وہ رسوم جو ہر سال مرحوم آبا و اجداد کے نام ادا کئے جائیں۔

پِترُکانن۔ سمشان۔ قبرستان۔ گیا (جو مشہور مقام ہے)

پِترُکل۔ نانہال۔

پِترُگرہہ۔ خانۂ پدر۔ مجازاً سمشان۔ پترُلوک۔

پِترُگن۔ بزرگوں کی جماعت۔

پِترُگھاتک۔ / پِترُگھاتی۔ } ماں باپ کا قاتل۔ پدرکش۔ والدین کا دشمن۔

پِترُلوک۔ عالم ارواح۔ عالم ملکوت۔

پِترُون۔ سمشان۔ قبرستان۔

پِترُوِتّ۔ جائداد موروثی۔

پِترُویانی۔ چچا کی زوجہ یعنی چاچی۔

پِترُوییہ۔ باپ کا بھائی یعنی چچا۔ عم۔

پِترِیہ۔ دیکھو (پترا)

پَتری۔ زائچہ۔ جنتی۔

پُتری۔ بیٹی۔ دختر۔ بنت۔

پُتْرِیَا۔
پُتْرِیَا۔ } طوائف۔ رقاصہ۔

پُتْرِیشْٹی۔ بیٹا پیدا ہونے کی اُمید پر کرنے کا ایک جگیہ۔

پَتْرِکَا۔ خط۔ نامہ۔ چٹھی۔

پَتْ سَل۔ راستہ۔ سڑک۔

پَتِگْھنی۔ شوہر کش عورت۔

پِتَّل۔ صفراوی پیتل۔

پَتَّل۔ پتوں کی بنی ہوئی تھالی جس میں کھانا وغیرہ کھاتے ہیں۔

پُتْلِکَا۔ پُتلی۔

پِتَم۔ محبوب۔ عاشق۔ شوہر۔

پِتَّم۔ پت۔ صفرا۔ تلخ۔

پِتَّمْبَر۔ دیکھو (پیتامبر)

پَتِم وَرا۔ اپنے منشا سے آپ شوہر کو انتخاب کر کے بیاہ کرنے والی عورت۔

پَتَن۔ گرنے کی حالت۔ پچھاڑ۔ شکن۔ گرنا۔ پڑنا۔ پھسلنا۔ گراوٹ۔ پچھاڑ۔ شکن۔

پَتَّن۔ شہر۔ بلدہ۔ بندرگاہ۔

پَتَنْجَلی۔ شیش ناگ۔ مہابھاشیہ کے لکھنے والے رشی کا نام۔

پَتَنْگ۔ (پتنگم) آسمان پر اڑنے والا۔ طائر۔ سورج۔ آفتاب۔ سانپ۔ پتنگا۔ کنکوا۔ ایک لکڑی جس سے رنگ نکلتا ہے۔ پارہ۔

پَتْنی۔ بیاہی ہوئی عورت۔ بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔

پَتْرا۔ پتا۔ برگ۔

پَتْوار۔ وہ لکڑی جس سے جہاز چلاتے ہیں۔

پَتِوَرْتی۔ جان نثار بیوی۔

پَتْوا۔ بیٹے کی زوجہ یعنی بہو۔ کیلن۔

پَتھ۔ راستہ۔ راہ۔ طریق۔ سڑک۔ طریقہ۔ طور۔

پِتَّہ۔ صفرا۔ مرارہ۔

پَتھَر کَلا۔ چقماق دار بندوق۔

پَتھِک۔ راستہ چلنے والا۔ راہ رو۔ راہی۔ مسافر۔ سیاح۔ یاتری۔

پَتھِل۔
پَتھی۔ } مسافر۔ سیاح۔

پَتھن۔ دوزخ کا ایک حصہ۔

پَتھی واہک۔ مزدور۔ کہار۔ حمّال۔

پَتھیَہ۔ اچھا۔ مفید۔ مناسب۔ واجب۔ لائق۔ موزوں۔ پرہیز۔ بیمار کے کھانے کے قابل چیز۔

پَتی۔ پرورش کرنے والا۔ مالک۔ خاوند۔ شوہر۔

پَتّی۔ پیدل۔ وہ فوج جس میں ایک رتھ۔ ایک ہاتھی تین گھوڑے اور پانچ سپاہی ہوں۔ چال۔ قسمت۔ گڑھا۔

پِتیا۔ باپ کا بھائی۔ چچا۔ چٹھی۔ خط۔ نامہ۔

پَتی وَرَت۔ دیکھو (پتبرت)

پَتی وَرتا۔ دیکھو (پتبرتا)

پَٹ۔ کپڑا۔ جامہ۔ پارچہ۔ کپڑے پر بنا ہوا بیل بوٹا۔ آڑ۔ اوٹ۔ پردہ۔ نقاب۔ اوندھا۔ کواڑ۔ دروازے کا نصف حصہ۔

پِٹ۔ پٹارا۔ صندوق۔ ٹوکری۔ سوتر۔ پھوڑا۔

پُٹ۔ } بڑا کسی چیز کا۔ ملاؤ۔ ملنا۔ ڈھکنا۔ دونا۔
پَرِمل۔ مہک۔ خوشبو۔ معطر۔ خوشبودار۔ بھنا ہوا اناج۔

پَرِملان۔ میلا۔ آلودہ۔ داغی۔ داغدار۔ کملایا ہوا۔ خراب کیا ہوا۔ بگاڑا ہوا۔ گھٹایا ہوا۔

پَرِمند۔ سست۔ کاہل۔ کند۔

پَرِمنڈل۔ گولا۔ حلقہ۔ دائرہ۔ کرۂ ارض۔

پَرَموچن۔ رہا کرنا۔ رہائی۔

پَرَمود۔ نہایت خوشی۔ ازبس مسرت۔ نہایت آرام۔

پَرَمودِت۔ خوش۔ مسرور۔

پَرَمودِک۔ خوشی بخشنے والا۔ زندہ دل آدمی۔

پرموہ۔ فریفتگی۔ غشی۔ بے ہوشی۔ پریشانی۔
پرم مِتر۔ پکا دوست۔ دوست خالص۔
پرم ہنس۔ } صوفیوں کا ایک فرقہ جو مجرد رہتا ہے۔ تارک دنیا
پرم ہنس۔ } صوفی باصفا۔ زینت۔ رونق۔
پرمیشٹ۔ اعلیٰ۔ برتر۔ خداوند تعالیٰ۔
پرمیشٹھی۔ برہم پد میں ٹکنے والا۔ برہما۔ گرو۔ مرشد۔
پرمیشور۔ مالک کُل یعنی خداوند تعالیٰ جل شانہٗ۔
پرمیلا۔ کاہل۔ سُست۔ مغموم۔
پرمیہہ۔ امراض خبیثہ۔ سوزاک۔ جریان۔
پرمیہ۔ جاننے کے قابل۔
پرن۔ وعدہ۔ قول۔ اقرار۔ عہد۔ شرط۔ حلف۔
عزم بالجزم۔ دستور۔
پرن۔ پتّا۔ پات۔ برگ۔ پان۔ کاہ۔ گھاس پھوس۔
پرناد۔ شور۔ غل۔ چیخ۔ پکار۔
پرناری۔ پرائی عورت۔ غیر کی عورت۔
پرناش۔ نقصان۔ بربادی۔
پرنال۔ } پانی نکلنے کی نالی۔ پرنالا۔ موری۔ نہر۔ آباواجداد کا
پرنالی۔ } طریقہ۔ قدامت۔
پرنام۔ سلام۔ سلام علیک۔ آداب۔ تعظیم۔ بندگی۔
عبادت۔ ڈنڈوت۔ تسلیم۔ سجدہ۔ نمشکار۔
خدا حافظ کہنا۔
پرنام۔ ختم۔ تمام۔ خاتمہ۔ درجۂ آخر۔ نتیجہ۔ انجام۔
بلوغ۔ پختگی۔ رسیدگی۔ پھل۔ ثمرہ۔ بدلنا۔
آخری حالت۔
پرنام درشی۔ انجام بیں۔ دوربیں۔ پیش اندیش۔ عاقل۔

پرنانا۔ نانا کا باپ۔ بیاہ کرنا۔ شادی کرنا۔
پرِناہ۔ جوڑائی۔ کشادگی۔ رشتہ۔ تعلق۔
پرِنایک۔ خاوند۔ شوہر۔ پھانسا کھیلنے والا۔
پرن بھوجن۔ وہ جو صرف پتّے کھا کر رہتا ہو جیسے بکری وغیرہ۔
پرنپات۔ سلام۔ تعظیم۔
پرن پٹی۔ پتّوں کا دونا۔
پرنت۔ لیکن۔ مگر۔ اَمّا۔ تاہم۔ بعد۔ بھی۔ پر۔ اور۔
پرنت۔ جھکا ہوا۔ عاجز۔ بھکت۔
پرِنت۔ پختہ یعنی پکا ہوا۔ پھلا ہوا۔ جھکا ہوا۔ پورا۔
بدلا ہوا۔ عاجز۔ مطیع۔
پرنتپ۔ دشمن۔ عدو۔ بد۔ عدوکُش۔ فاتح۔
پرنت پال۔ عاجز نواز۔

پرنتو۔ پر۔ مگر۔ لیکن۔ آمّا۔
پرِنتی۔ جھکاؤ۔ بندگی۔ ڈنڈوت۔ عاجزی۔ نیچے کی طرف
جھکنا۔ بدلنا۔ تبدیل ہونا۔ پکنا۔ پچنا۔ پختہ ہونا۔
پختگی۔ ضعیفی۔ انجام۔ وقت مرگ۔
پرنجن۔ زندگی۔ روح۔
پرندر۔ چور۔ دزد۔ قلعہ شکن۔ اندر کا ایک نام۔
پرندھان۔ گہرا دھیان یا مُراقبہ۔ بغور سوچنا۔ نہایت نفوذ
رسائی۔ داخلہ۔ ایک منتر کی پرستش۔
پرندھی۔ جاسوس۔
پرندھری۔ وہ عورت جس کے شوہر۔ فرزند۔ دختر
وغیرہ ہوں۔ عورت۔
پرن شالا }

پرن کُٹی۔ | پتوں کی بنی ہوئی جھونپڑا۔ صومعہ۔

پرنکارہ۔ تبولی۔

پرنمن۔ آداب۔ بندگی۔

پرنو۔ اوم۔ (اونکار) کا منتر (تینوں دیوتاؤں کا منتر)

پرنوتج۔ پتوں کا جھونپڑا۔ صومعہ۔

پرنہ۔ پتا۔ برگ۔

پرنہ رتھ۔ بسنت کا موسم۔

پرنی۔ پیڑ۔ درخت۔ شجر۔

پرنے۔ بیاہ۔ شادی۔ نکاح۔

پرنے۔ پیار۔ محبت۔ پریم۔ پیار سے مانگنا۔ بھروسا۔

عاجزی۔ نجات عقبیٰ۔ زچگی۔

پرنیا۔ بوڑھا ضعیف۔ مُربی۔ ولی۔

پرنیت۔ تیار کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔ سُدھارا ہوا۔ بھیجا ہوا۔

لایا ہوا۔ ساختہ۔ مصنف۔

پُرو۔ چندربنسی ییاتی راجہ کے سب سے چھوٹے لڑکے کا

نام جس کے نام پر اس کا خاندان (پورو) مشہور ہوا۔

پرو۔ گانٹھ۔ گرہ۔ باب۔ فصل۔

پرو۔ نیک روز۔ کار نیک۔ اشنو وغیرہ کرنے کا وقت

روز جشن۔ ساعت نیک۔ عید۔ خوشی کا دن۔ تیوہار

پروا۔ وہ تیوہار جو جیٹ کی سولھویں کو ہوتا ہے۔

پروا۔ کسی پکھ کی پہلی تاریخ۔

پُروا۔ پورب کی ہوا۔

پرواد۔ گالی۔ دشنام۔ تہمت۔ الزام۔ ملامت۔

پروادک۔ الزام لگانیوالا۔ بدگو۔

پروار۔ خویش و اقارب۔ متعلقین۔ توابعین۔ لواحقین۔

خاندان۔ گھرانہ۔ قبیلہ۔ دودمان۔ نوکر چاکر۔ عشیرہ۔

پرواارن۔ ممانعت۔ وہ خیرات جو کسی خواہش سے کیجائے۔

پرواس۔ اپنا گھر یا ملک چھوڑ کر دوسرے ملک میں جانا

پرواس۔ سکونت۔ خانہ۔ گھر۔ مکان۔

پرواسن۔ خارج الملک۔ جلاوطن کرنا۔ ترک جسم۔

پرواسی۔ شہر کا رہنے والا۔ شہری۔

پرواسی۔ وہ جو اپنے وطن سے باہر ہے۔ پردیسی۔

بدیسی۔ غیر ملکی۔ مسافر۔

پروال۔ مونگا۔ مرجان۔ نازک پتا۔ سرخ رنگ۔

بین کا ڈنڈا۔

پروان }
پروش۔ } غیر مقتدر۔

پرواہ۔ بہاؤ۔ سوتا۔ روانی آب۔ سیلاب۔ لہر۔ ترنگ۔

پرواہک۔ گاڑی بان۔ پیچش۔ اسہال۔

پرواہکا۔ اسہال۔ پیچش۔

پروبھکت۔ تقسیم کیا گیا۔ بانٹا گیا۔

پرو پدیش۔ نصیحت کرنا۔ تنبیہ کرنا۔

پروپکار۔ دوسروں کو فائدہ پہونچانا۔ بھلائی کرنا۔ احسان

فیض۔ کرم۔ نیکی۔

پروپکاری۔ دوسروں کو مدد دینے والا۔ فیاض۔ محسن

پروت۔ (پربت) پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔

پروتساہ۔ سعی۔ کوشش۔ اُمنگ۔ جدوجہد۔

تحریک۔ ترغیب۔

پروتساہن۔ خوشی کو بڑھانا۔

پروتی۔ }

پَرْوَتِیَہ۔ (پَرْبَتی) پہاڑوں پر رہنے والا۔ پہاڑی۔ کوہی۔

پَرْوَجَنْ۔ (پَرْیوجَنْ) مقصد۔ استعمال۔ احتیاج۔ ضرورت۔ فائدہ۔ منفعت۔ حاصل۔ مطلب۔ کار۔ خواہش۔ ارادہ۔

پَرْوَچَنْ۔ کہنا۔ بولنا۔

پَرُوچھَنْ۔ (پَرُوکشَنْ) پانی چھڑکنا۔ آبپاشی کرنا۔

پَرُوہِتا۔ } خاندانی پجاری۔ خاندان کا مرشد۔
پَرُوہِت۔ }

پَرُوڈاش۔ وہ سامان جو جگیہ کرنے کے بعد بچا رہے (گھی وغیرہ)

پَرَوڈھ۔ اچھی طرح بڑھا ہوا۔ وہ جس کی جوانی اختتام پر ہو۔ پکا ہوا۔ ہوشیار۔ چالاک۔

پَرَوڈھا تیس برس سے (۵۵) سال تک کی عمر والی عورت۔

پَرَوڈھی۔ طاقت۔ قدرت۔ توانائی۔ سوال وجواب۔

پَرْوَرْ۔ اولاد۔ نسل۔ ایک مُنی کا نام۔ (۴۹) گوتروں میں سے ایک گوتر۔ اعلیٰ۔ بزرگ۔

پَرِوَرَجْ۔ }
پَرِوَرَاجَکْ۔ } مُنی۔ سنیاسی۔ جوگی۔ چوتھا آشرم اختیار کیا ہوا شخص۔
پَرِوَرَاٹ۔ }

پَرَوَرْتْ۔ مشغول۔ تحریک۔ دل یا زبان سے نیک یا بد کام کرنا۔

پَرْوِرْتِ۔ عادت۔ کیفیت۔ خواہش۔ روانی آب۔

پَرْوَرْتِتْ۔ چلایا گیا۔ چالو کیا گیا۔

پَرْوَرْتَکْ۔ چلانے والا۔ شروع کرنے والا۔ کرنے والا۔ اُبھارنے والا۔ تحریک کرنے والا۔ ترغیب دینے والا۔ بانی۔ موسس۔ علت مادی۔ لگا ہوا۔

پَرْوَرْتَنْ۔ اجازت۔ تحریک۔ چلن۔

پَرِوَرْتَنْ۔ پلٹنا۔ ہیر پھیر کرنا۔ تبادلہ۔ ادل بدل۔

پَرْوُرْتِی۔ مصروفیت۔ عادت۔ کیفیت۔ خبر۔ روانی۔ بہاؤ۔ خواہش۔

پُرُوورْتی۔ آگے ہونے والا۔ آگے رہنے والا۔

پَرِوَرْجَنْ۔ تیاگ۔ ترک۔ ترک کرنا۔ مارنا۔

پَرِوَرْجیا۔ عابدانہ زندگی۔

پَرْوَرْشَنْ۔ کشکندھا کے پاس کے ایک پہاڑ کا نام جس پر سری رامچندر اور لچھمن موسم باراں میں مقیم تھے۔

پَرُوس۔ پڑوس۔ ہمسایہ۔ نزدیکی۔ ہمسایگی۔ جوار۔

پَرُوسا۔ کھانا جو دوست وغیرہ کے لئے بھیجا گیا ہو۔

پَرْوَسَنْ۔ پردیس کو جانا یا وہاں بود و باش اختیار کرنا۔

پَرْوَشْ۔ غیر اختیار۔ تابعدار۔ فرمانبردار۔ مطیع۔

پَرُوشِت۔ غیر ملک کو گیا ہوا۔

پَرْوِشْٹ۔ گھسا ہوا۔ اندر گیا ہوا۔ داخل۔

پَرْوِشْٹ۔ مشغول۔

پَرِوِشْٹ۔ گھیرا ہوا۔

پَرْوَکْ۔ گھٹنا۔

پَرْوَکال۔ وہ وقت جو نیک ہو جیسے اماوس وغیرہ۔

پَرُوکْت۔ کہا گیا۔ بولا ہوا۔ مستند۔

پَرُوکش۔ پوشیدہ۔ نادیدہ۔ غائبانہ۔ اوجھل۔ غائب۔

غیر موجود۔ گذشتہ۔ غیبت۔ باطن۔ پس پُشت۔
پیچھے۔ ناقابل احساس۔ عابد۔ زاہد۔ گوشہ نشین۔
پُرُکشِت۔ بھیگا ہوا۔
پُرُکشَک۔ سینچنے والا۔
پُرُوکش گیان۔ علم معرفت۔
پُرُکشن۔ پانی چھڑکنا۔ آب پاشی کرنا سینچنا۔ قربانی کرنا۔
پُرُوگم۔ پیش رو۔ پیشوا۔ اعلیٰ۔
پَرُوَن۔ ڈھالو زمین۔ چوراہا۔
پَرُونچک۔ مکار۔ دغاباز۔
پَرُوَنی۔ / پَرُونی۔ } تیوہار۔ خوشی کا دن۔ اُتسو۔
پَرُوَہ۔ خوشی کا دن۔ تیوہار۔
پُرُوہِت۔ رسومات مذہبی ادا کرنے والا۔ قوم کا بزرگ۔
گھر کا پجاری۔ خاندانی پیر۔
پُرُوہِتائی۔ پجاری کا کام۔ پُروہت کا حق۔
پُرُوہَن۔ آلات نقل و حرکت۔ گاڑی وغیرہ۔
پُرُویا۔ باد مشرقی۔
پَرَوِیٹ۔ (جو) جو مشہور غلط ہے۔
پَرُویدن۔ درد۔ رنج۔ شادی۔
پَرُویر۔ جودھا۔ بہادر۔ دلیر۔ سردار۔
پَرُویش۔ گھسنا۔ اندر جانا۔ داخل ہونا۔ مل جانا۔
پَرُویشٹن۔ چاروں طرف سے گھیرنا۔ محیط کرنا۔ ڈھکنا۔
لپیٹنا۔ لفافہ۔
پَرُویشک۔ گھسنے والا۔ داخل ہونے والا۔

پَرُویشن۔ داخلہ۔ ورود۔ داخل ہونا۔ وارد ہونا۔
پَرُویشنی۔ تعمیر کرنا۔ بسانا۔
پَرُویکشن۔ دور اندیشی۔ دور بینی۔ عاقبت اندیشی۔
پَرُوین۔ ہوشیار۔ چالاک۔ عاقل۔ دانا۔
پَرُوینتا۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ عقلمندی۔ لیاقت۔
پُرَہ۔ معمورہ۔ قصبہ۔
پَرُہ۔ / پَرُوَہ۔ } پُرانا۔ کہنہ۔ بہت زیادہ۔
پَرُہار۔ چوٹ۔ مار۔ ضرب۔ مارنا۔
پَرہار۔ چھوڑنا۔ ہٹانا۔ ترک کرنا۔ لینا۔ چھیننا۔
پَرُہاری۔ مارنے والا۔ ضارب۔ برباد کرنے والا۔ دور
کرنے والا۔ مطیع کرنے والا۔
پَرُہاس۔ زور کی ہنسی۔ قہقہہ۔ نٹ۔ شیوجی کا لقب۔
پَرہاس۔ ہنسی۔ دل لگی۔ مسخرگی۔ مذاق۔ کھیل۔ ٹھٹھا۔
بدنامی۔
پَرہاسیہ۔ ہنسی کے لائق۔ دل لگی کے قابل۔
پَرہِت۔ سایہ کیا ہوا۔ گھیرا ہوا۔ سایہ۔ مخفی۔ پوشیدہ۔
پَرُہر۔ مارنا۔ دن اور رات کے آٹھ برابر حصوں میں
سے ایک حصہ یعنی پہر۔
پَرُہرش۔ / پَرُہرشن۔ } نہایت خوشی۔ بشاشت۔
پَرہرشت۔ خوش۔ مسرور۔ نہایت بشاش۔
پَرُہرشٹ۔ خوشی۔ بشاشت۔
پَرُہرک۔ / پَرُہری۔ } پہرہ دینے والا۔ گھڑیال بجانے والا۔ گھڑیالی۔

پرہرن ۔ پکڑنا ۔ گرفت کرنا ۔ ترک کرنا ۔ جدا کرنا ۔
پرہرنا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑنا ۔ اُٹھا لیجانا ۔ بھاگ جانا ۔
دور کرنا ۔
پرہری ۔ پہرے والا ۔ پاسبان ۔ گھڑیالی ۔
پرہست ۔ لمبے ہاتھ والا ۔ راون کے ایک افسر فوج کا نام
پرہسن ۔ زور کی ہنسی ۔ دل لگی ۔ خوش طبعی ۔ ہجو ۔
پرہسنتی ۔ انگیٹھی ۔ آتشدان ۔
پرہلاد ۔ نہایت خوشی ۔ ہرن کشیپ کے بیٹے کا نام ۔
پرہیلکا ۔ پیچیدہ بات ۔ چیستان ۔ مُعمّہ ۔ پہیلی ۔
پرہین ۔ گھٹا ہوا ۔ محروم کیا ہوا ۔ ترک کیا ہوا ۔
پرے ۔ بُعد ۔ دور ۔ بعید ۔ اُس طرف ۔ اُدھر ۔
پری ۔ پار ۔ اُس طرف ۔ چاروں طرف سے ۔ سب طرح سے ۔
بہت ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ پہلے ۔ پاس ۔ آس پاس ۔
آپس میں ۔ بُرا ۔
پُری ۔ معمورہ ۔ نگر ۔ شہر ۔ بلدہ ۔ قصبہ ۔ جگناتھ پُری ۔
پریُ ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ شوہر ۔ عاشق ۔
پریا ۔ پیاری عورت ۔ زوجہ ۔ معشوقہ ۔ الاچی ۔
پریاپت ۔ پورا ۔ کامل ۔ تمام ۔ کافی ۔ ملا ہوا ۔
پریادرشن ۔ خوش نُما ۔ پسندیدہ ۔
پریاس ۔ کوشش ۔ تردد ۔ محنت ۔ تکلیف ۔ جستجو ۔ تھکاوٹ
پریاکُل ۔ بہت گھبرایا ہوا ۔
پریاکھیہ ۔ اچھی خبر ظاہر کرنا ۔ خوش خبری دینا ۔
پریاگ ۔ بلدان ۔ قربانی ۔ قربانگاہ ۔ بلدان کی جگہ ۔ شہر
الہ آباد کا نام جہاں گنگا اور جمنا دونوں ندیوں کا
ملاپ ہے اور تیسری ندی سرسوتی کا سنگم زمین کے
نیچے مخفی طور پر ہے ۔ اس لئے ۔ اس مقام کو تربینی
کہتے ہیں ۔
پریالوچنا ۔ بچار کرنا ۔ غور کرنا ۔ احتیاط کرنا ۔ ہر طرح
سے دیکھنا ۔ چوکسی کرنا ۔
پریان ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ رحلت ۔ روانگی ۔
کوچ ۔ دھاوا ۔ سفر ۔ موت ۔
پریاورت ۔ واپس آنا ۔ لوٹنا ۔ دوسری زندگی پانا ۔
پریائے ۔ سلسلہ ۔ یکے بعد دیگرے ۔ طرح ۔ موقع ۔ طریق ۔
عرف ۔ ہمنامی ۔ مترادف ۔
پریائے واچک ۔ (واچک) الفاظ مترادفہ ۔
پری بھرم ۔ بھول ۔ غلطی ۔ چوک ۔ خطا ۔
پرییت ۔ پاک ۔ ادب ۔ عاجز ۔ انکسار ۔ کوشش کرنیوالا ۔
پریت ۔ } پیار ۔ محبت ۔ شفقت ۔ مہربانی ۔ دوستی ۔
پریتی ۔ } خواہش ۔ شوق ۔ خوشی ۔ عشق ۔
پریت ۔ مرا ہوا ۔ مردہ ۔ بھوت ۔ پشاچ ۔ شیطان ۔ نجس روح ۔
پریتا ۔ رہٹ ۔ چرخا ۔ چرخی ۔
پریتا ۔ پیار ۔ محبت ۔
پریت آتما ۔ حواس خمسہ کے متعلق ۔
پریتاتما ۔ شوجی کا ایک نام ۔
پریتارتھ ۔ خوشی کے لئے ۔ رضامندی کے لئے ۔
پریت بھاؤ ۔ تناسخ ۔ آواگون ۔
پریتر ۔ عزیزتر ۔ زیادہ محبت ۔
پریت کرم ۔ } کریاکرم ۔ شرادھ ۔
پریت کریا ۔ }
پریت لوک ۔ عالم ارواح ۔

پریتم ۔ } سب سے زیادہ پیارا۔ عاشق۔ شوہر۔ محبوب۔
پیتم ۔ } معشوق۔ آشنا۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔

پریتن ۔ پوری کوشش۔ لگاتار محنت۔ تردد۔ جدوجہد۔ جانفشانی۔

پریتی ۔ بنتی۔ پشاچنی۔

پریتی ۔ محبت۔ پیار۔ دلار۔ خوشی۔ اطمینان۔

پریتی یرتھہ ۔ خوشی کے لئے۔ خوشی کے واسطے۔

پریٹک ۔ مسافر۔ سیاح۔

پریٹن ۔ گھومنا۔ پھرنا۔ سفر کرنا۔ سیر کرنا۔

پریچھا ۔ } (پریکشا) امتحان۔ آزمائش۔ تلاش۔ جانچ۔
پریکھا ۔ } تحقیق۔ استقصا۔

پریچھت ۔ (پریکشت) پرکھا ہوا۔ جانچا ہوا۔ امتحان کیا ہوا۔

پریچھک ۔ (پریکشک) پرکھنے والا۔ امتحان لینے والا۔ ممتحن۔

پریچھن ۔ (پریکشن) آزمائش۔ امتحان۔ جانچ۔

پریدیُس ۔ دوسرا دن۔ کل۔ روز آئندہ۔ فردا۔

پریرت ۔ بھیجا گیا۔ روانہ کیا گیا۔ حکم دیا گیا۔

پریرک ۔ بھیجنے والا۔ تاکید کرنے والا۔ تحریک کرنیوالا۔ محرک۔

پریرن ۔ } روانہ کرنا۔ بھیجنا۔ حکم دینا۔ تاکید کرنا۔ بھڑکانا۔
پریرنا ۔ } التجا۔ تملق۔

پریسی ۔ پیاری (عورت)

پریش ۔ خداوند تعالیٰ۔

پریش ۔ فضلہ۔ گوہ۔ براز۔ غلاظت۔

پریشٹ ۔ باسی۔

پریشٹھ ۔ نہایت پیارا۔ نہایت عزیز۔

پریشن ۔ تحریک کرنا۔ ترغیب دینا۔

پریشیہ ۔ ملازم۔ غلام۔

پریکشا ۔ بخشا گیا۔ عطا کیا گیا۔ قول و قرار۔ عہد۔ مشترکہ

پریکر ۔ کمر پشت۔ نوکر۔ غلام۔ گروہ۔ ساز و سامان۔ تیاری۔

پریکشک ۔ (پریچھک) امتحان لینے والا۔ جانچ کرنیوالا۔

پریکشا ۔ (پریچھا) امتحان۔

پریکشا ۔ دیکھنا۔ غور کرنا۔

پریکشک ۔ دیکھنے والا۔ ناظر۔

پریکشن ۔ تماشا۔ نظارہ۔ دیکھنا۔ آنکھ۔ نظر۔

پریکھا ۔ دیکھو (پریچھا)

پریم ۔ } محبت۔ پیار۔ لاڈ۔ مہربانی۔ عنایت۔ دوستی۔
پریما ۔ } اُنس۔ عشق۔

پریمان ۔ صاحب محبت۔ محب۔ عزیز۔ پیارا۔

پریشیر ۔ عزیز۔ پیارا۔

پریم جل ۔ اشک محبت۔

پریم ساگر ۔ دریائے لطف و کرم۔ بھاگوت کے دسواں اسکندھ کی ہندی زبان کی ایک کتاب کا نام۔

پریم لتا ۔ نام ایک بیل کا جسے عشق پیچاں کہتے ہیں۔

پریمی ۔ محبت کرنے والا۔ چاہنے والا۔ پیار کرنیوالا۔ پیارا۔ دوست۔ محب۔ عاشق۔

پرینام ۔ ارتقا۔ ریولیوشن۔

پرینام وادی ۔ مسئلہ ارتقا کا ماننے والا۔

پَرِہَرَنْ ۔ پکڑنا ۔ گرفت کرنا ۔ ترک کرنا ۔ جدا کرنا ۔
پَرِہَرْنَا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑنا ۔ اُٹھا لیجانا ۔ بھاگ جانا ۔
دور کرنا ۔
پَرْہَرِی ۔ پہرے والا ۔ پاسبان ۔ گھڑیالی ۔
پَرْہَسْت ۔ لمبے ہاتھ والا ۔ راون کے ایک افسر فوج کا نام ۔
پَرْہَسَنْ ۔ زور کی ہنسی ۔ دل لگی ۔ خوش طبعی ۔ ہجو ۔
پَرِہَسْتِیْ ۔ انگیٹھی ۔ آتشدان ۔
پَرْہلَادْ ۔ نہایت خوشی ۔ ہرن کشیپ کے بیٹے کا نام ۔
پَرَہیلِکا ۔ پیچیدہ بات ۔ چیستان ۔ معمہ ۔ پہیلی ۔
پَرِہِینْ ۔ گھٹا ہوا ۔ محروم کیا ہوا ۔ ترک کیا ہوا ۔
پَرے ۔ بعد ۔ دور ۔ بعد ۔ اُس طرف ۔ اُدھر ۔
پَرِی ۔ پار ۔ اُس طرف ۔ چاروں طرف سے ۔ سب طرح سے ۔
بہت ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ پہلے ۔ پاس ۔ آس پاس ۔
آپس میں ۔ برا ۔
پُرِی ۔ معمورہ ۔ نگر ۔ شہر ۔ بلدہ ۔ قصبہ ۔ جگناتھ پوری ۔
پَرِیْ ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ شوہر ۔ عاشق ۔
پَرْیَا ۔ پیاری عورت ۔ زوجہ ۔ معشوقہ ۔ الاچی ۔
پَرْیَاپْت ۔ پورا ۔ کامل ۔ تمام ۔ کافی ۔ ملا ہوا ۔
پَرْیَاوَرْشَنْ ۔ خوش نما ۔ پسندیدہ ۔
پَرْیَاسْ ۔ کوشش ۔ تردد ۔ محنت ۔ تکلیف ۔ جستجو ۔ تھکاوٹ
پَرْیَاکُلْ ۔ بہت گھبرایا ہوا ۔
پَرْیَاکھیَہ ۔ اچھی خبر ظاہر کرنا ۔ خوش خبری دینا ۔
پَرْیَاگْ ۔ بلدان ۔ قربانی ۔ قربانگاہ ۔ بلدان کی جگہ ۔ شہر
الہ آباد کا نام جہاں گنگا اور جمنا دونوں ندیوں کا
ملاپ ہے اور تیسری ندی سرسوتی کا سنگم زمین کے

نیچے مخفی طور پر ہے ۔ اس لئے ۔ اس مقام کو ترَبینی
کہتے ہیں ۔
پَرْیَالوچَنَا ۔ بچار کرنا ۔ غور کرنا ۔ احتیاط کرنا ۔ ہر طرح
سے دیکھنا ۔ چوکسی کرنا ۔
پَرْیَانْ ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ رحلت ۔ روانگی ۔
کوچ ۔ دھاوا ۔ سفر ۔ موت ۔
پَرْیَاوَرْت ۔ واپس آنا ۔ لوٹنا ۔ دوسری زندگی پانا ۔
پَرْیَائے ۔ سلسلہ ۔ یکے بعد دیگرے ۔ طرح ۔ موقع ۔ طریق ۔
عرف ۔ ہمنامی ۔ مترادف ۔
پَرْیَائے بَاچَک ۔ (وَاچَک) الفاظ مترادفہ ۔
پَرِی بَھرَم ۔ بھول ۔ غلطی ۔ چوک ۔ خطا ۔
پَرْیَتْ ۔ پاک ۔ ادب ۔ عاجز ۔ انکسار ۔ کوشش کرنیوالا ۔
پَرِیت ۔ } پیار ۔ محبت ۔ شفقت ۔ مہربانی ۔ دوستی ۔
پَرِیتِی ۔ } خواہش ۔ شوق ۔ خوشی ۔ عشق ۔
پُرِیت ۔ مرا ہوا ۔ مردہ ۔ بھوت ۔ پشاچ ۔ شیطان ۔ نجس روح ۔
پَرْیتَا ۔ رہٹ ۔ چرخا ۔ چرخی ۔
پَرِیتَا ۔ پیار ۔ محبت ۔
پَرْیتْ آشَا ۔ حواس خمسہ کے متعلق ۔
پَرِیتَا تَمَا ۔ شوجی کا ایک نام ۔
پَرِیتَارْتھ ۔ خوشی کے لئے ۔ رضامندی کے لئے ۔
پُرِیتْ بھَاوْ ۔ تناسخ ۔ آواگون ۔
پَرِیتَر ۔ عزیز تر ۔ زیادہ محبت ۔
پُرِیتْ کَرَم ۔ }
پُرِیتْ کِرِیَا ۔ } کریا کرم ۔ شرادھ ۔
پُرِیتْ لوک ۔ عالم ارواح ۔

پریہ تم ۔ } سب سے زیادہ پیارا ۔ عاشق ۔ شوہر ۔ محبوب ۔
پریتم ۔ } معشوق ۔ آشنا ۔ مجازاً خداوند تعالیٰ ۔

پریتن ۔ پوری کوشش ۔ لگاتار محنت ۔ تردد ۔ جدوجہد ۔ جانفشانی ۔

پریتی ۔ بھگتی ۔ پشاچی ۔

پریتی ۔ محبت ۔ پیار ۔ دلار ۔ خوشی ۔ اطمینان ۔

پریتی یرتھ ۔ خوشی کے لئے ۔ خوشی کے واسطے ۔

پریٹک ۔ مسافر ۔ سیاح ۔

پریٹن ۔ گھومنا ۔ پھرنا ۔ سفر کرنا ۔ سیر کرنا ۔

پریچھا ۔ } (پریکشا) امتحان ۔ آزمائش ۔ تلاش ۔ جانچ ۔
پریکھا ۔ } تحقیق ۔ استقصا ۔

پریچھت ۔ (پریکشت) پرکھا ہوا ۔ جانچا ہوا ۔ امتحان کیا ہوا ۔

پریچھک ۔ (پریکشک) پرکھنے والا ۔ امتحان لینے والا ۔ ممتحن ۔

پریچھن ۔ (پریکشن) آزمائش ۔ امتحان ۔ جانچ ۔

پریدیُش ۔ دوسرا دن ۔ کل ۔ روز آئندہ ۔ فردا ۔

پریرت ۔ بھیجا گیا ۔ روانہ کیا گیا ۔ حکم دیا گیا ۔

پریرک ۔ بھیجنے والا ۔ تاکید کرنے والا ۔ تحریک کرنے والا ۔ محرک ۔

پریرن ۔ } روانہ کرنا ۔ بھیجنا ۔ حکم دینا ۔ تاکید کرنا ۔ بھڑکانا ۔
پریرنا ۔ } التجا ۔ تملق ۔

پریشی ۔ پیاری (عورت)

پریش ۔ خداوند تعالیٰ ۔

پریش ۔ فضلہ ۔ گوہ ۔ براز ۔ غلاظت ۔

پریشت ۔ باسی ۔

پریشٹھ ۔ نہایت پیارا ۔ نہایت عزیز ۔

پریکشن ۔ تحریک کرنا ۔ ترغیب دینا ۔

پریشیہ ۔ ملازم ۔ غلام ۔

پریکشا ۔ بخشا گیا ۔ عطا کیا گیا ۔ قول و قرار ۔ عہد ۔ مشترکہ ۔

پری کر ۔ کمر پشت ۔ نوکر ۔ غلام ۔ گروہ ۔ ساز و سامان ۔ تیاری ۔

پریکشک ۔ (پریچھک) امتحان لینے والا ۔ جانچ کرنیوالا ۔

پریکشا ۔ (پریچھا) امتحان ۔

پریکشا ۔ دیکھنا ۔ غور کرنا ۔

پریکشک ۔ دیکھنے والا ۔ ناظر ۔

پریکشن ۔ تماشا ۔ نظارہ ۔ دیکھنا ۔ آنکھ ۔ نظر ۔

پریکھا ۔ دیکھو (پریچھا)

پریم ۔ } محبت ۔ پیار ۔ لاڈ ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ دوستی ۔
پریما ۔ } اُنس عشق ۔

پریمان ۔ صاحب محبت ۔ محب ۔ عزیز ۔ پیارا ۔

پریمیشر ۔ عزیز ۔ پیارا ۔

پریم جل ۔ اشک محبت ۔

پریم ساگر ۔ دریائے لطف و کرم ۔ بھاگوت کے دسواں اسکندھ کی ہندی زبان کی ایک کتاب کا ۔

پریم لتا ۔ نام ایک بیل کا جسے عشق پیچاں کہتے ہیں ۔

پریمی ۔ محبت کرنے والا ۔ چاہنے والا ۔ پیار کرنیوالا ۔ پیارا ۔ دوست ۔ محب ۔ عاشق ۔

پریناام ۔ ارتقا ۔ ریولیوشن ۔

پرینام وادی ۔ مسئلہ ارتقا کا ماننے والا ۔

پرینت ۔ تک ۔ تلک ۔ تا ۔ نزدیک ۔ پاس ۔ بازو بغل ۔
پرین ۔ پالان ۔
پرینک ۔ سیج ۔ پلنگ ۔ یوگ کی ایک طرح کی نشست ۔
پریوا ۔ کبوتر ۔ حمام ۔ پکھ کی پہلی تاریخ ۔
پریو اوی ۔ خوشامدی ۔ خوشامد ۔
پریوار ۔ متعلقین ۔ لواحقین ۔ توابع ۔
پریواہ ۔ سیلاب ۔ طغیانی ۔
پریوجک ۔ کام میں لگانے والا ۔ انتظام کرنے والا ۔
تدبیر کرنے والا ۔ منتظم ۔
پریوجن ۔ ارادہ ۔ منشا ۔ باعث ۔ سبب ۔ وجہ ۔ حاجت ۔
ضرورت ۔ احتیاج ۔ خواہش دلی ۔ مطلب ۔ کام ۔ فائدہ
مدعا ۔ غرض ۔ موقع ۔ کاروبار ۔ تحریک ۔ ارادہ ۔
استعمال ۔
پریوجیہ ۔ اصل سرمایہ ۔ نوکر ۔ غلام ۔
پریوزت ۔ عوض معاوضہ ۔ اولا بدلی
پریوسان ۔ آخر ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔ شامل ہوجانا ۔ درست
معنی قائم کرنا ۔
پریوشت ۔ ایک دن پہلے کا جو تازہ نہ ہو یعنی باسی ۔
پریوگ ۔ کام میں لانا ۔ استعمال کرنا ۔ برتنا ۔ ہموار کرنا
برتاؤ کرنا ۔ مامور کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ ٹھیرانا ۔ لگانا ۔
مثل ۔ نظیر ۔ تمثیل ۔ باعث ۔ سبب ۔ نتیجہ ۔ کام ۔
جو پار ۔ نازک ۔ تھوڑا ۔ عملدرآمد ۔
پریہ ۔ مالک ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ پیارا ۔ دوست ۔ جنوائی ۔
داماد ۔ بھلائی ۔ بہتری ۔ محبت ۔ پیار ۔ حسن ۔
پریہ تم ۔ سب سے زیادہ پیارا ۔

پریہ ورشن ۔ خوبصورت ۔ خوبرو ۔ خوشرو ۔
پریہ وادی ۔ شیریں گفتگو کرنے والا ۔
پڑھن ۔ پڑھنا ۔ خواندگی ۔ قرات ۔
پڑھنت ۔ پڑھنا ۔ خواندگی ۔ سبق ۔ علم ۔ سحر ۔ افسون ۔
منتر ۔ ٹونا ۔ جادو ۔
پرتھوی ۔ دنیا ۔ عالم ۔
پس ۔ باندھنا ۔ چھونا ۔ باندھنے والا ۔ چھونے والا ۔
پشت ۔ نیچا ۔ کم رتبہ ۔ کمینہ ۔ ستو جو مشہور چیز ہے ۔
پستک ۔ کتاب ۔ صحیفہ ۔ پوتھی ۔
پستکاگار ۔ / پستکالیہ ۔ } وہ گھر جس میں کتابوں کا ذخیرہ ہو ۔ کتبخانہ ۔ لائبریری ۔
پش ۔ باندھنا ۔ متھنا ۔ چھونا ۔ باندھنے والا ۔ چھونیوالا ۔
تکلیف ۔ دشمن ۔
پشٹا ۔ پالنا ۔ طاقت ۔ قوت ۔
پشاچ ۔ بھوت ۔ شیطان ۔
پشان ۔ (پاشان) پتھر ۔ سنگ ۔ حجر ۔
پشپ ۔ پھول ۔ گل ۔ آنکھ کی پھلی ۔ پکھراج حیض ۔
پشپ بمان ۔ (ومان) پھولوں کا دمان ۔ کبیر کی رتھ کا نام ۔
پشپت ۔ پھولا ہوا ۔ کھلا ہوا ۔ شگفتہ ۔
پشپ راج ۔ گل گلاب ۔
پشپ راگ ۔ پکھراج ۔
پشپ رس ۔ عرق گل یعنی شہد عسل ۔
پشپ رینو ۔ گرد گل ۔
پشپاک ۔ پھول ۔ گل ۔ آنکھ کی پھلی ۔ کبیر کی رتھ کنگن ۔
انگیٹھی ۔ لوہا ۔ کانسا ۔

پُشپَکْ وِمَانْ ۔ (بِمانْ) کبیر کا ہوائی جہاز ۔

پُشپْ لَاوُ ۔ مالی ۔ باغبان ۔

پُشپْ مَاسْ ۔ بسنت رتُو کے دو مہینے یعنی چیت بیساکھ ۔

پُشپْ وَاٹِکَا ۔ (بَاٹِکا) } پھول باغ ۔ گلزار ۔
پُشپْ وَاٹِی ۔ (بَاٹی)

پُشپْ وَتِی ۔ حیض والی عورت ۔

پُشپُودْیَانْ ۔ پھول باغ ۔ گلزار ۔

پُشٹْ ۔ پالا ہوا ۔ پرورش کیا ہوا ۔

پِشِٹْ ۔ گوشت ۔ لحم ۔

پِشِتَا ۔ گوشت ۔ لحم ۔ خوشبودار تیل ۔

پَشُتَا ۔ حیوانیت ۔

پِشِتَاشَن ۔ گوشت خوار یعنی ۔ راچھس ۔

پُشتَاکْ ۔ ۔ روٹی ۔ پوری ۔

پُشٹْ ۔ پالا ہوا ۔ مدد کیا گیا ۔ تیار ۔ موٹا ۔ فربہ ۔ طاقتور ۔

پِشٹْ ۔ } آٹا ۔ آرد ۔
پِشٹَکْ ۔

پُشٹتَا ۔ موٹائی ۔ زور ۔ تقویت ۔

پُشٹِپْ ۔ دنیا ۔ دُنیا کا ایک حصّہ ۔

پُشٹتَا ۔ مضبوطی ۔ توانائی ۔ موٹاپن ۔

پِشٹَکْ ۔ پکوان ۔

پُشٹی ۔ پالنا ۔ پرورش ۔ ترقی ۔ طاقت دینے والی دوا ۔ جوش پیدا کرنے والی چیز ۔ بیاہ کے متعلق ایک رسم ۔

پُشٹی کَرْ ۔ } طاقت دینے والا ۔ مقوی ۔
پُشٹی کَارَکْ ۔

پَشچَاتْ ۔ پیچھے ۔ پیچھے سے ۔ بعد ۔ اس کے بعد ۔

پَشچَاتَاپْ ۔ افسوس ۔ پچھتاوا ۔

پَشچِمْ ۔ (پچھم) مغرب ۔ مغرب کی جانب ۔ مغرب کا ۔ پیچھے ۔

پَشچِمَا (پچھما) جانب مغرب ۔

پُشکَرْ ۔ پانی ۔ تالاب ۔ گڑھا ۔ تیر ۔ آسمان ۔ ڈھول ۔ کنول ۔ تلوار کی دھار ۔ ہوا ۔ ہاتھی کی سونڈ کا آخر حصّہ ۔ راجہ نل کا چھوٹا بھائی ۔ ایک تیرتھ کا نام جو اجمیر کے قریب ہے ۔ ایک جزیرے کا نام ۔ ڈھول ۔

پُشکَرِنی ۔ چھوٹا تالاب ۔ تال ۔ ہتھنی ۔ کنولوں کی جماعت ۔

پُشکَرِی ۔ ہاتھی ۔ فیل ۔

پُشکَلْ ۔ بہت ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ پورا ۔ تمام ۔ بھرا ۔ آسودہ ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ مشک ۔ ایک پہاڑ ۔

پِشُنْ ۔ بد ۔ بُرا ۔ بدکار ۔ سنگدل ۔ بے رحم ۔ کمینہ ۔ گندہ دہن ۔ احمق ۔ خبر دینے والا ۔ مخبر ۔

پِشُنْ ۔ چغلخور ۔ بدنام ۔ واقف کار ۔ جاسوس ۔ نیچ ۔

پِشَنگْ ۔ بھورا ۔ گندم گوں ۔ سرخی مائل رنگ ۔

پِشُنْ وَچَنْ ۔ (بچن) چغلی ۔ بدنامی ۔

پَشُو ۔ مویشی ۔ چوپایہ ۔ جانور ۔ حیوان مطلق ۔ مجازاً دیوتا ۔

پَشُو پَالْ ۔ } چرواہا ۔ اہیر ۔ گوالا ۔ گوپی ۔
پَشُو پَالَکْ ۔

پَشُو پَالَنْ ۔ گائے اور بیل پالنا اور نگرانی کرنا ۔

پَشُو پَتِی ۔ لقب مہادیو جی کا ۔

پَشُوتَا } جانورپن ۔ احمق ۔
پَشُوتْوَہ

پَشُو تُلْیَہ ۔ حیوان کے برابر ۔

پَشُو رَاجْ ۔ مجازاً شیر ۔ شرزہ ۔

پُشیا۔ قمری آٹھویں مہینے کا نام۔ کلنگ۔

پُشیہ۔ آٹھواں نچھتر۔

پُشیہ تُوہر۔ سنار۔ زرگر۔ چور۔ موت۔

پک۔ کوئل جو ایک مشہور طائر ہے۔ کوئل۔ پپیہا۔

پکانند۔ پک یعنی کوئل کو آنند دینے والا یعنی موسم بہار۔

پک بندھو۔ پک یعنی کوئل۔ بندھو یعنی رشتہ دار یعنی کوئل کا رشتہ دار مجازاً درخت آنب۔

پک بینی۔ کوئل کی سی آواز والی عورت۔ میٹھی بولنے والی عورت۔

پکتی۔ پکنا۔ ہضم ہونا۔ پکانا۔

پکت شول۔ باؤ شول۔

پکشش۔ (پچھ) دو ہفتہ۔ پاکھ۔ آدھا۔ جسم کا آدھا حصہ۔ پاسا۔ پنکھ۔ پر۔ جانب۔ طرف۔ طاقت۔ جسم۔ بازو۔ بغل۔ سمت۔ حمایت۔ پچ۔ جانبدار۔ طرفدار۔ ساتھی۔ جنب لشکر۔ دل۔ ٹولی۔ دوست۔ زلف۔

پکشاگھات۔ پر کا ٹوٹ جانا۔ مجازاً فالج۔

پکشانت۔ پورنما یا اماس۔

پکشانتر۔ دوسری جانب۔

پکشاپات۔ ایک جانب کی خمیدگی۔ طرفداری۔ جانبداری۔

پکشش پاتی۔ طرفدار۔ جانبدار۔

پکشش دوار۔ کھڑکی۔ دریچہ۔

پکشش دھر۔ طرفدار۔ جانبدار۔

پکشک۔ کھڑکی۔ دوست۔ مددگار۔

پکشمہ۔ پلک۔ بھون۔ ابرو۔ نہایت باریک چیز۔

نہایت بخیل۔ شرمندہ۔

پکشش ہین۔ (ہین نفی کا) بے پر۔ بے بازو۔ بے یار۔

پکشی۔ } پکش یعنی پنکھ والا۔ پکھیرو۔ پرندہ۔ طائر۔ تیر۔ بان۔
پکشیہ۔ } حامی۔

پکشی راج۔ پرندوں کا راجہ یعنی گرڑ۔

پکشی شالا۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔ چڑیا گھر۔

پکشییہ۔ طرفدار۔ جانبدار۔

پکوان۔ صرف گھی میں تلی ہوئی کھانے کی چیز جیسے مٹھائی وغیرہ

پکو۔ پکا۔ پکا ہوا۔ تیار کیا ہوا۔ ہوشیار۔ چالاک۔

پک وینی۔ (بینی) پک یعنی کوئل۔ وینی یعنی آواز۔ مجازاً وہ عورت جس کی آواز مثل کوئل کے ہو۔

پکھ۔ (پکشش) آدھا مہینہ۔ طرف۔ حمایت۔ طرفداری

پُکھ۔ (پُش) چاند کی آٹھویں منزل۔

پکھارنا۔ }
پکھالنا۔ } دھونا۔ کھنگالنا۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔

پکھان۔ }
پشان۔ } (پاشان) پتھر۔ حجر۔ سنگ۔

پکھاوج۔ ڈھولک۔ طبلہ۔ مردنگ۔

پکھراج۔ زبرجد۔

پکھڑی۔ پھول پتی۔

پکھوا۔ پہلو۔ بازو۔ گود۔

پکھوارا۔ پندرہ دن۔ آدھا مہینہ۔

پکھیرو۔ پرندہ۔ طائر۔

پگ۔ پیر۔ قدم۔ گام۔ پاؤں۔ پائے۔ رجل۔

پگار۔ گیلی مٹی۔ گارا۔

پَل - گھڑی کا ساٹھواں حصّہ - منٹ - دم - آن - لمحہ - پلک -

پَل -} گوشت - لحم -
پَلَل -}

پَلاش - پلاس کا درخت - پتّہ ہر درخت کا -

پَلاشی - بھوت - لاہ -

پَلایَتا -} بھاگ جانا - فرار ہونا - گریز کرنا -
پَرایَتا -}

پَلانڈ - پیاز - بصل - شلغم - شلجم -

پَلاو - بھوت - جن -

پَلاو - ڈبکی - غوطہ - غرقابی -

پَلایِت - بھاگا ہوا - گریختہ -

پَلایِک - بھگوڑا -

پَلایَمان - بھاگتا ہوا - گریزاں -

پَلایَن - بھاگ جانا - گریز کرنا - بھاگا بھاگ -

پَلِت - عمر رسیدہ - بڑھا - ضعیف - ایک بیماری - پُرانا - کہنہ - مندر - سفید بال -

پُلُت - طویل آواز -

پُلَستی -} برہما کا بیٹا - راون کا دادا - منجملہ سات رشیوں کے ایک رشی -
پُلَستیہ -}

پُلُش - جلن - جلتا - آگ - رنج - گرمی - تباہی -

پُلَک - خوشی وغیرہ کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہو جانا - گدگدی - قشعریرہ - خوش ہونا - خواب آلود -

پُلکاوَلی - خوشی سے رونگٹے کھڑے ہو جانا - گدگدی - قشعریرہ -

پُلَکِت - جس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے ہوں - خوش - بشاش -

پُلِن - ندی وغیرہ کا کنارہ - ندی کے بیچ کا ریتی کا ٹاپو -

پُلِنگ - علامت ذکر - اسم مذکر -

پَلَو - اُچھل کر یا اُڑ کر جانے والے جاندار - مینڈک - بندر - بھیڑ - بگلا - سارس - ساٹھ سالوں میں سے (۳۵) واں سال - مرغا - دشمن - تیرنا - ندی کا کنارہ - ہر قسم کا آبی طائر - آواز - غذا - ناؤ - کشتی -

پَلّو - نئے نکلے ہوئے نازک پتّے - کونپل - انکر -

پَلَو اُڑ - ایک طرح کی ناؤ -

پَلّوِت - پتّوں والا - کشادہ - مشہور -

پَلَوَک -} تیراک - مینڈک - ناچنے والا - نٹ -
پَلَوِیتا -}

پَلَوَگ - بندر - مینڈک - ہرن - واضح ہو کہ تیرنے کودنے اور جست کرنیوالے ہر جاندار کو کہتے ہیں -

پَلوَل - پَروَل - چھوٹا تالاب - ایک ترکاری -

پَلَوَن - اُچھلنا - کودنا - تیرنا -

پَلَوَنگ -} بندر - بوزنہ - ہرن - مینڈک - ساٹھ سالوں میں سے اکتیسواں سال -
پَلَوَنگَم -}

پَلَوِی - پیڑ - درخت -

پَلّی - چھوٹا گاؤں - کھیڑا - جھونپڑی - چھپکلی -

پُلِیت - بھوت - پشاچ -

پَلِیتھَن - سوکھا آٹا جو روٹی پر بیلنے کے وقت لگایا جاتا ہے -

پَلیَنک - پلنگ - کھاٹ -

پُلِیہا - تلی - طحال -

پَلی پُورا۔ ایک قسم کا پکوان۔

پُمِیَنْ۔ کانٹی۔ زمین۔

پُمَانْ۔ آدمی۔ انسان۔ مرد۔ نر۔

پُمْسْ۔ (پُمْسْ) مرد۔ نر۔

پُمْسْتْوَ۔ مردمی۔ بیرج یعنی منی۔

پُمْسْوَانْ۔ صاحب اولاد۔

پُمْ لِنْگْ ۔ } علامت مرد۔ مذکر۔ قضیب۔
پُلِنْگْ ۔

پَنْ ۔ اقرار۔ عہد۔ قول۔ وعدہ۔ شرط۔ بازی۔ قسم
قرار۔ کاروبار۔ لین دین۔ قیمت۔ مول۔ تنخواہ۔
اُجرت۔ کرایہ۔

پُنْ ۔ ثواب کا کام۔ خیرات۔ کار خیر۔ نیکی۔ دھرم۔

پُنَہ ۔ } پھر۔ بھی۔ پیچھے۔ بعد۔
پُنِی ۔

پَنَا۔ پتہ۔ برگ۔ زمرد۔

پِینَا۔ کھلی جو گائے بیل کو کھلائی جاتی ہے۔

پَنَارا۔ } پرنالی۔ موری۔ نالی۔
پَنَاری۔
پَنَالی

پِنَاکْ۔ شیوجی کی کمان جسے سری رامچندر نے توڑا تھا۔
جسے (دھنکو) بھی کہتے ہیں۔

پِنَاکی۔ لقب مہادیوجی کا۔ ایک قسم کی سارنگی۔

پَنْ بَٹَا۔ پان رکھنے کا ڈبہ۔ گلوری دان۔

پَنْ بَنْدھ۔ شرط باندھنا۔ ٹھیکہ لینا۔

پَنْتھ۔ } راستہ۔ راہ۔ طریق۔ طریقہ۔ فرقہ۔ گروہ۔ سبیل۔ دستور۔
پَنْتھا۔ } مذہب۔ ملت۔ روش۔ طور۔ طرح۔ طرز۔ مسلک۔

پَنْتھی۔ مسافر۔ سیاح کسی مرشد یا خاص فرقہ کا پیرو۔

پَنْچ۔ جماعت۔

پَنْج۔ قتل۔ کشت۔ قوت۔ زور۔ چارہ۔ قہر۔

پُنْج۔ پونجی۔ مخزن۔ انبار۔ ذخیرہ۔ مجموعہ۔ جتھا۔ جھنڈ۔

پَنْجَال۔ چراغ کی بتی۔

پَنْجَر۔ پسلی۔ ٹھٹھری۔ پنجرہ۔ قفس۔

پِنْجَر۔ پیلا رنگ۔ لال اور پیلا ملا ہوا رنگ۔ بھورا رنگ۔
پرندوں کا گھر۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔

پِنْجِکَا۔ ملک موت کا رجسٹر۔

پِنْجِکَا۔ روئی کا گالا جس سے سوت کاتا جاتا ہے۔

پِنْجَن۔ دھنکنا۔ روئی دھننا۔ کمان مندف جس سے روئی
صاف کی جاتی ہے۔

پِنْجُوش۔ پٹارا۔ صندوق۔ مور۔

پِنْجُول۔ چراغ کی بتی۔ مشعل۔

پَنْچ۔ پانچ۔ پنج۔ خمس۔ مجلس۔ ثالث بالخیر۔

پَنْچ۔ کسان کی بستی یعنی پنڈ۔ دیہہ۔

پَنْچَاگْنی۔ پانچ قسم کی آگ۔ ایک قسم کا جوگی۔

پَنْچَال۔ ایک قدیم چھتری قوم اور ان کا آباد کیا ہوا ملک
جو گنگا اور جمنا کے بیچ واقع ہے یعنی پنجاب۔

پَنْچَالِکَا۔ کٹھ پتلی۔ گڑیا۔ پنچال راج کی لڑکی دروپدی
کا نام۔

پَنْچَامْرِتْ۔ ایک قسم کی شیرینی جو پانچ چیزوں سے بنتی
ہے یعنی دودھ۔ دہی۔ گھی۔ شہد۔ شکر۔

پَنْچْ اِنْدْرِیَہ۔ }

پنچیندریہ ۔ دیکھو (پنچ اندری)

پنڈ ۔ ہیجڑا ۔ ہینز ۔ مخنث ۔

پنڈ ۔ گول ۔ مدور ۔ گولا ۔ مجازاً جسم ۔ بدن ۔ عالم صغیر ۔ آٹے کا وہ گولا جسے مُردوں کے نام پر بناتے ہیں ۔

پنڈا ۔ وہ شخص جو کسی دیول یا تیرتھ کا خادم ہو ۔ تیرتھ کا پجاری ۔ عاقل ۔ دانا ۔

پنڈا ۔ بدن ۔ جسم ۔ کالبد ۔ آٹے کے وہ گولے جو ہندو شرادھ کے وقت مرے ہوؤں کے نام پر بناتے ہیں ۔ مٹی وغیرہ کا ڈھیلا ۔ ڈوری کا گولا یا گیند ۔

پنڈارا ۔ گڈریوں کی ایک ذات ۔ لٹیرا ۔ ٹھگ ۔

پنڈت ۔ عالم ۔ فاضل ۔ معلم ۔ ہادی ملت ۔ عالموں کا ایک لقب ۔

پنڈت ۔ اکٹھا کیا ہوا ۔ جمع کیا گیا ۔

پنڈتائی ۔ پنڈت کا پیشہ ۔ اوستادی ۔ معلمی ۔ علمیت ۔

پنڈج ۔ ضد (انڈج) جو جسم سے جسم پیدا ہو ۔ جیسے انسان ۔ حیوان وغیرہ ۔

پنڈدان ۔ بزرگوں کو پنڈ دینے کا کرم ۔

پنڈریک ۔ ہاتھی ۔ ایک قسم کا سانپ ۔ شیر ۔ سفید کنول ۔ ایک قسم کا ہمام ۔ سفید چھتری ۔

پنڈریکاکش ۔ کنول جیسی آنکھوں والا ۔ مجازاً سری کرشن ۔

پنڈک ۔ فاختہ ۔ قمری ۔

پُنر ۔ پھر ۔ بار دیگر ۔ دوسرا ۔ دیگر ۔ اور ۔

پنرآگمن ۔ پھر آنا ۔ لوٹنا ۔ بازگشت کرنا ۔

پنرآورتی ۔ دہرانا ۔ دوبارہ کرنا ۔

پنربسو ۔ (دُوسو) ایک نچھتر کا نام ۔

پنربواہ ۔ (دواہ) دوسرا بیاہ ۔ نکاح ثانی ۔

پنربھو ۔ پھر ہونا ۔ مکرر ہونا ۔ دوسری پیدائش ۔ دوسرا جنم ۔ ناخن ۔

پنربھو ۔ دوبارہ بیاہی ہوئی عورت ۔

پنرپی ۔ پھر بھی ۔

پنراتھان ۔ گرے ہوئے کا پھر اٹھنا یا اٹھانا ۔

پنرجنم ۔ مرنے کے بعد دوسرے جسم میں پیدا ہونا

پنرکت ۔ ایک ہی مضمون یا مطلب کو مختلف الفاظ میں ادا کرنا ۔

پنرکتی ۔ پھر کہنا ۔ ایک ہی بات کو دوبار کہنا ۔ اعادہ کرنا ۔

پنروسو ۔ (دبسو) ستائیس نچھتروں میں سے ساتواں نچھتر ایک مُنی ۔ گندھرب ۔

پنسال ۔ / پنسالا ۔ / پنسلا ۔ — وہ مقام جہاں مسافروں کے پینے کے لئے پانی رکھا گیا ہو ۔ آبدارخانہ ۔

پنستو ۔ مردمی ۔ رجولیت ۔

پنس وَن ۔ حمل ٹھیرنے کے بعد کرنے کا ایک سنسکار ۔

پنشوئی ۔ چھوٹی ناؤ ۔

پنشچلی ۔ زن فاحشہ ۔

پنک ۔ چکنی مٹی ۔ کیچڑ ۔ گل ۔ دلدل ۔ گناہ ۔

پنکت ۔ سطر ۔ قطار ۔

پنکتی ۔ سطر ۔ قطار ۔ پنگت ۔ سلسلہ ۔ چار سطروں کی نظم ۔

پنکج ۔ کنول ۔ پدم ۔ نیلوفر ۔

پنک رُہ ۔

پَنگے رُہَ۔ | کنول۔ نیلوفر۔

پَنگ نِدھی۔ سمندر۔ دریا۔

پَنکھَ۔ پر۔ بازو۔ جناح۔

پَنکھڑی۔ پھول کی پتی۔ کلی۔

پَنکھی۔ پردار۔ پرندہ۔ طائر۔ چھوٹا پنکھا۔

پَنّگ۔ سانپ۔ مار۔

پُنگ۔ سُپیاری۔

پِنگ۔ } پیلا۔ زرد۔ ساٹھ سالوں میں سے ایک سال۔
پِنگَل۔

پِنگا۔ دُبلا۔ نازک۔ نرم۔

پِنگاری۔ } گرڈ۔ بشن جی کی سواری۔
پِنگاشَن۔

پَنگت۔ قطار۔ سطر۔ سلسلہ۔ صف۔ پانتی پنکتی۔ لائن۔

پِنگل۔ سفید رنگ کا گھوڑا۔

پِنگل۔ ایک پرندے کا نام جو سانپ کی شکل کا ہوتا ہے۔
علم عروض۔ علم عروض کا ایک مصنف۔ گندمی رنگ۔
پیلا رنگ۔ چراغ کی لو۔ ہرن۔ چمگادڑ۔ خفاش۔
آفتاب۔

پِنگلا۔ ٹیڑھے پیر والا۔ لنگڑا۔ لولا۔ بے دست و پا۔

پِنگلا۔ دائیں جانب کی ایک نبض کا نام۔ بھرتر ہری
کی زوجہ کا نام۔ ایک طوائف کا نام۔

پِنگو۔ لنگڑا۔ لولا۔ لنگ۔

پُنگو۔ بیل۔ واضح ہو کہ یہ کسی دوسرے لفظ کے بعد آتا
ہے تو اس کے معنی اعلیٰ اور برتر کے ہوتے ہیں۔
جیسے۔ (نر پنگو) یعنی انسانوں میں اعلیٰ۔

پَنگھٹ۔ پانی بھرنے کی جگہ یعنی گھاٹ۔

پُنگی پھل۔ } سپیاری۔ ڈلی۔
پُوگی پھل۔

پَنَن۔ بیچنا۔ فروخت کرنا۔ دوکان چلانا۔

پَنّگ۔ سانپ۔ مار۔

پَنَو۔ چھوٹا ڈھول۔

پَنّوارا۔ پتوں کا بنا ہوا پتل جس میں کھانا وغیرہ رکھکر
کھاتے ہیں۔

پَنّواری۔ } پان کے درختوں کا باغ۔ پان بیچنے والا تنبولی۔
پَنّواڑی۔

پَنہاری۔ } پانی بھرنیوالی۔
پَنہارن۔

پُنہہ۔ پھر۔ بار دیگر۔ مکرر۔ دوبارہ۔

پُنہہ پُنہہ۔ بار بار۔ پھر پھر۔ مکرر سکرر۔

پَنہی۔ جوتا۔ جوتی۔ پاپوش کفش نعلین۔

پِنّی۔ چانولوں کا لڈو۔

پَنیا۔ پانی۔ آب۔ پانی کا۔ آبی۔

پُنیا تما۔ نیک نہاد۔ نیک نفس۔ سخی۔ فیاض۔ دیندار۔

پُنیا رتھ۔ دیکھو (دھرمارتھ)

پِنیاک۔ ہینگ۔ انگوزہ۔

پَنیانا۔ پانی دینا۔ سینچنا۔

پُنیاہ۔ نیک دن۔ یوم سعید۔

پُنیاہ واچن۔ کارہائے نیک میں لفظ (پُنیاہ) تین بار کہنا۔

پُنیائی۔ نیکی۔ ثواب۔ احسان۔

پَنیت۔ بیچا ہوا۔ فروخت کیا ہوا۔ تعریف کیا ہوا۔

پُنیت۔ صاف۔ شفاف۔ پاک۔ خالص۔ بے عیب ستھرا
پَنیہ ۔ فروخت کے قابل لین دین کے لائق۔ بیچنے کی چیز
لائق ستائش۔ باجب۔
پُنیہ ۔ پاک کام۔ نیک کام۔ اچھا کام۔ کار خیر۔ کار ثواب۔
پَنیہ ستری۔ بازاری عورت۔ کسبن۔
پُنیہ بھومی۔ متبرک جگہ۔ تیرتھ کا مقام۔ کنایتاً ہندوستان۔
پُنیہ جن۔ نیک خو۔ نیک مرد۔
پُنیہ جنک۔ نیک نفس۔ نیک نہاد۔
پُنیہ ستھان۔ متبرک جگہ۔ تیرتھ کا مقام۔
پُنیہ سیل۔ جس کی طبیعت ہمیشہ کار ہائے نیک کی جانب
مائل ہو۔ نیک خو۔
پَنیہ شالا۔ بازار۔ دوکان۔ ہاٹ۔
پُنیہ شلوک۔ جس کی نیکنامی مشہور ہو۔
پُنیہ شیل۔ دھرمی۔ مخیر۔
پُنیہ کرت۔ نیک نہاد۔ نیک خو۔
پُنیہ کرمہ۔ فعل نیک۔ کار ثواب۔
پُنیہ کشیتر۔ (چھیتر) وہ مقام جہاں جانے سے ثواب
پُنیہ وان۔ } نیک نہاد۔ مخیر۔ پارسا۔
پُنیہ ونت۔ }
پُو۔ گوبر۔ ہوا۔ باد۔
پَوارنا۔ پھینکنا۔ ڈالنا۔ بھیجنا۔
پُوال۔ پیال۔ پرال۔ گھاس پات۔ تنکا۔ کھر۔
پُوت۔ پاک۔ متبرک۔
پوت۔ پینا۔ نوش کرنا۔
پوت۔ } بچہ۔ طفل۔
توک۔ }

پُوت۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ بچہ۔ طفل۔ لڑکا۔
پُوت } پوتر۔ صاف۔ پاک۔ سچائی۔ صفائی۔ ستلہ۔
پُنیت۔ }
پُوتاتما۔ جس کا دل صاف و پاک ہو۔ پارسا۔
پَوتائی۔ پاکی۔ صفائی۔ پاکیزگی۔
پَوتر۔ (پَوِتر) پاک۔ صاف۔ بے عیب۔ بے گناہ۔
جنیو۔ زنار۔ تانبا۔ پانی۔
پَوتر۔ بیٹے کا بیٹا یعنی پوترا۔
پَوترت۔ (پَوِترت) پاک کیا ہوا۔ صاف کیا ہوا۔
پَوترتا۔ (پَوِترتا) پاکیزگی۔ پاکی۔ صفائی۔
پَوترک۔ بیٹے یا پوتے کے متعلق۔
پَوتری۔ (پَوِتری) کُش نامی گھاس یا سونا چاندی۔ اور
تانبا ان تینوں دھاتوں سے بنی ہوئی انگوٹھی جسے
کریا کرم اور پوجا کے وقت پہنتے ہیں۔
پَوتری۔ بیٹے کی بیٹی یعنی پوتری۔
پُوتک۔ بالک۔ بچہ۔ طفل۔
پُوتلا۔ } پتلا۔ مورت۔ آنکھ کی پتلی۔
پُوتلی۔ }
پُوتنا۔ ایک راچھس کا نام جسے سری کرشن نے مار ڈالا۔
پُوشنا۔ لینا۔ لیپنا۔
پُوتھ۔ جہاز۔ بچہ۔
پُوتھا۔ بڑی کتاب۔
پُوتھی۔ پستک۔ کتاب۔ پوتھی۔ صحیفہ۔
پُوتی۔ پاکی۔ طہارت۔ صفائی۔ مہک۔
پُوتیا۔ غسل کے وقت پہننے کا کپڑا۔ جنگلی لوگوں کے سر پر

باندھنے کا کپڑا۔ ایک کھلونے کا نام۔

پُوٹ۔ گانٹھ۔ گٹھڑی۔

پُوٹھ۔ کُولا۔ پوٹر۔ پُٹھا۔

پُوج۔ لائق پرستش۔ لائق تعظیم۔ لائق عبادت۔

پُوجا۔ پرستش۔ عبادت۔ عزت۔ احترام۔

پُوجارہ۔ پرستش کے قابل۔

پُوجاری۔ دیوتاؤں کی پرستش کرنے والا۔ پرستار۔ عابد۔

پُوجیت۔ پوجا گیا۔ خدمت کیا گیا۔ مقبول۔ معزز۔

پُوجَک۔ دیکھو (پوجاری)

پُوجمان۔ } قابل پرستش۔ لائق عبادت۔ واجب التعظیم
پُوجیہ مان۔ } مکرم۔ معزز۔

پُوجَن۔ پوجا کا کام۔ پرستش۔ عبادت۔ عزت۔

پُوجنا۔ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا۔ عبادت کرنا۔ پورا ہونا۔

پُوجنیہ۔ }
پُوجمان۔ } پوجنے کے قابل۔ پرستش کے لائق۔

پُوجیہ۔ قابل پرستش۔ لائق عبادت۔ واجب التعظیم۔
لائق عزت۔ مکرم۔ سُسرا۔

پُوجیہ پاد۔ قابل پرستش قدوم۔

پُوجیہ مان۔ جس کی پوجا یعنی عبادت کی جا رہی ہو۔

پُوچھ۔ دُم۔ ذنب۔

پُودھا۔ نیا پیڑ۔

پُوڈھا۔ }
پُوڈھا۔ } طاقتور۔ مضبوط۔ بالغ۔

پُور۔ شہری۔

پُور۔ بڑا دروازہ۔ پھاٹک۔

پُور۔ روانی آب

پُوران۔ قدیم۔

پُورانِک۔ پُرانوں کا جاننے والا۔ قدیم مذہب کا ماننے والا۔

پُورانِک۔ متعلق بہ (پُران)

پُوراُوکت۔ پہلے کہا ہوا جس کا ذکر پہلے آچکا ہو۔ مذکور۔

پُورب۔ دیکھو (پُوروا) مشرق۔ مشرقی سمت کا۔ پہلا پہلے
آگے۔ اگلا۔ اگلے۔ سابق۔ ابتدا۔ اول۔ قدیم۔ قبل۔
پیشتر۔ پچھلا۔

پُورباسی۔ دیکھو (پُورواسی)

پُوربج۔ دیکھو (پُوروج)

پُورب جنم۔ (پُوروجنم) پہلا جنم۔ پیدائش اولی۔

پُورب دت۔ (پُوروَوَت) ازلی۔

پُوربک۔ (پُوروک) پہلا۔ اگلا۔ سابقہ۔ مقدم۔
قدیم۔ سلف

پُورب کرت۔ (پُوروکرت) اگلے جنموں کی نیکی یا
بدی کا ثمرہ یعنی نتیجہ۔

پُورب میمانسا۔ (پُورومیمانسا) ویدوں کا علمی حصہ۔
ویدوں کا کرم کانڈ۔

پُوربی۔ (یائے نسبتی) ہر وہ چیز جو پورب یعنی (مشرق)
سے منسوب ہو۔ ایک راگ کا نام جو مغرب سے
پہلے گایا جاتا ہے۔ پہلا۔ ابتدا کا۔

پُوربیا۔ پورب یعنی مشرق کی جانب رہنے والا۔

پُورت۔ کارہائے رفاہ عام یعنی کنوئیں۔ مسافر خانے
وغیرہ بنانا۔ ڈھکا ہوا۔ بھرا ہوا۔ پورا۔ تمام۔
انجام۔

پُورنٹ وِبھاگ ۔ محکمۂ تعمیرات ۔

پُورتی ۔ بھرا ہوا ۔ تمام ۔ پورا ۔ آخر ۔ ختم ۔ انجام ۔

پُورُش ۔ مردانگی ۔ جوانمردی ۔ بہادری ۔ ہمت ۔

پُورَک ۔ پورا کرنے والا ۔ بھرنیوالا ۔ ہوا یعنی (سانس) کو اندر کھینچنے والا ۔ (حبس دم کا ایک طریقہ)

پَورُکھ ۔ دیکھو (پَورُش)

پُورَن ۔ پورا ۔ سارا ۔ سب ۔ تمام ۔ کُل ۔ سالم ۔ بھرا ہوا ۔ بھرپور ۔ لبریز ۔ انجام ۔ ٹھیک ۔ پکا ۔ ہرجا حاضر ۔

پُورنا ہُت ۔ }
پُورنا ہُتی ۔ } ہوم ختم ہونیکے بعد کی ایک رسم ۔

پُورَن بَرَہمہ ۔ پُرا ز وحدانیت یا مالکیت ۔

پُورَن بھُوت ۔ جسے گزر کر دیر ہوئی ہو ۔

پُورَن پاتر ۔ چانولوں سے بھرا ہوا خیرات کا برتن ۔

پُورَن پولی ۔ ایک قسم کی روٹی جس کے اندر شکر اور چنا وغیرہ رکھکر تلتے ہیں ۔

پُورن تا ۔ پورا ہونا ۔ بھرپور ہونا ۔

پُورَن چندر ۔ ماہ کامل ۔ بدر کامل ۔

پُورَن کُمبھ ۔ پانی سے بھرا ہوا گھڑا ۔

پُورنما ۔ }
پُورنماس ۔ } وہ تاریخ جس دن چاند کامل طور پر نمودار ہوتا ہے ۔ بدر کامل ۔

پُورنَ ماس ۔ }
پُورنَ ماسیہ ۔ } ایک جگیہ کا نام جو بدر کامل کے روز کیا جاتا ہے ۔

پُورنَ ماسی ۔ دیکھو (پُورنما)

پُورنیہ ۔ پورا ہونیکے قابل ۔

پُورو ۔ (پُورَب) مغرب (سمت)

پُورو ۔ پہلے کا ۔ گزشتہ ۔

پُورَو ۔ پُرو مہاراج کی اولاد ۔

پُوروا ۔ گاؤں ۔ موضع ۔

پُوروَاپَر ۔ آگے پیچھے ۔

پُوروارُدھ ۔ پہلا یا پچھلا نصف حصہ ۔

پُوروا شادھ ۔ چاند کی بیسویں منزل ۔

پُوروا وستھا ۔ پہلی حالت ۔

پُوروَاہ ۔ دن کا پہلا نصف حصہ ۔

پُورَواہن ۔ دن کا پہلا حصہ ۔

پُورَوپتا مَہ ۔ پردادا ۔

پُورَوپچھ ۔ دیکھو (پُورَوپکش)

پُورَوپُرش ۔ اپنے بزرگ لوگ جیسے باپ دادا وغیرہ ۔

پُورَوپکش ۔ تردید ۔ مدعی کی بحث ۔

پُورَوَج }
پُورَوجنما ۔ } وہ جو پہلے پیدا ہو ۔ بڑا بھائی ۔ مشرق ۔

پُوروجا ۔ بڑی بہن ۔

پُورَوجن ۔ گزشتہ لوگ ۔ اگلے زمانے والے ۔

پُورَوجنم ۔ پچھلا جنم ۔

پُوروَک ۔ باپ دادا ۔ آبا و اجداد ۔

پُورَوَنِردِشٹ ۔ قسمت ۔ تقدیر ۔

پُورَوَواد ۔ نالش ۔ دعوے ۔

پُورَوَوادی ۔ }
پُورَوویدک ۔ } مدعی ۔

پُورَوَوت ۔ پہلے کی طرح ۔

پُورُوتر ۔ شمال و مشرق ۔

پُورْوَوَرْتیِ۔ پہلے کا۔ جو پہلے سے رہ چکا ہو۔

پُورْوَہ۔ پُورب کی جانب کا۔ پہلے۔ آگے۔ اول۔

پَوْرِیْ۔ دروازہ۔ پھاٹک۔ ڈیوڑھی۔

پَوْرِیاَ۔ دربان۔ پاسبان۔

پَوْڑھا۔ مضبوط۔ طاقتور۔

پَوْڑھائی۔ طاقت۔ مضبوطی۔ چوڑائی۔ عرض۔

پُوشْ۔ ہندی سال کا دسواں مہینہ یعنی پُشیہ ماس۔

پُوشْ۔ پالنا۔ پرورش کرنا۔ حفاظت کرنا۔

پُوشِت۔ پالا ہوا۔ پروردہ۔

پُوشْتاَ۔ پرورش کرنے والا۔

پَوْشْٹِک۔ قوت دینے والی دوا یا غذا۔ مقوی۔

پُوشَک۔ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ حامی۔ مربی۔

پُوشْنْ۔ سورج۔ آفتاب۔

پُوشَنْ۔ پالن۔ پرورش۔ تربیت۔ حفاظت۔

پُوشَنِیَہ۔ پالنے کے قابل۔ پرورش کرنے کے لائق۔

پُوشْیَہ۔ جو قابل پرورش ہو۔

پُوشْیَہ پُتْر۔ پالا ہوا لڑکا۔ متبنیٰ لڑکا۔ لے پالک۔

پُوشْیَہ وَرْگ۔ قابل پرورش اشخاص یعنی ماں۔ باپ۔ بیٹا
بیٹی۔ زوجہ۔ ملازم وغیرہ۔

پُوکھر۔ / پُوکھرا۔ } (پُشکر) بڑا تالاب۔ تال۔ جھیل۔

پُوگ۔ سپاری کا درخت اور اس کا پھل۔ ذخیرہ۔ ڈھیر۔ گروہ

پَوگَنْڈ۔ نامرد۔ ہیجڑا۔ سولہ سال کی عمر۔

پُوگی پھل۔ سپاری۔

پَوْمانْ۔ ہوا۔ باد۔ صبا۔

پَوَنْ۔ ہوا۔ باد۔ صبا۔ اناج کا پسانا۔

پَوَنْ۔ مرد۔ آدمی۔

پَوَنا۔ جھرنا۔ جھرنی۔ چھلنی۔

پَوَناسْتر۔ ایک طرح کا ہتھیار جس کے چلانے سے تیز
ہوا پیدا ہوتی تھی۔

پَوَناشْ۔ / پَوَناشَنْ۔ } بادخوار یعنی سانپ۔ مار۔

پَوَناتَنْ۔ کھڑکی۔ جھروکا۔ دریچہ۔ روشندان۔

پَوَنْ پُتْر۔ / پَوَنْ تَنَیَہ۔ / پَوَنْ کُمار۔ } (پون یعنی ہوا۔ پتر یعنی بیٹا) ہوا کا بیٹا۔ لقب ہنومان جی کا۔

پُوچھ۔ / پُچھ۔ } دُم۔ ذنب۔

پُونْڈرِیک۔ ایک جگہ کا نام۔

پَوڈھنا۔ سونا۔ لیٹنا۔ آرام کرنا۔

پَوَنْ سُت۔ دیکھو (پَوَنْ پُتْر)

پُونو۔ / پُورنِیا۔ / پُونَوْ۔ } ہندی مہینے کی درمیانی تاریخ یعنی پورن ماسی۔

پَوْہ۔ بھور۔ تڑکا۔ صبح۔

پَوِی۔ اندر کا ہتھیار۔ ہیرا۔

پُویَہ۔ پیپ۔ ریم۔ قیح۔

پھ۔ ہندی اور سنسکرت حروف تہجی کا (۲۲) واں حرف۔

پھانْسْ ۔ پھانسی ۔ پھندا ۔ جال ۔ دام ۔ بیڑی ۔ زنجیر ۔
طوق ۔ گانٹھ ۔ وہ رسّی جس سے پالتو جانور باندھیں ۔
ایک آلۂ حرب کا نام ۔

پھاگْ ۔ پھاگن کے مہینے میں ہونے والا ایک تیوہار ۔
دھولی (ہولی) جس میں لوگ ایک دوسرے پر رنگ یا گلال
ڈالتے اور بسنت رُت کا گیت گاتے ہیں ۔

پھاگُنْ ۔ دیکھو (پھالگن)

پھالْ ۔ لوہے کی وہ چیز جسے ہل کے نیچے لگاتے اور
زمین جوتتے ہیں ۔

پھالْگُنْ ۔ ایک قمری مہینے کا نام جو ماگھ کے ختم ہونے پر شروع
ہوتا ہے یعنی پھاگن ۔ واضح ہو کہ اس مہینے کی پورنما
کی رات کو ہولی جلائی جاتی ہے ۔

پھالْگُنی ۔ پھالگن مہینے کی پورنما ۔ ایک نچھتر کا نام ۔

پھاوَلہ ۔ پھاوڑہ ۔ کُلند ۔

پھَٹْ ۔ نادر ۔ عجیب ۔ الگ ۔ جدا ۔ شاق ۔

پھِٹَکْ ۔ دیکھو (اسپھٹک) بلور ۔ جو مشہور پتھر ہے ۔

پھٹکر ۔ عجیب ۔ نادر ۔ جدا ۔ علیحدہ ۔

پھٹکی ۔ عجیب ۔ نادر ۔

پہر ۔ پاس یعنی تین ساعت ۔

پھِر ۔ پھَلْ ۔ سپر

پھِر پھَنْدْ ۔ مکر ۔ حیلہ ۔ کید ۔ فریب ۔ چھل ۔ کپٹ ۔ دھوکا ۔

پھُرْتْ ۔ پھرتی ۔ جلدی ۔ تیزی ۔ چالاکی ۔

پھرسا ۔ کلہاڑی ۔ تبر ۔ تیشہ ۔ کدال ۔

پہرنا ۔ کپڑا پہننا ۔ کپڑا اوڑھنا ۔

پھرہاری ۔ رونگٹے کھڑے ہو جانا ۔

پھری ۔ ڈھال ۔ سپر ۔

پہریا ۔ } چوکیدار ۔ پاسبان ۔ محافظ ۔
پہروا ۔ }
پہرو ۔ }

پہڑنا ۔ لیٹنا ۔ سونا ۔ آرام کرنا ۔

پُہکر ۔ دیکھو (پشکر)

پھکا ۔ فریب ۔ مکر ۔ کپٹ ۔ دھوکا ۔ دلیلِ باطل ۔

پھگوا ۔ ہولی کا تیوہار ۔

پھُلْ ۔ پھلنا ۔ شگفتہ ہونا ۔ خوش ہونا ۔ گلدار درخت ۔

پھَلْ ۔ } ثمر ۔ میوہ ۔ نتیجہ ۔ فائدہ ۔ حاصل ۔ مطلب ۔ اولاد ۔
پھلم ۔ } تیر ۔ تلوار ۔ مکافات ۔ جزا ۔ واضح ہو کہ یہ چار ہیں ۔
(۱) ارتھ ۔ (۲) دھرم ۔ (۳) کام ۔ (۴) موکش ۔

پھلاپھل ۔ اچھا اور برا پھل ۔ نیک و بد نتیجہ ۔

پھلاشش ۔ مطلب ۔ نتیجہ ۔

پھلاہار ۔ پھل کھا کر روزہ رکھنا ۔ ماکولات ثمریہ ۔

پھل پراپتی ۔ مطلب دلی حاصل ہونا ۔

پھل پھلاری ۔ طرح طرح کے پھل ۔

پھلیت ۔ پھلا ہوا ۔ پورا ۔ پھلدار ۔ پیداوار ۔ بارور ۔
ثمر ۔ فائدہ ۔ نتیجہ ۔ حاصل ۔ انجام ۔ جوتش کا ایک حصہ ۔

پھلتہ ۔ اس لئے ۔

پھل جنک ۔ } پھل دینے والا ۔ درخت ۔
پھلد ۔ }
پھل داتا ۔ }

پھلدان ۔ اُسے کہتے ہیں جو بیاہ کے پہلے کوئی شخص اپنی
لڑکی کا بیاہ کسی کے لڑکے کے ساتھ کرنا منظور کرتا ہے ۔

توڑکی والے روپیہ وغیرہ نیک ساعت میں دولہا کے
گھر بھیجتے ہیں۔ اس رسم کے بعد بیاہ کا قرارداد ہونا مانا جاتا
ہے۔ اس رسم کو (وَرْدَکْشا) بھی کہتے ہیں۔
پھَل دَایک۔ مراد پوری کرنیوالا۔ نفع بخش۔
پھَلشْرُتی۔ وہ بات جس میں کسی فعل کے نتیجے کا ذکر ہو اور جسے
سُنکر لوگ اُسکے کرنے پر آمادہ ہوں۔
پھَلَک۔ ڈھال۔ سپر۔ تختہ۔ بُنیاد۔ سطح۔
پھَل کوشَک۔ خصیہ۔ فوطہ۔
پھَلگ۔ نتار۔ ایک ندی کا نام۔
پھَلگُن۔ دیکھو (پھالگُن)
پھَلگو۔ ایک ندی کا نام جسکے کنارے (گیا) شہر آباد ہے۔ ایک
قسم کا انجیر کا درخت۔ گُلال۔
پھَل مُول۔ پھل اور جڑ۔
پھَلَن۔ پیداوار۔ حاصلات۔
پھَلَنْتا۔ بارور۔ ثمردار۔
پھُلواری۔ چھوٹا باغ۔ باغیچہ۔ گلزار۔
پھَلوان۔ پھل والا۔ بارور۔ ثمردار۔
پھَلی تارتھ۔ نتیجہ۔
پھَن۔ سانپ کا پھیلا ہوا سر۔
پھَنک۔ } سانپ۔ مار۔
پھَن دَھر۔ }
پھَنِن۔ پھندار سانپ۔
پھُننگ۔ درخت کی چوٹی۔
پھَنی۔ (یائے نسبتی) پھندار یعنی سانپ۔ پکڑ۔ پھانا
پھُوہڑ۔ نالائق۔ احمق۔

پھیرو۔ شغال۔ گیدڑ۔
پھین۔ } کف دریا۔ جھاگ۔ زبد۔
پھینا۔ }
پَینڈ۔ پاؤں۔ قدم۔ ڈگ۔ اونچان۔ اونچی زمین۔
پَینڈا۔ راستہ۔ راہ۔ سڑک۔
پھینل۔ پھین والا یعنی جس میں کف ہو۔ ریٹھا۔
پی۔ عاشق۔ معشوق۔ پیارا۔ محبوب۔ شوہر۔ مالک۔
پَی۔ اوپر۔ پر۔ مگر۔ لیکن۔ دودھ۔ پانی۔
پیا۔ پیارا۔ محبوب۔ عاشق۔ شوہر۔ خاوند۔ مالک۔
پیال۔ پرال۔ کاہ۔ تنکا۔ کھڑ۔
پیان۔ (پرَیان) کوچ۔ روانگی۔ نہضت۔
پیت۔ پیا ہوا۔ نوش کیا ہوا۔ پیلا۔ زرد رنگ۔ اصفر۔
محبت۔ پیار۔ مہربانی۔ دوستی۔
پیتا۔ ہلدی۔ زردچوب۔
پیتامبر۔ زرد رنگ کا ریشمی کپڑا یا دھوتی۔ جس کے کپڑے
زرد رنگ کے ہوں۔ سری کرشن جی کا لقب۔
پیت بَرن۔ (وَرَن) زرد رنگ۔
پیترس۔ کسیرو۔
پَیتْرک۔ آبائی جائداد۔ موروثی جائداد۔
پیتکند۔ گاجر۔ گزر۔
پیتلوہ۔ پیتل۔
پیتم۔ (پریتم) بہت عزیز خاص۔ نہایت محبت
کرنیوالا شوہر۔ پیارا۔
پیت مَن۔ کھراج۔
پیتن۔ زعفران۔

پِیتی ۔ پیار ۔ محبت ۔

پِیٹکا ۔ پٹارا ۔ پیٹی ۔ صندوق ۔ ڈبہ ۔

پِیٹھ ۔
پِیٹھک ۔ } چوکی ۔ تختہ ۔ تخت ۔

پِیٹھکا ۔ دیباچہ ۔

پِیٹھنا ۔ اندر گھسنا ۔

پِیچ ۔ عہد ۔ قول ۔

پِیچا ۔
پِیچک ۔ } اُلّو ۔ چغد ۔ بوم ۔

پِیڈ ۔
پِیڈا ۔ } دُکھ ۔ درد ۔ رنج ۔ آفت ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

پِیڈن ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

پِیڈت ۔ دُکھیا ۔ دُکھی ۔ مصیبت زدہ ۔ رنجور ۔ دردمند ۔ بیمار ۔

پِیڈک ۔ تکلیف دینے والا ۔

پِیڈی ۔ سیڑھی ۔ زینہ ۔ نردبان ۔

پِیر ۔ پیڈا ۔ تکلیف ۔ درد ۔ دُکھ ۔

پِیرو ۔ سمندر ۔ سورج ۔

پَیشاچ ۔ متعلق بہ پشاچ ۔ آٹھ قسم کی شادیوں میں سے ایک قسم جو بالکل ناقص مانی گئی ہے ۔

پَیشونی ۔ ندی ۔ رود ۔ دودھیل گائے ۔ بھیڑی ۔ بکری ۔

پیش ۔ خوبصورت ۔ نازک ۔ چالاک ۔ صاف ۔ دلربا ۔ روشن ۔ قادر ۔

پِیشا ۔
پِیشکا ۔ } انڈا ۔ بیضہ ۔

پَیشاچ وواہ ۔ آٹھ قسم کی شادیوں میں سے ایک جس میں دولہا بحالت بے خبری ۔ دلہن کو اڑا لے جا کر شادی کر لیتا ہے ۔ مگر اس قسم کی شادی مطلق ناقص مانی جاتی ہے ۔

پیشک ۔ پیسنے والا ۔

پیشن ۔ پیسنا ۔

پیشنی ۔ چکی ۔ آسیا ۔

پیکشنا ۔ دیکھو (پرکشنا)

پیکھنا ۔ دیکھنا ۔ کھیل ۔ سوانگ ۔

پیلام ۔ ایک طرح کا ریشمی کپڑا ۔

پیم ۔ (پریم) پیار ۔ محبت ۔

پین ۔ موٹا ۔ بھرا ہوا ۔

پیہن ۔ نانی ۔ نانا ۔

پَیپا ۔ تیز ۔ تیز کانٹا ۔ آر ۔ آنکس ۔ چابک ۔

پینٹھ ۔ بازار ۔ ہاٹ ۔ منڈی ۔

پینگ ۔ جھولے کی رسی ۔ جھولے کا ہلنا ۔

پیینی ۔ کلہاڑی ۔ تبر ۔

پیو ۔ پیارا ۔ دوست ۔ محبوب ۔ عاشق ۔ معشوق ۔ شوہر ۔

پیوؤ ۔ بادل ۔ ابر ۔

پیودھر ۔ چوچی ۔ پستان ۔ ابر ۔ بادل ۔ ناریل ۔ نیشکر ۔ پہاڑ ۔ ہر شیردار درخت ۔

پیودھی ۔
پیوندھی ۔ } سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔

پیوٹ ۔ موٹا ۔ بھاری ۔

پیوش
پیُوش ۔ } امرت ۔ آب حیات ۔ دودھ ۔ پیوی ۔ غلہ ۔

پیُوکھَ ۔ دیکھو (پیُوش)
پیُوورَت ۔ صرف دودھ پیکر گزران کرنا۔
پیہ ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ عاشق ۔ خاوند ۔ مالک ۔
پی ہر ۔ بیاہی عورتوں کے ماں باپ کا گھر ۔ میکا۔
پیہ ندھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر۔
پیہہ ۔ پانی ۔ آب ۔ دودھ ۔ شیر۔
پییو ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ محب ۔ عاشق ۔ شوہر ۔ مالک ۔
پییہ ۔ پینے کے قابل ۔ پینے کی چیز ۔ پانی ۔ دودھ ۔

ت

تَ ۔ سنسکرت اور ہندی حروف تہجی کا (۳۲) واں حرف ہے ۔ چور ۔ دم ۔ تن ۔ ثواب ۔ جھوٹ ۔ تیز ۔ خمیدہ ۔ تیرنا۔
تا ۔ یہ لفظ اسم اور صفت کے آگے لگایا جاتا ہے ۔ جیسے اُتم ۔ اُتمتا ۔ شترو ۔ شتروتا ۔ وغیرہ۔
تاپ ۔ تپ ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ بخار ۔ جلن ۔ سوزش ۔ تپش ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ فکر ۔ آفت ۔ رنج دلی ۔ شہوت ۔
تاپِت ۔ جو تپایا گیا ہو ۔ پریشان ۔ مغموم ۔
تاپترے ۔ تین طرح کے تاپ ۔ یعنی (آدھیاتمک ۔ آدھی دیوک ۔ آدھی بھوتک)
تاپ جنک ۔ حرارت دینے والا ۔
تاپس ۔ عبادت کرنیوالا ۔ زاہد ۔ تپسی ۔ مجازاً بگلا۔
تاپسی ۔ عبادت کرنیوالی (عورت)

تاپک ۔ حرارت پیدا کرنے والا ۔ دکھ دینے والا ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ بخار ۔
تاپن ۔ گرم کرنا ۔ جلانا ۔ سورج ۔ مدار کا درخت ۔
تاپنا ۔ آگ کے سامنے بیٹھنا ۔ دھوپ کھانا ۔
تاپ اَری ۔ تپ دور کرنیوالا ۔ رنج دور کرنیوالا ۔
تاپ ہین ۔ جس میں حرارت نہ ہو ۔ جسے کوئی تکلیف نہو۔
تاپی ۔ تاپ یعنی گرمی دینے والا ۔
تات ۔ باپ ۔ پدر ۔ پیارا ۔ بھائی ۔ حرارت ۔ دوست ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ اوستاد ۔ گرم ۔ گرم کیا ہوا ۔ قابل احترام شخص ۔ واضح ہو کہ یہ پیار کا ایک لفظ ہے جو اپنے سے چھوٹوں کے نسبت کہا جاتا ہے ۔
تاتا ۔ تپا ہوا ۔ گرم ۔ معزز ۔ واجب التعظیم ۔
تاتپرج ۔ (تات پریہ) مطلب ۔ منشا ۔ مقصد ۔ مدعا ۔ معنی ۔ نتیجہ ۔ خلاصہ ۔ سمجھ ۔ تفسیر ۔ قوت مدرکہ ۔
تات پریہ ۔ دیکھو (تات پرج)
تاتکالِت ۔ اُسی وقت کا ۔
تاتکالک ۔ اُسی وقت کا ۔ اوسی دم کا ۔
تاتل ۔ } گرم ۔
تاتی ۔ }
تاتوک ۔ اصلی ۔ صحیح ۔
تاٹنک ۔ }
تاٹنک ۔ } کرن پھول ۔
تاڈنک ۔ }
تاداتمیہ ۔ کسی چیز کا کسی دوسری چیز میں ملکر ہمشکل ہوجانا ۔ مشابہت ۔

تادرِش۔ ویسا ہی۔ اُسی کے برابر۔ اُسکا سا۔ ویسا۔

تادرِشیہ۔ مانند اُسکے۔

تاڈِت۔ مارا گیا۔ سزا یافتہ۔

تاڈَک۔ مارنیوالا۔ سزا دینے والا۔ ایک منتر کا نام۔

تاڈَکا۔
تاڑکا۔ } ایک راچھسی کا نام جسکو سری رامچندر نے مارا تھا۔

تاڈَن۔
تاڈَنا۔ } سزا۔ مار۔ جھڑکی۔ دھمکی۔

تاڈَنی۔ کوڑا۔ چابک۔ اوگی۔

تاڈَنیہ۔ مارنیکے قابل۔ لائق سزا۔

تارا۔ ستارہ۔ اختر۔ آنکھ کی پتلی۔ بالی بانر کی زوجہ۔ برہسپتی کی بیوی۔ ایک دیوی کا نام۔

تاراپتھ۔ ستاروں کا رستہ۔ مجازاً آسمان۔ فلک۔

تاراپتی۔ چاند۔ ماہ۔

تاراگن۔ مجموعہ ستارگان۔

تارامنڈل۔ مجموعہ ستارگان۔ ایک قسم کی آتشبازی۔

تارتمیہ۔ تمیز و امتیاز۔ تفاوت۔ فرق۔ درجہ بدرجہ۔ کم وبیشی۔

تارَک۔ بچانیوالا۔ نجات دینے والا۔ حفاظت کرنیوالا۔ ستارہ۔ آنکھ کی پتلی۔ ناؤ چلانے والا۔ ایک راچھس کا نام۔

تارِک۔ ندی وغیرہ پار اُتارنیکا کرایہ۔ اُترائی۔

تارکا۔ ستارہ۔ اختر۔ آنکھ کی پتلی۔

تارکاری۔ لقب مہادیوجی کا۔

تارکِک۔ ترک شاستر یعنی علم منطق جاننے والا۔ منطقی۔

تارک منتر۔ رام کے چھ حروف کا منتر یعنی (اوم۔ راماینمہ)

تارکیشور۔ لقب مہادیوجی کا۔

تارَن۔ نجات۔ رہائی۔ مخلصی۔ نجات دینے والا۔ پار کرنیوالا۔ پار اتارنیکا کام۔ مجازاً ناؤ۔ کشتی۔ بیڑا۔

تارنا۔ نجات دینا۔ پار کرنا۔ بچانا۔ ٹھکانے لگانا۔ تناسخ تنازیہ سے بری کرنا۔

تارن ترن۔ پار کرنے والا۔ پار ہونے والا۔ نجات پانے والا۔

تارِنی۔ نجات دینے والی عورت۔ دُرگا۔ دیبی۔

تارُنیہ۔ جوانی۔

تارُو۔ تاڑُ۔ کام۔ حنک۔

تارِی۔ کنجی۔ کلید۔ تالی بجانا۔ بے خبری۔ خیال یا عبادت میں محو ہونا۔

تاڑِت۔ مارا ہوا۔ جو ڈانٹا گیا ہو۔ سزا یافتہ۔

تاڑَک۔ سزا دینے والا۔ الزام لگانیوالا۔ سرزنش کرنیوالا۔

تاڑَن۔ } مارنا۔ چابک سے مارنا۔ سزا دینا۔ سرزنش کرنا۔
تاڑنا۔ } ملامت۔ سزا۔ سیاست۔

تاڑنک۔ کان کا زیور۔

تاڑنیہ۔
تاڑیہ۔ } سزا دینے کے قابل۔

تاڑی۔ تالی۔

تاک۔ نظر۔ نگاہ۔ نشانہ۔ جھانک۔ ٹکٹکی۔

تاگ۔ تاگا۔ ڈورا۔ دھاگا۔

تال۔ تالاب۔ آہنگ سرود و دستک زنی۔ سرود کا ایک آل۔ سوت وغیرہ کا رشتہ۔ تاڑ کا درخت۔ کھجور۔

جھانجھ۔ منجیرا۔ کُشتی گیر کی کُشتی کے وقت بازوؤں پر ہاتھ سے مارنے کی آواز۔

تالا۔ قفل۔ برتن کا ڈھکنا۔

تالانک۔ ناچنے والا۔ تال کی آواز۔ آرا۔ کتاب۔ جہادیو۔ بلرام کا لقب۔

تالک۔ دروازہ یا پھاٹک بند کرنیکی بتی۔

تالکا۔ چابی۔ کنجی۔ کلید۔

تال وُرنت۔ تاڑ کے پتے کا پنکھا۔

تالہ۔ تاڑ کا درخت۔

تالہ پترہ۔ درخت تاڑ کا پتا۔

تالی۔ چابی۔ کنجی۔ کلید۔ ہاتھ بجانا۔ ایک قسم کا تاڑ کا درخت۔

تامبر۔ تانبا۔ مس۔

تامبول۔ پان۔ پان کا بیڑا۔

تامبولک۔ }
تامبولی۔ } پان بیچنے والا۔ تنبولی۔

تامبول کرنڈ۔ پاندان۔

تامبول ولی۔ پان کا درخت۔

تامبول ویٹکا۔ پان کا بیڑا۔

تامر۔ پانی۔ آب۔

تامر۔ }
تامرا۔ } تانبا۔ مس۔ نحاس۔ گہرے سُرخ رنگ کی کوئی چیز۔

تامر پتر۔ تانبے کا ورق۔ واضح ہو کہ زمانہ سابق میں تانبے کے ورقوں پر احکام وغیرہ کندہ ہوا کرتے تھے۔

تامر چوڑ۔ }
تامر شکھی۔ } مُرغا۔ خروس۔

تامرس۔ کنول۔ گل نیلوفر۔ تانبا۔ سونا۔

تامرک۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔ مِسگر۔

تامرکا۔ }
تامری۔ } تانبے کا وہ کٹورہ جسے پانی میں ڈالکر وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ کاسۂ ساعت۔

تامر گربھ۔ نیلا طوطہ۔ زاک سبز۔

تامر یشوز۔ (تامیسرا) تانبے کا کُشتہ۔

تامس۔ }
تامسک۔ } تموگُن والا۔ آتشی مزاج والا۔ اندھیرا۔ تاریکی۔ ظلمت۔ رنج۔ شہوت۔ غُصّہ۔ غرور۔

تامس اِندری۔ وہ ساتواں حاسّہ جس سے تاریکی (ظلمت)

تامسی۔ غضہ ور عورت۔ تموگن خصلت۔

تامیشوز۔ تانبے کی خاک۔ کشتۂ مس۔

تان۔ گانے کی آواز۔ نغمہ۔

تامبول۔ تنبول۔ پان۔

تانت۔ تھکا ہوا۔

تانترک۔ تنتر شاستر کا جاننے والا یعنی مارن۔ موہن۔ اچھاٹن وغیرہ سحر کرنیوالا۔

تانتی۔ بُننے والا۔ جولاہا۔ قطار۔

تانڈو۔ مردوں کا بھاؤ بتاتے ہوئے۔ رقص کرنا۔ مہادیو اور اُنکے مصاحبوں کا ناچ۔ واضح ہو کہ عورتوں کے ناچ کو (لاسیہ) کہتے ہیں۔

تانڈوی۔ گانے کے چودہ تالوں میں سے ایک کا نام۔

تان سین۔ ایک مشہور گویے کا نام جو گوڑ برہمن تھا۔

تاؤ۔ باپ کا بڑا بھائی۔ تایا۔

تاوت۔ تب تک۔ یہاں تک۔ اُس قدر دیر تک۔ ناتے تک۔ اِتنا۔ اوتنا۔

تاوَل۔ جلدی۔ تیزی۔

تاؤ۔ باپ کے بڑے بھائی کی زوجہ۔

تابیش۔ گندا۔ تعویذ۔

تَپ۔ گرمی۔ حرارت۔ پرستش۔ عبادت۔ ریاضت۔ صعوبت

تپا ۔ عبادت گزار۔ مرتاض۔

تپت۔ تپایا ہوا۔ تپا ہوا۔ جلتا ہوا۔ گرم۔ حرارت۔ گرمی۔ تکلیف یا فکر سے جلا ہوا۔ رنجیدہ۔

تپسا ۔ عبادت۔ پرستش۔

تپسونی۔ عبادت کرنیوالی (عورت)

تپسوی۔ جو عبادت اور پرستش کرتا ہو۔ مرتاض۔

تپسی۔ عبادت کرنیوالا۔ مرتاض۔

تپسیہ۔ } عبادت۔ پرستش۔ ریاضت۔ بھاگن کا مہینہ۔
تپشیا۔

تپسچرن۔ عبادت کرنا۔

تپسچریا۔ عبادت۔ پرستش۔

تپک۔ بندوق۔ تفنگ۔

تپ لوک۔ } طبقات فلکی کے سات طبقوں میں سے چھٹا طبقہ۔
تپولوک۔

تپن ۔ حرارت۔ جلن۔ سوزش۔ آنچ۔ گرمی۔ سورج۔ آفتاب۔ گرموشی۔ موسم گرما۔ ایک دوزخ۔

تپوبل۔ طاقت عبادت۔ قوت ریاضت۔

تپودھن۔ وہ لوگ جن کی دولت عبادت ہے۔ یعنی منی۔ رشی۔ وغیرہ۔

تپولوک۔ طبقات افلاک کے سات طبقوں میں سے چھٹا طبقہ۔

تپوون۔ عبادت اور ریاضت کرنیکا جنگل۔ ایک تیرتھ کا نام۔

تپونشٹ۔ وہ جو عبادت کرتا ہو۔

تپہ ۔ عشق صادق۔

تپی ۔ } زاہد۔ عابد۔ مرتاض۔ جوگی۔
تپسوی۔

تپنیہ ۔ جو تپنے یا تپانیکے قابل ہو۔

تت ۔ برہم یا خداوند تعالیٰ کا ایک نام۔ ہوا۔ باد۔ وہ۔ اُس۔

تت۔ اُدھر۔ اُسطرف۔

تتا ۔ گرم۔ گرمی۔ سرگرم۔ غضبناک۔

تت پد۔ ذریعۂ اصل بنجات مکتی۔

تتپر۔ مشغول۔ مستعد۔ سرگرم۔ متوجہ۔ فوکر۔ مائل۔ تیار۔ مکتی۔ تیز۔ چالاک۔ ماہر۔

تتپر این۔ اسی میں مشغول۔

تت پرتا۔ مستعدی۔ ہوشیاری۔

تتر ۔ وہاں۔ اُس جگہ۔ اُسمیں۔ اُس حالت میں۔

تتر ۔ تیتر۔ تیہو۔ دُرّاج۔

تترا ۔ وہاں۔ اُس مقام پر۔ اُس جگہ۔

تترابی۔ توبھی۔ تاہم۔

تتر بھوان۔ آپ۔ آنجناب۔

تتر بھوتی۔ آنجنابہ۔

تتسم۔ اُس کے برابر۔ جیوں کا تیوں۔

تتکال۔ اُسیوقت۔ اُسی دم۔ اِس زمانے میں۔ فوراً۔

تتکرت۔ اُس کا بنایا ہوا۔

تتکش۔ } متحمل۔ صابر۔ راضی برضا۔
تتکشت۔

تِتِکشا۔ سہنے کی خصلت۔ صبر۔ تحمل۔ ہمت۔ برداشت۔ گرم و سرد روزگار۔ رضا و تسلیم۔ ارادت۔

تِتِکشک۔ صابر۔ متحمل۔

تتکشن۔ اُسی وقت۔ بلا توقف۔ فوراً۔

تِتِکشو۔ سہنے والا۔ متحمل۔

تتنا۔ / تتی۔ } اُتنا۔ اُتنی۔ اُسکے برابر۔

تتّو۔ حقیقت۔ سچائی۔ جوہر۔ ذات۔ خصلت۔ خاصیت۔ دل۔ سمجھ۔ فہم۔ علوم متعارفہ۔ عناصر خمسہ۔ خلاصہ۔ محسوسات۔

تتوتہ۔ صحیح طور پر۔ ٹھیک طور پر۔ حقیقت میں۔

تتوگیان۔ الہی۔ عرفان۔

تتوگیہ۔ وہ جو خداوند تعالیٰ کو جانتا ہو۔ مرتاض۔

تتوہ۔ پیدائش عالم کی اصلیت۔ حقیقت۔ خلاصہ۔ عناصر خمسہ۔ خداوند تعالیٰ۔

تتوہ درشی۔ وہ شخص جو خداوند تعالیٰ اور روح وغیرہ کے اصلی حالات جانتا ہو۔

تتوہ گیان۔ پیدائش عالم کے صحیح حالات جاننے کی عقل۔ عقل۔ خداشناسی۔

تتوگیانی۔ اصل حقیقت کو جاننے والا یعنی خداشناس۔

تتوہ مسی۔ وہ آتما تو ہے۔

تتوہ وادی۔ صحیح طور پر کہنے والا۔ راست گو۔

تتوہ وِت۔ / تتوہ ودیتا۔ } اصلیت کو جاننے والا یعنی خداشناس۔

تتھ۔ سچا۔ واجب۔ راست۔ کامل۔ درست۔ حق۔ مناسب۔ ٹھیک۔

تتر۔ ہوا۔ باد۔ گروہ۔ باپ۔ بیٹا۔ تار۔ لگے ہوئے بات۔

تتھا۔ اُس طرح سے۔ ویسا ہی۔ اُسی طرح سے۔ وہی۔

تتھاپی۔ تو بھی۔ تسپر بھی۔ تب بھی۔ تاہم۔

تتھاستو۔ ایسا ہی ہو۔ اسی طرح ہو۔ آمین۔ قبول ہے۔ منظور ہے۔ ہاں۔

تتھاگت۔ بودھ مت کے دیوتا کا لقب۔

تتھی۔ چاند کے مہینے کی تاریخ۔ دن۔ روز۔

تتھی پتر۔ / تتھی پتری۔ / تتھی پترکا۔ } پنچانگ۔ جنتری۔ تقویم۔

تتھی کشیہ۔ تاریخ کی کمی۔ زوال تاریخ۔

تتھیہ۔ سچ۔ سچ مچ۔ راست۔ واقعی۔

تتھیہ بھاشی۔ / تتھیہ وادی۔ } سچی بات کہنے والا۔ راست گو۔

تتھیو دہ۔ ویسا ہی۔ اسی طرح۔

تتی۔ گروہ۔ سلسلہ۔ قطار۔ جماعت۔ کشادہ۔

تٹ۔ کنارہ۔ رود۔ کنارۂ دریا۔ ساحل۔ کھیت۔

تٹاک۔ (تڑاگ) تالاب۔ غدیر۔ برکہ۔

تٹستھ۔ دریا کے کنارے پر رہنے والا۔ نزدیک رہنے والا۔ الگ رہنے والا۔ غیر جانبدار۔

تٹنی۔ ندی۔ نہر۔

تٹی۔ کنارے پر رہنے والا۔

تج۔ تیج پات کا درخت یا اوسکی چھال۔

تجنا۔ / تیجنا۔ } ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ تیاگنا۔

تُچھّٙ ۔ حقیر۔ ذلیل۔ خوار۔ ناکارہ۔ ہیچ۔ پنچ۔ بیکار۔ کھوکھلا۔ ہلکا۔ خالی۔ ہیٹی۔ بے حقیقت۔ کھوٹا۔ نکما۔ کمینہ۔ فرومایہ۔ ناقص۔ ناچیز۔ تھوڑا۔

تُچھتَا۔ کھوکھلاپن۔ بیکاری۔ کھوٹاپن۔

تچھکٙ۔ سانپوں کے سردار کا نام جو پاتال میں ہے۔

تچھنّٙ۔ (تکشن) اُسیوقت۔ فی الفور۔ فوراً۔

تِچھنّٙ۔ }
تیچھنّٙ۔ } (تیکشن) تیز۔ تند۔ تلخ۔ سخت۔

تَدْ ۔ وہ۔ تب۔ اُس وقت۔ پھر۔ اس کے پیچھے۔ اُس حالت میں۔

تَدَا۔ }
تَدَانِم۔ } تب۔ اُس وقت۔

تَدْاپَرَانْتْ۔ اُس کے پیچھے۔ اُس کے بعد۔

تَدَاکَارْ۔ اُسی شکل کا۔ ویسا ہی۔ اُسی طرح۔

تَدَانْ۔ تب۔ اُس وقت۔

تَدْبھَوْ۔ سنسکرت لفظ سے بگڑ کر بنا ہوا لفظ جیسے ہَست کا ہاتھ۔ اَشْرُو کا آنسو۔ اَرْدھ کا آدھا وغیرہ۔

تَدَپِْ۔ مگر۔ لیکن۔

تَدَپِی۔ توبھی۔ تسپر بھی۔ تب بھی۔

تَدَرْتھْ۔ اس کے لئے۔ اِس وجہ سے۔

تَدْرُوپْ۔ }
تَدَاکَارْ۔ } ویسا ہی۔ اُسی طرح کا۔ برابر۔ مطابق۔

تَدْگَتْ۔ اُس سے تعلق رکھنے والا۔ اس کے متعلق۔ اُسکے اندر شامل۔

تَدْنَنْتَرْ۔ اِسکے بعد۔ بعدازیں۔ من بعد۔

تَدْنَنْتَرْ۔ }
تَدَاپَرَانْتْ۔ } اُس کے بعد۔ اُسکے پیچھے۔ بعدازاں۔

تَدَنُو۔ اُسکے پیچھے۔ اُسکے بعد۔ اُسکے موافق۔ اُسی طرح۔

تَدَنُورُوپْ۔ اُسی کے جیسا۔ اُسی کی شکل کا۔ اُسی کے برابر۔

تَدَنُوسَارْ۔ }
تَدَنْسَارْ۔ } اُسکے مطابق۔ اُسکے موافق۔

تَدَنُویَائِی۔ اُسکے پیچھے چلنے والا۔

تَدْوَتْ۔ اُسی کے موافق۔ اُسکے برابر۔ جیون کا تیون۔

تَدَھَانْ۔ تب۔ اُس وقت۔

تَدِھتْ۔ دوسرے کی بھلائی۔

تَدَھرْ۔ وہاں۔ اُس مقام پر۔

تَدْھِنْ۔ لالچ سے۔ بخالت سے۔ کنجوسی سے۔

تَدھِی۔ اُسی وقت۔ تب ہی۔

تَدْپِی۔ توبھی۔ تسپر بھی۔ تب بھی۔

تَدِیَہ۔ اُس کا۔ اُس سے تعلق رکھنے والا۔

تَڑِتْ۔ بجلی۔ چمک۔

تَڑِتْ سَمَاچَارْ۔ بجلی کے ذریعہ آئی ہوئی کیفیت یعنی تاربرقی۔

تَرْ ۔ }
تَرَئے۔ } کے۔ نیچے۔ زیر۔ زیادہ۔ اعلیٰ۔ جیسے سرشٹ تر وغیرہ۔

تِرِ ۔ }
تِرِی۔ } تین۔ سہ۔ (۳)۔ (سے)۔

تُرْ ۔ جلد۔ تیز۔ تیز چلنے والا۔

تَرَاتَا۔ حفاظت کرنیوالا۔ بچانیوالا۔ نجات دینے والا۔

تَرَاسْ۔ خوف۔ ترس۔ ڈر۔ بیم۔ ہراس۔ تھکاوٹ۔ تشنگی۔

تَرَاسَا۔ ہراساں۔ خائف۔ تشنہ۔

تراسِت۔ ڈرایا ہوا۔ خوف دلایا ہوا۔ مخوف۔

تراسَک۔ ڈرانیوالا۔ خوف دلانیوالا۔

ترانْ۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ (جیسے پادتران یعنی پاپوش) طاقت۔ قوت۔ ترانائی۔ پرورش۔ چھٹکارا۔ نجات عقبیٰ۔ بکتر جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔ زرہ۔

ترانْ کرتا۔ حفاظت کرنیوالا۔ بچانیوالا۔ محافظ۔ نگہبان۔

ترانی۔ نجات دہندہ۔ شفیع۔ محافظ۔

تراہ۔ / تراہی۔ — الامان۔ الغیاث۔ بچاؤ۔ مہربانی کرو۔ توبہ۔ رحمت۔ حفاظت

تراہ تراہ۔ یعنی حفاظت کُن حفاظت کُن۔

تراہکار۔ رحم یا بچاؤ کیلئے پکارنا۔

تراہی۔ حفاظت کرو! ۔ بچاؤ!

ترائی۔ زمین۔ نمدار زمین۔ دلدل۔ چرنیکی جگہ۔

ترائی۔ تیج۔ بچھونا۔ تو شک۔ جلدی سے۔

ترِبدھ۔ دیکھو (ترِیدھ)

ترِبھج۔ تکونا۔ مثلث۔

ترِبھنگا۔ ٹیڑھا کھڑے رہنا۔ جھکنا۔

سپچ ۔ خاکروب ۔

سپچھ ۔ وہ جماعت جس کی طرف انصاف ہو ۔

سپچھی ۔ انصاف کی حمایت کرنیوالا ۔

سپدی ۔ اسی وقت ۔ فوراً ۔ جھٹ پٹ ۔

سپر ۔ سپنا ۔ چاند ۔

سپرتشٹھا ۔ نیک رسم ۔ دیول وغیرہ کی تعمیر ۔

سپردھا ۔ حسد ۔ کینہ ۔ حرص ۔ ڈاہ ۔ جلن ۔ رقابت ۔ دشمنی ۔

سپردھی ۔ کینہ ور ۔ حاسد ۔ حریص ۔

سپرسن ۔ سعید ۔ نیک ۔ موافق ۔

سپرش ۔ چھوت ۔ لگاؤ ۔ مس ۔ لامس ۔ ہم بستری ۔ چھونا ۔ مرض متعدی ۔

سپرکاش ۔ صاف ۔ ظاہر ۔ عیاں ۔ مشہور ۔ روشن ۔

سپرہا ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ چاہ ۔

سپریا ۔ پوجا ۔ پرستش ۔

سپریتی ۔
سپریم ۔ محبت کے ساتھ ۔

سپشٹ ۔ صاف ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔ برملا ۔ واضح ۔ آسان ۔ پاک ۔

سپکش ۔ طرفدار ۔ ساتھی ۔ شریک حال ۔ ایک ہی جماعت کا ۔

سپن ۔
سپنا ۔ خواب ۔ نوم ۔ عالم خواب ۔ منام ۔ واقعہ ۔

سپن اوستھا ۔ حالت خواب ۔ حالت ملکوت ۔

سپنتھ ۔ اچھی راہ ۔ اچھا چال چلن ۔

سپند ۔ حرکت ۔ کانپ ۔ رعشہ ۔

سپن دوش ۔ احتلام ۔

سپنڈ ۔ ایک ہی خاندان کا ۔ واضح ہو کہ چھ نسل گذشتہ اور چھ نسل مابعد تک کے لوگ (سپنڈ) کہلاتے ہیں ۔

سپوت ۔ (سترہ) فرزند رشید و فرمانبردار ۔ خلف الصدق ۔

سپولا ۔
سپولیا ۔ سانپ کا بچہ ۔

سپھٹ ۔ کھلا ہوا ۔ ظاہر ۔ روشن ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔
سپھٹ ۔ صاف ۔ الگ ۔

سپھٹک ۔ بلور ۔ کانچ ۔

سپھٹن ۔ پھوٹنا ۔ کھلنا ۔

سپھر ۔

سَپَھرِی۔ مچھلی۔ ماہی۔

سَپَھل۔ پھل والا۔ مثمر۔ بارآور۔ بہرہ ور۔ زرخیز۔ فائدہ مند۔ مفید۔ کارآمد۔ نتیجہ خیز۔ کامیاب۔

سُپَھل۔ پھل دینے والا۔ فائدہ مند۔ کارآمد۔ نتیجۂ نیک۔ اچھے پھل والا درخت۔

سَپَھلتَا۔ کامیابی۔ باروری۔

سپھوٹ۔ پھوٹنا۔ آبلہ۔

سپھونَک۔ تور۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ پھپھولا۔ آبلہ۔ چیچک۔

سپھورتی۔ پھرتی۔ تیزی۔

سَت۔ قوت۔ قدرت۔ زور۔ طاقت۔ خاصیت۔ خلاصہ۔ اصل۔ روح۔ جوہر۔ نیکی۔ سچائی۔ سچ۔ ایمان۔ ٹھیک۔ موجود۔ راست۔ راستی۔ زور حقیقی۔ عرق۔ رس۔ شیرہ۔ خوبی۔ فضیلت۔ راستی۔ عصمت۔ صداقت۔ فی الواقع۔ یقیناً۔ نیک۔ بقائے دوام۔ صحیح۔ ہست۔ بود۔ حق۔ ہستی۔ بھلائی۔ خیر۔ بس۔ عین حق۔ حق بالذات۔ جو دائم قائم رہے۔ واجب الوجود۔ سادھو۔ مردنیک۔ شجیع۔ قابل پرستش۔ پاک۔ عالی۔ واضح ہو کہ نیز لفظ (سَت ستچدانَند) کا مخفف ہے۔

ست۔ اُجلا۔ سفید۔ ابیض۔ ستارۂ زہرہ۔

سُت۔ بیٹا۔ پسر۔ بچہ۔ لڑکا۔

سَتّا۔ قوت۔ طاقت۔ توانائی۔ زور۔ وجود۔ نیکی۔ عمدگی۔ قدرت۔ بھلائی۔ بہتری۔ ہونا۔ موجود۔

سُتا۔ لڑکی۔ بیٹی۔ دختر۔ سہیلی۔

سَتابدی۔ یک سو سال کا زمانہ۔ صدی۔

سُتاتمج۔ پوتا۔ نواسا۔

سُتار۔ بڑھئی۔ نجار۔ اچھا وقت۔ فرصت۔ قابو۔ داؤ۔ گھات۔

ستانَند۔ گوتم رشی کے بیٹے کا نام جو راجہ جنک کا پروہت تھا

ستاوَک۔ تعریف کرنے والا۔ ثناخواں۔

سَت بادی۔ (وادی) سچ بولنے والا۔ راست گو۔

سَت بچن۔ (وچن) سچی بات۔ سچا مقولہ۔

ستبدھ۔ رکا ہوا۔ سد راہ کیا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ سست۔ سخت۔

سَت بھاؤ۔ کسی کام میں مستقل ارادہ رکھنا۔

سَت بھِکھا۔ دیکھو (سَت بھشا) قمر کی چوبیسویں منزل کا نام۔

سَت پاتر۔ وہ شخص جو دان دینے کے قابل ہو۔

سَت پُتر۔ فرزند صلبی۔ فرزند نیک۔

سَت پَتھ۔ عمدہ راستہ۔ راہ نیک۔ اچھی چال۔

سَت پُرش۔ مرد نیک و صالح۔

ستپھل۔ انار۔ رمان۔

سَتَت۔ ہمیشہ۔ دائم۔ برابر۔ ہوا۔ باد۔

سُتتی۔ تعریف۔ حمد۔ ثنا۔ مدح۔ بھجن

سَتت تم۔ لگاتار۔

سَتتوا۔ خصلت۔ طبیعت۔

سُتتی۔ دیکھو (سُتت)

سُتتیہ۔ تعریف کے قابل۔

سَت جُگ۔ (یُگ) زمانۂ اولین جس کے (۱۷۲۸۰۰۰) سال ہوتے ہیں۔ دورِ خوبی و نیکی۔

سَت چِت۔ (سَچِت) ست اور چِت سے ملا ہوا یعنی خداوند تعالیٰ۔

سَت چِتانَند۔ (سَچِدانَند) خداوند تعالیٰ کا ایک اسم۔

سَتر ۔ بگیہ ۔ یگیہ ۔ عزیزوں کو کھانا کھلانا ۔ برآمدہ ۔ جنگل ۔
بخشش ۔ دولت ۔ گھر ۔ خانہ ۔ اسباب ۔ مقام ۔
سُتر ۔ دشمن ۔ عدو ۔
ستراجت ۔ سری کرشن جی کے خسر اور ستیہ بھاما کے والد کا نام
سُترام ۔ اس لیے ۔ اور بھی ۔ دراصل ۔
سترتا ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ خصومت ۔
سترشالا ۔ کھانا پانی دینے کا مقام ۔ دھرمشالہ ۔
سترنک ۔ اعتراض کے ساتھ ۔
سترن ۔ میزبان ۔ مالک ۔ مخیر ۔
ستری ۔ عورت ۔ زن ۔ جورو ۔ زوجہ ۔
ستری دھن ۔ ماں باپ وغیرہ کا بیاہ کے وقت دیا ہوا
عورتوں کا مال و منال ۔ جہیز ۔
ست سماگم ۔ اچھے آدمیوں کی صحبت ۔
ست سنگ ۔ } اچھی صحبت ۔ صحبت صالح ۔ سادھوں وغیرہ
ست سنگتی ۔ } کے ساتھ میل جول رکھنا ۔
ستوشیل ۔ اچھی طبیعت کا ۔ نیک چلن والا ۔ مخیر ۔
ست کار ۔ تعظیم ۔ مہمانداری ۔ کار نیک ۔ نیکی کرنا ۔ سلوک کرنا ۔
عزت کرنا ۔ خدا پرستی ۔ خیرات و مبرات ۔
داد و دہش ۔ خاطر مدارات ۔ عزت و توقیر ۔ بزرگوں کا
کریاکرم ۔
ست کاری ۔ سچائی ۔ ایمانداری ۔ وہ جو مُردوں کو جلانا
ست کرم ۔ کار نیک ۔ فعل نیک ۔ کار خیر ۔ مہمانداری ۔
خدا ترسی ۔ مُردوں کی کریاکرم ۔
ست کریا ۔ خیرات ۔ مہمانداری ۔ کریاکرم ۔
ست کیرتی ۔ نیک نامی ۔

ست گرو ۔ اچھا مرشد ۔ اچھا استاد ۔
ست لوک ۔ برہما کا لوک جہاں انسان ایک بار داخل
ہونے کے بعد دوبارہ پیدا نہیں ہوتا ۔ یعنی
آواگمن (تناسخ) سے نجات ہو جاتی ہے ۔
ستمبھ ۔ تھم ۔ کھم ۔ کھمبا ۔ تھونی ۔ ستون ۔ عماد ۔ کاو ۔
ستمبھن ۔ رکاوٹ ۔ انجماد ۔ سہارا ۔ ٹیکا ۔ تھامنا ۔ روکنا ۔
جرا کرنا ۔
ستن ۔ پستان ۔ چھاتی ۔ پستان ۔
ستمت ۔ قائم ۔ غیر متحرک ۔ برقرار ۔ اطمینان ۔
ستنیہ ۔ دودھ ۔
ستو ۔ وجود ۔ قیام ۔ نظام ۔ خصلت ۔ اصلیت ۔ روح ۔
مثلاً تین گنوں کے پہلا گن جو سب سے اعلیٰ ہے ۔
ستو ۔ پست بو ۔ ستوں ۔
ستو ۔ تعریف ۔ ثنا ۔ خوشامد ۔ نیک ۔ وجود ۔ خلقت ۔ [illegible]
دولت ۔ جانور ۔ بھوت پریت ۔ زور ۔ ہمت ۔ نیکی ۔
ستوانسا ۔ وہ بچہ جو ساتویں مہینے میں پیدا ہو ۔
ستوتا ۔ نکوئی ۔ پارسائی ۔
ستوتا ۔ تعریف کرنیوالا ۔ [illegible] کرنیوالا ۔
ستوپل ۔ سفید کنول ۔
ستوتر ۔ تعریف ۔ ثنا ۔ حمد خداوند تعالیٰ ۔
ستوتی ۔ تعریف ۔ ثنا ۔
ستور ۔ جھٹ پٹ ۔ جلد ۔ زود ۔ فوراً ۔ جلدی سے ۔
ستوک ۔ گچھا ۔ خوشہ ۔ گلدستہ ۔
ستوگن ۔ اچھے کاموں کی جانب رغبت کرنیکی خاصیت ۔
ستون ۔ تعریف ۔ ثنا ۔ حمد ۔

سَتْوَشْتَا۔ نیک خو۔ پاکدامن۔ ایماندار۔ صاحب نفضیلت۔

سَتْوَشْتی۔ سچا۔ وفادار۔ پاکدامن۔ باعصمت۔

سَتْوَوَتی۔ نیک خصلت والی عورت۔ حاملہ عورت

سَتْوَہ۔ زور۔ طاقت۔ قدرت۔ چیز۔ شے۔ خلاصہ۔ اصلیت

روح۔ جین دہن۔ معاملہ۔ پیشہ۔ عقل۔ دل۔ روح

نیکی یا سچائی کا قاعدہ۔ منجملہ تین گنوں (خصلتوں) کے

پہلا گن۔ نیچر۔

سَتْوَگُنْ۔ (ضد تموگن) جوہر نیکی جو وشنو کی ایک خاصیت

ہے۔ صفت قیومی۔ صفت بقا۔ پرکرتی کا وہ خاصہ

جو علم وسرور ہے۔ نیک خصلت۔ خوے لطیف۔

سْتھَاپِت۔ رکھا ہوا۔ قائم کیا ہوا۔ ٹھہرایا ہوا۔ مضبوط

کیا ہوا۔ گاڑا ہوا۔ جمایا ہوا۔ دفن کیا ہوا۔ قائم۔ مضبوط۔

سْتھَاپَن۔ } بٹھانا۔ رکھنا۔ گاڑنا۔ قائم کرنا۔ نصب کرنا۔

سْتھَاپَنَا } دفن کرنا۔ جمانا۔ نیا کام کرنا۔

سْتھَاپَن کَرْتَا۔ بنا کرنے والا۔ بانی۔

سْتھَال۔ تھالا۔ تھالی۔

سْتھَالی۔ تھالی طبق۔ پیالہ۔ ہنڈیا۔ ساغر کشتی۔

سْتھَان۔ مقام۔ جگہ۔ زمین۔ گھر۔ باب۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ عہدہ

درجہ۔ ملک۔

سْتھَانَاپَن۔ قائم مقام۔

سْتھَانُو۔ کھم۔ تھم۔ ستون۔ قائمہ۔ درخت کا تنہ جس میں

شاخیں نہ ہوں۔ میخ۔ موٹا۔ شیوجی۔

سْتھَاوَر۔ اچل۔ اٹل۔ مضبوط۔ مستحکم۔ قائم۔ غیر متحرک۔ بیجان۔

عالم نبات وجمادات۔

سْتھَائی۔ ٹھہرنے والا۔ ٹکنے والا۔ ٹکاؤ۔ جو قائم رہے۔

سَتْھپتی۔ بڑھائی۔

سْتھِت۔ اپنے مقام پر ٹھیرا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔ قائم۔ برقرار۔

سْتھِتی۔ ٹھیراؤ۔ ٹکاؤ۔ رہنا۔ قیام۔ حالت۔ کیفیت۔

درجہ۔ طریقہ۔ حد۔

سْتھِر۔ ٹھہرا ہوا۔ مضبوط۔ مستحکم۔ مستقل۔ سخت۔ مطمئن۔

باامن۔ برقرار۔ قائم۔ یقین۔ اطمینان۔ ثابت۔ بے حرکت

اٹل۔ دیرپا۔

سْتھِر آتما۔ مستقل مزاج۔

سْتھِرتَا۔ میلان بسکون۔ قایمی۔ استقلال۔ ہمت۔

سْتھِر چِت۔ مستقل مزاج۔

سْتھِر دَھن۔ جائداد غیر منقولہ۔

سْتھَگ۔ ٹھگ۔ دھوکہ باز۔

سْتھَگِت۔ روک دیا گیا۔ ملتوی۔

سْتھَل۔ جگہ۔ مقام۔ خشک۔ زمین۔ خطہ۔ کتاب کا حصہ۔

بے حس۔ سن۔ کمزور۔ غیر متحرک۔ گھر۔ خانہ۔ خیمہ۔

حالت۔

سْتھِل۔ پرانا۔ کہنہ۔ پارینہ۔ منہدم۔ ڈھیلا۔ چور چور۔

سْتھَلَج۔ خاکی۔ ارضی۔

سْتھَن۔ تھن۔ پستان۔ چھاتی۔ سینہ

سْتھَوِر۔ بوڑھا۔ ضعیف۔

سْتھَور۔ غیر متحرک۔ جامد۔

سْتھُول۔ موٹا۔ دبیز۔ بڑا۔ بھدا۔ فربہ۔ بزرگ۔ جسیم۔

کثیف۔ غلیظ۔ کُند۔ جو شکل سے ہلایا یا چلایا جاسکے۔

ستھول درشٹی۔ کُند ذہن۔ بے وقوف۔

ستھول شریر۔ جسم کثیف۔ جسم جامد۔

ستھونا۔ تھم۔ کھمبھ۔ ستون۔

ستھیرتا۔ مستقلی۔ مضبوطی۔ دلیری۔ قوت۔

ستھیر۔ مضبوط۔ مستقل۔ استحکام۔ قائم۔

ستی۔ سچا۔ کامل۔ راست۔ درست۔ نیک۔ وفادار۔
فیرمتلون۔ زن پارسا۔ عاصمہ۔ ست یعنی سچ پر قربان
ہونے اور نیکی کے لئے جان دینے والی عورت یعنی
وہ عورت جو اپنے شوہر کی لاش کے ساتھ فنا فی النار
ہو جائے۔ پاربتی کا لقب۔ واضح ہو کہ عوام بالتشدید
کہتے ہیں۔

ستیا۔ (ستیہ) طاقت۔ قوت۔ سچائی۔ ایمان۔

ستیارتھ۔ معنی حقیقی۔

ستیاتما۔ نیک دل اور سیدھا آدمی۔

ستیاگرہ۔ مقاومت مجہول۔

ستیاناس۔ بربادی کامل۔ تباہی کُل۔ ہلاکت۔

ستیتا۔ سچائی۔ نیکی۔ راستی۔ راست بازی۔ پاک دامنی۔

ستیرتھ۔ ہم مکتب۔ ہم سبق۔

ستیرن۔ پھیلایا ہوا۔ بکھرا ہوا

ستیم۔ دراصل۔ واقعی۔ وصال۔

ستیہ۔ سچ۔ سچا۔ کھرا۔ صحیح۔ راست۔ راستی۔ درست۔
حقیقت۔ صداقت۔ بلے۔ سچائی۔ نیکی۔ ٹھیک۔

ستیہ باد۔ (واد) سچ بولنا۔ سچائی۔

ستیہ بادی۔ (وادی) سچ بولنے والا۔ راست گو۔ درست گفتار۔

ستیہ بچن۔ (وچن) سچ کہنا۔ صحیح بولنا۔ ایفاء وعدہ کرنا۔

ستیہ بھاما۔ ہری کرشن جی کی ایک زوجہ ستراجت کی دختر کا نام

ستیہ پراین۔ ایماندار۔

ستیہ پرش۔ نیک شخص۔ سادھو۔

ستیہ تا۔ سچائی۔ راستی۔

ستیہ جگ۔ سَت۔ چار جگوں میں سے پہلا جگ۔

ستیہ ساچھی۔ (ساکشی) سچی شہادت۔

ستیہ سنکلپ۔ نیک ارادے کا یعنی وہ جو ارادہ کرے
وہی ظہور پذیر ہو۔ خداوند تعالیٰ۔

ستیہ لوک۔ اوپر کے سات طبقوں میں سے سب سے بالا طبقہ۔

ستیہ نارائن۔ وشنو بھگوان کا ایک نام۔

ستیہ وادی۔ سچ بولنے والا۔ راست گو۔

ستیہ وتی۔ سچ کہنے والی (عورت) نیک خو عورت۔
ایک عورت کا نام جو ملاح کی لڑکی تھی۔

ستیہ ورت۔ ہمیشہ سچ کہنے والا۔ ایک راجہ کا نام۔

ستیہ یگ۔ پہلا جگ۔ (دیکھو جگ)

ست۔ }
ستا۔ } جوٹ۔ جٹا۔ جوٹی۔ بیراگی کے سر کے بال۔ پلاؤ۔

سٹھ۔ مکار۔ جاہل۔ بیوقوف۔ ناواقف۔

سٹیک۔ شرح کے ساتھ۔ مشرح۔ محشّی۔

سجاتی۔ ایک ذات کا۔ اپنے قوم یا گوتر کا۔ ہم مذہب۔

سجاتیہ۔ ایک ذات کا۔ ایک طرح کا۔

سجاتیہ بھید۔ ایک ذات والی چیزوں کا باہمی اختلاف۔
جیسے انسان انسان کا۔ گائے گائے کا۔

سجان۔ گیانی۔ دانا۔ چالاک۔ ہوشیار۔

سجت۔ سجایا ہوا۔

سُجگ۔ ہوشیار۔ خبردار۔
سَجَل۔ جل بمعنی آب یعنی پانی سے بھرا ہوا۔ آبدار۔
سَجَن۔ وہ شخص جو اوصاف حمیدہ سے متصف ہو۔ اچھے
اور بڑے خاندان کا۔ صاحب عزت۔ معزز۔ نیک خو۔
شریف۔ پیارا۔
سُجَن۔ نیک مرد۔ اچھا آدمی۔ شریف۔ معزز۔
سَجَن۔ دیکھو (سُجَن)
سَجنا۔ تیار ہونا۔ بننا۔ بناؤ کرنا۔ پھبنا۔ سوہنا۔
سُجنتا۔ نیک خوئی۔ راستی۔
سَجنی۔ سہیلی۔ سکھی۔
سِجھانا۔ پکانا۔ اُبالنا۔ مار ڈالنا۔
سُجھانا۔ دکھانا۔ بتانا۔ سمجھانا۔
سَجیا۔ بچھونا۔ بستر۔
سَجیو۔ جو جان کے ساتھ ہو یعنی جیتا ہوا۔ زندہ۔ جاندار۔
ذی روح۔ حی۔
سَجیونی۔ جان دینے والی (شے) آب حیات۔
سُچ۔ صاف۔ پاک۔
سُچِنت۔ بے فکر۔ فارغ البال۔ مطمئن۔ باآرام۔ سوچ اور
فکر سے آزاد۔ ہوشیار۔ فرصت سے۔ آسان۔
سَچدانند۔ ست۔ چت اور آنند سے بھرے رہنے کی
وجہ خداوند تعالیٰ کا ایک نام۔
سَچراچر۔ دنیا کی جملہ ذی روح اور غیر ذی روح اشیاء۔
سُچرت۔ نیک چال چلن۔ عمدہ اخلاق والا۔
سُچگ۔ خبردار۔ گزشتہ باتوں پر خیال یا غور کرنیوالا۔
سَچل۔ متحرک۔ حرکت کی قابلیت رکھنا۔

سُچِنتا۔ مناسب۔ غور۔ نیک خیال۔
سَچو۔ مددگار۔ وزیر۔ مشیر۔ دوست۔
سَچوئی۔ سچائی۔ راستی۔
سِچھا۔ (سِکشا) تعلیم۔ تربیت۔ تادیب۔ نصیحت نیک۔ وعظ۔
سِچھک۔ (سِکشک) اوستاد۔ معلم۔ اتالیق۔ ادیب۔ واعظ۔
سُچیت۔ چالاک۔ مطمئن۔ ہوشیار۔
سَچیت۔ ہوشیار۔ خبردار۔ آگاہ۔ باخبر۔ واقف۔
سُچیتائی۔ بے فکری۔ آسانی۔
سَچیتن۔ زندہ۔ ہوشیار۔ سمجھدار۔ عاقل۔ دانا۔
سَچیشٹ۔ تردد کرنے والا۔ کاروبار کرنے والا۔
سَد۔ نیک۔ تازہ۔
سَدا۔ ہمیشہ۔ لگاتار۔ روزانہ۔ دائم۔ مدام۔
سَدابَرت۔ (وَرت) وہ خیرات یا کھانا جو روزانہ ودائماً
غربا اور مسافرین وغیرہ کو تقسیم کیا جاتا ہے۔ خیرات جاریہ۔
سَداُپدیش۔ نیک ہدایت۔ اچھی صلاح۔
سَداپھل۔ ہمیشہ بہار۔ نام ایک میوے کا۔
سَداتما۔ نیک نہاد۔ نیک ذات۔
سَداچار۔ } نیک چال چلن۔ نیک اخلاق۔
سَداچرن۔ }
سَداچاری۔ راحت دائمی۔
سَداسُہاگن۔ وہ عورت جو رانڈ نہ ہو۔ ایک قسم کے فقیر۔
سَداشِو۔ ہمیشہ بھلائی کرنے والا۔ مہادیوجی کا ایک نام۔
سَداکال۔ ہمیشہ۔ دائم۔
سُداما۔ بادل۔ ابر۔ سمندر۔ دریا۔ ایک مالی کا نام جس نے
سری کرشن جی کو متھرا جاتے وقت مالا پہنائی تھی۔ ایک

گوالا کا نام جو سری کرشن جی کا دوست تھا۔ ایک غریب برہمن کا نام جو سری کرشن جی کا ہم سبق تھا جسے سری کرشن جی نے مالا مال کر دیا۔ دیکھو (سداما چرتر)

سَدَانَنْدْ۔ وہ جو ہمیشہ خوش اور بشاش رہے۔ مہادیو جی کا لقب۔

سَدَاوَرْتْ۔ وہ کھانا جو غرباؤں کو ہمیشہ دیا جائے۔

سَدْبھَاوْ۔ اچھا خیال۔ محبت اور بہتری کا خیال۔ نیک خوئی۔ میل جول۔ دوستی۔

سَدْرِتھْ۔ اصل بات۔ خاص کام یمشغول۔

سَدْرِشْ۔ }
سَدْرِکْشْ۔ } برابر۔ یکساں۔ مانند۔ موافق۔ مماثل۔

سُدَرْشَنْ۔ جو دیکھنے میں اچھا ہو۔ خوبصورت۔ وشنو بھگوان کے چکر (آلۂ حرب) کا نام۔

سَدَنْ۔ گھر۔ مکان۔ خانہ۔ سبھا۔ مجلس۔

سَدَسَتْ۔ سچ اور جھوٹ۔ راست دروغ۔ بُرا اور بھلا۔ کسی چیز کا ہونا یا نہ ہونا۔ اچھا اور خراب۔

سَدَسْیَہ۔ وہ شخص جو کسی مجلس یا محفل میں حاضر رہے۔

سَدْگَتْ۔ نجات عقبیٰ۔ سعادت ابدی۔

سَدْگَتِی۔ مرنے کے بعد کی اعلیٰ منزلت۔ نجات عقبیٰ۔ نیکی۔

سَدْگُرُو۔ مرشد نیک۔ خداوند تعالیٰ۔

سَدْگُنْ۔ اچھی خصلت۔ نیک صفت۔

سَدْمْ۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔

سَدَنْ۔ گھر۔ خانہ۔ محل۔ مکان۔ منزل۔ مقام۔ جگہ۔ پانی۔

سُدِنْ۔ اچھا دن۔ نیک دن۔ اچھا وقت۔

سَدُپَدیشْ۔ اچھا مشورہ۔ صلاح نیک۔

سُدْوِرِتی۔ خوئے نیک۔ عمدہ چال چلن۔

سَدْوَشْ۔ عیب دار۔ گنہگار۔

سِدھ۔ تمام۔ پورا۔ کامل۔ خاص۔ نتیجہ تک پہنچایا گیا۔ علم منطق سے ثابت کیا گیا۔ ختم کیا گیا۔ مرد خدا رسیدہ۔ بنا بنایا کام۔ لازوال۔ راجہ اندر کے دربار میں رہنے والے دیوتا۔ جوگی۔ وہ انسان جس کے اختیار میں آٹھ سدھی ہوں۔ دیکھو (سدھی)

سُدھ۔ یاد۔ آگاہی۔ علم۔ خبرداری۔ واقفیت۔ حافظہ۔ حس۔ ہوش۔ ہوشیاری۔ صبح۔ حیات۔ خبر۔ خیال۔ پاک۔ لطیف۔ خالص۔ درست۔ سیدھا۔ نفیس۔ عمدہ۔ چمکیلا۔ بے گناہ۔ سچا۔ بے میل۔ ایماندار۔

سُدھَا۔ رس۔ پانی۔ امرت۔ آب حیات۔ چونا۔ آہک۔

سِدھَارْنَا۔ جانا۔ رخصت ہونا۔ روانہ ہونا۔ سنوارنا۔ درست کرنا۔ ترتیب دینا۔

سُدھَاکَرْ۔ چاند۔ ماہ۔ قمر۔ کافور۔

سُدھَانْشُو۔ چاند۔ کافور۔

سُدھَانْ۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ با۔ مع۔ باہم۔

سَدھَانَا۔ سکھانا۔ بنانا۔ ملانا۔

سِدّھَانْتْ۔ اچھی طرح سوچ بچار کر قائم کی ہوئی بات۔ دلیل سے جو بات قائم کی گئی ہو۔ ٹھیک مطلب۔ فیصلہ۔ ثبوت۔ علم نجوم۔

سِدّھَانْتِی۔ تعین کرنے والا۔ شاستر کے اصل مطلب کو جاننے والا۔

سُدھ بُدھ۔ سمجھ بوجھ۔ عقل و شعور۔ خبرداری۔

سُدھتَا۔ صفائی۔ بے عیبی۔ پاکی۔

سُدھ چِتْ۔ صاف دل۔ نکو باطن

سَدھرمُ ۔ انصاف کے ساتھ ۔ باضابطہ ۔ جائز ۔

سَدھرمی ۔ رسم و رواج نیک کا پیرو ۔

سدھ سنکلپ ۔ جس کی تمام خواہشیں پوری ہوگئی ہوں ۔

سَدھنی ۔ دھن وال ۔ دولتمند ۔

سُدھنا ۔ بنیا ۔ خوب سکھانا ۔ اچھی طرح تعلیم پانا ۔

سُدھوا ۔ وہ عورت جس کا شوہر زندہ ہو ۔ سہاگن ۔

سُدھی ۔ عالم ۔ عاقل ۔ دانا ۔ پنڈت ۔

سدھی ۔ دل کی خواہش پوری ہونا ۔ دلخواہ نتیجہ پانا ۔ کام پورا
ہونا یا حالت انتہائی کو پہنچ جانا ۔ عبادت یا ریاضت کا
نتیجہ ۔ عبادت وغیرہ سے بعید از انسانی قوت حاصل کرنا ۔
کامل ہونا ۔ کامیاب ۔ تیاری ۔ پوری واقفیت ۔ فائدہ ۔
کمال خوشی ۔ (دیکھو آشٹ سدھی)

سنے ۔ محبت کے ساتھ یعنی محبت والا ۔

سُدی ۔ شکل پکش یعنی پہلی تاریخ سے پورنماشی تک ۔ چاند کے بڑھنے کا پکھ

سُدیش ۔ سامنے ۔ روبرو ۔ نزدیک ۔ پاس ۔ قریب ۔

سُدیشی ۔ اپنے ملک کا باشندہ ۔ اپنے وطن کی چیز ۔

سدیو ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔ مدام ۔

سُدیو ۔ اچھی قسمت ۔ خوش نصیب ۔

سدیہ ۔ اسی وقت ۔ آج ہی ۔ فوراً ۔

سدیہہ ۔ جسم کے ساتھ ۔ جسمانی ۔ جسمی ۔ مجسم ۔

سدیہہ ۔ اوسی دم ۔ فوراً ۔

سنڈ ۔ باولاپن ۔ پاگل پن ۔

سنڈا ۔ } باولا ۔ پاگل ۔ مست ۔
سنڈی ۔ }

سُڈھول ۔ } ستھرا ۔ صاف ۔ خوبصورت ۔ دلکش ۔

سُدھب ۔

سَر ۔ بڑا تالاب ۔ غدیر ۔

سُر ۔ سورج تال ۔ تان ۔ نوا ۔ آواز ۔ راگ ۔ سرود ۔ گانے
کے سات سُر یعنی آہنگ ۔ فرشتہ (ضد اسُر یعنی دیوتا)
منی ۔ رشی ۔ عالم ۔

سُرا ۔ شراب ۔ مے ۔ سیندھی ۔ آب شجر ۔

سَراپ ۔ شاپ ۔ دعائے بد ۔ لعنت ۔

سراج ۔ بار ۔

سُراچاریہ ۔ دیوتاؤں کے مرشد یعنی برہسپتی ۔

شرادھ ۔ (شرادھ) مرحوم آباواجداد کے نام پر ہر سال کریا کرم
کرنا اور غربا کو کھانا کھلانا ۔

سُراری ۔ دیوتاؤں کے عدو یعنی راچھس ۔

سُرانگنا ۔ دیوتاؤں کی عورتیں ۔ اپسرا ۔

سُراو ۔ بہنا ۔ جھرنا ۔ اسقاط حمل ہونا ۔

سَراوک ۔ جینی یعنی جین دھرم کا پیرو ۔

سَراون ۔ ہندی چوتھے مہینے کا نام ۔

سَرب ۔ (سَرو) سارا ۔ سالم ۔ تمام ۔ پورا ۔ کامل ۔ کُل ۔ سب ۔
ہمہ ۔ ہر ایک ۔

سَربدا ۔ (سَرودا) ہمیشہ ۔ دائم ۔ علی الدوام ۔ ہروقت ۔ ہمولہ ۔

سَربس ۔ (سَروس) کامل ۔ کُل ۔ تمام ۔ پورا ۔ ہر ایک ۔ سالم جائداد

سَرب سکتی مان ۔ (سَرو) قادر مطلق ۔ قدیر ۔

سَربگیہ ۔ (سَروگیہ) جس کو سب کا علم ہو ۔ دانائے کُل ہمہ دان
دانائے نہاں و آشکار یعنی خداوند تعالیٰ ۔

سَرب لوک ۔ (سَرو) تمام عالم ۔

سُربوتم ۔ (سُرُوتّم) سب سے عمدہ ۔ بہترین ۔ اعلیٰ ترین۔

سُربھہ ۔ بوئے خوش ۔ جائفل ۔ جوز بویہ۔

سُربھِتی ۔ / سُرپتھہ ۔ } کہکشان۔

سُربھنگی ۔ ایک فرقہ جو ذات پات کا کچھ خیال نہیں کرتا ہے۔

سُربھی ۔ موسم بہار ۔ گائے ۔ کامدھین ۔ شراب ۔ تُلسی ۔ بیل ۔
کیلا ۔ خوشبو ۔ خوبصورت ۔ اچھا ۔ اعلیٰ ۔ جائفل ۔
چیت کا مہینہ ۔ ہرن ۔ سونا ۔ عملا ۔ زمین ۔ مشہور ۔

سَرب بیاپک ۔ (سرودیاپک) محیط کُل یعنی خداوند تعالیٰ۔

سَرب بیاپی ۔ (سَروَویاپی) محیط کُل یعنی خداوند تعالیٰ۔

سَرپ ۔ رینگنا ۔ سانپ ۔ مار۔

سُرپتی ۔ دیوتاؤں کا راجہ یعنی اندر۔

سُرپُر / سُرپُری } دیوتاؤں کا شہر یعنی بہشت ۔ جنت۔

سَرپ راج ۔ سانپوں کا راجہ یعنی شیش ناگ۔

سَرپ منی ۔ مُہرۂ مار۔

سَرپی ۔ گھی ۔ روغن زرد۔

سَرت ۔ فصول ستّہ سے ایک فصل جو موسم گرما میں ہوتا ہے۔

سَرِت ۔ / سَرِتا ۔ } ندی ۔ رود ۔ جوئے ۔ دریا ۔ تاگا ۔ رشتہ۔

سُرت ۔ صحبت زن ۔ مجامعت۔

سُرت / سُرتا ۔ } عقل ۔ دل ۔ خبر ۔ یاد ۔ خیال ۔ غور۔

سُرتا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عاقل۔

سَرِت پتی ۔ مجازاً سمندر ۔ بحر۔

سُرت سُت ۔ گنگا کا بیٹا یعنی بھیشم ۔ گھاٹیا۔

سُرتَرُو ۔ دیوتاؤں کا درخت یعنی کلپ ورکش۔

سُرتی ۔ راہ ۔ راست ۔ بید کا وہ فقرہ جو کسی امر کے لئے حکم قطعی

سُرتی ۔ بہاؤ ۔ جھرنا۔

سَرٹ ۔ چھپکلی ۔ گرگٹ ۔ حربا۔

سُرُج ۔ روگی ۔ بیمار ۔ مریض۔

سرجک ۔ تارک دنیا ۔ آفرینندہ ۔ ایک درخت۔

سَرجن ۔ نکلنا ۔ چھوٹنا ۔ دنیا کی پیدائش ۔ تخلیق عالم۔

سُرجن ۔ / سجن ۔ } عزت دار یا قابل تعظیم شخص ۔ دوست ۔ محبوب۔

سرجنا ۔ پیدا کرنا ۔ بنانا۔

سرجنہار ۔ پیدا کرنے والا ۔ خالق مطلق۔

سرجو ۔ (سَرَیُو) ایک ندی کا نام۔

سرجیون ۔ ہمیشہ سرسبز ۔ لازوال ۔ گیلی زمین ۔ زندگی ۔ دنیا۔

سرُدا ۔ خربوزہ۔

سَردھا ۔ بھروسہ ۔ اطمینان ۔ محبت ۔ الفت ۔ تردد ۔ فکر ۔ یقین۔
عقیدہ ۔ ارادت ۔ تمنا ۔ اشتیاق ۔ کوشش ۔ اعتقاد۔
میلان ۔ جستجو ۔ وفاداری ۔ توفیق۔

سَرَس ۔ رسدار ۔ رسیلا ۔ رس والا ۔ پانی ۔ تالاب ۔ عمدہ ۔ اعلیٰ۔
بہتر ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ نفیس ۔ تازہ ۔ خوبصورت۔
بھیگا ہوا ۔ تر۔

سَمرس ۔ برابر۔

سُرَس ۔ میٹھا ۔ ذائقہ دار ۔ خوش ذائقہ۔

سرسا ۔ اعلیٰ ۔ عمدہ ۔ بہت اچھا ۔ بہت ۔ زیادہ۔

سُرسا ۔ ناگوں کی ماں۔

سَرَسِجْ ۔ کنول ۔ نیلوفر ۔

سَرَسِجَا ۔ کنول ۔ نیلوفر ۔ سمندر ۔

سُرَسَرِی ۔ گنگا جو مشہور ہے ۔

سَرَسُوَتْ ۔ خوش نما ۔ خوبصورت ۔

سَرَسْوَتِی ۔ برہما کی زوجہ ۔ سرود اور علوم کی دیبی ۔ ایک ندی کا
نام ۔ ایک راگنی کا نام ۔ گویائی ۔ بولی

سَرَسِی ۔ چھوٹا تالاب ۔ جھیل ۔ باولی ۔

سَرَسِی رُہَ ۔ کنول نیلوفر ۔

سَرْشَپْ ۔ سرسوں ۔ رائی ۔

سِرِشْٹْ ۔ | پیدا کیا گیا ۔ بنایا گیا ۔ مجازاً دنیا ۔ جہان ہستی ۔
سِرِشْٹِی ۔ | عالم موجودات ۔ نظام کائنات ۔ حشر و نشر ۔
خلقت ۔ دنیا و مافیہا ۔ اشیائے مصنوعی ۔

سُرِشْٹِی سِرِدْمَنِی ۔ اشرف المخلوقات یعنی انسان ۔

سِرِشْٹِی کَرْتَا ۔ پیدا کرنے والا ۔ خالق ارض و سما یعنی خداوند تعالیٰ

سَرَکْ ۔ پھولوں کا مالا ۔

سَرْگْ ۔ پیدائش ۔ آفرینش ۔ ازل حصّہ ۔ باب ۔ فصل ۔
چھوڑنا ۔ خصلت ۔ یقین ۔

سَرِگَمْ ۔ راگ کے سات سُروں میں اتار ۔ چڑھاؤ کا طریقہ ۔

سَرِگھَا ۔ شہد کی مکھی ۔ نحل ۔

سَرَلْ ۔ سیدھا ۔ سادہ ۔ آسان ۔ سہل ۔ بھولا ۔ بھالا ۔
سچا ۔ صادق ۔ ایماندار ۔ راست باز ۔ درخت سرو ۔

سَرَلَا ۔ کالی تلسی ۔ موتیا ۔

سَرَلْتَا ۔ سیدھاپن ۔ آسانی ۔ سادگی ۔ دانائی ۔ بھولاپن ۔
سچائی ۔ ایمانداری ۔

سَرَلْ چِتْ ۔ صاف دل ۔ نیک باطن ۔

سُرَلُوکْ ۔ دیوتاؤں کی دنیا ۔ دیولوک ۔ بہشت ۔

سَرْمْ ۔ تھکاوٹ ۔ محنت ۔ تکلیف ۔ ماندگی ۔ تعب ۔

سَرْمُکھ ۔ سامنے ۔ روبرو ۔ بالمواجہ ۔

سَرَنْ ۔ | آسرے کی جگہ ۔ بچاؤ کا مقام ۔ مقامِ حفاظت ۔ پناہ ۔
سَرَنَا ۔ | آسرا ۔ امن ۔ ماویٰ ۔ بھروسہ ۔ حفاظت ۔ مدد ۔ گھر ۔
خانہ ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔

سَرْنَا ۔ انجام پانا ۔ تمام ہونا ۔ آخر ہونا ۔

سَرَنَاگَتْ ۔ پناہ گزیں ۔ پناہ لینے والا ۔ ملتجی ۔

سَرَنَاگَتْ وَتْسَلْ ۔ پناہ گزینوں کے ساتھ رحم کرنے والا عاجز نواز
واضح ہو کہ دیوتاؤں کی ایک صفت ہے ۔

سَرَنَاگَتِی ۔ پناہ گزینی ۔

سُرَنْگْ ۔ (سُرَنْگَہ) سُرنگ ۔ نقب ۔ رخنہ ۔ ڈھالو زمین ۔
سینگ ۔ قرن ۔ چوٹی ۔ شاخ ۔ نشان ۔ بادشاہت ۔
اسپ کمیت رنگ ۔

سُرِنْگَارْ ۔ آرائش ۔ زیبائش ۔ زیب و زینت ۔ حسن ۔
واضح ہو کہ یہ سولہ ہیں ۔ صفائی ۔ غسل ۔ صاف لباس ۔
مہاور لگانا ۔ بال باندھنا ۔ مانگ میں سیندور لگانا ۔ تلک یا
رخساروں پر سیاہ تل بنانا ۔ زعفران ملنا ۔ مہندی لگانا ۔
پھولوں کا زیور پہننا ۔ سونے کا زیور پہننا ۔ لونگ کا زیور ۔
مسی لگانا ۔ پان کھانا ۔ سرمہ لگانا ۔

سُرِنْگِی ۔ سینگ ۔ قرن ۔ دار ۔ طرہ دار ۔

سُرَنِی ۔ آنکس ۔ کجک فیل ۔ دشمن ۔

سَرَنِی ۔ راہ ۔ راستہ ۔

سَرْوْ ۔ (سَرْبْ) سارا ۔ سب ۔ پورا ۔ تمام ۔ کل ۔ شیوا ور وشنوجی ۔

سَرَوْ } بہنا ۔ بہاؤ ۔ جھرنا ۔
سَرَوَنْ }

سروا - پانی کا پیالہ۔ سبقت لیجانا۔ فضیلت۔ بزرگواری۔
خسر پورہ یعنی سالا۔
سُروا - ایک قسم کا چمچ جس سے ہون کے وقت گھی وغیرہ
آگ پر ڈالتے ہیں۔
سرواتما - سب کی جان۔ جمیع مخلوقات۔ خداوند تعالیٰ۔
سروادھکار - مختار کل۔ مختار عام۔
سروارتھم - سب کے لئے۔ سب کے سب۔
سروانگ - تمام جسم۔ جملہ کالبد۔
سرو بھوت - مخلوق کل۔ جملہ ذی روح۔
سرو ویاپک - ویاپک۔ سب میں رہنے والا محیط کل۔
سروپ - ہم شکل۔ مشابہت۔ مانند۔ برابر۔ صورت۔
چہرہ۔ ہیئت شے۔ حقیقت شے۔ ترکیب جیسی۔
سُروپ - دش۔ نیک، خوبصورت۔ سڈول حسین۔
خوشرو۔ خوشنا شکیل۔
سروپ آنند - ذات حقیقی کا سرور۔
سرو پردھان - سب کا سردار۔ افسر کل۔
سروپری - سب سے اوپر۔ بالاتر۔
سُروپی - خوبصورتی حسن۔
سروپی - اصلی شکل میں۔
سُروت - چشمہ۔ سوتا۔
سروتر - سب جگہ۔ ہر جگہ۔ ہر مقام پر۔ ہمیشہ۔ دائم۔ تمام۔
سروتو بھدر - سب طرف سے نیکی۔ وہ جسکے سر۔ داڑھی۔
موچھ وغیرہ کے بال مونڈے گئے ہوں۔ جگیہ میں خاص
دیوتاؤں کی نشست گاہ۔ وشنو دیوتا کی رتھ۔ ایک
قسم کا دائرہ۔

سروتہ - سب طرف۔ چاروں جانب۔ سب طرح سے۔ ہر طرح
سے۔ پوری طرح سے۔
سروتھا - سب طرح سے۔ سب قسم سے۔ بالکل۔ سب۔ تمام۔
فی الواقع۔ بے شبہ۔ بے چوک۔ سچ سچ۔ بالضرور۔
سروج - کنول۔ کمل۔ نیلوفر۔
سرو جگت - جملہ کائنات عالم۔
سروجنی - کنول کے پھولوں سے بھرا ہوا تالاب۔ کنول کی بیل۔
سروَدا - ہمیشہ۔ دائم۔ ہر موسم میں۔
سرورُہ - کنول۔ نیلوفر
سرو رہت - آزاد مطلق۔
سروس - سب کچھ۔ پورا۔ تمام۔ کل۔ ہر ایک۔ جملہ جائداد۔
سروسوہ - تمام دولت۔
سرو ساکشی - مجازاً آگ۔ ہوا۔ خداوند تعالیٰ۔
سروش - غصہ ور۔ غضبناک۔ غصہ میں۔
سرو شکتی مان - سب کچھ کرنے کی قدرت رکھنے والا۔ قادر مطلق۔
سرو شہ - پورا۔ پورا۔
سروگ - تمام چیزوں میں پھیلا ہوا۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔
پانی۔ ہوا۔ روح۔ جان۔
سروگ - بیمار۔ مریض۔
سروگت - سب میں شامل۔ ساری۔
سروگیہ - سب جاننے والا۔ دانائے کل۔ عالم الغیب۔ خداوند تعالیٰ۔
سروگیہ تا - جملہ حالات سے واقفیت۔
سرون - سرنج۔
سرونی - سرنج۔
شرون - کان۔ گوش۔ اذن۔ سننا۔ سماعت کرنا۔ شاستر پڑھنا۔

ندنا۔ ترئی تیسویں منزل۔

شَرْوَنا۔ بہنا۔ گر۔

سَرْوَنَاش۔ سب کچھ تباہ۔ کامل طور پر برباد ہونا۔

سَرْوَنَام۔ اسم ضمیر یعنی وہ اسم جو دوسرے ناموں کی جگہ بولا جائے جیسے وہ۔ یہ۔ میں۔ تو وغیرہ۔

سَرْوَوِد۔ دانائے کل۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔

سَرْوَوَر۔ }
سَرْوَر۔ } کالا۔ جھیل

سَرْوَدِیپی۔ }
سَرْوَوِیاپک۔ } سب میں رہنے والا محیط کل یعنی خداوند تعالیٰ۔

سَرْوَپا۔ خوبصورت (عورت)

سَرْوِیش۔ }
سَرْوِیشْوَر۔ } مالک کل۔ خداوند تعالیٰ۔

سِری۔ سِر۔ راس۔

شری۔ دولت کی دیبی یعنے لکشمی۔ اقبالمندی۔ دولت و ثروت۔ واضح ہو کہ یہ لفظ اکثر بطور تعظیم۔ بزرگوں اور دیوتاؤں کے اسماء کے قبل تبرکاً لکھا جاتا ہے۔

شری پت۔ شوہر لکشمی یعنی وشنو۔

سِری پھل۔ ناریل۔ نارجیل۔

شَرِیر۔ بدن۔ تن۔ جسم۔ طبیعت۔ مزاج۔

شَرِیری۔ جسمی۔ جاندار۔

سَری سرپ۔ رینگنے والے جانور۔ زواحف۔ سانپ۔

سُریش۔ دیوتاؤں کا راجہ اندر۔

شریشٹھ۔ بہت عمدہ۔ اعلیٰ ترین۔ افضل۔ برتر۔ بالاتر۔ بزرگتر۔ سردار۔ سب پر فائق۔ بہترین۔

سِری کرشن۔ کنھیاجی کا لقب۔

شَرْوِیکھا۔ قمر کی نویں منزل کا نام۔ دغاباز۔ عیّار۔

شَری گم۔ دیکھو (شرگم)

سِری مان۔ (مان صاحب کا) صاحب دولت۔

سِری مَت۔ اقبالمند۔ مُتموّل۔ دولتمند۔

سِری مَد۔ (مَد بمعنی غرور) مال و دولت کی مستی۔ غرور تموّل۔

شَرَیُو۔ ایک ندی کا نام جو اجودھیا کے قریب ہے۔ اُسے گھاگھرا۔ گھرگھرا۔ دیویکا اور دیوا بھی کہتے ہیں۔

شَرُیو۔ حمایت۔ پناہ۔ حفاظت۔ دستگیری

سِری داشتو۔ کایستھوں کا ایک لقب۔

سَسَش۔ چاند۔ قمر۔ آسمان۔ فلک۔

سَسَا۔ خرگوش۔ ارنب۔

سُشتھ۔ بھلا۔ چنگا۔ صحت ور۔ تندرست۔

سُشتھر۔ مضبوط۔ مستقل مزاج۔ غیر متحرک۔ ٹھیراؤ۔

سَسُر۔ شوہر یا زوجہ کا باپ یعنی خسر۔

سیسر۔ ایک فصل جو ماگھ اور پھاگن میں ہوتی ہے۔ شبنم۔

سَسِر۔ چاند۔ ماہ۔ قمر۔

سُسَمے۔ (سُ بمعنی نیک) نیک ساعت۔ اچھا وقت۔ اچھا موسم۔

سُسَنتا۔ (سُ بمعنی نیک) نیک خاندان۔ نیک اولاد۔

سُسَندیش۔ (سُ بمعنی نیک) اچھی خبر۔ خبر نیک۔

سَسَنشے۔ مشتبہ۔

سُسَنگ۔ (سُ بمعنی نیک) صحبت نیک۔ اچھی مصاحبت۔

سُسواد۔ (سُ اچھا) جس میں اچھا ذائقہ ہو۔ مزیدار میٹھا۔

سُشیل۔ (سُ بمعنی نیک) نیک خصلت والا۔ اچھے اخلاق والا۔ نیک نہاد۔ خلیق۔ خوش طبع۔ خوش خو۔

سُشیَہ۔ اناج۔ غلّہ۔
سِشْ۔ مرید۔ شاگرد۔ طالب علم۔ پیرو۔ معتقد۔ دوست۔
سُشْپُ۔ } سونیکی خواہش کرنیوالا۔
سُشْپُش۔ }
سُشُپْتْ۔ خواب غفلت یعنی نہایت آرام سے سویا ہوا۔ عالم جبروت۔
سُشُپْتْ اَوَستھا۔ عالم جبروت۔
سُشُپْتی۔ گہری نیند۔ خواب غفلت۔ واضح ہو کہ طبیعت کی تیسری خاصیت۔ اس حالت میں روح خداوند تعالیٰ کا وصال حاصل کرتی ہے۔ مگر اُسے اس کا علم نہیں ہوتا ہے۔ اس کے چار حالتیں ہیں۔ جاگرت۔ سوپن۔ سُشُپتی۔ تُریہ۔
سُشُپْسا۔ سونیکی خواہش۔
سُشِشْٹ۔ سکھایا ہوا۔ محکوم۔ صحیح۔ خلیق۔ خاص۔
سُشُٹ۔ (ضد۔ دُشٹ) اچھا بھلا۔ نیک۔
سُشْٹاچار۔ مروّت۔ خلق۔ انکساری۔ خوش اخلاقی۔
سُشِر۔ سوراخ۔ چھید۔
سُشِرا۔ کلی۔ غنچہ۔ مونگے کی بیل۔
سُشُروشا۔ اطاعت۔ فرمانبرداری
سُشِیت۔ ٹھنڈک۔
سُشَم۔ بہت خوبصورت۔
سُشُمنا۔ جسم کی اندرونی تین خاص ناڑیوں میں سے ایک۔ واضح ہو کہ منجملہ دس ناڑیوں کے (اِڈا) (پنگلا) اور (سُشُمنا) یہ تین خاص ہیں۔ (اِڈا) اور (پنگلا) کے درمیان (سُشُمنا) ہے یعنی ناک کی بائیں جانب (اِڈا) اور دائیں جانب (پنگلا) اور (برہمرندھر) کے درمیان میں (سُشُمنا) کا مقام ہے۔
سَشَنْک۔ شبہ کے ساتھ جس میں شک ہو۔ ڈرا ہوا۔ خوف۔
سِشْنُ۔ آلۂ تناسل مرد۔
سِشُ۔ لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔
سُشی۔ چھید۔ سوراخ۔ بل۔
سُشِیل۔ نیک نہاد۔ نیک خو۔ نیک ذات۔ نیک اندیش۔ خلیق۔ سادھو۔
سِشْیَہ۔ مرید۔ شاگرد۔ طالب علم۔ دوست۔
سُک۔ طوطا جو مشہور طائر ہے۔
سَکار۔ صبح۔ بامداد۔ علی الصباح۔
سَکارَن۔ کسی سبب سے۔ کوئی وجہ رکھتا۔
سَکارنا۔ صحیح کرنا۔ منظور کرنا۔ ماننا۔
سَکارے۔ صبح۔ بامداد۔ علی الصباح۔
سَکاش۔ پاس۔ نزدیک۔
سُکال۔ اچھا وقت۔ فصل کی خوبی۔ ارزانی۔ وقت پر۔ وقت سے۔ ہر شے کی کثرت اور افزونی۔ صبح۔ بامداد۔
سُکال۔ اچھا وقت۔ اچھا موسم۔ پیداوار کی کثرت۔ ارزانی۔
سَکام۔ خواہش کے ساتھ کیا ہوا فعل۔ خواہشمند۔ مراد ور۔ سپھل۔
سَکام کَرم۔ وہ کام جو بالغرض ہو۔ وہ فعل یا کام جو کسی مطلب براری کے لئے کیا جائے۔
سَنکت۔ ملا ہوا۔ خواہش۔ تمنا۔
سَکت۔ } بل۔ طاقت۔ مقدور۔ توانائی۔ قوت۔ قوت فاعلہ۔
سَکتی۔ }

سِکْتْ ۔ بھیگا ہوا۔ بھگویا ہوا۔ سینچا ہوا۔ تر۔ گیلا۔
سِکْتَا ۔ ریت۔ ریتی۔ بالو۔ ریگ۔
سَکَٹْ ۔ گاڑی۔ چھکڑا۔ بہل۔ ایک عید کا نام۔
سَکُٹُمْب ۔ خاندان کے ساتھ۔ مع عیال و اطفال۔
سَنکُچْ ۔ خوف۔ ڈر۔ بیم۔ شرم۔
سَنکُچَانَا ۔ شرمندہ کرنا۔ ڈرانا۔
سَنکُچْنَا ۔ شرمندہ ہونا۔ ڈرنا۔ ہچکنا۔ شرم کرنا۔
سُکَرْ ۔ بے محنت۔ سہج۔ آسان۔
سَنکْرَا ۔ تنگ۔ مضیق۔
سَنکْرَانْتْ ۔ آفتاب کی تحویل منجملہ بارہ بروج فلکی کے ایک برج میں
سَنکْرَانْتِی ۔ متعلق بہ (سنکرانت)
سَکرِتْ ۔ ایکبار۔ ایک مرتبہ۔ ایک دفعہ۔
سُکرِتْ ۔ عمدہ اور نیک کام۔ کار ثواب۔ نیکی۔ خیرات۔ مہربانی۔ مخیر۔ نیک خو۔ صاحب قسمت۔
سُکرِتِی ۔ نیک خو۔ مخیر۔ نیک کام کرنے والا۔ صاحب قسمت
سُکرْمْ ۔ اچھا کام۔ کار خیر۔ فعل نیک۔ کاریگر۔ ساتواں جوگ جو نجوم میں آتا ہے۔
سَکرْمَکْ ۔ فعل متعدی جیسے کہنا۔ پینا وغیرہ۔
سُکرْمِی ۔ کردار نیک۔
سُکرْوَارْ ۔ روز جمعہ۔ آدینہ۔
سَنکْرِی ۔ سنکل۔ زنجیر۔
سُکرِیَا ۔ عمل نیک۔ کار نیک۔ کردار نیک۔ اخلاقی جوہر یا خوبی
سَکْسِینَہ ۔ کایستھوں کی ایک قسم۔
سِکْشَا ۔ }
سِیکْشَا ۔ } تعلیم۔ تربیت۔ نصیحت۔

سِکْشَا گراہَکْ ۔ شاگرد۔ تلمیذ۔
سَکَلْ ۔ سب۔ تمام۔ سارا۔ پورا۔ کل۔ کامل۔ ہر ایک۔
سُکُلْ ۔ اچھے خاندان کا۔ نیک ذات۔
سُکَلْ ۔ وہ جو اپنی کمائی کا استعمال خیرات اور اپنے تصرف میں لاتا ہو۔
سُکُلْ ۔ سفید۔ برہمنوں کا ایک لقب۔
سُکَل پَکْش ۔ چاند کی نصف نورانی چودھویں رات۔ زاید النور۔
سَکُلْیَہ ۔ رشتہ دار۔ ہمقوم۔ جملہ عزیز و اقارب خواہ وہ کسی درجہ کے ہوں۔
سُکُمَارْ ۔ نازک (مرد) ملائم۔ نرم۔ نفیس۔ کمزور۔ دلکش۔ خوبصورت
سُکُمَارِی ۔ نازک (عورت)
سَگُنْ ۔ شگون۔ فال۔
سَکَنْٹَکْ ۔ خاردار۔ تکلیف رساں۔ خطرناک۔
سُکَنْ ۔ اچھلنے والی چیز۔ نکلنا۔ بہنا۔ گرنا۔ پارا۔ عالم۔ راجہ۔ جسم۔ کنارۂ رود۔
سُکَنْدھ پُرَانْ ۔ سترھواں پُران۔
سُکَنْدھ ۔ کندھا۔ کتف۔ دوش۔ حصہ۔ جزو۔ باب۔ فصل۔ تنہ درخت۔ مجمع۔ گروہ۔ فوج کا ایک دستہ۔ بازار کا ہنگامہ
سُکَنْدھا ۔ درخت کی ڈالی۔ ٹہنی۔ بیل۔
سَکوپْ ۔ غضبناک۔ ناخوش۔ خفا۔
سَکوچْ ۔ عزت۔ منزلت۔ قدرت۔ تعظیم و تکریم۔
سَکھَہ ۔ }
سَکھَا ۔ } دوست۔ محب۔ آشنا۔ ساتھی۔ سنگھی۔ ہمراہی۔ ندیم۔ رشتہ دار
سُکھْ ۔ }
سُکھَمْ ۔ } آرام۔ راحت۔ تندرستی۔ امن۔ تسلی۔ آسائش۔ چین۔ خوشی۔ قناعت۔ فارغ البالی۔

سِکھ ۔ (سِشّ) چیلا ۔ گرو نانک کے پیرو۔
سِکھا ۔ چوٹی ۔ زلف ۔ آنچ ۔ شعلۂ نار ۔ کاکُل ۔ گیسو ۔ جعد۔
سُکھارِی ۔ سُکھی ۔ آرام ۔
سُکھپال ۔ عورتوں کی ایک قسم کی پالکی ۔ ڈولی۔
سُکھ پُوروک ۔ آرام کے ساتھ ۔
سُکھت ۔ آسودہ ۔ بآرام ۔ خوش ۔ خوشحال ۔ مرفہ الحال۔
سُکھد ۔ آرام دینے والا ۔ راحت بخش ۔ خوشگوار ۔ دلپذیر ۔ دلکش ۔
سُکھدان ۔ راحت بخش ۔ آرام دہ ۔
سُکھدایک ۔ } راحت بخش ۔ آرام دہ ۔ فرحت افزا ۔
سُکھدائی ۔ }
سُکھدھام ۔ مکان راحت ۔
سِکھر ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ قُلّۂ کوہ ۔ سرا ۔ سہرا ۔ طرہ ۔ سر تاج ۔ کسی چیز کی اونچائی ۔ پر کے بالوں کا مجموعہ ۔ مندروں کے اوپر کا گنبد ۔
سُکھ کر ۔ } آرام دینے والا ۔ راحت رساں ۔
سُکھ کارک ۔ }
سُکھلت ۔ پھسلا ہوا ۔ گرا ہوا ۔ نکلا ہوا ۔
سُکھلن ۔ پھسلنا ۔ گرنا ۔
سَکھی ۔ وہ عورت جو دوسری عورت کی راز دار و مشیر ہو ۔ ہمجولی سہیلی ۔
سُکھی ۔ سُکھ پانے والا ۔ جسے کسی طرح کی تکلیف نہ ہو ۔ باآرام ۔ باامن ۔ خوش ۔ آسودہ ۔ شاد ۔ خوشحال ۔
سُکھیا ۔ آسودہ ۔ مرفہ الحال ۔
سُکھیات ۔ مشہور ۔ نیک نام ۔
سُکھیاتی ۔ شہرت ۔ نیکنامی ۔ بڑائی
سَکھیہ ۔ دوستی ۔
سَنکیت ۔ اشارہ ۔ عاشق اور معشوق کے ملنے کا مقرر و مقام ۔
سُگتی ۔ رستگاری ۔ نجات ۔ نیک یا بالاتر مقام پر پہنچنا ۔
سَگر ۔ زہریلا ۔ زہردار ۔ مسموم ۔ اجودھیا کے ایک راجہ کا نام ۔
سَگرا ۔ } سارا ۔ سب ۔ پورا ۔ تمام ۔ ہمہ ۔ جمیع ۔ کُل ۔ کامل ۔ ہر ایک
سَگرو ۔ }
سَگر بھو ۔ } بھائی ۔ بہن جو ایک ماں سے ہوں ۔
سَگر بھیہ ۔ }
سُگریو ۔ کشکندھا کا راجہ سورج کا بیٹا جو سری رام چندر کا دوست تھا ۔ وشنو کی رتھ کا گھوڑا ۔
سُگڑ ۔ پسندیدہ ۔ آراستہ ۔ صاحب فضیلت ۔
سُگم ۔ جو سہل سے جانا یا پایا جا سکے ۔ سہج ۔ آسان ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ صاف ۔ قابل فہم ۔
سُگمتا ۔ سہولت ۔ آسانی ۔
سَگُن ۔ دگن کے ساتھ ایک نو ۔ خداوند تعالیٰ کا وہ روپ جو ستو ۔ رج ۔ تم ۔ تینوں گنوں سے ملے جلے ہیں جیسے رامچندر ۔ کرشن وغیرہ اوتار ۔ واجب الوجود ۔
سُگُن ۔ شگون ۔ پیشین گوئی ۔
سُگندھ ۔ اچھی بو ۔ خوشبو ۔ مجازاً کافور ۔
سُگندھت ۔ دس نیک ۔ جس میں اچھی بو ہو ۔ خوشبودار معطر ۔
سگوتر ۔ ہم گوتر ۔ ایک ہی خاندان کا ۔
سُگھٹ ۔ اچھا بنا ہوا ۔ سُڈول ۔
سُگھٹت ۔ دس نیک ۔ اچھا بنایا گیا ۔

سُگھڑ ۔ (سُ اچھا) خوبصورت ۔ ستھرا ۔ دلکش ۔ بہت اچھا ۔

سَگھن ۔ گنجان ۔ موٹا ۔ کثیف ۔ گہرا ۔ شرف ۔

سَگیان ۔ } عقل کے ساتھ یعنی عاقل ۔ ہونا ۔
سَگیانی ۔ }

سِل ۔ } پتھر ۔ سنگ ۔ حجر ۔ نشان ۔ کافور ۔
سِلا ۔ }

سَلا ۔ جدول ۔ سطر ۔ جراحوں کا ایک آلہ جس سے زخم کی گہرائی دریافت کرتے ہیں ۔

سَلاکا ۔ حکومت ۔ حکومت کرنے والا ۔ جراحی کی سلائی ۔

سُلبھ ۔ (سُ نیک) آسانی سے ہدست ہونا ۔ آسان ۔ سہل ۔ سہج ۔

سَلبھ ۔ پتنگا ۔ ٹڈی ۔

سِلپ ۔ ہنر ۔ کاریگری ۔ صنعت ۔

سَلِتا ۔ ندی ۔ رود ۔ رودبار ۔

سَلج ۔ (سُ ساتھ ، لج شرم) کے ساتھ یعنی شرمندہ ۔ شرگیں ۔ شرمسار ۔

سُلچھن ۔ (سُ لچھن) نیک اور محمود علامت ۔ آثار نیک ۔ اخلاق حمیدہ ۔ شگون نیک ۔ عمدگی ۔ خوبی ۔ خوبصورتی ۔ حسن ۔

سَلِل ۔ پانی ۔ آب ۔ موج ۔ لہر ۔ رقیق اور بہنے والی شئے ۔ آسان ۔ سہل ۔

سُلوپ ۔ تھوڑا ۔ اندک ۔ قلیل ۔

سُلوچن ۔ چشم نیک ۔ عینک ۔

سُلوچنا ۔ جس عورت کی آنکھیں خوشنما ہوں ۔ حسین عورت ۔ راون کے بیٹے میگھ ناد کی زوجہ کا نام ۔

شلوک ۔ (شلوک) بیت ۔ فرد ۔ شعر ۔

سُلول ۔ کھلاڑی ۔ شوخ ۔ چنچل ۔

سَلون ۔ } نمکیلا ۔ نمکدار ۔ نمکین ۔ ذائقہ دار ۔ خوبصورت ۔
سَلونا ۔ } (س نولا) ہوشیار ۔ دانا ۔ فہیم ۔

شلیش ۔ ملنا ۔ جڑنا ۔ ملاپ ۔ جوڑ ۔ ذومعنی کلام ۔ ایہام ۔

شلیشما ۔ نزلہ ۔

سَلیلا ۔ پانی ۔ آب ۔ ماء ۔

سَم ۔ اچھی طرح سے ۔ خوبصورتی سے ۔ برابر ۔ یکساں ۔ نیک ۔ عمدہ ۔ اکٹھا ۔ بہت ۔ کل ۔ تمام ۔ پورا ۔ اعلیٰ ۔ جمہور ۔ مشابہ ۔ مانند ۔ مساوی ۔ سامنے ۔ ہم شکل ۔ رفیق ہمراہ ۔ پاس ۔ ساتھ ۔ باہم ۔ پاک ۔ سکون قلب ۔ آفتاب کا ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل ہونا ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ اکثر متذکرہ مضمون میں الفاظ کے ابتدا میں لگایا جاتا ہے ۔ جیسے سمجوگ ۔ سمیوگ وغیرہ ۔

سَما ۔ برس ۔ سنہ ۔ سال ۔

سَماپت ۔ پورا ۔ تمام ۔ ختم ۔ آخر ۔ انجام ۔ تت ۔ سب ۔ انتہا ۔ نتیجہ ۔

سَماپتی ۔ آخر ۔ ختم ۔ تمام ۔ خاتمہ ۔ پورا ہونا ۔ ختم ہونا ۔ تمام ہونا ۔

سَماپن ۔ پورا کرنا ۔ ختم کرنا ۔ مجازاً مار ڈالنا ۔

سَماج ۔ مجمع ۔ گروہ ۔ مجلس ۔ سبھا ۔ کمیٹی ۔ قافلہ ۔ طائفہ ۔ انجمن ۔ اسباب ۔ صحبت ۔

سَماجی ۔ وہ گانے اور بجانے والے جو ناچنے والوں کا ساتھ دیتے ہیں ۔ اہل مجلس ۔ ممبر ۔

سماچار ۔ کیفیت ۔ خبر ۔ ماجرا ۔ حال ۔ سرگزشت ۔ روایت ۔

سَماچار پتر ۔ اخبار ۔ نیوز پیپر ۔

سَماچار واہک ۔ ہرکارہ ۔ قاصد ۔

سَمادر ۔ عزت ۔ تعظیم ۔

سَمادَھ - } کسی یوگی یا سنیاسی کی قبر۔ مزار۔ دل کی یکسوئی توجہ
سَمادَھی - } تصور کرنا۔ مراقبہ کرنا۔ استغراق۔ حبس دم۔
محویت۔ حالت یکسوئی۔ ایک ریاضت کا نام جس کی
مدد سے جوگی روح کو عرصہ معینہ تک جسم سے الگ کرتے
ہیں۔ وہ حالت نفس جس میں عالم، علم اور معلوم تینوں ایک
ہو جاتے ہیں۔

سَمادھان - کسی دلیل کا ٹھیک جواب۔ اعتراض دور کرنا۔
تشفی دینا۔ راضی کرنا۔ شک دور کرنا۔ جواب دینا۔ دلاسا
صلح۔ تصفیہ۔ فیصلہ۔ اطمینان۔ یکسوئی قلب جانب
خالق مطلق۔

سَمارادھن - اچھی طرح پوجا (پرستش) کرنا۔

سَمارجَک - }
سَمارجنی - } جھاڑو۔ جاروب۔ کوچی۔ برش۔

سَمارک - یاد دلانے والا۔ ہوش۔ خیال۔

سَمارمبھ - اچھی طرح شروع کرنا۔

سَماروپ - }
سَماروپن - } الزام لگانا۔ عیب لگانا۔

سَماروہ - گروفر۔ دھوم دھام۔ بھیڑ بھاڑ۔ مجمع عام۔ میلا۔

سَماس - اختصار۔ خلاصہ۔ انتخاب۔ مختصر۔ ایجاز۔ لفظ
مرکب۔ بھیڑ۔ مجمع۔ اتفاق۔

سَماسیہ - نظم کا ایک قطعہ۔

سَماشرے - سہارا۔ مدد۔

سَماکرشن - جمع کرنا۔ تحصیل۔

سَماکُل - پریشان۔ متفکر۔ مغموم۔

سَماکھیات - شہرت۔ ناموری۔

سَماگت - آیا ہوا۔ ملا ہوا۔ پہنچا ہوا۔ آمد۔

سَماگتی - ملنا۔ اتفاق۔

سَماگم - آنا۔ ملنا۔ میل۔ ملاپ۔ میل جول۔ قربت۔ صحبت۔
ملاقات۔ مجمع۔ بھیڑ بھاڑ۔ میلا۔ گروہ۔

سَمالوچنا - اچھی طرح دیکھنا بھالنا۔ کسی چیز کے حالات کو دریافت
کرنا۔ غور۔ تجسس۔

سَمان - برابر۔ موافق۔ مطابق۔ مناسب۔ مشابہ۔ ہم شکل۔
مساوی۔ بموجب۔ کافی۔ واجب۔ یکساں۔ ہمسر۔
مانند۔ ایک طرح۔ مثل۔ پانچ پرانوں میں سے ایک پران۔

سَمان - عزت۔ حرمت۔ توقیر۔ شہرت۔

سَمانا - بھرنا۔ پورنا۔

سَمانت - عزت دار۔ معزز۔ جس کی عزت کی گئی ہو۔

سَمانتا - }
سَمانتوَ - } مشابہت۔ برابری۔ ہم شکل۔ ہمتا۔ ہمسری

سَمانودک - گیارھویں پشت سے چودھویں پشت تک
جن کے آبا و اجداد (باپ دادے) ایک ہوں۔

سَمائی - صبر۔ تحمل۔ قدرت۔ لیاقت۔

سَمانیہ - معزز۔

سَماورت - }
سَماورتن - } واپس آنا۔

سَماویش - ایک ساتھ یا ایک جگہ رہنا۔ شامل ہونا۔

سَماہار - بہت سی چیزوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنا۔

سَماہت - مشغول۔ مطمئن۔ قائم۔ غیر متحرک۔

سَماہوان - پکارنا۔ بلانا۔ طلب کرنا۔

سَمایوگ - بہت سے لوگوں کا ایک جگہ جمع ہونا۔

سَمْبَاَدْ ۔ (سَمْوَادْ) بات چیت ۔ گفتگو ۔ تقریر ۔ بحث ۔ مکالمہ ۔
مباحثہ ۔ تکرار لفظی کسی کیفیت کی اطلاع ۔
سَمْبَادھَ ۔ سختی ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ تکلیف ۔
سَمْبَادھَک ۔ دبانے والا ۔ ستانے والا ۔ تنگ کرنیوالا ۔
تکلیف دینے والا ۔
سَمْبَتْ ۔ سال ۔ سنہ ۔ سالگرہ ۔
سَمْبُدھْ ۔ سمجھایا گیا ۔
سَمْبَدھْ ۔ باندھا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ لگا ہوا ۔
سَمْبَرْ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ پانی ۔ آب ۔
سَمْبَلْ ۔ توشہ ۔ زادِ راہ ۔ پانی ۔
سَمْبَلِتْ ۔ سیت ۔ مع ۔
سَمْبَنْدھْ ۔ تعلق ۔ رشتہ ۔ ناتا ۔ لگاؤ ۔ واسطہ ۔ نسبت
میل ۔ رشتہ داری ۔ راہ و رسم ۔ قرابت ۔ خویشی ۔
عزیز داری ۔ قافیہ شعر کا ۔
سَمْبَنْدھُو ۔ بھائی برادر ۔ رشتہ دار ۔
سَمْبَنْدھی ۔ تعلق رکھنے والا ۔ ناتا دار ۔ قرابتدار ۔ رشتہ دار ۔
خویش ۔ عزیز ۔ بیٹا یا بیٹی کا خسر ۔ پوتی ۔ نواسی ۔
مُضاف ۔
سَمْبُودھِت ۔ جتایا گیا ۔ پکارا گیا ۔ منادی ۔
سَمْبُودھَک ۔ جتانیوالا ۔ منادی کرنیوالا ۔
سَمْبُودھَن ۔ نیند سے جگانا ۔ پکارنا ۔ بلانا ۔ جتلانا ۔ سامنے کرنا ۔
پکارنا ۔ مخاطب کرنا ۔ سمجھانا ۔ تشفی دینا ۔ مخاطب ۔ تسلی ۔
ترغیب ۔ دلاسا ۔ تسکین ۔ حرف ندا ۔
سَمْبھُو ۔ والد ۔ مورث ۔
سَمْبھَارْ ۔ جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ تیاری ۔ سامان ۔

سَمْبھَارْنَا ۔ سنبھالنا ۔ تھامنا ۔ پکڑنا ۔ مدد دینا ۔ سہارا دینا ۔
سَمْبھَاشْ ۔ } بول چال ۔ بات چیت ۔ گفتگو ۔ تقریر ۔ کلام ۔
سَمْبھَاشَنْ ۔ } سخن ۔ ہم بستری ۔
سَمْبھَاوْ ۔ ایک ہی طبیعت اور صفت کا ۔ برابری ۔ مطابقت ۔
مشابہت ۔
سَمْبھَاوِتْ ۔ ممکن ۔
سَمْبھَاوَنَا ۔ ممکن ہونا ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ شک ۔ شبہ ۔ دل میں
کسی ایک امر کے متعلق یقین کرنا ۔ عزت ۔ توقیر ۔
قابلیت ۔ شہرت ۔
سَمْبھَرَمْ ۔ جلدی ۔ زودی ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ ہڑبڑی ۔
ڈر ۔ عزت ۔ توقیر ۔ خاطرداری ۔ گھومنا ۔
سَمْبھَوْ ۔ ہوسکتا ۔ یقین ۔ ممکن ۔ لائق ۔ ٹھیک ۔ قابل ۔ زیبا ۔
سزاوار ۔ ہونہار ۔ ہونے کے قابل ۔ پیدائش ۔ میل ملاپ ۔
صحبت ۔ سبب ۔ جان پہچان ۔ لیاقت ۔ نقصان ۔
ٹھیک ۔ پیدا ہونا ۔
سَمْبھُوجَنْ ۔ سب ساتھ مل کر کھانا ۔
سَمْبھُوگْ ۔ مباشرت ۔ مجامعت ۔ ہم بستری ۔ عیش و عشرت ۔
سکھ ۔ خوشی ۔ فرحت ۔ کامرانی ۔ تصرف ۔
سَمْبھُوگی ۔ عیاش ۔
سَمْپَاتْ ۔ ایک ہی بار گرنا ۔ ٹوٹ پڑنا ۔ میل ۔ ملاپ ۔
پہنچ ۔ رسائی ۔ ملنے کی جگہ ۔ تیار ۔ موجود ۔ خط مماس ۔
سَمْپَاتی ۔ جٹایو (گدھ) کا بھائی جس کا ذکر رامائن میں ہے ۔
سَمْپَادِتْ ۔ حاصل کیا گیا ۔
سَمْپَادَکْ ۔ حاصل کرنے والا ۔ پیدا کرنے والا ۔ پورا کرنیوالا
لکھنے والا ۔ تالیف کرنیوالا ۔ جمع کرنے والا ۔ کارندہ ۔

مُرتب ۔ ایڈیٹر۔
سَمپادَن۔ کسی کام کو پورا کرنا۔ انجام دینا۔ درست کرنا۔
جمع کرنا۔ تیار کرنا۔ کسی کتاب کو مرتب کرنا۔
سَمپَت۔ } دھن دولت۔ مرفہ الحالی۔ اقبالمندی۔ کامیابی
اختیار۔ فائدہ۔ خزانہ۔ جوڑ۔ اتصال۔
سَمپَتی۔ دھن۔ دولت۔ مال و منال۔ جائداد۔ ملکیت۔ سکھ
چین۔ قسمت۔
سَمپُٹ۔ ظرف کی طرح کی کوئی چیز جس میں بھرنے کے لئے
خالی جگہ ہو۔ دونا۔ انجلی۔ کشکول۔ ٹھیکرا۔ ڈبیا۔
صندوق۔ ہلنا۔
سَمپُٹک۔ پٹارا۔ ڈبیا۔
سَمپُٹکا۔ چھوٹی کٹوری یا تھالی جس میں پوجا وغیرہ کا سامان رکھا
جاتا ہے۔
سَمپَد۔ } دھن دولت۔ مال و منال۔ نعمت۔ اقبالمندی۔
سَمپَدا۔ } جائداد۔ عیش و عشرت۔
سَمپراپت۔ حاصل کیا گیا۔ پایا ہوا۔ جوڑا ہوا۔
سَمپراپتی۔ پہنچنا۔ فائدہ ہونا۔ حاصل ہونا۔
سَمپرائے۔ موت۔ مرگ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ آفت۔
سَمپرتی۔ اب۔ اس وقت۔ ابھی۔ آجکل۔ بالواجب۔
ٹھیک طور سے۔
سَمپردا۔ دیدینا۔
سَمپردان۔ عطیہ۔ بخشش۔ داد و دہش۔ دان دینا۔
سَمپردائے۔ دینے والا۔ داتا۔ طریقہ خاندان۔ وہ رسوم
یا منتر جو بزرگوں سے چلے آتے ہوں۔ راستہ۔

سَمپریا وَسَن۔ ختم کرنا۔ پورا کرنا۔
سَمپرستھان۔ سفر کے لئے نکلنا۔
سَمپرک۔ لگاؤ۔ میل۔ ملاپ۔ ملاوٹ۔ صحبت۔ تعلق۔
مجامعت۔ لمس۔ جوڑ۔
سَمپرکت۔ ملا ہوا۔ شامل۔
سَمپروکشن۔ خوب پانی چھڑکنا۔ دھونا۔
سَمپریت۔ خوش۔ بشاش۔
سَمپریکت۔ جوڑا ہوا۔ ساتھ کیا ہوا۔ جوتا ہوا۔ ملا ہوا۔
برتا ہوا۔ استعمال کیا ہوا۔
سَمپریکشن۔ اچھی طرح دیکھنا۔ جانچنا۔
سَمپَن۔ پورا کرنا۔ مکمل۔ ملا ہوا۔ ساتھ۔ بھرا ہوا۔ بھرپور۔
شامل۔ خوشحال۔ دولتمند۔ صاحب قسمت۔
سَمپُورن۔ پورا۔ سارا۔ تمام۔ سب۔ سالم۔ کل۔ جمیع۔
ہمہ۔ ختم۔ حسب دستور۔ جیسا چاہیے۔ بھرا ہوا۔
سَمَت۔ } منظور کیا گیا۔ قبول کیا گیا۔ اقبال کیا گیا۔ مان
سَمَتی۔ } لیا گیا۔ رضامندی۔ تجویز۔ رائے۔ خیال۔ قیاس۔
گمان۔ صلاح۔ مشورہ کے موافق۔
سَمَت۔ سال۔ سنہ۔ برس۔ واضح ہو کہ یہ لفظ اکثر بکرماجیت
کے سنہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے۔
سَمَت۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ ایک ہی انداز و پیمانہ کا۔
سُمَت۔ نیک خوئی۔ نکوئی۔ مہربانی۔ خیراندیشی۔ معقولیت۔
صلاح خیر۔ رائے نیک۔ باہمی اقرار۔ اخلاقی تمیز۔ خوبی۔ مروت۔ لطف۔
سَمتا۔ } برابری۔ ہمسری۔ مشابہت۔ مطابقت۔ مساوات۔
سَمتوَ۔ } مقابلہ۔ ہمواری۔ اعتدال۔
سَمتِیپت۔ آغاز۔ ابتدا۔ پیدائش۔

سُمِترَا ۔ راجہ دشرتھ کی زوجہ لچھمن کی والدہ کا نام ۔
سُتُسَوْ ۔ عید ۔ جشن ۔
سُمتی ۔ نیک عقل ۔ نیک خوئی ۔
سَمِتی ۔ مجلس ۔ سماج ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
سَمّتی ۔ بچار ۔ صلاح ۔ رائے ۔ مشورہ ۔ رضامندی ۔
سَمّتی پَتْر ۔ راضی نامہ ۔ صلح نامہ ۔
سَمِجیَا ۔ سبھا ۔ مجلس ۔ نیک نامی ۔
سُمجَا ۔ مکمل ۔ تمام ۔ پورا ۔
سَمیچِیْن ۔ بالکل درست ۔ مناسب ۔ معقول ۔
سَمُچھِنّت ۔ بربادی ۔ تباہی ۔ چھوڑا ہوا ۔ ترک کیا ہوا ۔
سَمُچھید ۔ / سَمُچھیدَن ۔ } جڑسے اکھاڑنا ۔ برباد کرنا ۔
سَمُچّے ۔ بہت سی چیزوں کا اکٹھا کرنا ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ مخزن ۔ گروہ
کلام کا میل ۔ عطف ۔
سَمُدائے ۔ انبار ۔ ڈھیر ۔ جماعت ۔ انبوہ ۔ گروہ ۔ جھنڈ ۔ سب
سَمُدبھو ۔ پیدائش ۔ ہوم کی آگ ۔
سَمُدر ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔
سَمُدرانت ۔ کنارۂ دریا ۔ بندرگاہ ۔
سَمُدر پھین ۔ کفِ دریا یا جھاگ ۔
سَمُدر کف ۔ / سَمُدر فین ۔ } کفِ دریا یا جھاگ جو دریا کے کنارے پایا جاتا ہے ۔
سَمُدر کھار ۔ سنکھیا ۔ سم الفار ۔

سَمُدر یاترا ۔ / سَمُدر یان ۔ } (جاترا) سفرِ دریا ۔
سَمُدُکھ ۔ ہمدردی کرنا ۔ کسی کے رنج و دکھ میں شریک ہونا ۔
سَمُدواہ ۔ بیاہ ۔ شادی ۔
سَمِدھ ۔ لکڑی کے وہ ٹکڑے جو ہوم کے وقت آگ میں
جلاتے ہیں ۔ ایندھن ۔
سَمدھن ۔ بیٹے یا بیٹی کی ساس ۔
سَمدھی ۔ سگا ۔ ناتہ دار ۔ بیٹے یا بیٹی کا خسر ۔
سَمدھیانا ۔ سمدھی کا گھرانا ۔
سَمُدیم ۔ شروع ۔ آغاز ۔ کام ۔ فعل ۔
سَمَر ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ حرب ۔
سُمَر ۔ ذکر ۔ یاد ۔
سَمراج ۔ / سَمراٹ ۔ } کل دنیا کا مالک ۔ شہنشاہ ۔ ایمپرر ۔
سَمرادھن ۔ ہر طرح سے خدمت کرنا ۔ پوجا کرنا ۔ پرستش کرنا ۔
دھیان کرنا ۔ سوچنا ۔
سَمراگنی ۔ شہنشاہ کی بیوی ۔
سَمر بھومی ۔ میدانِ جنگ ۔ نبردگاہ ۔
سَمرپت ۔ سپرد کیا ہوا ۔ حوالہ کیا گیا ۔ دیا ہوا ۔ منتقل کیا گیا ۔
سَمرپن ۔ کسی کو کوئی چیز احترام کے ساتھ دینا ۔ سونپنا ۔
سپرد کرنا ۔ نذر ۔
سَمرپنا ۔ دیوتا کو بھینٹ دینا ۔ سونپنا ۔ نذر کر دینا ۔
سُمرت ۔ یاد ۔ حافظہ ۔ تذکرہ ۔ ذکر ۔ یادداشت ۔ روایت ۔
حدیث ۔ یاد رکھنا ۔

سَمَرتھ۔ طاقت۔ قوت۔ قدرت۔ زور۔ توانائی۔ توانا۔
قادر۔ لائق۔ طاقتور۔ صاحب قدرت۔ امیر۔
سَمَرتھتا۔ طاقت۔ قوت۔ قدرت۔
سَمَرتھن۔ نظائر سے ثابت کرنا۔ تائید کرنا۔
سَمَرتھنا۔ سفارش کرنا۔
سَمَرتھی۔ صاحب قدرت۔ زورآور۔ قادر۔
سُمرتی۔ یاد۔ حافظہ۔ ہوش۔ مجموعہ قوانین دھرم شاستر
جو اٹھارہ ہیں جن کو رکھیشروں نے احکام بید کے
مطابق مرتب کیا ہے۔ جیسے منوسمرتی۔ وغیرہ۔ وہ
رواجات جو نسلاً بعد نسل زبانی چلے آتے ہیں۔ منقولات
سَمرِدھ۔ گھیرا ہوا۔ روکا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔ منع کیا ہوا۔
انکار۔ زیادتی۔ دولتمند۔ قادر۔
سَمرِدھی۔ بڑی ترقی۔ ازبس افزونی۔ کثرت۔ مجازاً امیری۔
سَمَرشیا۔ میدان جنگ۔ نبرد گاہ۔
سَمَرکشن۔ حفاظت۔ دیکھ بھال۔
سَمَرمبھ۔ ابتدا۔ آغاز۔ غصہ۔ غضب۔ تیزی۔
سُمَرن۔ / سِمَرن۔ } یاد۔ دھیان۔ ذکر۔ نام لینا۔ یاد کرنا۔ کسی مضمون
کو لگاتار رٹنا۔ مالا جپنا۔ ورد۔ غیر مرئی شے کا
علم۔ تسبیح۔ مالا۔
سُمَرن۔ دعائیں جو تسبیح پر پڑھی جاتی ہیں۔ ورد۔ وظیفہ۔ یاد۔
سُمَرنا۔ / سِمَرنا۔ } یاد کرنا۔ ذکر کرنا۔ نام لینا۔ مالا تسبیح۔
سَمرمبھ۔ لینا۔ پکڑنا۔ لالچ۔ شوق۔ غصہ۔
سَمروپ۔ مشابہت۔ یکسانیت۔
سَمسار۔ (سنسار) لگاتار ایک حالت سے دوسری حالت
میں داخل ہوتے رہنا۔ بار بار پیدا ہونے کا سلسلہ
آواگمن۔ دُنیا۔ زندگی کا جنجال۔
سَمساری۔ دنیا کا۔ دنیوی۔
سَمشان۔ مُردوں کو جلانے کا مقام۔ مرگھٹ۔ گورستان۔
سَمسپرش۔ اچھی طرح لمس کرنا یعنی چھونا۔ ایک جسم کا دوسرے
جسم کے ساتھ لگنا۔
سَمست۔ سب۔ سارا۔ پورا۔ تمام۔ کُل۔ سالم۔ ہمہ۔
جمیع۔ مرکب۔
سَمستو۔ تعریف۔ ثنا۔
سَمستھا۔ ٹھہراؤ۔ حالت۔ طریقہ۔ نیم۔ روپ۔ شکل۔
گن۔ صفت۔ خاتمہ۔ موت۔ فنا۔ قیامت۔ انجمن۔
کمیٹی۔ گروہ۔ سبھا۔ سماج۔ حکم شاہی۔
سَمستھاپن۔ کھڑا کرنا۔ اٹھانا۔ تیار کرنا۔ جمانا۔ بٹھانا۔ کوئی
نئی بات پیدا کرنا۔ نیا کام جاری کرنا۔
سَمستھان۔ ٹھہرنا۔ جمع ہونا۔ اچھی طرح پرورش کرنا۔
تمام لوگوں کے رہنے یا جمع ہونے کا مقام۔ وادی
کی جگہ۔ راجاؤں کے رہنے کا مقام۔ گھر۔ مکان۔
بستی۔ قصبہ۔ برقرار۔ قیام۔ شکل۔ رونق۔ خصلت۔
حالت۔ جوڑ۔ ختم۔ فنا۔ موت۔ بناوٹ۔ پورا۔
سَمستھت۔ ٹِکا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔
سَمسد۔ / سَمست۔ } سماج۔ سبھا۔ مجلس۔ جماعت۔ دربار۔ عدالت۔
سَمسرگ۔ رشتہ داری۔ شرکت۔ تعلق۔ میل۔ ملاپ۔
صحبت۔ ساتھ بیٹھنا۔ زن و مرد کی صحبت۔
سَمسرگی۔ رشتہ دار۔

سمسکر۔ (کسی چیز میں سے اُس کے عیوب نکالکر عمدہ
سمسکرن) خاصیت پیدا کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔
سجانا۔ صفائی۔ مرمت۔ پاک کرنے کا طریقہ۔
قسمت۔

سمسکرت۔ صاف و پاک کیا ہوا۔ سُدھارا ہوا۔ آراستہ
کیا ہوا۔ اعلیٰ۔ ایک مشہور زبان جسے بید بانی۔ یا
دیو بانی یعنی دیوتاؤں کی زبان کہتے ہیں۔

سمسکرن۔ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ سجانا۔ پاک کرنا
سُدھارنا۔ نظرِ ثانی کرنا۔ مکرر دیکھنا۔

سمسکھلن۔ گرنا۔ چوک جانا۔ بھولنا۔

سمسمرن۔ خوب یاد کرنا۔ اچھی طرح نام لینا۔

سمسیا۔ دقت طلب سوال۔ نظم کی ترکیب میں دیا ہوا کوئی
حصّہ۔ (جُزو) طرز۔ طرح۔ اشارہ۔

شمشان۔ مُردوں کو جلانے یا دفن کرنے کا مقام۔ مرگھٹ۔

سمشٹا۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔

سمشٹی۔ آپس میں۔ باہم۔ مشترک۔ کُل۔

سمشرے۔ میل۔ تعلق۔ لگاؤ۔ ذریعہ۔ پرورش۔ پناہ۔ سہارا

سمشودھن۔ ترمیم کرنا۔ پاک و صاف کرنا۔ دوبارہ دیکھنا
غور سے دیکھنا۔ نظرِ ثانی کرنا۔

سمشیا شمن۔ ڈانواں ڈول دل۔

سمشے۔ / سمشیے۔ } شک۔ شُبہہ۔ گمان۔

سمکش۔ آنکھوں کے سامنے۔ روبرو۔ بالمواجہ۔ بالمشافہ۔

سُمکھ۔ خوبرو۔ حسین۔ عالم۔

سممکھ۔ سامنے۔ روبرو۔ آگے۔ مقابل۔

سُمکھی۔ خوبصورت (عورت) حسینہ۔

سمگدھ۔ فریفتہ و شیفتہ کیا گیا۔ بدحواس کیا ہوا۔

سمگر۔ سارا۔ سب۔ پورا۔ تمام۔ کُل۔ ہمہ۔ جملہ۔

سنگم۔ ملاقات۔ جان پہچان۔

سمگیا۔ نیک نامی۔ شہرت۔

سنگیا۔ نام۔ اسم۔ ہوش۔ عقل۔ متحرک۔ جینو۔

سمل۔ میلا۔ غلیظ۔ گندہ۔ گنہگار۔

سملپن۔ / سملاپ۔ } ادھر اُدھر کی گفتگو۔ گپ شپ۔

سم لگن۔ ملا ہوا۔ شامل۔

سُمن۔ نیک طبیعت والا۔ نیک خو۔ پھول۔ گُل۔

سم ملِت۔ ملا ہوا۔ شامل۔

سُمنا۔ چمیلی۔ مالتی۔

سُمنت۔ راجہ دشرتھ کا وزیر اور رتھبان۔

سمنتات۔ چاروں طرف سے۔ سب۔ تمام۔

سُمنتر۔ مشورۂ نیک۔ صلاح سعید۔

سُمنترک۔ (نیک مشورہ دینے والا) وزیر۔ مشیر۔

سمنجس۔ ٹھیک۔ مناسب۔ درست۔ جسے کسی بات
کی عادت ہو۔

سمندر۔ دیکھو (سمدر)۔ بحر۔

سمندر پھین۔ کفِ دریا۔

سُمنگل۔ نہایت نیک۔ اسعد۔ مبارک تر۔

سمنوت۔ سمیت۔ ساتھ۔ باہم ملا ہوا۔ بے روک ٹوک

سُمنوہر۔ دل خوش کُن۔

سمنوے۔ ملاپ۔ دوستی۔

سمو ۔ وقت ۔ موسم ۔ ہنگام ۔

سمواد ۔ بات چیت ۔ گفتگو ۔ بحث ۔ خبر ۔ حال ۔ کیفیت ۔ تذکرہ ۔ پیغام ۔

سموادن ۔ گفتگو ۔ بات چیت ۔

سموارنا ۔ سدھارنا ۔ سجانا ۔ تیار کرنا ۔

سمواس ۔ ساتھ رہنا سہنا ۔

سمواہن ۔ لیجانا ۔ ڈھونا ۔ پہنچانا ۔ چلانا ۔ مالش کرنا ۔ دبانا

سموائے ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ میل ۔ اتفاق ۔ دائمی تعلق ۔ تعلق لاینفک ۔

سموائے کارن ۔ سبب مادی ۔ علت مادی ۔

سموت ۔ (سمبت) راجہ بکرماجیت کا چلایا ہوا برس ۔ سال ۔ سنہ ۔

سموتسر ۔ برس ۔ سال ۔ سنہ ۔

سموتسری ۔ ہر وہ رسم جو سال میں ایک بار آجایا کرے ۔

سموچہ ۔ سارا ۔ پورا ۔ سب کا سب ۔ تمام ۔ کامل ۔ کُل ۔

سموچت ۔ ٹھیک ۔ واجب ۔ دُرست ۔

سمود ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ قرار ۔ سمجھوتا ۔ تدبیر ۔

سمود ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ بہجت ۔

سمودھا ۔ رہنا سہنا ۔ آچار بچار ۔ ڈول ۔

سمور ۔ روک ۔ دور کرنا ۔ حواس کو قبضہ میں رکھنا ۔ دل کو قابو میں رکھنا ۔

سمورتک ۔ فنا یا نابود کرنے والا ۔

سمورِدّھ ۔ بڑھا ہوا ۔ ترقی ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔

سموردھن ۔ بڑھانا ۔ پالنا ۔ ترقی دینا ۔

سمورن ۔ ڈھکنا ۔

سمول ۔ جڑ کے ساتھ ۔ جس کا کوئی سبب ہو ۔

سمونا ۔ ٹھنڈے اور گرم پانی کو ملا کر معتدل کرنا ۔

سموہ ۔ بے وقوفی ۔ بدحواسی ۔ بہکانا ۔ بھلانا ۔

سموہ ۔ بھیڑ بھاڑ ۔ جھنڈ ۔ مجمع ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ ذخیرہ ۔ جتھا ۔ تھوک ۔

سموہت ۔ ملایا ہوا ۔ اکٹھا کیا ہوا ۔ جمع کیا ہوا ۔

سمویدنا ۔ ہمدردی ۔

سمہ ۔ برابر ۔ موافق ۔ مشابہت ۔ سب ۔ پورا ۔ دو ۔ چار وغیرہ کا عدد ۔ سادھو ۔

سمہ درشی ۔ }
سمہ درشن ۔ }
سمہ درشی ۔ } دونوں جانب برابر دیکھنے والا ۔ جملہ مخلوق عالم کو ایک نظر سے دیکھنے والا ۔ غیر جانبدار ۔ غیر طرفدار ۔ بے تعصب ۔

سمہہ ۔ شرزہ ۔ شیر ۔ ببر ۔ برج اسد ۔ ایک خطاب ۔

سمہار ۔ قتل ۔ نابودی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ قیامت ۔ ایک دوزخ کا نام ۔

سمہارنا ۔ جان سے مار ڈالنا ۔ برباد کرنا ۔

سمہاسن ۔ (سنگھاسن) تخت شاہی ۔

سمہتا ۔ میل ۔ ملاپ ۔ منو وغیرہ رشیوں کے لکھے ہوئے سمرتی یا دھرم شاستر کی ۱۹ کتابیں ۔ پران ۔ بید کا حصہ ۔ واضح ہو کہ ہر مصنف کے جداگانہ شاستر ہیں ۔ اور ان کے ناموں کے ساتھ موسوم ہیں ۔

سمہہ دوار ۔ صدر دروازہ ۔ بڑا دروازہ ۔

سمہہ ناد ۔ میدان جنگ میں بہادروں کی شیر کی جیسی

سمہنی ۔ شیرنی ۔ شیر مادہ ۔

سمہ یگیہ ۔ وہ جو موقع کا خیال رکھتا ہو ۔ موقع اور محل

کے ساتھ چلنے والا۔ ابن الوقت۔

سَمَئے ۔ ۱

سَمَیا ۔ } وقت۔ موسم۔ فرصت۔ موقع۔ ہنگام۔ زمانہ۔ عصر

سَمی ۔ } ضرورت۔

سَمِیپ ۔ نزدیک۔ قریب۔ پاس۔ متصل۔

سَمِیپتا۔ قربت۔ نزدیکی۔

سَمیپیہ۔ نزدیکی۔ قربی۔ اتصال۔

سَمیت۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ مع۔ بامعیت۔ شامل۔

سَمیُت۔ ملاہوا۔ لگاہوا۔

سَمیچین۔ سچ صحیح۔ ٹھیک۔ عمدہ۔ درست۔ واجب۔ لائق۔ بہت اچھا۔ اعلیٰ۔

سَمیر ۔ }
سَمِیرَن۔ } ہوا۔ باد۔

سُمیرُو۔ ایک پہاڑ کا نام۔ قطب شمالی (ستارہ) تسبیح کا سب سے بڑا دانہ یعنی امام۔

سَمیک۔ پورا۔ سب۔ سب طرح سے۔ اچھی طرح سے۔ ٹھیک طور پر۔ مناسب طرح سے۔ لیاقت کے ساتھ

سَمیکت۔ ملاہوا۔ جڑاہوا۔ لگاہوا۔ شامل۔

سَمیکرن۔ برابر کرنا۔ ایک طرح کی گنتی۔

سَمیکشن }
سَمیکشن } اچھی طرح دیکھنا۔

سَمیگ۔ میل ملاپ۔ بھڑنا۔ لڑائی۔ جنگ۔

سُمیل۔ مناسب۔ خوش خو۔ شایاں۔ لائق۔ پسندیدہ شائستہ مہذب۔

سَمیلن۔ ایک جگہ جمع ہونا۔ جمگھٹ۔ میل ملاپ۔

سَنیَم۔ طریقہ میں رہنا۔ چلنا۔ قبضہ میں لانا۔ ضبط کرنا۔ کاوٹ۔ پرہیز۔ بندش۔ روزہ کے دن کئی چیزوں کے کھانے پینے کی احتیاط۔

سَنیمی۔ جس نے حواسوں پر فتح حاصل کی ہو۔ مُنی۔ رشی۔

سَنیوجت۔ ملایا گیا۔

سَنیوجنا۔ انتظام۔

سَنیوگ۔ میل۔ ملاپ۔ شرکت۔ اتفاق۔ جوڑ۔ میزان۔ مشورہ۔ لگاؤ۔ تعلق۔ صحبت۔ تعلق زناشوئی۔

سَمیہا۔ شرم۔ حیا۔

سَن۔ ساتھ۔ باہم۔ سے۔

سَنّا۔ ملنا۔ جڑنا۔

سُنّا۔ خالی۔ صفر۔ نقطہ۔

سَنابھ۔ پہاڑ۔ کوہ۔

سَناتک۔ فارغ التعلیم۔

سَناتن۔ کہنہ۔ قدیم۔ پرانا۔ ابتدائی۔ ازلی۔ ابدی۔ دائمی۔ جاودانی۔ ہمیشہ کا۔ برہما اور وشنو۔

سَناتن دھرم۔ قدیم دھرم۔ آباؤ اجداد کا دھرم۔ عام طور پر مروجہ ہندو دھرم۔

سَناتنی۔ جو زمانہ دراز سے چلا آتا ہو۔ سناتن یعنی آباؤ اجداد کے دھرم پر چلنے والا۔

سَناتھ۔ جس کا مالک یا وارث ہو۔ وہ بندہ جس کا آقا ہو۔ شوہر والی عورت۔

سُناری۔ (سُ بمعنی نیک) خوبصورت اور نیک عورت۔

سَنان۔ نہانا۔ غسل کرنا۔ غسل۔

سَنان شتھان۔ حمام خانہ۔

سَنّاہ ۔ بکتر جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔
سَنبھہ ۔ برابر ۔ ہمشکل ۔ ملتا جلتا۔
سَنپاتْ ۔ سرسام کی بیماری ۔
سَنْتْ ۔ سادھو ۔ سنیاسی ۔ عابد ۔ پارسا ۔ ولی ۔ عارف ۔ زاہد
سَنْتِ ۔ تعظیم ۔ عزت ۔
سَنْتَا ۔ محروم ۔ بخیل ۔
سَنْتَاپْ ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ دُکھ ۔ غم ۔ رنج ۔ فکر ۔ تکلیف ۔
درد ۔ مصیبت ۔ پریشانی ۔ سوچ ۔ غصہ ۔ حسد ۔
سَنْتَاپِتْ } حرارت یافتہ ۔ غم زدہ ۔ مغموم ۔ متفکر ۔ محزون ۔
سَنْتَاپِی } پریشان حال ۔
سَنْتَاپَکْ ۔ رنج دینے والا ۔
سَنْتَانْ ۔ لڑکے بالے ۔ بال بچے ۔ عیال و اطفال ۔ آل اولاد
خاندان ۔ نسل ۔ دودمان ۔
سَنْتَپْتْ ۔ تپا ہوا ۔ جلا ہوا ۔ تھکا ہوا ۔ ستایا ہوا ۔ مصیبت زدہ
گرم ۔ دکھی ۔
سَنْتَتْ ۔ لگاتار ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔ برابر ۔ کشادہ ۔ پھیلا ہوا ۔
سَنْتَتِی ۔ بال بچے ۔ اولاد ۔ نسل ۔ خاندان ۔ پھیلاؤ ۔ جھنڈ ۔ گروہ
سَنْتَرْپَنْ ۔ خواہش پوری کرنا ۔ اچھی طرح اطمینان کرنا ۔
سَنْتُشْٹْ ۔ خوش ۔ بشاش ۔ مسرور ۔ تسکین ۔ قانع ۔ راضی ۔
تحمل ۔ آسودہ حال ۔ خوشی کے ساتھ ۔ آرام سے ۔
سَنْتُشْٹَتَا ۔ تسلی ۔ قناعت ۔
سَنْتُشْٹِی ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ صبر ۔ قناعت ۔
سَنَتْ کُمَارْ ۔ برہما کا بیٹا ۔ سنک منی کا نام ۔
سَنْتَمَسْ ۔ اندھیرا ۔ تاریک ۔ عشق ۔
سَنْتْوَنَا ۔ معذرت ۔ پردہ پوشی ۔ تسلی ۔ دلاسا ۔

سَنْتوشْ } خوشی ۔ تسلی ۔ قناعت ۔ صبر ۔ شکر ۔ راحت ۔ تسکین ۔
سَنْتوشَنْ } اطمینان ۔ راضی برضا ۔
سَنْتوشِتْ ۔ خوش ۔ بشاش ۔
سَنْتوش دَایَکْ ۔ خوشی دینے والا ۔ مسرت بخش ۔
سَنْتوشَکْ ۔ خوش کرنے والا ۔ مسرت دینے والا ۔
سَنْتوشِی ۔ خوش رہنے والا ۔ رضامند ۔ صابر ۔ قانع ۔
سَنْتوکھ ۔ دیکھو (سنتوش)
سَنْتھا ۔ سبق ۔ درس ۔ پڑھنا ۔
سَنْجَاتْ ۔ پیدائش ۔
سِنْجِتْ ۔ آواز ۔ جھنک ۔ جھنکار ۔
سَنْجُکْتْ ۔ (سنیُکْتْ) ملا ہوا ۔ شامل ۔ پیوستہ ۔ مرکب ۔
منضم ۔ اشتراک ۔
سَنْجَمْ ۔ روک ۔ ممانعت ۔ تاخیر ۔ صبر ۔ پابندی ۔ پرہیز ۔
چند مقررہ ایام میں کسی خاص غذا سے پرہیز کرنا ۔ دل کا
روکنا ۔ پاک رہنا ۔ فرمودہ شاستر کا عمل ۔
سَنْجَمِی ۔ پرہیزگار ۔ متقی ۔ معتدل ۔
سَنْجوگْ ۔ (سنیوگ) حادثہ ۔ اتفاق ۔ ملاپ ۔ ملاقات ۔
جماعت ۔ سبھا ۔ واقعہ ۔ بخت ۔ وصل ۔ پیوستگی ۔
میل ۔ اتصال ۔ موقع ۔ قران السعدین ۔
سَنْجوگِی ۔ (سنیوگی) ملا ہوا ۔ گہری ملاقات ۔ وہ زاہد جو شرائط
تجرد کے خلاف اہل و عیال رکھتا ہو ۔
سَنْجھَا ۔ (سندھیا) شام ۔ صبح ۔ ظہر ۔ شام کی دعا ۔
سَنْجیو ۔ مرے ہوئے کو زندہ کرنا ۔ بار دیگر زندہ کرنا ۔
سَنْجیوَنْ ۔ جان ڈالنا ۔ جان پیدا کرنا ۔
سَنْجیوَنی ۔ مردے کا زندہ کرنے والی ۔

سَنجیونی بِدیا۔ (وِدیا) علم احیائے اموات یعنی وہ علم جس سے مردہ کو زندہ کریں۔

سَنچارْ۔ پھیلاؤ۔ سیر۔ شروع۔ آغاز۔ داخلہ۔ سرایت۔ سیارگان کا ایک بُرج سے دوسرے برج میں داخل ہونا۔

سَنچارَکْ۔ رہبر۔ رہنما۔

سَنچارِکا۔ پیغام لیجانیوالی عورت۔ کُٹنی۔

سَنچارَنْ۔ پھیلاؤ۔ سفر۔

سَنچالَنْ۔ چلانا۔ پھیلانا۔

سَنچِتْ۔ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ ڈھیر لگایا گیا۔ جُوڑا ہوا۔ اندوختہ۔ مجموعہ قوانین کا باقاعدہ فراہم کیا ہوا۔ وہ اعمال نیک و بد جو جنم جنمانتر سے جمع ہیں۔ سابقہ۔

سَنچِت کَرَمْ۔ تقدیر۔ قسمت۔

سَنچَرْ۔ چلنا۔ پھرنا۔

سَنچَرَنْ۔ چلنا۔ پھرنا۔ پھیلانا۔ کانپنا۔

سَنچَلَنْ۔ ہلنا۔ چلنا۔ پھرنا۔ کانپنا۔

سِنچَنْ۔ }
شِنچَنْ۔ } پانی چھڑکنا۔

سَنچْنا۔ }
سانچْنا۔ } اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

سَنچھِپْتْ۔ (سَنکْشِپْتْ) خلاصہ۔ مختصر۔ اختصار۔ ایجاز۔

سَنچھوبھْ۔ (سَنکْشوبھْ) کانپنا۔ الٹ پلٹ۔ گھمنڈ۔ شوخی۔

سَنچھے۔ (سَنکْشَے) بربادی۔ تباہی۔

سَنچھیپْ۔ (سَنکْشیپْ) کم کرنا۔ مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ گھٹانا۔ مختصر۔ اختصار۔ خلاصہ۔ اجمال۔

سَنچھیپَنْ۔ (سَنکْشیپَنْ) کانٹ چھانٹ۔ اختصار۔ خلاصہ۔ ایجاز۔

سَنچَے۔ ڈھیر۔ انبار۔ مقدار۔ تعداد۔ سرمایہ۔ بچت۔ جمع۔ ذخیرہ۔ مخزن۔ تھیلی۔ کیسہ۔ جمع کرنا۔ مقدار۔ راس المال۔

سَنچیتْ۔ مطمئن۔ ہوشیار۔ خبردار۔

سَنچَیَنْ۔ جمع کرنا۔

سُنْدَرْ۔ خوبصورت۔ (مرد) حسین۔ خوشنما۔ نیک۔ عمدہ۔ بھلا۔ سڈول۔ اچھا۔ بہتر۔

سِنْدُرْ۔ }
سِنْدُھرْ۔ } ہاتھی۔ فیل۔

سَنْدَربھْ۔ موقع۔ اتفاق۔ بناوٹ۔ پھیلاؤ۔ انتظام۔

سُنْدَرْتا۔ }
سُنْدَرْتوہ۔ } خوبصورتی۔ حسن وجمال۔ زینت۔ رونق۔

سَنْدَرْشَنْ۔ اچھی طرح دیکھنا۔ امتحان۔ جانچ۔ صورت۔

سُنْدَری۔ خوبصورت (عورت) ابلدی۔

سَنْدِشْٹْ۔ کہا ہوا۔ بتایا ہوا۔

سَنْدِگْدھْ۔ جس میں کوئی شک ہو۔ مشتبہ۔ مشکوک۔

سِنْدُورْ۔ سیندور۔ شنگرف۔ شنجرف۔

سَنْدوہْ۔ گروہ۔ جماعت۔ بہت۔ کثرت۔

سَنَّدھْ۔ لگا ہوا۔ تیار۔

سَنْدھِ۔ میل۔ ملاپ۔ شگاف۔ سوراخ۔ درج۔ صلح۔ اتفاق۔ موافقت۔ جوڑ۔

سِنْدھْ۔ دیکھو (سِنْدھو)

سَنْدھا۔ قرار۔ ملاپ۔ تلاش۔ بیٹھا ہوا۔ ملا ہوا۔

سَنْدھانْ۔ خفیہ طور سے حالات دریافت کرنا۔ بھید لینا۔ جاسوسی کرنا۔ ورد۔ وظیفہ۔ اتفاق۔ ساتھ۔ تیاری۔

تو ہ۔ اندازہ۔ جید۔ تجویز۔ سوچ۔ غور۔ عمل تحقیقات۔ کھوج۔ پتہ۔ شراب۔ کمان پر تیر چڑھانا۔ نشان لگانا۔ جوڑنا۔ ملانا۔

سَنْدھَانْ۔ قریب۔ نزدیک۔ پاس۔

سَنْدھَانی۔ ملاپ۔ تلاش۔

سِنْدھُرْ۔ ہاتھی۔ فیل۔

سِنْدھُو۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔ دریائے شور۔ ایک ندی کا نام جسے اٹک کہتے ہیں۔ ایک ملک۔ ہاتھی کی مستی۔ ایک راگنی۔

سَنْدھی۔ سامنے۔ نزدیک۔

سَنْدھی۔ ملونی۔ مقام اتصال۔ مصالحت۔ میل۔ ملاپ۔ نزدیک۔ پاس۔ جوڑ۔ ملائم تلفظ۔ دونوں کے درمیان صلح ہو جانا۔

سَنْدھیَا۔ شام۔ مغرب۔ برہمن۔ چھتری اور ویش کا روزانہ نیم یعنی وہ دعا جو زوال اور غروب آفتاب اور ظہر کے وقت پڑھی جاتی ہے۔

سَنْدھیَا کَال۔ وقت غروب آفتاب۔

سَنْدیِک۔ ترقی کرنے والا۔ اضافہ کرنے والا۔

سَنْدیش۔ }
سَنْدیشَا۔ } پیغام۔ خبر۔ کیفیت۔ رسالت۔

سَنْدیشی۔ پیغام لیجانیوالا۔ پیغامبر۔ خبر رساں۔ مخبر۔ قاصد۔

سَنْدیہ۔ گمان۔ شک۔ شبہ۔ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ فکر۔ پس وپیش۔ احتمال۔ رنج۔ خطرہ۔

سَنْدیہک۔ شبہ کرنے والا شکی۔

سَنْدیہی۔ شکی۔ شبہ کرنے والا۔ بدگمان۔ وہمی۔ متردد مشکوک۔

سَنْسَا۔ خوف۔ ڈر۔ شک۔ شبہ۔ اندیشہ۔ احتمال۔ تردد۔

سَنْسَارْ۔ (سَنْسَارْ) یعنی جانے والا یعنی دنیائے گزشتنی وگزاشتنی۔ عالم۔ دنیا داری۔

سَنْسَارِک۔ (سَنْسَارِک) دنیوی۔

سَنْسَارِی۔ (سَنْسَارِی) سنسار میں رہنے والا یعنی دنیا دار۔

سُنْسَانْ۔ خاموش۔ ساکت۔ ساکن۔ ویران۔

سَنْسپَرْش۔ (سَنْسپَرْش) چھوت۔ لگاؤ۔ اتصال جس۔ لمس۔

سَنْستھَانْ۔ (سَنْستھَانْ) شکل۔ صورت۔ بناوٹ۔ تعمیر۔ وہ مقام جہاں چاروں طرف کے لوگ جمع ہوں۔ راجدھانی۔ دار السلطنت۔

سَنْسَرگ۔ (سَنْسَرگ) ملاپ۔ قربت۔ چھوت۔ لگاؤ۔ بے تکلفی۔ ملاقات۔ ملنا۔ مجامعت۔ مباشرت۔
کَانکشَا ۔ (کانچھا) چاہ ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ حرص ۔ آرزو ۔
رغبت ۔ شوق ۔ ارادہ ۔ منشا۔

کَانکھ ۔ بغل ۔ آغوش۔

کَانن ۔ جنگل ۔ صحرا۔

کَانہڑَا ۔ ایک راگنی کا نام۔

کَانی ۔ دشمنی ۔ حسد۔

کَانِین ۔ وہ لڑکا جو بیاہ کے پہلے پیدا ہوا ہو۔

کَانیہ کبج ۔ ملک قنوج ۔ کنوجیا ۔ برہمنوں کی ایک ذات۔

کَاوَڑ ۔ بہنگی۔

کَاویری ۔ ایک مشہور ندی کا نام۔

کَاویَہ ۔ شاعری ۔ عمدہ مضمون کی کتاب ۔

کَاہل ۔ بدن ۔ جسم ۔ کالبد۔

کَاہُو ۔ کس کو ۔ کوئی ۔ کون ۔ کچھ۔

کَاہے ۔ کیوں ۔ کس لئے۔

کَائے ۔ } تن ۔ بدن ۔ جسم ۔ کالبد ۔ شخص۔
کَایَا ۔ }

کَایَر ۔ بزدل ۔ نامرد ۔ ڈرپوک ۔ خائف۔

کَایَستھ ۔ ہنود کے ایک مشہور فرقہ کا نام ۔ جن کا پیشہ لکھنے
پڑھنے کا ہے ۔ خداوند تعالیٰ۔

کَایِک ۔ متعلق بہ کائے یعنی جسم کا ۔ جسمانی۔

کَائے کلیش ۔ تکالیف جسمانی۔

کُبْ ۔ } کوبڑا ۔ کوز۔
کُوبْ ۔ }

کَبِ ۔ (کوی) شاعر۔

کَبِت ۔ (کوت) شاعری۔

کَبِتَا ۔ (کوتا) شعر ۔ نظم ۔ قطعہ۔

کَبِتَائی ۔ شاعری۔

کُبج - کوبڑا۔ کوز۔
کُبجا - کُبڑی۔ زن کوز پشت۔ کنس کی ایک داسی کا نام۔
کُبُدھی - بُری عقل والا۔ بے خرد۔ بے وقوف۔ احمق۔ نالائق۔
کَبَل - (کَوَل) لقمہ۔ نوالا۔
کبتلون - کب تک۔ کہاں تک۔ کتنی دیر تک۔
کَبَندھ - دھڑ۔ جسم بے سر۔ درخت کا وہ تنہ جس پر شاخیں وغیرہ نہ ہوں مگر اُگنے کے قابل ہو۔ پانی۔ ایک راکھس کا نام
کُبھار - بدسلوکی۔ بدخوئی۔
کُبھاو - بدسلوکی۔ بدمزاجی۔ بدخوئی۔
کُبیر - (کُوئیر) خدائے مال و دولت۔ کیشون کا راجہ۔
کَبیشر - (کویشور) شاعروں کا بادشاہ۔ ملک الشعرا۔
کَپ - بندر۔ بوزینہ۔
کُپاتر - نالائق۔ ناقابل۔ نااہل۔ ناسزاوار۔ وہ جس کو خیرات دینا شاستر کے رو سے ممنوع ہے۔
کَپاٹ - کواڑ۔ دروازہ۔ در۔
کَپال - کھوپڑی۔ کاسۂ سر۔ قحف۔ قسمت۔ سرنوشت۔ تقدیر۔
کَپالی - شیوجی کا لقب۔
کَپال آسَن - فقرا کی ایک قسم کی خاص عبادت جس میں وہ دراز تک سر کے بل کھڑے رہتے یعنے سر زمین پر ٹیک کر پیر آسمان کی جانب کرتے ہیں۔
کُپِت - غصہ ور۔ ناراض۔
کُپُتر / کُپُوت - بد اور نافرمان لڑکا۔ ناخلف۔ خُلف۔
کَپِتھ - کویٹ کا درخت یا پھل۔
کُپَنتھ - بُرا راستہ۔ گمراہ۔ بدچلن۔ بدعت۔

الحاد۔ کفر۔
کُپتی - ظالم مالک۔ بد شوہر۔
کَپَٹ - دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ کینہ۔ مکر۔ بغض۔ چھل۔
کَپٹی - مکار۔ ریاکار۔ بدباطن۔ فریبی۔ دغاباز۔
کَپَرد - مہادیوجی کی جٹا جس میں گنگاجی نے قیام کیا۔
کُپُرش - کمینہ آدمی۔ بدآدمی۔ بزدل۔ ڈرپوک۔
کَپِل - ایک منی کا نام جو فلسفہ سانکھ کا موسس ہے۔ بھورا رنگ۔
کَپِلا - بھورے رنگ والی گائے۔
کَپِتا - کانپنا۔ کانپتا ہوا۔
کُپُوت - نالائق بیٹا۔ ناخلف۔ خُلف۔
کَپُوت - کبوتر۔ حمام۔
کُپُوتی - بداطوار بیٹی۔ بدکار دختر۔
کَپُور - کافور۔
کَپول - گال۔ رخسارہ۔ عارض۔
کُپَھل - خراب پھل۔ بُرا نتیجہ۔
کَپھ - کف۔ بلغم۔ تھوک۔
کَپِی - بندر۔ بوزنہ۔ میمون۔
کُپی - چھوٹا کنواں۔
کَپی دَھوج - جس کے پرچم پر ہنومان کی علامت ہو۔ ارجن کا لقب
کَپیشور - بانروں کا راجہ یعنی سگریو۔ ہنومان۔
کُت - کہاں۔ کدھر۔ کیوں۔ کیونکر۔ کیسے۔ کس لئے۔ کس طرح۔ کتنا۔
کِت - کہاں۔ کدھر۔ کس طرف۔
کتان - کارد۔ خنجر۔
کتدھا - کتنی طرح سے۔

کُترک - اعتراض ناقص - فضول حجت۔
کُترکی - جھوٹی بحث کرنیوالا۔
کترنی - قینچی - مقراض۔
کُتسا - الزام - بدنامی - بُرائی - ملامت - فضیحت - بے عزتی۔
کُتسِت - بدنام - ذلیل - خوار - حقیر - کمینہ۔
کتم - کون - کونسا۔
کُتوہل - شوق - آرزو - تمنا - تجسس - خواہش - خوشی - کھیل۔
کُتوہلی - خوش - بشاش۔
کتھا - وہ جو کہا جائے - بات - کہانی - حکایت - قصہ - سرگزشت - کیفیت - احوال - خبر۔
کتھا وارتا - گزشتہ واقعات کی باتیں۔
کتھت - کہا ہوا - بولا ہوا۔
کتھک - کہنے والا - داستان گو - قصہ خوان۔
کتھن - } کہنا - بولنا - بیان کرنا - تعریف کرنا۔ قصہ کہنا۔
کتھنا -
کتھنچت - بڑی دشواری سے - شاید۔
کتھنیہ - کہنے کے قابل۔
کتھوپکتھن - کہے ہوئے کا کہنا - دوبارہ کہنا - قصہ در قصہ۔
کتی - } کتنے - کتنا۔
کتیت -
کتی پیہ - کچھ - چند - تھوڑے - کم۔
کُٹ - گھر - خانہ - قلعہ - گڑھ - گلشن - گھن یعنی ہتھوڑا۔
کٹاچھ - (کٹاکش) ترچھی نگاہ سے دیکھنا - نگاہِ کرم - عنایت - مہربانی۔
کُٹار - کلہاڑی - تبر - تیشہ۔

کٹاکش - ترچھی نگاہ سے دیکھنا - مجازاً عنایت - مہربانی۔
کٹاہ - کڑاہی۔
کٹ بندھن - ڈوری یا سونے وغیرہ کا وہ حلقہ جو کمر پہ باندھتے ہیں۔
کٹر - بیرحم - سنگدل۔
کٹک - فوج - لشکر - خیمہ شاہی - پڑاؤ - جانوروں کے چرنے کا مقام۔
کٹُک - کڑی باتیں - کڑوے بچن - سخت کلام۔
کُٹل - جھکا ہوا - خمدار - خمیدہ - ٹیڑھا - کج - ضدی گستاخ - کپٹی - مکار - بد باطن - غدار - بے ایمان - بے رحم - سنگدل - کھوٹا - کینہ ور - بدمزاج - بدخو - بدکار - ظالم۔
کُٹلتا - ٹیڑھاپن - بد باطنی - دغابازی - مکاری
کُٹم - } خاندان - کنبہ - گھرانا - قبیلہ - دودمان خویش و اقربا - اہل و عیال - زن و فرزند۔
کُٹمب -
کٹمبنی - خاندان والی - (عورت)
کٹمبی - گھر دار والا - خاندان والا - (مرد)
کُٹمَن - کٹنا - قرمساق - قلتبان - کس کش۔
کُٹنی - عورتوں کو بھگا لے جانے والی عورت - دلالہ۔
کٹو - چرپرا - کڑوا - تیز - ڈراؤنا۔
کٹول - بد - بُرا - کمینہ۔
کٹھ - دس اپنشدوں میں سے ایک کا نام۔
کٹھ - (مخفف کاٹھ) لکڑی - چوب - نیز (مخفف کٹھا) کمر میان - نیز رگوید کا نام۔
کُٹھار - کلہاڑی - بسولا۔

گُنھاہَرْ ۔ بڑی جگہ ۔
کَٹھِنْ ۔ سخت ۔ مشکل ۔ مضبوط ۔ درشت ۔ دشوار ۔
کَٹھِنَائی ۔ سختی ۔ مضبوطی ۔ درشتی ۔ دشواری ۔
کَٹھِنْتَا ۔ دیکھو (کَٹھِنَائی)
کَٹھَوتی ۔ } کاٹھ کا برتن ۔
کَٹھوَا ۔
کَٹھُورْ ۔ سخت ۔ درشت ۔ مشکل ۔ مضبوط ۔ ناملائم ۔ شدید ۔ کڑا ۔
کَٹھُورتَا ۔ سختی ۔ مضبوطی ۔ سنگدلی ۔ بے رحمی ۔
کَٹھیَا ۔ پھندا ۔ جال ۔ دام ۔
کَٹھینتَا ۔ سختی ۔ سنگدلی ۔ بے رحمی ۔ مضبوطی ۔
کَٹی ۔ کمر ۔ میان ۔
کُٹی } ۔ جنگلوں یا دیہاتوں میں رہنے کے لئے گھاس پھوس
کُٹیر } سے بنایا ہوا گھر ۔ جھونپڑی ۔ کلبہ ۔ کاشانہ ۔
کُٹیَا ۔ (الف تصغیر) چھوٹی کُٹی ۔
کَٹی بَدھ ۔ کمربستہ ۔ تیار ۔ مستعد ۔
کَٹی بَسْتر ۔ (دوستر) دھوتی ۔
کَٹی بَنْدھ ۔ کمر بند ۔
کُٹیر ۔ (کُٹی) مختصر اور چھوٹا سا مکان ۔ جھونپڑا ۔ کاشانہ ۔
کُٹیلَا ۔ چالاک ۔ مکار ۔ چُست ۔
کُٹیلو ۔ بُرا چلن ۔
کُج ۔ ستارۂ مریخ ۔ منگل ۔ سہ شنبہ ۔
کُجَاتْ ۔ بدذات ۔ بدنسل ۔ بدنژاد ۔ فرومایہ ۔
کُجَاتی ۔ کم ذات کا ۔ کمینہ ۔ نیچ ۔
کَجْرا ۔ } کاجل ۔ انجن ۔ سُرمہ ۔ کالک ۔
کَجَل ۔

کُجّی بَن ۔ (دَن) وہ جنگل جہاں ہاتھی کثرت سے رہتے ہوں ۔
واضح ہو کہ بالفتح بھی آیا ہے ۔
کَچ ۔ بال ۔ مو ۔ موے ۔
کُچ ۔ } ستن ۔ چوچی ۔ پستان ۔ چھاتی ۔
کُچَا ۔
کُچَاگْر ۔ سر پستان ۔ بھٹنی ۔
کُچَال ۔ بدچال چلن ۔ بد اطواری ۔ کردار ناشایستہ ۔
کُچَالی ۔ مرد بدخو ۔ بدوضع ۔ بدآئین ۔
کُچِر ۔ نکتہ چین ۔ حرف گیر ۔
کُچْنَار ۔ ایک درخت کا نام ۔
کُچوڈیَہ ۔ بدخو ۔ بدباطن ۔
کَچھ ۔ کچھار یعنی وہ زمین جو ندی وغیرہ کے کنارے ہو ۔
کَچھ ۔ دیکھو (کچ)
کَچھَار ۔ دریا کی ترائی ۔
کَچھَپ ۔ (کَشیَپ) کچھوا ۔ باخہ ۔ کشف ۔
کُچھت ۔ نیچ ۔ کمینہ ۔
کَچھَنی ۔ جانگھیا ۔
کَچھو ۔ کچھ ۔ تھوڑا ۔ قلیل ۔
کَچھوَاہَا ۔ راجپوتوں کی ایک ذات جو اپنے آپ کو راجندر
کی اولاد کش کے خاندان سے ظاہر کرتی ہے ۔
جیپور کے راجہ اسی خاندان سے ہیں ۔
کَچھَوٹی ۔ لنگوٹی ۔
کُچیشٹَا ۔ بُری چال ۔ نقصان رسانی کی حرکت ۔
کُچیل ۔ میلا کپڑا ۔ میلے کپڑے پہننے والا ۔
کَدْ ۔ } کب ۔ کس وقت ۔ کدام وقت ۔
کَدا ۔

کَدَاپِی ۔ کبھی کبھی ۔ شاید کہ ۔ مبادا ۔ گاہ گاہ ۔ گاہے گاہے
احیاناً ۔ باشد کہ ۔ جو ۔ اگر ۔ کسی وقت ۔ ہرگز ۔

کَدَاچَارْ ۔ بدکار ۔ فاسق ۔ آوارہ ۔

کَدَاچِتْ ۔ دیکھو (کَدَاپِی)

کَدَاچَنْ ۔ کسی وقت کبھی ۔ شاید ۔

کُدَارْ ۔ کدال بیلچہ ۔

کِدَارا ۔ ایک راگنی کا نام جو موسم گرما میں آدھی رات کے وقت گائی جاتی ہے ۔

کُدَارْ ۔
کُدَارا ۔ } کدال ۔ کلند ۔
کُدَالْ ۔

کَدَآکَارْ ۔ بدشکل ۔ زشت رو ۔

کُدّالْ ۔ پھاوڑا ۔ کدال ۔ کلند ۔

کَدَرْنَا ۔ ہمت ہارنا ۔ ڈرنا ۔ ڈرپوک ہونا ۔

کَدَرَائِی ۔ کاربن ۔

کُدَرْشْٹِی ۔ نگاہ بد ۔ نظر بد ۔

کَدَرْیَہ ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ ممسک ۔ سوم ۔

کَدَکْشَرْ ۔ خواب حرف یعنی زشت خط ۔

کَدَلی ۔ موز کا درخت ۔

کَدَلی پَھلْ ۔ کیلا ۔ موز ۔

کَدَمْ ۔
کَدَمْبْ ۔ } ایک مشہور درخت ۔ گروہ ۔ جماعت ۔

کَدَنْ ۔ مار ڈالنے والا ۔ برباد کرنے والا ۔ گناہ ۔

کَدَنَّ ۔ خراب کھانا ۔

کُدْھَرْ ۔ پہاڑ ۔ کوہ ۔

کَرْ ۔ ہاتھ ۔ دست ۔ ہاتھی کی سونڈ ۔ مالگزاری ۔ محصول ۔
خراج ۔ باج ۔ چنگی ۔ ٹیکس ۔ کرن ۔ جڑ ۔ ایک نچھتر ۔

کَرَا ۔ سخت ۔ کھوٹا ۔ ناسرہ ۔ قلب ۔ آمیزش کیا ہوا ۔

کِرَاتْ ۔ بھیل جنگلی آدمی ۔ صحرائی ۔ وحشی ۔ بدوی ۔ صیاد ۔
ایک جنگلی قوم جسکا گزارہ شکار پر ہے ۔

کَرَاتھ ۔ مار ڈالنا ۔

کَرَارْ
کَرَارا ۔ } سخت ۔ خوفناک ۔ شدید ۔ کالا کوا ۔

کَرَالْ ۔ سخت ۔ خوفناک ۔ ڈراونا ۔ زبون ۔ نفرت انگیز ۔
باہر نکلے ہوئے دانت والا ۔

کَرَامُکْ ۔
کَرَایِکْ ۔ } خریدار ۔ مشتری ۔

کِرَانا ۔ انتظام کرنا ۔ غلہ بونا ۔ بقالی ۔ دوکانداری ۔

کَرَانْتْ ۔
کَرَوَتْ ۔ } آرہ جس سے لکڑی کاٹتے ہیں ۔ ارہ ۔ منشار ۔

کِرَانْتی ۔ جانا ۔ چڑھنا ۔ غالب ہونا ۔ حملہ کرنا ۔ ستارے کا
اُترنا ۔ نور ۔ ضیا ۔ روشنی ۔ چمک ۔ تجلی ۔ جلال ۔
عرض فلکی ۔

کِرَانْتی ۔ بھیلی ۔

کَرَانْتی مَنْڈَلْ ۔ منطقۃ البروج ۔

کِرَاو ۔ بھوکا ۔ گرسنہ ۔ خمص ۔

کَرَبَالْ ۔ دیکھو (کَرَوَالْ)

کَرْبُورْ ۔ سونا ۔ طلا ۔ ہڑتال ۔ راچھس ۔

کَرْبھ ۔ اونٹ ۔ ہاتھی کا بچہ ۔

کربھوشن ۔ کنگن ۔

کربیر ۔ دیکھو کرویڑا

کرپا ۔ دیا ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ محبت ۔ لطف ۔ واضح ہو کہ

زبر اول غلط ہے ۔

کرپاس ۔ دکارپاس) کپاس ۔ روئی ۔ پنبہ ۔

کرپاساگر ۔ (ساگر بمعنی بحر) بحر رحم و کرم ۔ کنایہ از خداوند تعالیٰ ۔

کرپاسندھو ۔ (سندھو بمعنی دریا) دریائے لطف و کرم یعنی خداوند تعالیٰ ۔

کرپال ۔ رحم دل ۔ مہربان ۔ شفیق ۔ کرم گستر ۔ خداوند تعالیٰ ۔

کرپال ۔ دستانہ ۔

کرپالو ۔ مہربانی کرنے والا ۔ رحم کرنیوالا ۔

کرپان ۔ تلوار ۔ تیغ ۔ شمشیر ۔

کرپانیدھان ۔ معدن لطف و کرم یعنی صاحب عنایت مہربان ۔

کرپٹ ۔ چیتھڑا ۔ گودڑ ۔ دلق ۔

کرپٹ ۔ ہاتھ جوڑنا ۔ دست بستہ ہونا ۔

کرپن ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ پیچ ۔ سوم ۔

کرپنتا ۔ کنجوسی ۔ بخیلی ۔

کرپور ۔ کپور ۔ کافور ۔

کرپیا ۔ عنایت کے ساتھ ۔

کرت ۔ کیا ہوا ۔ بنایا ہوا ۔ رچا ہوا ۔ تصنیف کیا ہوا ۔ نتیجہ ۔ ثمرہ ۔ ایک جُگ کا نام یعنی ست یُگ ۔

کرت ۔ کرتوت ۔ کام ۔ عمل ۔ بیان ۔ تعریف ۔ نیک نامی ۔ ممنون ۔

کرتا ۔ } کرنے والا ۔ بنانیوالا ۔ ایجاد کرنے والا ۔
کرتار ۔ } فاعل ۔ صانع ۔ مصنف ۔ مالک ۔ کارساز ۔
کرترہ ۔ } مختار ۔ گماشتہ ۔ شوہر ۔ اسم فاعل ۔ آفریدگار ۔ خالق مطلق ۔

کرت آتما ۔ وہ شخص جس کا دل پاک ہو ۔ پاک باطن ۔

کرتاکر ۔ کرنے والا ۔ پیدا کرنیوالا ۔ خداوند تعالیٰ ۔

کرتارتھ ۔ جس کی خواہش پوری ہو چکی ہو ۔ جس نے اپنا فرض ادا کیا ہو ۔ کامیاب ۔ بامراد ۔ کامران ۔ خوش ۔ بخت ۔ یافتہ ۔

کرتال ۔ وہ آواز جو دونوں ہتھیلوں کے باہم بجانے سے پیدا ہو ۔ تالی ۔ دستک ۔ ایک آلۂ موسیقی کا نام ۔

کرتانجلی ۔ دست بستہ ۔

کرتبیہ ۔ دیکھو (کرتویہ)

کرترتوہ ۔ فاعلیت ۔

کرت جُگ } (جُگ) وہ عہد دور ۔ زمانہ جو (۲۸۰۰)
کرتاجُگ ۔ } سال زمانی کے مساوی ہے ۔

کرتانت ۔ موت ۔ ملک الموت ۔

کرترم ۔ جو اصلی نہ ہو ۔ بناوٹی ۔ نقلی ۔ مصنوعی ۔ جعلی ۔ ساز شی ۔

کرترم پتر ۔ گود لیا ہوا لڑکا ۔ متبنیٰ لڑکا ۔ واضح ہو کہ دھرم شاستر میں بارہ قسم کے لڑکے بتلائے گئے ہیں اُن میں کا ایک ۔

کرتری ۔ }
کرتریکا ۔ } کترنی ۔ قینچی ۔ مقراض ۔

کرتک ۔ بناوٹی ۔ مصنوعی ۔

کرتکا ۔ ستائیس نچھتروں میں سے تیسرا نچھتر ۔ ثریا ۔

کرتگھن ۔ }
کرتگھنہ ۔ } احسان فراموش ۔ ناشکر گزار ۔ ناسپاس گزار ۔
کرتگھنی ۔ } نمک حرام ۔

کرتگھنتا ۔ احسان فراموشی ۔ نمک حرامی ۔

کرتگیہ ۔ کئے ہوئے احسان کو ماننے والا ۔ احسانمند ۔ نمک حلال ۔

کرِتگیہ تا۔ احسانمندی۔
کرتل۔ ہتھیلی۔ کفِ دست۔
کرتن۔ کاٹنا۔ کترنا۔
کرتنی۔ کترنی۔ قینچی۔ مقراض۔
کرتو۔ خواہش۔ تمیز۔ لیاقت۔ جگیہ۔
کرتوت۔ کام۔ کار۔ دھندا۔
کرتویہ۔ کرنے کے قابل کام۔ واجب۔ لائق۔ ضرور۔
فرض۔ ہنر۔ چالاکی۔ شعبدہ بازی وغیرہ۔
کرتہ جگ۔ (یگ) ست جگ۔ یہ (۱۷۲۸۰۰۰) سال کا ہے
کرتہ سا پتنی۔ وہ عورت جس کے خاوند نے اس کی زندگی
میں ہی دوسرا بیاہ کرلیا ہو۔
کرتہ ودیہ۔ عالم۔ فاضل۔ مشکور۔
کرتہ کارِیہ۔ کامیاب۔
کرتہ کرتیہ۔ جس نے اپنا فرض ادا کیا ہو۔ جس کی خواہش
پوری ہو چکی ہو۔ کامیاب۔ خوش۔ مستغنی۔
کرتہ ویریہ۔ سہسرارجن کے باپ۔ ایک راجہ کا نام۔
کرتی۔ کھال۔ چمڑا۔ بھوج پتر۔ چمڑے کی رسی۔ کرتکا نچھتر۔
کرتی۔ } لائق۔ عالم۔ چالاک۔ سادھو۔ ثواب کرنیوالا۔
کرتن۔ } جس نے اپنا فرض ادا کیا ہو۔
کرتیا۔ کیا ہوا۔ خرید اہوا۔ کامل۔ نتیجہ۔ کام۔ فعل۔
ناشکر گزار۔ متبنیٰ۔
کرتیہ۔ کرنے کے قابل کام۔ اچھا کام۔
کرٹ۔ کوا۔ زاغ۔
کرج۔ ناخن۔ انگلی۔
کرچھر۔ سختی۔ تکلیف۔ رنج۔ گناہ۔

کرچھرہ۔ تکلیف۔ ایک برت کا نام۔
کرد۔ مالگزار۔ فر۔ برزوار۔
کرد۔ } کیچڑ۔ گل۔ گناہ۔
کردم۔ }
کردھ۔ غصہ میں بھرا ہوا۔ غضبناک۔
کردھنی۔ ایک قسم کی زنجیر جو کمر میں باندھتے ہیں۔
کرس۔ بدمزہ۔
کرسی۔ اپلی۔ اپلا۔ پاتھک۔
کرش۔ جوتنا۔ ہل چلانا۔ زراعت۔ دشمنی۔ غصہ۔ حسد۔
سولہ ماشہ کا وزن۔
کرش۔ } دبلا۔ لاغر۔ نحیف۔ کمزور۔ نقیہہ۔ پتلا۔ باریک۔ تنگ۔
کرشت۔ }
کرشاکشی۔ کوتاہ نظر۔
کرشالا۔ محصول خانہ۔ جنگی گھر۔
کرشانگ۔ دبلا پتلا مرد۔
کرشانگی۔ دبلی پتلی عورت۔
کرشانو۔ آگ۔ آتش۔
کرشتا۔ دبلاپن۔ لاغری۔ ناتوانی۔ پتلاپن۔ نازکی۔ کمی۔
کرشک۔ جوتنے والا۔ کاشتکار۔ کسان۔ ہل کا پھال۔
کرشن کشش۔ ستان۔ جوتنا۔ کھیتی کرنا۔
کرشن۔ کالا۔ سیاہ۔ نیلگوں۔ گہرا نیلا رنگ۔ کوا۔ کلجگ۔
کوئل۔ دسویں وشنو اوتار کا نام۔ واضح ہو کہ یہ اوتار
شہر متھرا میں ہوا۔ آپ کے والد کا نام واسدیو اور
والدہ کا نام دیوکی ہے۔
کرشنا۔ سیاہ رنگ۔ ایک مشہور دریا کا نام۔

کرشنا رپن۔ کسی چیز کو کفارہ کے طور پر سری کرشن جی کے نام پر دیدنا۔

کرشناوتار۔ سری کرشن جی کا اوتار۔

کرشن پکش۔ (پکھ) اندھیرا پکھ۔ یعنی ہر مہینے کا وہ دوسرا نصف حصہ جس میں چاند کی روشنی دن بدن گھٹتی جاتی ہے۔ بدی۔ ناقص النور۔

کرشن لیلا۔ سری کرشن جی کے کھیل تماشے۔ رہس۔

کرشن۔ پتلا۔ چھوٹا۔

کرشی۔ کھیتی۔ کاشت۔ کسانی۔ کوشش۔ تردد۔

کرشی جیوی۔ زراعت پر گزران کرنے والا۔

کرشی کارک۔ کسان۔ کاشتکار۔

کرشی کرم۔ کھیتی۔ کاشتکاری۔

کرشی کرمہ۔ کھیتی کا کام۔ زراعت۔

کرک۔ } کیکڑا۔ خرچنگ۔ سرطان۔ بارہ بروج فلکی
کرکٹ۔ } سے چوتھا برج یعنی سرطان۔

کرکرا۔ کھوٹا۔ سخت۔ ایک پرند۔

کرکش۔ سخت۔ درشت۔ تیز۔ تند۔ تلخ۔ بے رحم۔ لڑاکا۔

کرکشا۔ جھگڑالو عورت۔ زباں دراز عورت۔

کرکشتا۔ بے رحمی۔ سختی۔

کروکشیتر۔ (کرکٹ چھیتر) شہر دہلی کے متصل ایک مقام کا نام جہاں کورو اور پانڈوؤں کے درمیان جنگ عظیم ہوئی تھی۔

کرکلاس۔ گرگٹ۔ حربا۔

کرگہن۔ دستگیری۔ حمایت۔

کرم۔ کام۔ فعل۔ کار۔ کردار۔ تدبیر۔ دھندا۔ امر۔ شغل۔ اعمال۔ راہ۔ طریقہ۔ ترتیب۔ سلسلہ۔ قسمت۔ بخت۔ نصیب۔ تقدیر۔ خدمت۔ پرستش۔ شریعت۔ رسم مذہبی۔ قدم۔ کھنا۔ چلنا۔ حالت مفعولی۔ واضح ہو کہ لفظی معنی کام کرنے کے ہیں اور مرادی معنی موافق دھرم شاستر کے چلنے کے ہوتے ہیں۔

کرم آگت۔ } جو آہستہ آہستہ قسمت سے آیا ہو۔ جو باپ دادا
کرمانوسار۔ } سے ہوتا آیا ہو۔

کرم اندری۔ قوائے افعالی جیسے ہاتھ پیر وغیرہ۔

کرم باچک سنگیا۔ (واچک) اسم فاعل متعدی۔

کرم باچک کریا۔ (واچک) فعل مجہول۔

کرم بھنگ۔ عہد شکست کرنا۔

کرم بھوگ۔ پہلے جنم میں کئے ہوئے اچھے برے کاموں کا ثمرۂ اعمال۔

کرم بھومی۔ آریاورت یعنی ہندوستان۔

کرم بپاک۔ (وپاک) تسویۂ اعمال

کرم پنتھ۔ } بید کا طریقہ۔
کرم مارگ۔ }

کرم پھل۔ کرموں کا پھل یعنی ثمرۂ اعمال۔

کرم چاری۔ نوکر۔ ملازم۔ کارپرداز۔ کارکن۔

کرم ریکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔ خط قسمت۔

کرم سادھیہ۔ وہ شے جو اعمال سے سرانجام ہو سکے۔

کرم ساکشی۔ کرموں کا جاننے والا۔ مجازاً سورج۔

کرم سنگی۔ ساتھی۔ عامل۔ کارپرداز۔

کرم سنیاس۔ وہ جس نے اعمال کے نتائج کو ترک کر دیا۔

کرمشٹھ۔ وہ جو کرم میں مستغرق ہو۔ محنتی۔

کرمشہ - طریقہ سے - ترتیب سے - سلسلہ وار - آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا -

کرم شیل - } وہ جو کام کا عادی ہو -
کرم شونڈ -

کرمک - سپیاری کا درخت اور اس کا پھل -

کرم کار - کام کرنیوالا - دستکار -

کرم کارک - مفعول - حالت مفعولی -

کرم کانڈ - دھرم شاستر کا وہ مجموعہ جو اعمال اور جگیہ وغیرہ کے متعلق ہے - شریعت -

کرم کانڈی - نتائج اعمال کا ماننے والا -

کرم کرتا - مختار -

کرمکی - سپیاری - ڈلی -

کرم گتی - نوشتۂ تقدیر -

کرم لوک - عالم ناسوت -

کرم مارگ - طریق اعمال جس میں انسان اعمال کو وسیلۂ نجات سمجھتا ہے - طریقت -

کرم موکش - نجات تدریجی -

کرمنا - کردار - افعال -

کرم نشٹھ - جو کام میں مستغرق ہو -

کرمنیہ - کام میں لگا ہوا - کام کرنیوالا -

کرم وپاک - کرم کا پھل یعنی نتیجہ -

کرم ہین - بدقسمت - کم نصیب -

کرم یگ - کام کرنیوالوں کا زمانہ -

کرمیل - } اونٹ - شتر - جمل -
کرمیلک -

کرمی - متعلق بہ کرم - کرم کرنیوالا -

کرمی - کیڑا - کرم -

کرمی - دکشنی، کاشتکار و مزارعین کا ایک فرقہ جو چھتری کہلاتے ہیں

کرمیندریہ - کام کرنے کے اعضائے جسم جیسے ہاتھ پیر وغیرہ -

کرن - کان - گوش - پتوار - جنگ عظیم مہابھارت کا ایک مشہور بہادر جو کنتی کا مخفی بیٹا تھا -

کرن - ہتھیار - اوزار - حواس - تدبیر - تجویز - کام - جسم - سبب - چھتری - پٹواری -

کرن - ہاتھی پیل -

کرن - شعاع آفتاب و مہتاب -

کرنا - محبت - عنایت - شفقت - الفت - مہربانی - ایک درخت - ناٹک کا ایک رس -

کرنات - ملک کرناٹک -

کرناکر - دیالو - مہربان -

کرنا سندھو - دریائے رحم و کرم - مجازاً خداوند تعالیٰ -

کرناکر - مخزن رحم - معدن لطف - کان شفقت -

کرنامے - صاحب محبت - محبت والا -

کرنا ندھان - مخزن لطف و کرم -

کرن پھول - کانوں کا ایک قسم کا زیور -

کرندن - رونا - گریہ وزاری کرنا - جنگ کے لئے سرداروں کو للکارنا

کرن دھار - مانجھی - ملاح - کشتی بان - ناخدا -

کرنڈ - شہد کا چھتہ - بید کی بنی ہوئی ٹوکری یا پٹاری -

کرا - پانی پینے کا برتن - گلدان -

کرنکا - ہاتھ کے بیچ کی انگلی - ہاتھی کی سونڈ کی نوک - قلم - کان کا پھول

کَرَنگَ۔ بدرنگ۔ بدحال۔ ہرن۔ آہو۔

کَرَنْ گوچَرْ۔ سنا ہوا مسموع۔

کَرَنْ وِیدْھ۔ } (بیدھ) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم۔
کَرَنْ وِیدھنْ۔ }

کَرَنی۔ کام۔ بھلائی۔

کَرَنی کَارْ۔ ایک درخت کا نام۔

کَرَنِیہ۔ کرنیکے لائق۔

کُرُو۔ چندربنسی ایک راجہ جسکی اولاد کَورَو کہلاتی ہے۔

کَرْوا۔ کڑوا۔ تیز۔

کَرَوالْ۔ تلوار۔ تیغ۔

کَرَوالِکا۔ چھری۔ کٹار۔

کُرُوپ۔ بدشکل۔ زشت رو۔

کَرُودھ۔ غصّہ۔ غضب۔ خفگی۔ خشم۔ عتاب۔

کَرُودھانْدھ۔ وہ جو غصّہ کی وجہ اندھا ہوگیا ہو یعنی کسی چیز کی تمیز نہ کرسکتا ہو۔

کَرُودھِتْ۔ غصّہ میں لایا گیا۔

کَرُودھ وَانْ۔ } غصّہ ور۔ غضبناک۔
کَرُودھ وَنْتْ۔ }

کَرُودھ وَشْ۔ مغلوب الغضب۔

کَرُودھی۔ } غصّہ ور۔ خشمگین۔
کَرُودھنْ۔ }

کَرُودھنا۔ غصّہ ور عورت۔ ساٹھ سالوں میں سے ایک سال

کَرُودْ پَتر۔ ضمیمۂ کتاب۔

کَرُورْ۔ بے رحم۔ ظالم۔ سنگدل۔ غصّہ ور۔ غضبناک۔ بُرا۔ خراب۔ گرم۔ ٹیڑھا۔

کَرُورْتا۔ بے رحمی۔ سخت دلی۔ ظلم۔

کَرُوشْ۔ کوس۔ دو میل کی مسافت۔

کَرُوشْٹا۔ سیار۔ شغال۔ گدھا۔ خر۔

کَرَونچْ۔ بگلا۔ بوتیمار۔ ایک جزیرے کا نام۔

کَرَونْد۔ لعل۔ آئینہ۔ شنگرف۔ موتھا۔

کَرُونی۔ دودھ کی کھرچن۔

کُرُوونش۔ راجہ کُرو کا خاندان۔

کَرْوْیادْ۔ گوشت خور۔ راکھشس۔

کَرَوِیر۔ تلوار۔ کنیر کا درخت یا پھول۔

کَرْوْیہ۔ گوشت خام۔

کَرْہی۔ کسوقت۔ کدام وقت۔

کَرْے۔ مول لینا۔ خریدنا۔ چیز۔

کَرِی۔ ہاتھی۔ فیل۔

کِرْیا۔ کام۔ فعل۔ عمل۔ کاروبار۔ تردد۔ دہرم کے متعلق کام۔ وہ رسوم جو مُردوں کے نسبت ادا کیے جائیں۔

کِرْیا شَکْتی۔ قدرت پروردگار عالم۔

کِرْیا کَرْم۔ وہ رسوم جو مرے ہوئے کے نسبت کئے جائیں۔

کُرْیالْ۔ پرندوں کے چین و آرام سے بیٹھنے کی حالت جبکہ وہ چونچ سے اپنے پروں کو سنوارتے ہیں۔ اسی وجہ سے چین۔ آرام۔ بچاؤ کے معنی ہوتے ہیں۔

کُرِیتْ۔ بُرے چال چلن۔ بُری رسم۔ بُرا دستور۔ بد روِیہ۔ بدچلنی۔ بد اطواری۔ خوئے بد۔

کِرِیتْ۔ } بارہ طرح کے لڑکوں میں سے ایک جو ماں باپ
کِرِیتا۔ } کو قیمت دیکر خریدا گیا ہو۔ ایسے لڑکے کو سوائے
کِرِیتَکْ۔ } اپنے خریدار کی جائداد کے آبائی جائداد پر کوئی

حق نہیں ہوتا۔

کریت۔ خریدا ہوا۔

کریتا۔ خریدار۔ مشتری۔

کُرِیتی۔ بدچال چلن۔ بُرا راستہ۔

کریٹ۔ تاج۔

کریٹی۔ صاحب تاج۔ لقب ارجن کا۔

کریڈا۔ / کریڈن۔ } کھیل۔ ناچ۔ رقص۔ بازی۔ تماشا۔

کریڈت۔ / کریڈک۔ } کھلاڑی۔

کُرِیر۔ نئی چھوٹی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے۔ کونپل۔

کُریر۔ ذمہ۔ معرفت۔

کُریش۔ جنگلی اُپلی۔ پاچک دشتی۔

کرُیٹو۔ ہاتھی۔ فیل۔

کرئے نیہ۔ خریدنے کے قابل۔

کرئے وکرئے۔ لین دین۔ بیوپار۔ خرید و فروخت بیع وشرا۔

کرئیہ۔ چیز۔ جنس۔

کرئیہ۔ برج حمل۔

کرئیہ مان۔ کرنے کے قابل۔ کیا جانیوالا۔ تدبیر۔

کرئی۔ / کرئیک۔ } خریدنیوالا۔ خریدار۔ مشتری۔

کڑا۔ سخت۔ مضبوط۔

کڑا کرا۔ دریا کا اونچا کنارہ۔

کس۔ بل۔ طاقت۔ زور۔ قوت۔ تاؤ۔

کس بل۔ تاب و توانائی۔

کستوری۔ / کستوریکا۔ } مشک جو مشہور چیز ہے۔

کسٹ۔ تکلیف۔ رنج۔ درد۔

کسم۔ پھول۔ وہ لال پھول جس سے کپڑے رنگتے ہیں۔

کسمبھہ۔ زعفران۔ کُم کُم۔ شعلۂ نار۔

کُسمت۔ کھلا ہوا۔ پھولا ہوا شگفتہ۔

کسمئے۔ بُرا وقت۔ خراب زمانہ۔

کُسنگ۔ بُری صحبت۔ بدصحبت۔

کسیرا۔ کسگر۔

کش۔ / کشا۔ } چابُک۔ کوڑا۔ رسی۔

کُش۔ ایک قسم کی گھاس جو مقدس مانی جاتی ہے۔ سری رام چندر کے ایک فرزند کا نام۔

کُشا۔ ایک قسم کی گھاس۔

کُشاتر۔ چھتریوں کے متعلق۔

کشار۔ کھار۔ نمک۔ سجی۔ شورہ۔ سہاگا۔ بھسم۔ راکھ کُشتہ۔

کُشاسن۔ کُش نامی گھاس کا بوریا۔

کشالن۔ دھونا۔ صاف کرنا۔

کشام۔ دبلا۔ ناتوان۔ کمزور۔ تھوڑا۔ قحط۔

کشانت۔ سہنے والا۔ معاف کرنیوالا۔ صابر۔

کشانتی۔ صبر۔ ہمت۔ خوشی۔

کشائے۔ جوشاندہ۔

کشپا۔ پھینکنا۔

کشپا۔ رات۔ شب۔ لیل۔

کشپر ۔ فوراً۔تیز۔جلد۔

کشپک ۔ بہادر۔دلیر۔

کشت ۔ } بھوک۔اشتہا۔
کشدھا ۔

کشت ۔ } گھاؤ۔زخم۔چوٹ۔نقصان۔توڑا ہوا۔چیرا ہوا۔
کشتا ۔

کشت ۔ زمین۔نقصان۔بربادی۔دنیا کا خاتمہ۔

کشتا ۔ داشتہ کا لڑکا۔ولد الزنا۔

کشتج ۔ لہو۔خون۔پیپ۔ریم۔

کشتج ۔ وہ مقام جہاں آسمان اور زمین ملے ہوئے نظر آتے ہیں۔افق۔

کشتر ۔ (چھتر) طاقت۔قوت۔ریاست۔ دولت۔ بدن۔جسم۔پانی۔

کشترپتی ۔ راجہ۔بادشاہ۔

کشتردھرم ۔ چھتریوں کا دھرم۔جیسے علم پڑھنا۔خیرات دینا۔ جگیہ کرنا۔پرورش رعایا وغیرہ۔

کشترکرم ۔ چھتریوں کا کام۔جیسے جنگ سے گریز نہ کرنا۔ حتی الامکان خیرات دینا۔دشمنوں کو زیر کرنا وغیرہ۔

کشترودیا ۔ (بدیا) فن نبرد۔

کشتری ۔ } (چھتری) ہندوؤں کے چار فرقوں میں سے دوسرا
کشتریہ ۔ } فرقہ جن کو (ورما) بھی کہتے ہیں۔واضح ہو کہ اس فرقے والوں کا کام بید پڑھنا۔رعایا پروری کرنا۔خیرات دینا۔جگیہ وغیرہ کرنا۔خواہشات نفسانی سے مبرا رہنا وغیرہ۔بہادر۔دلیر۔طاقت۔قوت۔راجہ۔بادشاہ۔

کشتی ۔ برباد۔نقصان۔تباہی۔بگاڑ۔

کشتی ۔ زمین۔جگہ۔

کشتی پال ۔ } محافظ ملک یعنی راجہ۔بادشاہ۔
کشتپ ۔

کشتی پتی ۔ مالک ملک یعنی راجہ۔بادشاہ۔

کشتی دھر ۔ حامل دنیا مجازاً پہاڑ۔کوہ جبل۔

کشتیش ۔ مالک ملک یعنی راجہ۔بادشاہ۔

کشٹ ۔ تکلیف۔مصیبت۔آفت۔سختی۔رنج۔

کشٹ سادھیہ ۔ تکلیف اور محنت سے حاصل کرنے کے قابل۔

کشٹ پرد ۔ }
کشٹ کر ۔ } تکلیف دینے والا۔
کشٹ دایک ۔ }

کشٹھ ۔ کوڑھ۔جذام۔

کشٹھی ۔ کوڑھ والا۔جذامی۔

کشچت ۔ کوئی۔کوئی ایک۔

کشدر ۔ روگ۔بیماری۔سوراخ۔روزن۔

کشدر ۔ کنجوس۔بخیل۔کمینہ۔بیکار۔حقیر۔ہیچ۔چھوٹا۔تھوڑا۔ ظالم۔غریب۔

کشدرا ۔ طوائف۔شہد کی مکھی۔

کشدر بدھی ۔ ناقص العقل۔احمق۔

کشدر جیو ۔ حیوان مطلق۔

کشدھا ۔ بھوک۔گرسنگی۔

کشدھاتر ۔ بھوکا۔گرسنہ۔

کشدھاوان ۔ بھوکا۔گرسنہ۔

کشدھت ۔ بھوکھا ۔ گرسنہ ۔

کشر ۔ قاف ۔ ابر ۔ پانی ۔ روح جسم ۔ بےخودی ۔ حادثہ ۔

کشر ۔ استرہ ۔ چھرا ۔ چھُرا ۔

کشرن ۔ رِسنا ۔ جھڑنا ۔ گرنا ۔ پھسلنا

کشری ۔ چھُری ۔ چاقو ۔

کشریکا ۔ چھوٹی چھُری ۔ چاقو ۔

کشکندھا ۔ ایک شہر کا نام جس کا راجہ والی بن تھا ۔

کشل ۔ } صحت ۔ خیروعافیت ۔ امن وامان ۔ خیریت ۔
کشلتا ۔ } تندرستی ۔ راحت ۔ آرام ۔ اچھا ۔ چالاک تیز

کشلا ۔ خوش ۔ اچھا ۔ ٹھیک ۔

کشلنگ ۔ نیچ ۔ کینہ ۔

کشل کشیم ۔ خیروعافیت ۔

کشل منگل ۔ خیروعافیت ۔

کشلی ۔ مبارک ۔ سعید ۔ نیک شگون ۔

کشم ۔ ۔ ٹھیک ۔ قابل ۔ قادر ۔ بکارآمد ۔ طاقتور ۔ واضح ہو کہ
یہ لفظ مرکبات میں آخر میں لگایا جاتا ہے ۔ لاحقہ ۔
جیسے (کاریہ کشم) وغیرہ ۔

کشما ۔ زمین ۔ ارض ۔ رات ۔ شب ۔

کشما ۔ (چھما) صبر ۔ تحمل ۔ برداشت ۔ معاف ۔ عفو ۔ رحم ۔

کشماپن ۔ معافی ۔ معاف کرنا ۔

کشمانڈ ۔ کدو ۔

کشمت ۔ } غمخوار ۔
کشمی ۔ }

کشمتا ۔ معافی ۔ سہنا ۔ لیاقت ۔ قدرت ۔ طاقت ۔

کشمل ۔ بےخودی ۔ بیہوشی ۔ نجاست ۔ گناہ ۔

کشمیہ ۔ معاف کرنے لائق ۔

کشن ۔ پیسا ہوا ۔ چور کیا ہوا ۔

کشن ۔ (چھن) بہت تھوڑا وقت ۔ پل ۔ دم ۔ لحظہ ۔ لمحہ ۔

کشن بھنگ ۔ } لمحہ بھر میں نیست و نابود ہونے والا ۔
کشن بھنگر ۔ }

کشندا ۔ پانی ۔ آب ۔ ہلدی ۔ وہ جو رات کے وقت پیدا
ہو ۔ شبکور ۔

کشندا ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔

کشنک ۔ بہت تھوڑے وقت تک رہنے والا ۔ ناپائدار ۔

کشنی ۔ چندروزہ ۔ ناپائدار ۔

کشوبھ ۔ گھبراہٹ ۔ کھلبلی ۔ ہلچل ۔ ڈر ۔ رنج ۔ غصہ ۔ مصیبت

کشوبھت ۔ ڈرا ہوا ۔ خوف زدہ ۔

کشوبھک ۔ ڈرانے والا ۔ پریشان کرنے والا ۔

کشود ۔ بکنی ۔ سفوف ۔ پوڈر

کشور ۔ بال ۔ بنوانا ۔ حجامت ۔

کشور ۔ دس سال سے پندرہ سال تک کی عمر کا لڑکا

کشورا ۔ } آغاز جوانی کا زمانہ ۔ بچھڑا ۔ بچہ ۔ بیٹا ۔

کشورک ۔ نائی ۔ حجام ۔

کشور کمار ۔ شہزادہ ۔

کشوری ۔ گیارہ سے پندرہ سال کی عمر والی لڑکی ۔

کشوری ۔ استرا ۔

کشویکا ۔ دل کی شعبدہ ۔

کشون ۔ زمین ۔ ارض ۔

کشونی ۔ زمین ۔ ارض ۔

کُل ۔ خاندان ۔ نسل ۔ قبیلہ ۔ کنبہ ۔ دودمان ۔ قوم ۔
ذات ۔ گھرانا ۔ نسب ۔ اصل ۔ اہل وعیال ۔

کَلَہْ ۔ بہرا ۔ کر ۔

کَلاَ ۔ بہت چھوٹا حصّہ ۔ اَنش کا آٹھواں حصّہ ۔
چاند کی روشنی کا سولھواں حصّہ ۔ گانا ۔ بجانا ۔ ناٹک
کھیلنا ۔ مصوّری وغیرہ کے (۶۴) فنونِ لطیفہ ۔ منٹ ۔
دقیقہ ۔ تیزی ۔ مکر ۔ فریب ۔ خصلت ۔ ہنر ۔

کَلاَپْ ۔ جمع ۔ قواعد زبان ۔ کمیابی ۔ غم ۔ زیور ۔ پرِ طاؤس ۔

کَلاَپَکْ
کَلاَپِی ۔ } مور ۔ طاؤس ۔

کَلاَرْتِیتْ ۔ وہ جو گھٹنے اور بڑھنے (نشیب وفراز) سے مبرّا ہو

کُلاَچَارْ ۔ کوئی خاص خاندانی رسم ورواج ۔

کُلاَچَارْیَہ ۔ خاندان کا مُرشد ۔ پروہت ۔

کَلاَدْھَر ۔ چاند ۔ ماہ ۔

کَلاَلْ ۔ کلوار ۔ کلال ۔ شراب فروش ۔

کَلاَرِنْ ۔ زن مَے فروش ۔

کُلاَلْ ۔ کمہار ۔ کوزہ گر ۔

کُلاَنْتْ ۔ تھکا ہوا ۔ مُرجھایا ہوا ۔ افسردہ ۔ ماندہ ۔

کَلاَنْتِی ۔ تھکاوٹ ۔ تھکن ۔ ماندگی ۔ تکلیف ۔

کُلاَنْچْ ۔ کود ۔ پھاند ۔ چھلانگ ۔ اچھال ۔ لپک ۔

کُلاَنْگَارْ ۔ خاندان تباہ کرنیوالا ۔

کُلاَنْگَنَا ۔ اعلیٰ خاندان والی عورت ۔

کَلاَوَنْتْ ۔ گویا ۔ مطرب ۔ خنیاگر ۔ مغنّی ۔

کَلوِنْکْ ۔ چڑیا ۔

کُلاَہَلْ ۔
کولاہَلْ ۔ } شور وغل ۔ غوغا ۔

کُلاَئے ۔ گھونسلا ۔ آشیانہ ۔

کِلْبِش ۔ تصور ۔ نقص ۔ گناہ ۔ خرابی ۔ بیماری ۔

کُل بَدْھُو ۔ (وَدھُو) وہ عورت جو اعلیٰ خاندان سے ہو ۔

کُل بُوْڑْ ۔ وہ شخص جو اپنے خاندان کی بدنامی کا باعث ہو ۔

کَلبِھْ ۔ ہاتھی کا بچہ ۔

کَلْپْ ۔ وید کے چھ حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔ برہما کا ایک
دن اور رات جو انسان کے ہزار بار چار جُگوں کے
برابر ہوتا مانا گیا ہے ۔ قرن ۔ قیامت ۔ شبہہ ۔ شک ۔
ارادہ ۔ مطلب ۔ مقصد ۔ خواہش ۔ طریقہ ۔ طور ۔ معقولیت
مناسبت ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ درستی ۔ شک ۔ قصد
ارادہ ۔ رسوم ۔

کُل پَالَکْ ۔ خاندان کو پرورش کرنے والا ۔

کُل پَالی ۔ پارسا اور پاکدامن عورت ۔

کَلپَانَا ۔ کڑھانا ۔ ستانا ۔ دُکھ دینا ۔

کَلپَانْتْ ۔ دنیا کا انجام یعنی قیامت ۔

کَلپِتْ ۔ بنایا ہوا ۔ ساختہ ۔ مصنوعی ۔ فرضی ۔ بناوٹی ۔ جھوٹا ۔
غیر صحیح ۔ موہوم ۔

کُلپَتْ ۔ بزرگ اور مالک خاندان ۔

کَلپَتَرُو ۔
کَلپدُرُم ۔ } دیوتاؤں کے باغ کا ایک درخت ۔ طوبیٰ ۔ کہتے ہیں کہ یہ درخت جس چیز کی خواہش ہوتی
ہے وہ دیتا ہے ۔ جیسے (کامدھین)

کَلپنَا ۔ بچار ۔ بناوٹ ۔ تدبیر ۔ نقل ۔ جعلسازی ۔ صنعت ۔ ایجاد

مان لینا۔ فرض کرنا۔

کلپنا۔ کڑھنا۔ پچتانا۔ رنجیدہ ہونا۔ دُکھ پانا۔

کلپت۔ سجایا ہوا۔ اچھا دکھا ہوا۔ زینت دیا ہوا۔

کلتارن۔ اپنے خاندان کو زینت دینے والا۔ شرف خاندان۔

کلتر۔ بیوی۔ زوجہ۔ قلعہ۔

کلتھا۔ کلتھی۔ ماش۔ حب القلب۔

کلٹ۔ مرغا۔ خروس۔

کلٹ۔ عیاش۔ (مرد)

کلٹا۔ کسبی۔ روسپی۔ قحبہ۔

کل جبھا۔ بدخواہ۔ بدخو۔

کلجگ۔ (یُگ، آدوار زمانے میں سے چوتھے دور کا نام جو اس وقت چل رہا ہے اور یہ (۴۳۲۰۰۰) سال کا ہے۔ جسے شروع ہو کر (۵۰۰۰) سال کا زمانہ گزر چکا۔ دورِ حاضرہ۔

کلچھن۔ (کلشن) بدچلنی۔ بدکرداری۔ بدخوئی۔ بدمزاجی۔

کلچھنا۔ (کلشنا) بدخو۔ بدمزاج۔ ناشائستہ۔

کلدروہی۔ اپنے خاندان کو بدنام اور برباد کرنے والا۔

کل دھر۔ بیٹا۔ پسر۔

کل دھرم۔ کسی خاندان کا خاص رواج اور طریقہ۔

کل دیو۔ / **کل دیوتا**۔ } وہ دیوتا جس کی پرستش آبا و اجداد سے کسی خاندان میں مسلسل چلی آتی ہو۔

کلرو۔ میٹھی آواز۔

کلس۔ / **کلش**۔ / **کلشا**۔ } گنبد۔ قبہ۔ برتن۔ ظرف۔ گھڑا۔ سبو۔ پانی رکھنے کا برتن۔ نوکدار مینار کی چوٹی۔ گنبد کے اوپر کی کلغی۔ سونے وغیرہ کا قبہ۔

کلمش۔ گندا۔ میل۔ پاپ۔ گناہ۔ ناراستی۔

کلمش۔ ہیرا جو مشہور جواہر ہے۔ بجلی۔ صاعقہ۔

کلمشت۔ میلا۔ ناقص۔

کلشت۔ مصیبت زدہ۔

کلشٹ۔ پُرسخت۔ پُرمشکل۔

کلنک۔ تہمت۔ دُرد بینی۔ غلاظت۔ گناہ۔ دھوکا۔

کلک۔ چورن۔ کھلی۔ برادہ۔

کلکا۔ پھول کی کلی۔ شگوفہ۔ غنچہ۔

کلکاری۔ بندر کا دانت پیسنا۔ قہقہہ۔

کلکشن۔ بُرا چال چلن۔ بدعلامت۔

کلکشنی۔ بدچال چلن والا۔ بدعلامات کا۔

کل کل۔ جھک جھک۔ بک بک۔ پانی جھرنے وغیرہ کی آواز۔ شور۔ غوغا۔

کلکل۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ تکرار۔

کلکلا۔ خوشی کی آواز۔ بندر کی آواز۔ زود رنجی۔ غصہ۔ شور۔ غوغا۔

کلکلا۔ غرغرہ۔

کل کنٹھ۔ کوئل۔ حسین اور خوش آواز عورت۔

کلکی۔ دسویں اوتار کا نام جو آیندہ زمانے میں ہوگا۔ کہتے ہیں کہ وہ اوتار شہر (سامبل) اور خاندان (وشنو شرما) میں نمودار ہوگا۔ اور تمام بدکاروں کو نیست و نابود کر دیگا۔

کل گھاتی۔ خاندان کو برباد کرنے والا۔

کلمش۔ عیب۔ میل۔ نقص۔ گناہ۔ پاپ۔ عصیاں۔ دوزخ۔

کلن۔ شمار کرنا۔ علامت۔

کل ناشی۔ خاندان۔ تباہ و برباد کرنیوالا۔

گلنک ۔ داغ ۔ عیب ۔ دھبہ ۔ نقص ۔ بہتان ۔ تہمت ۔
الزام ۔ شبہ ۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ زنگ ۔ خفت ۔ سیاہی ۔
ملامت ۔ بدی ۔

کلنکت ۔ دھبے دار ۔ داغدار ۔ عیبدار ۔ خراب ۔ بدنام ۔

کلنکی ۔ معیوب ۔ عیبدار ۔ داغدار ۔ زشت ۔ زنگ آلود ۔
بدنام ۔ رسوا ۔ ملامتی ۔ خراب ۔

کلنگ ۔ وہ ملک جو کلنگ سے مدراس تک ہے ۔

کلوار ۔ کلال ۔ مے فروش ۔

کلوان ۔ اچھے خاندان کا ۔ شریف ۔

کلوما ۔ سیاہ فام ۔

کل دھو ۔ (بدھو) نیک اور پاکدامن عورت ۔

کلول ۔ کھیل کود ۔ اٹھکیلی ۔ چنچلاہٹ ۔ خوشی ۔ بڑی لہر ۔

کتول ۔ ترنگ ۔ لہر ۔

کلول ۔ مصیبت ۔ آفت ۔

کلوتت ۔
کلوان ۔
کلونتا ۔
کلین ۔
} شریف خاندان والا مرد ۔ شریف النسب ۔ عالی خاندان ۔ نجیب الطرفین ۔

کلونتی ۔ نجیب و شریف (عورت)

کلہہ ۔ جھگڑا ۔ لڑائی ۔ مخاصمت ۔

کلہہ کار ۔ جھگڑالو ۔ جنگجو (مرد)

کلہہ کارنی ۔ جھگڑالو اور زبان دراز عورت ۔

کلہی ۔ جھگڑالو عورت ۔ زبان دراز عورت ۔

کلی ۔ چوتھا جگ ۔ یعنی (کلجگ) لڑائی جھگڑا ۔

کلی ۔ ہاتھ ۔ مزدور ۔

کلیا ۔ نالا ۔ نالی ۔ نہر ۔

کلیان ۔ اقبالمندی ۔ مبارکی ۔ بھلائی ۔ سکھ ۔ بہبودی ۔
خوشحالی ۔ بہتری ۔ فائدہ بخش ۔ راحت ۔ خوشی ۔ سعادت ۔
ایک نوا کا نام ۔

کلیب ۔ ہیجڑا ۔ نامرد ۔ کائر ۔

کلید ۔ تری ۔ نمی ۔ پیپ ۔ ریم ۔

کلیش ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ درد ۔ رنج ۔ آفت ۔ مصیبت ۔
کلفت ۔ فکر ۔ بیماری ۔ مرض ۔ قصور ۔ گناہ ۔ جھگڑا ۔
محنت ۔ نزاع ۔ غم ۔

کلیش پرد ۔ تنگ کرنیوالا ۔ تکلیف دینے والا ۔

کلیشت ۔ تکلیف دیا گیا ۔ مصیبت زدہ ۔ رنجور ۔

کلیشک ۔ دکھ دینے والا ۔ تکلیف دہ ۔

کلیشن ۔ تکلیف ۔ دکھ ۔

کلی کال ۔ کلجگ کا زمانہ ۔ دور حاضرہ ۔

کلی یگ ۔ } (کلجگ) چار جگوں میں سے چوتھا جگ ۔
کلجگ ۔ } دور حاضرہ ۔

کلین ۔ شریف خاندان کا ۔ شریف ۔ نجیب ۔

کلینائی ۔ شرافت ۔ نجابت ۔ والا گوہری ۔

کلیو ۔ ہیز ۔ ہیجڑا ۔

کلیو ۔ باسی کھانا ۔ صبح کا ہلکا کھانا ۔ ناشتہ ۔

کلیوا ۔ باسی کھانا جس پر ایک رات گزر چکی ہو ۔

کلیور ۔ بدن ۔ تن ۔ جسم ۔ جثہ ۔ قالب ۔

کلیویہ ۔ نامرد ۔

کلیہ ۔ تڑکا ۔ صبح ۔

کم ۔ پانی ۔ آب ۔ بہر

کِم ۔ کیا۔ کیوں۔ کیسا۔ کون۔ کونسا۔ کس طرح۔ کس لئے۔
کُمار ۔ (کنوار) پانچ سال کی عمر کا لڑکا۔ ناکتخدا لڑکا۔ بیٹا۔
راجہ اور مہاراجین کا لڑکا۔ ولی عہد۔
کُمارِکا ۔ لڑکی۔ بیٹی۔ دختر۔
کُمارگ ۔ کُپتھ ۔ } بُرا راستہ۔ بدراہ۔ بدچال چلن۔
کُماری ۔ (کنواری) لڑکی۔ راجہ کی لڑکی۔
کُماری ہتیا ۔ دختر کشی۔
کماست ۔ نوکر۔ خادم۔ خدمتگزار۔
کمبل ۔ کمل۔ گلیم۔
کمبلی ۔ کمل۔ گلیم۔ لوئی۔
کمبو ۔ سنکھ۔ ناقوس۔ ہاتھی۔ چنگھاڑ۔
کُمبھ ۔ مٹی کا گھڑا۔ کلش۔ گیارہواں برج فلکی کا نام
یعنی دَلو۔ ہاتھی کا سر۔
کُمبھج ۔ اگستیہ رشی کا نام۔
کُمبھ کار ۔ کمہار۔ کوزہ گر۔
کُمبھ کرن ۔ راون کے بھائی کا نام۔
کُمبھیر ۔ گھڑیال۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔
کُمبھی پاک ۔ ایک دوزخ کا نام۔
کمپ ۔ کمپن ۔ } کانپنا۔ ہلنا۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ لرزہ۔
کمپت ۔ لرزاں۔
کمپن ۔ لرزہ۔ کپکپی۔
کمپنا ۔ کانپنا۔ لرزنا۔
کُمت ۔ بیوقوفی۔ بےعقلی۔ نادانی۔ احمقی۔

کِمتی ۔ کیونکر۔
کُمتی ۔ کم سمجھ۔ بدعقل۔ جاہل۔ احمق۔
کمٹھ ۔ کچھوا۔ سنگ پشت۔ سادھوں کا تونبا۔
کمٹھا ۔ ایک طرح کی کمان۔
کُمُد ۔ وہ سفید کنول جو رات کے وقت کھلتا اور دن
کے وقت پژمردہ ہوتا ہے۔ چاندی۔ کافور۔ ایک
بانر کا نام۔ وشنو۔
کُمُدنی ۔ وہ مقام جہاں سفید کنول بکثرت پیدا ہوں
کنولوں کا جھنڈ۔
کنس ۔ کانسا۔ گلاس۔ کٹورا۔ منجیرا۔ جھانجھ۔ متھرا کے
راجہ اگرسین کا بیٹا سری کرشن جی کا ماما اور دشمن
جسے سری کرشن نے مار ڈالا۔
کنسکار ۔ کسیرا۔ کسگر۔
کُنکم ۔ کیسر۔ زعفران۔ گلال۔
کُنکما ۔ گلال رکھنے کا برتن۔
کمل ۔ لقمہ۔ نوالہ۔ شریف زادہ۔ کنول۔
کملا ۔ قابل قدر۔ لائق تحسین عورت۔ لکشمی دیوی کا لقب
جو کنول سے نمودار ہوئیں۔ دولت۔
کملاسن ۔ پلتھی کی بیٹھک۔
کمل لوچن ۔ دیکھو (کمل نین)
کمل نال ۔ کنول کی ڈنڈی جس پر پھول رہتا ہے۔
کملنی ۔ وہ تالاب جس میں کنول کثرت سے ہوں۔ چھوٹا کنول۔
کمل نین ۔ جس کی آنکھیں کنول کے پھول کی طرح خوشنما ہوں
کمن ۔ شہوتی۔ خواہشمند۔ خوبصورت۔ قابل پسند۔
کمنترنا ۔ بری رائے۔ خراب مشورہ۔ سازش۔

کُمنتری - بد وزیر۔
کَمنڈَل - سنیاسیوں اور جوگیوں کے پانی پینے کا برتن جو کسی دھات تو مٹی ۔ تنڈی یا دریائی ناریل وغیرہ کا ہو۔ کشکول۔
کَمنِیَہ - دلچسپ۔ دلکش۔ خوبصورت۔
کِم وا - یا۔
کِم وَدنتی - لوگوں کا کہنا۔ گپ ۔ افواہ۔
کَموری - منکی ۔ گگری۔
کَن - دانہ ۔ بیج ۔ اناج ۔ نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ذرہ ۔ ریزہ ۔ ذرہ ۔ شگوفہ
کَناگَت - آسوج کے وہ پندرہ دن جن میں ہندو اپنے مُردوں کے نام پر خیرات کرتے ہیں۔ شرادھ۔
کُنبا - گھرانا ۔ خاندان ۔ قبیلہ۔
کُنبھ - (کُمبھ) پانی کا گھڑا ۔ سبو۔ پستان زن نشان ۔ برج دلو۔
کُنبھار - } کُمہار ۔ کوزہ گر۔
کُنبھکار - }
کُنبی - (کُمبی) صاحب خاندان ۔ کسان ۔ کاشتکار ۔ چھتری یعنی چار فرقوں میں سے دوسرا فرقہ۔
کَنپ - کانپنا ۔ لرزنا۔
کُنپ - جسم مردہ ۔ لاش۔
کَنت - مالک ۔ خاوند ۔ پیارا ۔ دوست۔
کُنت - برچھی ۔ بھالا۔
کُنتا - برچھا ۔ نکیلا تیر۔
کُنتل - سر کے بال ۔ بالوں کی چوٹی۔

کِنتو - پر ۔ مگر ۔ لیکن ۔ بلکہ۔
کَنتھا - فقیر کی جھولی ۔ زنبیل ۔ گدڑی ۔ دلق ۔ خرقہ۔
کُنتی - پانڈو کی زوجہ یعنی جدھشٹر ۔ ارجن ۔ اور بھیم کی والدہ۔
کَنٹار - کانٹے والا ۔ خاردار۔
کَنٹک - کانٹا ۔ خار ۔ دشمن ۔ عدو ۔ تکلیف دہ ۔ کمینہ۔
کَنٹھ - گلا ۔ گلو ۔ گردن ۔ حلق ۔ عنق ۔ نزدیک ۔ قریب ۔ آواز ۔ ازبر یاد کرنا۔
کَنٹھا - } کنٹھی ۔ ہسلی ۔ ہار ۔ مالا۔
کَنٹھلا - }
کَنٹھا بھرن - زیور گلو یعنی وہ زیور جو گلے میں پہنا جائے۔
کَنٹھاگر - زبانی یاد کرنا ۔ حفظ کرنا ۔ ازبر کرنا۔
کُنٹھت - نکما ۔ کند ۔ بے کار۔
کَنٹھستھ - زبانی یاد ۔ ازبر۔
کَنٹھک - روٹھنے والا ۔ جاہل ۔ احمق۔
کَنٹھی - چھوٹی مالا ۔ ہار۔
کَنٹھیرو - شرزہ ۔ ببر۔
کَنج - کمل ۔ کنول ۔ پُر جیب ۔ مازہ ۔ بال ۔ برہما۔
کُنج - وہ مقام جس کے اطراف گھنے درخت اور بیلیں ہوں ۔ کوچہ ۔ گوشۂ تنہائی ۔ ہاتھی دانت۔
کُنج بہاری - سری کرشن جی کا لقب۔
کُنجر - ہاتھی ۔ فیل ۔ اعلیٰ ۔ بال ۔ ہنومان جی کے نانا کا نام۔
کَنجر - ایک ذات کے لوگ جو سانپ پکڑتے اور کھاتے ہیں۔
کِنچ - اور بھی ۔ نیز۔
کِنچت - کچھ ۔ تھوڑا ۔ کم ۔ قلیل ۔ اندک ۔ ذرا سا۔

کُنْچِت ۔ ٹیڑھا ۔ جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔

کَنْچُک ۔ } چولی ۔ انگیا ۔ سینہ بند ۔ اچکن ۔
کَنْچُلی ۔
کَنْچُو ۔

کَنْچَن ۔ سونا ۔ طلا ۔ زر ۔ ذہب ۔ کینچنی ۔ لوبی ۔

کِنْچَن ۔ تھوڑی چیز ۔

کِنْچِن ماتْر ۔ ذرا سا ۔

کُنْجِی ۔ قفل ۔ کنجی ۔

کَنْد ۔ وہ پھل جو زمین کے اندر پیدا ہو جیسے شکر قند وغیرہ ۔ جڑ ۔ بیج ۔

کُنْد ۔ ایک طرح کا سفید پھول ۔ موگرا ۔

کَنْدَرپ لُپٹے ۔ قیامت صغرا ۔

کَنْدَر ۔ } کھنڈر ۔ غار ۔ کھوہ ۔ گپھا ۔ گپا ۔ درار ۔ مغاک ۔
کَنْدَرا ۔

کَنْدُک ۔ گیند ۔ گول تکیہ ۔ لڈو ۔

کُنْدَل ۔ } اچھا سونا ۔ طلا رخالص ۔
کُنْدَن ۔

کَنْدمُول ۔ زمین کے اندر پیدا ہونے والے پھل جن کو رشی وغیرہ کھایا کرتے ہیں جیسے شکر قند ۔ گاجر ۔ مولی وغیرہ ۔

کَنْدَن ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ بربادی ۔

کَنْدُو ۔ لوہے وغیرہ کی کڑاہی ۔

کَنْدھ ۔ ڈالی ۔ شاخ ۔ کاندھا ۔ دوش ۔ کتف ۔

کَنْدھا ۔ کاندھا ۔ مونڈھا ۔ کنگھی ۔ شانہ ۔

کَنْدھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ ابر ۔ بادل ۔ گلا ۔ گلو ۔

کَنْدھَر ۔ کاندھا ۔ دوش ۔ گردن ۔ گلا ۔ حلق ۔ بادل ۔ ابر

کَنْدِی ۔ اُپلی ۔ پاچک ۔

کُنْڈ ۔ تالاب ۔ باؤلی ۔ چاہ ۔ کنواں ۔ گڑھا ۔ وہ حوض جس میں آگ کی قربانی دیجاتی ہو ۔ پانی کا وہ چشمہ جو کسی خاص مقدس کام کے لئے معین ہو ۔

کُنْڈَل ۔ گھیرا ۔ دائرہ ۔ حلقہ ۔ بالی ۔ کان کا ایک قسم کا آویزہ ۔ چاند یا سورج کے گرد کا ہالہ ۔ خرمن ماہ ۔

کُنْڈَلی ۔ ہر وہ چیز جو گول ہو ۔ گھیرا ۔ حلقہ ۔ چھلہ ۔ لچھا ۔ دائرہ ۔ سانپ ۔ زائچہ ۔

کَنْڈَنی ۔ } اوکھلی ۔ ہاون ۔
کَنْڈار ۔

کَنْڈُو ۔ کھجلی ۔ خارش ۔

کُنْڈھ ۔ دیکھو (کُنْڈ)

کِنَّر ۔ راجہ اندر کے دربار میں گانے والوں کا ایک فرقہ ۔ کُبیر کے ملازموں کی ایک پیدائش جس کا جسم انسان کا اور منہ گھوڑے کا جسم گھوڑے کا اور منہ انسان کا ہونا مانا گیا ہے ۔

کِنَّری ۔ کِنَّر کی زوجہ ۔

کَنِش ۔ دیکھو (کَنِش)

کَنِشٹھ ۔ بہت چھوٹا ۔ سب سے چھوٹا ۔ ادنیٰ ۔ تھوڑا ۔ ہر چھوٹی چیز ۔

کَنِشٹھا ۔ } سب سے چھوٹی انگلی ۔ کن انگلی چھنگلیا ۔ خنصر
کَنِشٹھکا ۔

کَنَک ۔ سونا ۔ طلا ۔ ذہب ۔ دھتورا ۔

کَنَگَث ۔ کوّا۔ زاغ ۔ بگلا ۔ کیکڑا ۔ مکر ۔ فریب ۔ برہمن ۔ بد صفتر۔

کُنَک ۔ } باریک ریتی ۔ ذرہ ۔ ریزہ ۔ دانہ ۔
کَنَکا ۔ }

کَنکال ۔ ٹھٹھری ۔ اِسکلٹن ۔

کِنکَر ۔ } نوکر ۔ غلام ۔ خادم ۔ بندہ ۔ تابعدار ۔
کِنکا ۔ }

کُنکُم ۔ } زعفران ۔ لال رنگ کی ایک بُکنی جس سے پیشانی پر قشقہ لگاتے ہیں ۔
کُنکُما ۔ }

کَنکَن ۔ پہنچی ۔ کنگن ۔ دست برنجن ۔ سوار ۔

کِنکِنی ۔ گھنٹی ۔ ٹنگولہ ۔

کَنگَار ۔ کہار ۔ بھوئی ۔

کَنگُنی ۔ ایک طرح کا اناج ۔ چوڑی ۔ کنگن ۔

کُنوار ۔ } ناکتخدا لڑکا ۔ بیٹا ۔
کُنوارا ۔ }

کنوارپن ۔ لڑکے کا شادی سے پہلے کا زمانہ ۔

کُنوَر ۔ ناکتخدا لڑکا ۔ بیٹا ۔ راجہ کا بیٹا ۔

کُنواری ۔ بن بیاہی لڑکی ۔ بیٹی ۔ راجہ کی بیٹی ۔

کَنوجیا ۔ ملک قنوج کا رہنے والا ۔ برہمنوں کی ایک ذات جو قنوج سے متعلق ہے ۔

کَنوَل ۔ کمل ۔ نیلوفر ۔ گُلنار ۔

کَنھیا ۔ سری کرشن جی کا لقب ۔

کَنیا ۔ دس سال کے اندر کی ناکتخدا لڑکی ۔ کُنواری ۔ دوشیزہ ۔ باکرہ ۔ بیٹی ۔ دختر ۔ بروج فلکی سے ایک بُرج کا نام یعنی سنبلہ ۔ دُرگا دیبی کا لقب ۔

کَنیا دان ۔ بیاہ کے موقع پر ماں باپ کا دولہا کو دلہن کے سپرد کرنا ۔ دست پیمان ۔

کَنیا دھن ۔ وہ دولت جو عورت کو خاص بیاہ کے وقت متعلقین کی جانب سے ملی ہو ۔ یہ ایک قسم کا استری دھن ہے ۔

کَنیا کُماری ۔ راس کماری ۔

کَنیا گت ۔ بزرگوں کی فاتحہ کی رسم جو ماہ آسن کے نصف آخر میں ادا کی جاتی ہے ۔ پتر پچھ ۔ سورج کا کنیا کے برج میں داخل ہونا ۔

کُنیت ۔ بُرے چال چلن ۔

کُنیتی ۔ بدنیتی ۔ بدخلقی ۔ ظلم ۔

کَنیکا ۔ دس برس کے اندر کی لڑکی ۔ کنواری لڑکی ۔

کَنینکا ۔ مَردمک چشم ۔

کَو ۔ دیکھو (کوئی)

کُو ۔ بد ۔ زشت ۔ بُرا ۔ خراب ۔ بدکار ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ ہمیشہ اسم کے پہلے آکر صفت کے معنی دیتا ہے ۔ جیسے (سنگ) (کُوسنگ) (ریش) (کُوریش) وغیرہ ۔

کُواں ۔ کنواں ۔ باولی ۔ چاہ ۔

کُواتھ ۔ جوش دیے ہوئے دواؤں کا پانی یعنی کاڑھا ۔

کِواڑ ۔ کواڑ ۔ دروازہ ۔ در ۔

کُوار ۔ قمری ۔ ساتویں مہینے کا نام یعنی آشون ۔ آشوج ۔

کُوارا ۔ ناکتخدا شخص ۔

کُواری ۔ (کُماری) بیٹی ۔ دختر ۔ لڑکی ۔ دوشیزہ ۔

کُواکیہ ۔ بُرا کلام ۔ سخت بات ۔

کُوپِڈ ۔ دیکھو (کُووِد)

کُوپ ۔کنواں ۔چاہ ۔باؤلی ۔تالاب ۔کنڈ ۔سوراخ ۔
کُوپ ۔غصّہ ۔عتاب ۔غضب ۔خشم ۔خفگی ۔کون ۔کدام ۔
کُوپَاکُل ۔غصّہ ور ۔غضبناک ۔
کُوپَہ وَنْت ۔(ونت صاحب کا) غصّے سے بھرا ہوا ۔
کُوپِت ۔غصّہ ور ۔غضبناک ۔قہر آلود ۔
کُوپَتھ ۔(کو بمعنی خراب ۔ پتھ بمعنی راہ) بُرا راستہ ۔
وہ کھانا جو منہضم نہ ہوسکے ۔
کُوپَر ۔کٹورا ۔کٹوری ۔پیالہ ۔
کُوپ مَنڈُوک ۔کنوے کا مینڈک ۔مجازاً نالائق ۔
کُونپَل ۔نئی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے
کُوپَن ۔غضبناک ۔
کُوپِی ۔غصّہ ور ۔خشمناک ۔قہر آلود ۔
کُوپِین ۔ } کپڑے کا ٹکڑا ۔لنگوٹ ۔لنگوٹی ۔
کَوپِین ۔ }
کَوِت ۔(کبت) شعر ۔نظم ۔
کُوت ۔پیمائش ۔اندازہ ۔کچّا حساب ۔
کَوِتا ۔ }
کَوِتائی ۔ } (کبتا) نظم ۔شعر ۔شاعری ۔
کَوِتوَہ ۔ }
کَوتُک ۔ہنسی ۔خوشی ۔کھیل ۔تماشا ۔دل لگی ۔تفریح ۔
نظارہ ۔بداطواری ۔بُری روش ۔چالاکی ۔حیلہ ۔
کَوتُک شَالا ۔تماشا گھر ۔
کَوتُکی ۔دل بہلانے والا ۔کھلاڑی ۔ہنس مکھ ۔
کَوتھلی ۔تھیلی ۔بٹوا ۔
کُوتنا ۔ }
کَوتنا ۔ } مول ٹھیرانا ۔قیمت جانچنا ۔

کَوتُوہَل ۔دل لگی ۔تماشا ۔خوشی ۔خواہش ۔
کُوٹ ۔جھوٹ ۔کرکپٹ ۔دھوکا ۔نقل ۔بندر بازی ۔
پہاڑ کی اونچی چوٹی ۔سینگ ۔
کُوٹ ۔گڑھ ۔قلعہ ۔حصار ۔
کُوٹ ۔کروڑ ۔مجازاً بہت ۔فراواں ۔
کُوٹا ۔پہاڑ کی چوٹی ۔اونچائی ۔بھیڑ ۔تھوڑا ۔پہیلی ۔اتفاق ۔دھوکہ ۔فریب ۔
کُوٹان کُوٹ ۔بے شمار ۔بے اندازہ ۔
کُوٹ سَاکشی ۔جھوٹا گواہ ۔
کُوٹستھ ۔اعلیٰ درجہ کا ۔اٹل ۔اچل ۔جو فنا نہ ہو ۔چھپا ہوا ۔
پوشیدہ ۔لامکان ۔روح ۔خداوند تعالیٰ ۔
کُوٹ کَرم ۔مکر ۔فریب ۔دھوکا ۔
کَوٹلیہ ۔ٹیڑھاپن ۔بغض ۔کدورت ۔
کَوٹُمبک ۔صاحب خاندان ۔
کَوٹی ۔کروڑ یعنی سو لاکھ ۔کمان کا اگلا حصّہ ۔کسی ہتھیار
کی نوک ۔جانب ۔درجہ ۔
کُوجَات ۔(کو بمعنی بد) پنچ خاندان کا ۔
کُوجَن ۔بولنا ۔شیریں آواز کرنا ۔
کُوجنا ۔بولنا ۔آواز کرنا ۔
کَوچ ۔زرہ بکتر ۔تعویذ ۔گنڈا ۔دگلہ ۔ایک قسم کا نقارہ
جو جنگ کے وقت بجاتے ہیں ۔
کُوچَال ۔(کو بمعنی بد) بدچال ۔
کُوچِت ۔بعض ۔کوئی ہی ۔شاید ہی ۔بہت کم ۔کہیں ۔
تھوڑا ۔کہیں کہیں ۔
کُودرِشٹ ۔(کو بمعنی بد) نگاہ بد ۔چشم بد ۔
کَودَنڈ ۔دھنش ۔کمان ۔

کُوڈھ ۔ احمق ۔ گنوار ۔ جاہل۔
کُوڈی ۔ لوہے کی ٹوپی ۔ خود۔
کَوَر ۔ نوالہ ۔ لقمہ ۔
کُوُر ۔ ظالم ۔ بے رحم ۔ گنوار۔
کَوِراج ۔ ملک الشعراء۔
کُورچ ۔ } کوچی ۔ برش ۔ موقلم۔
کُورچکا ۔ }
کُورَک ۔ کلی ۔ غنچہ ۔
کُورم ۔ کچھوا ۔ کشف ۔ دوسرے اوتار کا نام ۔ سولہواں پران۔
کُورم اَوَتار ۔ کچھوے کا اوتار جو دوسرا اوتار ہے ۔
کُورَنگ ۔ ہرن ۔ آہو ۔
کَورَو ۔ کُرو نامی خاندان کی اولاد جو دہلی کے بادشاہ تھے ۔ جن کی پانڈوؤں کے ساتھ مہابھارت کی مشہور لڑائی ہوئی ۔ واضح ہو حالانکہ دھرتراشٹر اور پانڈو ان دونوں کے بیٹے اور پوتوں کو (کورو) کہہ سکتے ہیں ۔ مگر خاص طور پر دھرتراشٹر کے بیٹوں کو (کورو) اور پانڈو کے بیٹوں کو (پانڈو) کہتے ہیں۔
کُورُوپ ۔ (کُو بمعنی بد) بدصورت ۔ زشت رو۔
کُورِیت ۔ (کُو بمعنی بد) خلاف رسم و رواج ۔ خلاف قانون و دستور ۔ برے چال چلن ۔ بدچلن ۔
کُوَیال ۔ کمینہ ۔ زبون ۔ نازیبا ۔
کَوستبھ ۔ سری کرشن کی حمائل کے ایک جواہر کا نام جو سمندر سے برآمد ہوا
کَوسلا ۔ } اجودھیا کا نام جسے اودھ کہتے ہیں ۔
کَوشلا ۔ }
کَوسلیا ۔ کوسل دیش کے راجہ کی بیٹی راجہ دشرتھ کی زوجہ سری رامچندرجی کی والدہ ماجدہ کا نام ۔
کُوسَنگ ۔ (کُو بمعنی بد) بری صحبت ۔ خراب صحبت ۔
کوش ۔ تلوار وغیرہ کی میان ۔ غلاف ۔ پردہ ۔ لغت ۔ فرہنگ ۔ خصیہ ۔ فوطہ ۔ خایہ ۔ تھیلی ۔ انڈا ۔ بیضہ ۔ بچہ دان یعنی رحم ۔ خزانہ ۔ مخزن ۔ ذخیرہ ۔ جائفل ۔ عدالتی تحقیقات ۔ ریشم کا کویا ۔
کوشادھیکش ۔ بھنڈاری ۔ خزانچی ۔
کوشاگار ۔ وہ مکان جہاں خزانہ رکھا جائے ۔
کوشانک ۔ خط وحدانی ۔ انڈا ۔ بیضہ ۔
کوشٹھ ۔ کوٹھری ۔ حجرہ ۔ کوٹھا ۔ خزانہ ۔ پیٹ کا اندرونی حصہ ۔
کَوشک ۔ اُلّو ۔ گدھ ۔ نیولا ۔ اندر ۔ وشوامتر منی کا نام ۔
کوش کار ۔ تلوار وغیرہ کا میان بنانے والا ۔ لغت نویس ۔ ریشم کا کیڑا ۔
کَوشل ۔ ہوشیاری ۔ چالاکی ۔ چترائی ۔
کَوشل پُری ۔ اجودھیا کا دوسرا نام ۔
کَوشل ۔ وہ ملک جو سرجو کے کنارے آباد ہے ۔
کوشمانڈ ۔ } پیٹھا ۔
کشمانڈ ۔ }
کَوشن ۔ کچھ گرم کچھ ٹھنڈا یعنی کنکنا ۔
کُوک ۔ رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری ۔
کَوک ۔ عیاشی ۔ چکوا ۔ چکرواک ۔
کَوکا ۔ دودھ پلانے والی کا لڑکا ۔ کنول ۔
کُوکُر ۔ کُتّا ۔ سگ ۔ کلب ۔
کُوکَرم ۔ فعل بد ۔ کار بد ۔
کُوکُرمتا ۔ (کُوکُر بمعنی سگ ۔ متا بمعنی شاشہ) سماروغ ۔

جو کُتّے کے پیشاب کرنے سے نمناک زمین میں پیدا ہوتا ہے۔

کوک شاستر۔ وہ شاستر (قواعد) جس میں عورتوں سے صحبت (مجامعت) کرنے کا حال درج ہے۔

کوکل۔ / کوکلا۔ } کویل جو مشہور پرندہ ہے۔ چکوا۔

کوکی۔ کویل کی مادہ یعنی چکوی۔

کوکنا۔ رونا۔ چلانا۔ بولنا مثل کویل کے گانا۔

کوکھ۔ پیٹ۔ شکم۔ بچہ دان۔ رحم۔

کوکھ بندھ۔ بانجھ۔ عقیمہ۔

کوگت۔ (کو بمعنی بد) بُری حالت۔ مصیبت۔

کوُل۔ اچھے خاندان والا۔

کوال۔ نوالہ۔ لقمہ۔

کول۔ کنارۂ دریا۔ تالاب۔ جھیل۔ ڈھال۔ سپر۔ ڈھیر۔ طرف

کول۔ سُوّر۔ خوک۔ جنگلی آدمیوں کی ایک ذات۔

کولاہل۔ بہت سے آدمیوں کی آواز۔ شور۔ غوغا۔ غل۔ چیخ۔ ہنگامہ۔ دھوم دھام۔ فساد۔ غدر۔

کولِک۔ موروثی۔

کولیہ۔ سفید یا نیلے رنگ کا کنول۔

کومار۔ پانچ سال کی عمر۔ لڑکپن۔ طفلی۔

کوماری۔ کسی شخص کی پہلی زوجہ۔ ایک شکتی کا نام۔ پاربتی کا ایک نام۔

کومت۔ کم عقل۔ احمق۔ بیوقوف۔

کومُد۔ کاتک کا مہینہ۔

کومُدی۔ نورِ ماہ یعنی چاندنی۔ ایک کتاب کا نام۔ ایکٹی کا پہیہ

کومَل۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ کچا۔ کنوارا۔ لطیف۔ خوشگوار۔

کومل سوبھاؤ۔ ملائم طبع۔

کومانگی۔ ملائم اور نازک جسم والی عورت۔

کوملتا۔ نرمی۔ نازکی۔ ملائمی۔ کچاپن۔

کون۔ کونا۔ کنارہ۔ گوشہ۔ زاویہ۔ پہلو۔

کوندھا۔ بجلی۔ برق۔

کووِد۔ عالم۔ دانا۔ عاقل۔

کوہ۔ غصّہ۔

کوہانا۔ روٹھنا۔ غصہ کرنا۔

کوہک۔ فریب۔

کوہنک۔ باز۔ جرہ۔ شاہین۔

کوہی۔ غصہ ور۔ غضبناک۔

کوی۔ شاعر۔ عالم۔ سورج۔ آفتاب۔

کویشور۔ بڑا شاعر۔ ملک الشعرا۔

کوئیل۔ ایک پرندہ۔ ایک پھول۔

کویہ۔ وہ کھانا یا لقمہ جو اپنے آباؤ اجداد کے نام پر دیا ہے۔

کھ۔ آسمان۔ بہشت۔ حواس۔ نابود۔ صفر۔ گھر۔ پرندہ۔

کھات۔ کھودنا۔ کھدائی۔ تالاب۔ کنواں۔ گڑھا۔ غار۔ کھائی۔ خندق۔

کھاج۔ کھجلی۔

کھادک۔ قرضدار۔

کھانڈ۔ / کھانڈا۔ } تلوار۔ شمشیر۔

کھانڈو۔ اندر پرستھ کے نزدیک کا بن۔

کہاؤ۔ روٹھنا۔ روٹھ جانا۔

کھاؤن۔ کھانا۔ خوراک۔ خوردن۔

کھاؤیہ۔ کھانیکی چیز۔ کھانیکے قابل۔

کھپّر۔ کاسۂ سر۔ جوگیوں کا مٹی کا برتن۔

کھتّا۔ اناج رکھنے کا کوٹھا۔

کھتری۔ سپاہی۔ لشکری۔ ہندوں کے ایک فرقہ کا نام۔

کھٹ۔ کٹ۔ بلغم۔ اندھا کنواں۔ گھونسا۔

کھٹ رس۔ چھ قسم کی لذتیں یعنی کڑوا۔ کھٹا۔ میٹھا۔ چرپرا۔ کسیلا۔ کھارا۔

کھٹ راگ۔ چھ راگ یعنی میگھ۔ بھیروں۔ ملار۔ دیپک۔ شری۔ ہنڈول۔ جھنجھٹ۔ بکھیڑا۔ بیکار اشیاء۔

کھٹ شاستر۔ چھ قسم کے شاستر۔

کھٹوا۔ کھاٹ۔ چارپائی۔ پلنگ۔

کھٹیک۔ قصاب۔

کھچت۔ کھینچا ہوا۔ لکھا ہوا۔ ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ مرصع کار۔

کھدیوت۔ جگنو۔ کرم شب تاب۔ سورج۔ آفتاب۔

کھڈ۔ گڑھا۔ غار۔

کھڈگ۔ تلوار۔ تیغ۔ شمشیر۔

کھر۔ تیز۔ سخت۔ گدھا۔ خر۔ ایک راچھس کا نام جو شورپ نکھا کا بھائی تھا۔ چالاک۔ گھاس۔

کھرا۔ تیز۔ تیکھا۔ اچھا۔

کھرب۔ سو ارب۔ بونا۔ نیچ۔ کمینہ۔

کھرتر۔ بہت تیز۔ سخت مزاج۔

کھرج۔ سب سے پہلا سُر۔

کھرجر۔ / کھرجور۔ } کھجور۔

کھرواٹ۔ گنجا۔

کھرہا۔ خرگوش۔ ارنب۔

کھری۔ گدھی۔ خر مادہ۔

کھرک۔ گوشالا۔ گوخانہ۔ آہٹ۔

کھڑاؤں۔ نعلین چوبی۔

کُہنک۔ بازیگر۔ فریبی۔

کُہُک۔ کوئل کی آواز۔

کھگ۔ پرندہ۔ طائر۔ تیر۔ ستارہ۔ کوّا۔ ہوا۔ بادل۔ آفتاب۔

کھگول۔ ہیئت۔

کھگول ودیا۔ (ودّیا) علم ہیئت۔ جیوتش۔ نجوم۔

کھل۔ خراب۔ بدکار۔ ظالم۔ چغلخور۔ بے حیا۔ مکار۔ دشمن۔ مرتد۔ منکر۔ بیکار۔ گڑھا۔ غار۔ کمینہ۔ نجس۔ ڈھُل۔ لوٹنے کی آواز۔

کھلن۔ خالی کرنا۔

کھلن۔ گھوڑے کی لگام۔ لجام۔

کھلنگا۔ سیرگاہ۔ شکارگاہ۔

کھلو۔ یقین۔ اعتبار۔ انکار۔ نفی۔

کھلواٹ۔ گنجا جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

کھم۔ خالی جگہ۔ بل۔ سوراخ۔ آسمان۔ حواس۔ قطرہ۔ صفر۔ بہشت۔ آرام۔ نجات۔

کھماج۔ ایک راگنی کا نام۔

کھمبھ۔ کھم۔ کھمبا۔ ستون۔ تھونی۔

کھمنی۔ سورج۔ آفتاب۔

کھن۔ شرمندہ۔ ناراض۔ اُداس۔ مغموم۔ رنجیدہ۔
کھن۔ گھر کا حصہ۔ حجرہ۔ کمرہ۔
کھنتر۔ } پھاوڑا۔ کدال۔
کھنتری۔ }
کھنج۔ دھات جیسے سونا چاندی وغیرہ میل۔
کھنج۔ } لولا۔ لنگڑا۔
کھنجک۔ }
کھنجری۔ خنجری۔ دفلی۔
کھنڈ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ دنیا یا زمین کا حصہ۔ ملک۔ ضلع۔ کشور۔
گھر کا حصہ۔ حجرہ۔ کمرہ۔ کتاب کا باب۔ ایک ترانہ۔
نیشکر۔ طرف۔ جانب۔ سمت۔ فصل۔ تردید۔ شکست۔
اقلیم۔ نقرہ۔ قطعہ زمین۔
کھنڈت۔ کٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ خلل۔ مزاحمت۔
مانع۔ تکذیب۔ تنسیخ۔ تردید۔

کھنڈتا۔ وہ عورت جسکا خاوند کسی دوسری عورت پر عاشق ہو۔
کھنڈن۔ رد کرنا۔ روکنا۔ تردید کرنا۔ شکست دینا۔ توڑنا۔
کاٹنا۔ جھٹلانا۔ بگاڑنا۔ کم کرنا۔ اختصار کرنا۔ مسخ کرنا۔
غلط ثابت کرنا۔ قطع کرنا۔
کھنڈنا۔ باطل کرنا۔ منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔ آفت مصیبت
کھنس۔ دشمنی۔ عداوت۔ غصہ۔
کھنک۔ نقب زن۔ چوہا۔ موش۔
کھنن۔ کھودنا۔
کھنی۔ کان۔ معدن۔
کھول۔ غلاف۔ نیام۔ میان۔ جوف۔

کہوں۔ کسی جگہ۔ کہیں۔
کھونٹ۔ کونہ۔ گوشہ۔ کان کا میل۔
کھوڑ۔ گبھا۔ گڑھا۔
کھی۔ ٹیل۔
کھیات۔ مشہور۔ نامور۔
کھیاتی۔ شہرت۔ ناموری۔
کھیپ۔ سفر۔ سفر دریا۔ جہاز کا وزن۔
کھیٹ۔ قریہ۔ کھیڑا۔ سیارۂ فلک۔ پرندہ۔ نیچ۔ خوف۔
کھیٹک۔ سیر۔ تفریح۔ شکار۔ ہتھیار۔ حربہ۔
کھیٹکی۔ میر شکار یا صیاد۔
کھیچ۔ غصہ۔ رنجش۔ آزردگی۔
کھیچر۔ ہوا۔ آسمان میں پھرنیوالا۔ ستارہ۔ طائر۔ پریت۔
کھید۔ دکھ۔ رنج۔ فکر۔ غم۔ اندوہ۔ درد۔ آفت مصیبت۔
تکلیف۔ ناخوشی۔ پژمردگی۔ دباؤ۔ تھکاوٹ۔ شکایت۔
کھیدت۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ متفکر۔
کھیل۔ بازی۔ لہو لعب۔
کھیم۔ دیکھو (کشیم)
کھیم کشل۔ (کشیم کشل) مزاج پرسی کرنا۔
کھیوا۔ ناؤ کی اترائی کا کرایہ۔
کھیوٹ۔ ملاح۔ کشتیبان۔ ناخدا۔
کھیونا۔ ناؤ چلانا۔
کیت۔ گھر۔ خانہ۔ مقام۔ جگہ۔
کیت۔ کتنا۔ کس قدر۔
کیتا۔ کتنا۔ کسقدر۔
کیتک۔ اندک۔ تھوڑا۔ بعض۔ کتنا۔ کتنا ہی۔

کیتک }
کیتکی۔ } کیوڑا۔کندی۔کاذی۔

کیتن۔علامت۔علم۔پرچم۔نشان۔گھر۔خانہ۔دعوت
سستی۔کھیل۔کام۔

کےتو۔کپٹ۔جُوا۔ایک جواہر۔

کیتو۔عقل۔چمک۔نشان۔علامت۔جھنڈا۔نواں گرہ
دُمدار ستارہ۔

کیٹ۔کیڑا۔کرم۔تلچھٹ۔ہر چیز کا میل۔چرک۔

کیچ۔کیچڑ۔گِل۔

کیچٹ۔کوئی کوئی۔

کیچک۔ایک راکھشس کا نام۔بانس کے اندر کا سوراخ۔

کیدار۔وہ کھیت جس میں دھان بوئیں۔سبزہ زار۔
زراعت۔وہ پہاڑ جو بدری ناراین کے متصل ہے۔

کیدرک۔ }
کیدرکش۔ } کیسا۔کس طرح۔

کیر۔طوطا۔بنگا۔

کیرتن۔تعریف۔گانا۔کہنا۔بھجن۔حمد۔

کیرتی۔شہرت۔ستائش۔بھجن۔

کیرت وان۔مرد نامدار۔مشہور ومعروف۔موصوف۔

کیرتی۔ناموری۔نیک نامی۔شہرت۔تعریف۔ستائش۔ثنا۔
مدح۔حمد۔

کیرک۔طوطا۔طوطی۔بنگا۔

کیرل۔ملک مالوا۔کتاب۔نیا علم۔ملکی علم۔

کیرو۔سفید کنول۔

کیسر۔زرد رنگ۔زعفران۔شرزہ کی گردن کے بال۔

کیسری۔شیر۔اسد۔ہنومان جی کے والد کا نام۔

کیش۔بندر۔بوزنہ۔

کیش۔سر کے بال۔تاج خروس۔کرن۔کلغی۔

کیش پاش۔ }
کیش کلاپ۔ } بالوں کا مجموعہ یعنی جوڑا۔

کیش کرم۔بچے کے بال اتارنے کا کام یعنی رسم موتراشی۔

کیشو۔صاحب زلف۔مجازاً سری کرشن جی کا لقب۔

کیش وِنیاس۔بالوں کو آراستہ کرنا۔

کیکا۔مور کی بولی یعنی آواز۔

کیکئی۔کیکیہ ملک کے راجہ کی لڑکی جو راجہ دشرتھ کی زوجہ
اور بھرت جی کی والدہ تھیں۔

کیکی۔مور۔طاؤس۔

کیلی۔عاشقانہ عیش یا رنگ ورس۔جماع۔مباشرت۔

کیل۔ }
کیلک۔ } لوہے کا کیلا۔میخ۔کانٹا۔کھونٹا۔

کیلاس۔ہمالیے کی ایک چوٹی کا نام۔بہشت۔جنت۔

کیلن۔روک۔بندش۔

کیلی۔کھیل۔تماشا۔سیر۔مجامعت۔

کیندر۔مرکز۔قطب۔ناف۔واضح ہو کہ یہ دو ہیں قطب شمالی
قطب جنوبی۔

کیندرہ۔کرہ کا ٹھیک درمیانی مقام۔مرکز۔

کیواڑ۔کواڑ۔دروازہ۔

کیوٹ۔ملاح۔کشتی بان۔ناخدا۔

کیوڑت۔ } کھیوٹ۔ملاح۔کشتیبان۔ماہی گیر۔

کیوَرشٹک ۔

کیوَل ۔ صرف ۔ ایک ہی ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ نرالا ۔ خاص فقط ۔ مطلق ۔ بالکل ۔ محض ۔ کامل ۔ بالکلیہ ۔ نرا ۔ تمام ۔ خالص

کیوَلیہ ۔ روح تناسخ سے رہا پانا ۔ نجات اخروی ۔

کیہَری ۔ شیر ۔ اسد ۔ ایک بندر کا نام ۔

کیوُرْ ۔ بھج بند جو ایک زیور ہے ۔

گ

گَ ۔ مسافر ۔ گانا ۔ سرود ۔ گندھرو ۔ گنیش جی ۔

گَابھَا ۔ موز کے درخت کا نیا پتا ۔

گَابھ ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ حمل ۔

گَاتْ ۔ بدن ۔ جسم ۔ عضو ۔ لباس ۔ حمل ۔ پستان زن ۔ اندام نہانی زن ۔

گَاتَا ۔ گانیوالا ۔ مغنی ۔ کتاب کی جلد ۔ پٹھا ۔ پشتہ ۔

گَاتْرْ ۔ تن ۔ بدن ۔ جسم ۔ عضو ۔

گَاتھَا ۔ تعریف ۔ حمد ۔ گیت ۔ گانا ۔ قصہ ۔ کہانی ۔ حال ۔ شلوک ۔ نظم ۔ نقل ۔

گَاتھَکْ ۔ گانیوالا ۔ گویا ۔ نقال ۔

گَاتھنَا ۔
گَاتْھنَا ۔ } بنانا ۔

گَاتیِ ۔ دوشالہ ۔ بارانی ۔

گَاجْنَا ۔ بادلونکا گرجنا ۔ شیر اور شرزہ کا آواز کرنا ۔ خوش ہونا ۔

گَاچھْ ۔ درخت ۔ شجر ۔

گَادْ ۔ تلچھٹ ۔ دُرد ۔ میل ۔ جھاگ ۔

گَادھ ۔ جگہ ۔ مقام ۔ ٹھاہ ۔

گَادیِ ۔ گدی ۔ مسند ۔

گَاڈَرْ ۔ بھیڑ ۔ بھیڑی ۔

گَاڈھ ۔ گاڑھا ۔ زیادہ ۔ بہت ۔ مضبوط ۔ سخت ۔ دشوار ۔

گَارْ ۔
گَاریِ ۔ } بُری بات ۔ گالی ۔ دشنام ۔

گَارُڈْ ۔ زہریلے جانوروں کے زہر اُتارنیکا منتر ۔

گَارُڈیِ ۔ سانپ وغیرہ کا زہر اُتارنے والا ۔

گَارْہَ پَتْیَہ ۔ جگیہ کی تین آتشوں میں سے ایک کا نام ۔

گَارْہَستھیَہ ۔ خانہ داری ۔

گَارْھ ۔ مشقت ۔ دشواری ۔

گَاگَرْ ۔
گَاگَرِی ۔ } دگگری (شکی ۔ چھوٹا گھڑا ۔

گَانْبھیرْیَہ ۔ گہرائی ۔ مستقلی ۔ غیر متمرکی ۔ معتبری ۔

گَامْکْ ۔ جانا ۔ حرکت کرنا ۔

گَامِنیِ ۔ چلنے والی ۔ حرکت کرنیوالی ۔ (عورت)

گَامیِ ۔
گَامُکْ ۔ } چلنے والا ۔ جانیوالا ۔ مباشرت کرنیوالا ۔ (مرد)

گَانْ ۔
گَانُنْ ۔ } گیت ۔ گانا ۔ راگ ۔ سرود ۔ ترانہ ۔ نغمہ ۔

گَانْدھَارْ ۔ ایک راگ کا نام ۔ ملک قندہار ۔

گَانْدھَاریِ ۔ ملک قندھار کے راجہ کی بیٹی دُھرتراشٹر کی زوجہ کا نام ۔

گَانْدھِکْ ۔ عطار ۔

گَانْدَھرْوْ ۔ (متعلق بہ گندھرو) بہشت کے رامشگر ۔ گانا ۔ گیت ۔

گاندھروبدیا۔ (ودیا) علم موسیقی۔
گاندھروبواہ۔ (وواہ) وہ بیاہ جو دلہا اور دلہن کے باہمی عشق و محبت کی وجہ بہ رضا و رغبت ہوا ہو۔
گاندھروید۔ چار اُپ بیدوں میں سے ایک۔ علم موسیقی۔
گانڈیو۔ ارجن کی خاص دھنش (کمان) کا نام۔
گاتھا۔ قصہ۔ حکایت۔ جماعت۔
گاہک۔ ڈوبنے والا۔ لینے والا۔ خریدنیوالا۔
گاہن۔ غوطہ مارنا۔ غسل کرنا۔
گاہنا۔ ڈھونڈھنا۔ کھوجنا۔ تلاش کرنا۔ کچلنا۔ ملنا۔ دبانا۔ متھنا۔ ڈوبکر تھاہ تک پہونچنا۔ ہلچل پیدا کرنا۔
گاشے۔ مادہ گاؤ۔
گایتری۔ آفتاب پرستی۔ رگ بید کا ایک مقدس منتر جو وظیفہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ ایک چھند کا نام۔
گایک۔ گانیوالا۔ گویا۔ قوال۔ مطرب۔ مغنی۔ ڈوم۔
گاینی۔ گانیوالی عورت۔ ڈومنی۔ مغنیہ۔ گانا۔ سرود۔
گاین بدیا۔ } گاندھروبدیا۔ } (ودیا) علم موسیقی۔
گبھست۔ شعاع آفتاب۔ سورج یا چاند کی کرن۔
گبھیر۔ گہرا۔ غدیر۔ گڈھا۔
گوپال۔ چرواہا۔ سری کرشن جی کا لقب۔
گپت۔ چھپا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔ حفاظت کیا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ نہاں۔ غائب۔ خفیہ۔ نادیدہ۔ غیر مرئی۔ حذف کلام۔

گپتچر۔ جاسوس۔
گپت دان۔ مخفی خیرات یعنی وہ خیرات جو اپنا نام ظاہر نہ کرکے کی جائے۔
گپتی۔ پوشیدگی۔ حفاظت۔ قید خانہ۔ وہ عصا جس کے اندر کوئی آلہ حرب مخفی ہو۔
گپھا۔ کوہ۔ گپھا۔ غار۔ مغاک۔ پہاڑ کے بیچ کی جگہ۔
گت۔ گیا ہوا۔ بیتا ہوا۔ گزرا ہوا۔ پایا ہوا۔ جانا ہوا۔
گت۔ } گتی۔ } چال چلن۔ حال۔ طریقہ۔ راہ۔ راستہ۔ عقل۔ تدبیر۔ جانا۔ رفتار۔ حالت۔ قدم۔ ظہور۔ نمود۔ وضع۔ طرح۔ طرز۔ انجام۔ قسمت۔ رواج۔ عادت۔ راگ۔ مخلصی۔ حرکت۔ جنبش۔ رسائی۔ پہنچ۔ کریاکرم۔ سعادت ابدی۔ نجات عقبیٰ۔
گتارتھ۔ بموجب زمانہ گزشتہ۔
گتا گت۔ آنا جانا۔ آمد رفت۔ ایاب و ذہاب۔
گت کل۔ جائداد لاوارث۔
گتور۔ جانے والا۔ روندہ۔ فانی۔
گتی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ چال۔ رفتار۔ حرکت۔ حالت۔ طریقہ۔ موت۔ مرگ۔
گتی پر بیاٹی۔ فوجی قواعد۔
گٹکا۔ دوا کی گولی قرص۔ چھوٹی تقطیع کی کتاب۔
گٹھ بندھن۔ گرہ دینا۔ شادی کی ایک رسم جو عروس اور داماد کے کپڑے ایک دوسرے کے ساتھ گرہ دیتے ہیں۔
گنتھت۔ بنی ہوئی۔ مصنفہ۔
گنتھک۔ بنانے والا۔ مصنف۔

گُمْفَن۔ نئے طور پر بنانا۔ تصنیف کرنا۔
گَج۔ ہاتھی۔ فیل۔ مجازاً بڑا۔ بزرگ۔
گَجارِی۔ دشمن فیل مجازاً شیر۔ شرزہ۔
گَجانَن۔ / گَج وَدَن۔ } گنیش جی کا لقب۔
گَج بانگ۔ آنکس۔
گَج پال۔ مہاوت۔ فیلبان۔
گَج پَت۔ مالک فیل یا فیل سوار۔ فیلبان۔
گَج پَتی۔ ہاتھیوں کا مالک۔ فیل نشین۔ فیلبان۔ بڑا ہاتھی۔
مجازاً راجہ۔ بادشاہ۔
گَج دَنت۔ ہاتھی دانت۔ عاج۔
گَج راج۔ ہاتھیوں کا راجہ یعنی فیل کلاں۔
گَج گامِنی۔ / گَج گمنی۔ / گَج گونی۔ } ہاتھی کی جیسی چال چلنے والی عورت۔ زن فیل رفتار
گَج گاہ۔ ہاتھی کا زیور۔
گَج موتی۔ ہاتھی کے سر کا موتی۔
گَجنال۔ ایک قسم کی بڑی توپ۔
گَجوتی۔ بڑا موتی۔ دُرِ شاہوار۔
گَجیندر۔ بڑا ہاتھی۔ اندر کا ہاتھی۔
گَج یوتھ۔ ہاتھیوں کا ٹولا یا جھنڈ۔
گُچھا۔ / گُچھک۔ / گُچھ۔ } گچھا۔ گلدستہ۔ خوشہ۔ پھولوں کا مجموعہ۔ اناج کی بالی۔ تاگوں کا گچھا۔ چھوٹا۔ چالاک۔
گَد۔ روگ۔ بیماری۔ مرض۔ نثر۔ عبارت۔

گُد۔ / گُدا۔ } مقام براز۔ مقعد۔ مبرز۔ کون۔
گَدا۔ گرز۔ لاٹھی۔ سونٹا۔ عصا۔
گَدا یُدھ۔ (یدھ) گرز کی لڑائی۔
گَدا دھر۔ وشنو جی کا لقب۔
گَدِت۔ کہا ہوا۔ گفتہ۔
گَد گَد۔ کانپنا۔ رنج یا خوشی کی وجہ آواز برابر نہ نکلنا۔
بشاش۔ باغ باغ۔
گَد گَد وچن۔ (وچن) رونے یا فرط نشاط کی آواز گفتگو۔
گَد گَد کنٹھ۔ رونے یا کثرت خوشی کی وجہ آواز بیٹھ جانا۔
گِدھ۔ گید۔ کرگس۔
گَدا۔ (گد بمعنی مرض۔ ا بمعنی رافع) یعنی مرض دور
کرنے والا مجازاً حکیم۔ طبیب۔
گَدی۔ بیماری۔ مریض۔ وشنو۔
گَدیہ۔ ایک قسم کی نثر۔ عبارت۔
گڑھ۔ / گڑھ۔ / گڑھ۔ } گڑھی۔ قلعہ۔ حصار
گڑھی۔ / گڑھی۔ } چھوٹا قلعہ۔
گَر۔ زہر۔ سم۔ بیماری۔ گلا۔ حلق۔
گِر۔ آواز۔
گِر۔ / گِری۔ } پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔
گِرا۔ زبان۔ آواز۔ کلام۔ بات۔ سرسوتی۔ شاعری۔

گْراس ۔ نوالہ ۔ لقمہ ۔

گْرام ۔ گاؤں بستی ۔ وہ ۔ قریہ ۔ قصبہ ۔ کھیڑا ۔ کثرت ۔ جماعت ۔

گْرام دیوتا ۔ گاؤں کا محافظ دیوتا ۔

گْرامِک ۔ دیہاتی ۔ دہقان ۔

گْرامنی ۔ افسر قریہ ۔ نمبردار ۔ زن دہقان ۔

گْرام وَلبھا ۔ رنڈی کسبی ۔

گْرامی ۔ دہقان ۔ دیہاتی

گْرام یاجِک ۔ پروہت ۔

گْرامین ۔ گاؤں کا رہنے والا ۔

گْرامیہ ۔ گاؤں کا رہنے والا ۔ گنوار ۔ دہقانی بول چال ۔

گْراو ۔ پتھر ۔ سنگ ۔ پہاڑ ۔ کوہ ۔

گْراہ ۔ گرفت کرنا ۔ پکڑنا ۔ لینا ۔ گھڑیال یعنی مگرمچھ ۔ عقل ۔

گْراہک ۔ لینے والا ۔ قبول کرنے والا ۔ خریدنے والا ۔ مشتری ۔ گاہک ۔

گْراہی ۔ لینے والا ۔ قبول کرنیوالا ۔ قبضہ کرنیوالا ۔ یاد کرنا ۔ حفظ کرنا ۔

گْراہیہ ۔ لینے یا قبول کرنے کے لائق ۔ ماننے یا جاننے کے قابل

گْرب ۔ (گْرو) گھمنڈ ۔ غرور ۔ تکبر ۔ نخوت ۔ خودبینی ۔

گْربتا ۔ (گْروِتا) } مغرور عورت ۔
گْربوتی ۔ (گْروَوتی) }

گْربھ ۔ گابھ ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ بطن ۔ بیچ ۔ درمیان ۔ بار داری ۔

گْربھاشیہ ۔ بچہ دان ۔ رحم ۔

گْربھ پاتن ۔ حمل اسقاط ہونا ۔

گْربھت ۔ بھرا ہوا ۔

گْربھادھان ۔ ایک رسم جو حمل قائم ہونیکے بعد ادا کیجاتی ہے ۔

گْربھ شراو ۔ وہ اسقاط حمل جو چار ماہ کے اندر ہو ۔

گْربھنی ۔ }
گْربھوتی ۔ } زن حاملہ ۔
گْربھونتی ۔ }

گَرت ۔ سورج ۔ گڑھا ۔ غار ۔ تالاب ۔ غدیر ۔

گْرُت ۔ پنکھ ۔ پر ۔

گْرتھت ۔ گتھا ہوا ۔ پرویا ہوا ۔ بندھا ہوا ۔ گوندھا ہوا ۔

گْرج ۔ }
گْرجن ۔ } بادلوں کا شور ۔ رعد ۔ شرزہ کی آواز ۔

گِرجا ۔ پہاڑ کی بیٹی یعنی پاربتی کا لقب ۔

گْرجن ۔ }
گْرجنا ۔ } گرج ۔ بادلوں کی آواز ۔ رعد ۔ کڑک ۔

گْرد ۔ زہر دینے والا ۔

گْردبھ ۔ گدھا ۔ خر ۔ حمار ۔

گْردبھی ۔ گدھی ۔ خرِ مادہ ۔

